بہت سا جانی نقصان ہو چکا تھا۔ اس صورت حال کے تدارک کے لیے شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے فوراً سعودی عرب جانے کا ارادہ کیا جہاں سے بن لادن کمپنی کے بڑے بڑے بلڈوزر اور پہاڑ توڑنے کی مشینیں جو اس سے پہلے حرمین شریفین کی توسیع کے لیے پہاڑ توڑنے کا کام کر چکی تھیں، بحری جہازوں کے ذریعے کراچی کی بندرگاہ پر پہنچا دی گئیں اور وہاں سے ان کو سڑک کے ذریعے افغانستان پہنچایا گیا۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی زیر نگرانی پہاڑوں کے اندر بڑی بڑی غاریں بنائیں اور مجاہدین کی نقل و حمل کے لیے راستوں کو ہموار کرنا شروع کر دیا۔ اس کے علاوہ شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے قریبی ساتھی انجینئر محمد سعد، جن کا تعلق عراق سے تھا، نے اس سلسلے میں بڑا ہاتھ بٹایا۔ ان کا سب سے بڑا کارنامہ کابل شہر کے نزدیک 15 کلومیٹر لمبی سرنگ کی تیاری ہے۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے ساتھیوں کی کوششوں سے افغان مجاہدین بڑی حد تک جانی نقصان سے محفوظ ہو گئے۔

شیخ رحمۃ اللہ علیہ چونکہ بن لادن کمپنی میں شراکت دار تھے اس لیے انہوں نے C-130 طیاروں اور بحری جہازوں کے ذریعے بھاری تعمیراتی مشینری افغانستان پہنچانا شروع کر دی، اس کام کے لیے کراچی کی بندرگاہ اور پشاور کا ہوائی اڈہ استعمال کیا گیا۔ اس مشینری سے افغانستان کے پہاڑوں میں مجاہدین کے لیے خفیہ ٹھکانے، وسیع غاریں اور اسلحہ کے ایسے ذخائر اور بینکر تعمیر ہونے لگے جن تک سوویت یونین کی فوجوں کا پہنچنا یا بمباری کر کے تباہ کرنا ممکن نہیں تھا۔

شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے بنائے ہوئے یہی بنکر تھے جن میں محفوظ اسلحہ آج بھی افغانیوں کے کام آ رہا ہے۔ انہی بنکروں میں تورا بورا کے پہاڑوں کے وہ مشہور بنکر بھی ہیں جہاں سقوط امارت کے دوران شیخ رحمۃ اللہ علیہ سیکڑوں عرب مجاہدین اور ان کے اہل خانہ کے ہمراہ مقیم رہے اور امریکہ نے ہزاروں ٹن بارود ان پہاڑوں پر برسایا۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے جو مشینری افغانستان پہنچائی تھی اس میں خاص طور پر جدید بلڈوز، ڈمنک ٹرک اور خندق کھودنے کی مشینری شامل تھی۔ پہاڑوں کے اندر گہرائی میں مجاہدین کی رہائش کے ٹھکانے اور ہسپتال تعمیر کرائے حتیٰ کہ پہاڑوں پر بھی اور زیر زمین بھی سڑکیں تعمیر کیں۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ تمام کاموں کی نگرانی بھی کرتے اور مجاہدین کا جذبہ بڑھانے کے لیے تذکیر کا خاص اہتمام بھی کرتے تھے۔

معرکۂ جاجی کی کہانی شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی زبانی

شیخ اسامہ کی کمان میں مجاہدین نے جاجی میں روسی افواج کے خلاف ایسا شاندار

Marfat.com

معرکہ سر کیا تھا جو آج عسکری تاریخ کا سنہری باب بن چکا ہے۔ اس معرکے میں شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے مٹھی بھر مجاہدین کے ساتھ روس کی کئی گنا بڑی فوج کو شکست دی۔ اس معرکے کے بارے میں شیخ اسامہ خود بیان فرماتے ہیں:

''1404ھ میں، ہم نے سرحدی علاقے کے قریب ہی معسکر بنایا، بعد ازاں جاجی میں بھی معسکر بنایا۔ ان دنوں گرمیوں میں عرب مجاہدین کی تعداد ایک سو تھی لیکن سردیوں میں زیادہ لوگ واپس چلے گئے اور دس لوگ رہ گئے۔ 1406ھ کے آخر اور 1407ھ کے اوائل میں ہم نے فیصلہ کرلیا کہ ہم جاجی میں ہی رہیں گے۔ اس وقت ہم گیارہ افراد تھے جن میں اکثر مدینہ منورہ کے نوجوان تھے۔ تب ہمیں کچھ ساتھیوں نے بتایا کہ دشمن کی چھاؤنی کے قریب ایک پہاڑ مرکز کے لیے بہت موزوں ہے لیکن وہاں کمک نہ پہنچنے کے باعث مرکز بنانا ممکن نہیں تھا۔ میں نے نیت کر لی کہ ان شاء اللہ وہیں مرکز بنائیں گے...... تو ہم تین افراد نے وہاں مرکز بنایا۔ دشمن وہاں سے بہت ہی قریب تھا اور وہاں اکثر میزائل حملے کرتا تھا۔ جب دشمن کی طرف سے میزائل حملے ہوتے تو ہم پہاڑ سے اتر کر ادھر اُدھر ہو جاتے، وہاں ہم خندقیں کھود کر اور خیمے لگا کر رہتے، دشمن کے دباؤ کی وجہ سے مرکز میں مسلسل پہرے کا انتظام ہوتا۔ اسی حالت میں ہم نے کافی لمبا عرصہ گزارا، یہاں تک کہ ہماری تعداد سات ہو گئی اور پھر دو ماہ کے اندر اندر ہماری تعداد چالیس ہوگئی۔ ان دنوں میں ایک بھائی ابوحنیفہ ہمارے پاس آیا، وہ چند دن گزار کر واپس جانا چاہتا تھا تا کہ وہ اپنی تعلیم مکمل کرے لیکن وہ ماحول سے متاثر ہو کر وہیں رہ گیا اور چار سال بعد جلال آباد میں شہید ہوا۔ اس دوران میں وہ بھائی 23 دنوں کے لیے اچانک غائب ہوگیا، جب وہ واپس آیا تو 23 نئے افراد بھی اس کے ساتھ تھے اور وہ بھی ہمارے مرکز میں ہی رہنے لگے۔ ان دنوں ہم نے ''مأسدۃ الانصار' کے نام سے اپنا مجموعہ ترتیب دیا۔

رمضان 1407ھ میں ہم نے دشمن کی پیش قدمی کے بارے میں سنا تو ہم خندقوں میں بیٹھ گئے اور ہم نے 14 رمضان کو عملیہ کی ترتیب بنائی اس عملیہ میں ہمارا ہدف دشمن کے مرکز کا خاتمہ اور جاجی کا راستہ دشمن کے لیے بند کرنا تھا۔ لیکن عملیہ کے لیے حالات موافق نہ تھے اور ہم سے پہلے ہی دشمن نے 26 رمضان کو ہم پر حملہ کر دیا۔ دشمن ہمارے مرکز پر بی ایم۔ 21 میزائل داغنے لگا، یہ جنگ تین ہفتے تک مسلسل جاری رہی۔ دشمن تو تیار تھا کہ وہ اتنے دن گزار لے لیکن ہم صرف ایک ہی دن کے لیے تیار تھے۔ ان دنوں میں ہمارے لیے 29

Marfat.com

رمضان سب سے سخت دن تھا، اس دن 10 ہزار کی تعداد میں دشمن ہمارے مقابلے کے لیے جمع تھے اور وہ ہم پر ٹینک لے کر چڑھ دوڑے، اس موقع پر اللہ تعالیٰ نے ہماری نصرت فرمائی اور ہم نے روسی ٹینکوں کے مقابلے میں اپنے پاس موجود ہتھیاروں سے دفاع کیا۔ یہ معرکہ کئی روز تک جاری رہا بالآخر اللہ تعالیٰ کی خاص نصرت اور فضل سے ہم نے روسی افواج کو پسپائی پر مجبور کر دیا......"

شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ نے جہاد افغانستان سے کیا سیکھا

جہاد افغانستان میں حاصل شدہ تجربات کے بارے میں شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ایک انٹرویو میں فرمایا:

"میں نے جہاد افغانستان سے بہت کچھ سیکھا ہے۔ یہ ممکن ہی نہ تھا کہ جہاد افغانستان میں حصہ لیے بغیر میں اتنا کچھ سیکھ سکتا۔ یہ ایک سنہری موقع تھا، میں اسے ہزاروں سال سے بھی بہتر سمجھتا ہوں بلکہ میں تو کہوں گا کہ میرے لیے یہ اللہ کا احسان اور اس کی تائید تھی۔ روس کی انتہائی طاقت کے باوجود ہم اعتماد سے آگے بڑھتے رہے اور اللہ نے ہماری مدد کی۔ ہمیں بھاری ساز و سامان جو کہ ہزاروں ٹن میں تھا، جس میں بلڈوزر، وزن اٹھانے والے ٹرک اور خندقیں کھودنے والی مشینیں شامل تھیں، اپنے شہروں لانا پڑا۔ جب، ہم نے دیکھا کہ روس مجاہدین پر بم برسا رہا ہے تو ہم نے زیر زمین ہسپتال بنائے۔ ہم نے زیر زمین گزرگاہیں بنائیں اور اللہ جل شانہ کے فضل سے پہاڑوں میں دشوار گزار راستے بنائے۔ چنانچہ اللہ جل شانہ کی مدد سے ہمیں ان تجربات سے بہت کچھ سیکھنے میں مدد ملی۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ ایک بڑی طاقت کا جو نشہ تھا اور اس کا جو دبدبہ تھا وہ ہم مسلمانوں کے ذہن سے نکل گیا کیونکہ ہم نے اسے تباہ کر دیا تھا۔ احساس کمزوری اور تھکن ہم سے رخصت ہو گئے اور یوں خوف سے نجات مل گئی جو امریکہ اور روس نے ہمارے ذہنوں میں بٹھا رکھا تھا۔ میرے ذہن میں اور تمام مسلمانوں کے ذہن میں امریکہ کے ایک عظیم طاقت ہونے کا خوف ختم ہو چکا۔ آج اللہ کے فضل و کرم سے تمام مسلمانوں کے ذہن خوف سے آزاد ہیں اور ان میں اسلامی غیرت اور طاقت بیدار ہو چکی ہے۔ وہ ایک دوسرے کی بہتر طریقے سے معاونت کر سکتے ہیں بلکہ کر رہے ہیں تا کہ مغرب اور خاص طور پر امریکی اثر و رسوخ کو اسلامی خطوں سے ہمیشہ کے لیے ختم کر دیا جائے"۔

امریکہ اور اس کے حواریوں کو علم تھا کہ مکتب الخدمات اور اس پلیٹ فارم پر کام

Marfat.com

کرنے والی اسلامی تحریکیں کبھی افغانستان میں امریکہ نواز حکومت تشکیل نہیں پانے دیں گے۔
شیخ عبداللہ عزام رحمۃ اللہ علیہ اس صورت حال کو بھانپ چکے تھے، انہوں نے افغانستان کی مجاہد قیادت میں خاصا اثر و رسوخ حاصل کر لیا تھا۔ امریکہ اس بات سے اچھی طرح واقف تھا کہ مجاہد قیادت میں خاصا اثر و رسوخ حاصل کر لیا تھا۔ امریکہ اس بات سے اچھی طرح واقف تھا کہ عبداللہ عزام رحمۃ اللہ علیہ کی موجودگی میں افغانستان کی دیگر افغان قیادت کو قابو کرنا آسان نہیں ہو گا۔ اس لیے ایک سازش کے تحت 1989ء میں پشاور میں جمعہ کی نماز کی ادائیگی کے لیے مسجد کی طرف آتے ہوئے شیخ عبداللہ عزام رحمۃ اللہ علیہ کو کار بم دھماکے میں شہید کر دیا گیا۔ ان کے ساتھ ان کے دو کم سن بیٹے بھی شہید ہوئے، عرب مجاہدین کی بڑی تعداد کو وقت کی بڑی جنگی قوت بنانے میں عبداللہ عزام رحمۃ اللہ علیہ کا کلیدی کردار تھا۔ شیخ عزام رحمۃ اللہ علیہ کی شہادت کے بعد یہ ساری ذمہ داری شیخ اسامہ پر آن پڑی۔

القاعدہ کا قیام اور مقاصد

شیخ عزام رحمۃ اللہ علیہ کی شہادت کے بعد عرب مجاہدین کو اس کے پیچھے امریکہ کی ایک گہری سازش کا پتہ چل گیا۔ شہید عزام رحمۃ اللہ علیہ کو ضلع نوشہرہ کے جلوزئی مہاجر کیمپ میں سپرد خاک کیا گیا۔ شیخ عزام رحمۃ اللہ علیہ کی شہادت کے بعد شیخ اسامہ کو عرب مجاہدین کی ذمہ داری سونپی گئی۔ اب تک مکتب خدمات، قاعدۃ الجہاد (جہادی مرکز) میں بدل چکا تھا۔ امریکہ کے خلاف جہاد کے حوالے سے شیخ عزام رحمۃ اللہ علیہ مجاہدین کی ذہن سازی کر چکے تھے کہ جب تک امریکہ کی قوت کا خاتمہ نہیں ہو جاتا اس وقت تک مسلمان دنیا میں شریعت کی حکومت کسی جگہ بھی قائم نہیں کر سکتے اور نا ہی ہماری مقبوضات آزاد ہو سکتیں ہیں خصوصاً قبلہ اول بیت المقدس۔

القاعدہ کے قیام کے مقاصد میں بیت المقدس کی آزادی، سرزمین حرمین سے امریکی افواج کا انخلا اور دنیا بھر میں امریکی مفادات پر کاری ضربیں لگانا سرفہرست ہیں۔ عرب مجاہدین کی اکثریت افغانستان میں ہی قیام پذیر تھی، اس لیے وہ یہیں عسکری تدریب اور دینی تربیت کے ساتھ ساتھ منظم اور مربوط طریقے سے جہاد کی بنیادوں کو استوار کرنا چاہتے تھے۔

گیارہ ستمبر کا معرکہ عرب مجاہدین کی تمام کوششوں کا نقطۂ عروج تھا اور اب تنظیم القاعدۃ الجہاد جو مختصراً القاعدہ کے نام سے دنیا بھر میں جانی جاتی ہے۔ پوری دنیا میں فتنے کے خاتمے، کلمۃ اللہ کی سربلندی اور دعوت علی منہاج النبوۃ کے لیے جہاد کرنے والی تنظیم ہے۔

Marfat.com

القاعدہ کو دیکھنے کا ایک اور انداز بھی ہے کہ اب یہ محض ایک تنظیم کے طور پر محدود نہیں رہی کہ جس کے کچھ بیعت یافتہ اراکین ہوں بلکہ یہ ایک منہج کا نام بن چکا ہے جہاں بھی کفار کے خلاف مزاحمت کا نام لیا جائے اور جہاں بھی کفار اور طواغیت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر للکارنے کا نام لیا جائے امت کے دفاع کا، امت کی طرف سے قتال کا تذکرہ آئے تو القاعدہ کا نام خود بخود سامنے آ جاتا ہے تو جہاد اور القاعدہ دونوں لفظ لازم و ملزوم بن چکے ہیں۔ اور اس اعتبار سے بات کریں تو یہ محض ایک روایتی قسم کی تنظیم نہیں رہی بلکہ امت کی طرف سے جو بھی شرعی منہج کے مطابق قتال کرے گا وہ دنیا کے کسی بھی حصے میں ہو خواہ کسی بھی نام سے کام کر رہا ہوں وہ ہم میں سے ہے اور ہم اس سے ہیں۔

سوویت یونین جس کے متعلق یہ مشہور تھا کہ 'سرخ ریچھ جہاں چلا جاتا ہے وہاں سے واپس نہیں آتا، ...... اسی سرخ ریچھ کو مجاہدین نے اللہ کی مدد اور اعانت سے افغانستان کے کوہساروں میں خوب لہولہان کیا اور بالآخر مجاہدین اسلام کی پے در پے ضربوں سے اس قدر اضمحلال کا شکار ہو گیا کہ نحیف و نزار حالت میں واپس لوٹ گیا۔ مجاہدین اسلام کی اس فتح میں عرب مجاہدین نے جو کردار ادا کیا وہ تاریخ میں مرقوم رہے گا...... شیخ عبداللہ عزام رحمۃ اللہ علیہ کی فکری راہ نمائی اور شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ کی جری قیادت نے عرب مجاہدین کو ''سپر پاورز'' کے مقابل عزم و استقامت سے کھڑے رہنے اور ان کو شکست و ریخت سے دوچار کرنے کا حوصلہ اور عزم بخشا۔

سعودی عرب واپسی اور امریکہ کی جزیرۃ العرب میں آمد

1989ء میں بالآخر اللہ کی نصرت سے مجاہدین کی کوششیں رنگ لائیں۔ روسی افواج افغانستان سے پسپا ہو کر نکل گئیں۔ افغان مجاہد تنظیموں کی باہمی چپقلش کی وجہ سے شیخ بہت بے چین اور آزردہ خاطر رہتے تھے، انہوں نے اپنے تئیں تمام کوششیں کیں کہ روس کے خلاف جہاد کے ثمرات ضائع نہ ہونے پائیں اور افغان مجاہدین کی قیادت باہم شیر و شکر ہو کر شریعت اسلامیہ کے نفاذ کی جانب اپنی توجہات مبذول کریں۔ لیکن انہیں اپنی کاوشوں میں قابل قدر کامیابی حاصل نہ سکی۔ ان حالات میں شیخ رحمۃ اللہ علیہ سعودی عرب واپس چلے گئے۔ اس دوران میں شیخ رحمۃ اللہ علیہ کئی ممالک میں اسلامی جماعتوں اور جہادی مجموعات کی مالی معاونت کرتے رہے۔ جن میں مصر، الجزائر، تیونس، یمن، فلپائن اور دیگر ممالک شامل تھے۔

اسی دوران میں 1990ء میں عراق کویت تنازعہ کو بنیاد بنا کر امریکہ نے اپنی فوجیں سرزمین حرمین میں اتار دیں۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے امریکی افواج کی جزیرۃ العرب آمد کے

Marfat.com

خلاف بھرپور انداز میں آواز اٹھائی۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے سعودی شاہی خاندان کے فرمانروا شاہ فہد کو پیش کش کی کہ اگر امریکہ کی مدد لینے سے انکار کر دیا جائے تو مجاہدین اللہ کی مدد کے سہارے عراقی فوجوں کا بخوبی مقابلہ کر سکتے ہیں اور انہیں شکست سے دوچار کر سکتے ہیں۔ لیکن شاہ فہد نے شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی اس پیش کش پر کان دھرنے کی بجائے امریکہ کی گود میں ہی جائے پناہ تلاش کرنے کو ضروری سمجھا۔ نتیجتاً شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے اس اقدام کے خلاف عامۃ المسلمین کو بیدار کرنے کا بیڑہ اٹھایا، آپ رحمۃ اللہ علیہ نے شہر شہر جا کر مساجد میں اپنے خطابات اور بیانات کے ذریعے مسلمانوں کو اس خطرے کا ادراک کروایا۔ علمائے کرام کو اس اہم شرعی مسئلے کے حوالے سے میدان عمل میں نکالنے کے لیے آپ نے جدوجہد کی اور جزیرۃ العرب میں صلیبی افواج کی موجودگی کے خلاف پانچ سو سے زائد علماء کے دستخطوں سے ایک فتویٰ جاری کروانے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہی سرگرمیوں کے باعث 1989ء سے 1991ء تک ان کا پاسپورٹ سرکاری تحویل میں رہا۔

شیخ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے ''روس کمیونسٹ بلاک کا سر تھا، روس کے ٹوٹنے سے مشرقی یورپ میں کمیونزم ختم ہو گیا۔ اگر امریکہ کا سر کاٹ دیا جائے تو عرب بادشاہتیں ختم ہو سکتی ہیں، امریکہ کا سب سے بڑا جرم یہ ہے کہ وہ مقدس سرزمین میں داخل ہو گیا، ایک لاکھ 20 ہزار فوجی سعودی عرب میں کس کے خلاف لڑائی میں مصروف ہیں؟ مسلمانوں کی غیرت کہاں ہے؟ کیا وہ اپنے کعبہ کی خود حفاظت نہیں کر سکتے؟ بعثت نبویؐ سے پہلے مکہ پر ابرہہ نے حملہ کیا تو اللہ تعالیٰ نے ابابیلوں کو بھیجا تھا جنہوں نے کنکریاں گرا کر ابرہہ کے لشکر کو تباہ کیا۔ آج ایک ارب مسلمان موجود ہیں، اب ابابیلیں نہیں آئیں گی، مسلمانوں کو خود اٹھنا ہو گا۔ مسلمان وائٹ ہاؤس کی بجائے کعبۃ اللہ کی فکر کریں''۔

شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے 1991ء تک اس بات کا انتظار کیا کہ امریکی افواج واپس چلی جائیں مگر اس ڈیڑھ برس میں انہیں اندازہ ہوا کہ حکومت کے لیے یہ ممکن نہیں ہے کہ وہ امریکی افواج کو سعودی عرب سے باہر نکال سکے۔ چنانچہ انہوں نے سعودی عرب سے ہجرت کرنے کا فیصلہ کیا۔ بلادِ حرمین میں یہود و نصاریٰ کو لانے کے فیصلے پر حکومت پر تنقید کرنے کی وجہ سے ان کو نظر بند کر دیا گیا تھا۔ انہوں نے اپنے ایک بھائی سے جو کہ شاہ فہد کے قریب تھے، کہا کہ وہ اپنے کاروبار کے سلسلے میں پاکستان جانا چاہتے ہیں۔ ان کے بھائی کی نائب وزیر داخلہ شہزادہ احمد سے گہری دوستی تھی۔ تاہم وزیر داخلہ شہزادہ نائف سب سے بڑی رکاوٹ تھا۔ جب وزیر داخلہ

Marfat.com

شہزادہ نائف غیر ملکی دورے پر گیا تو قائم مقام وزیر داخلہ شہزادہ احمد نے شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی نقل و حرکت پر پابندی ختم کر دی۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ اپریل 1991ء میں سعودی عرب سے پاکستان اور پھر افغانستان پہنچ گئے۔ افغانستان میں اس وقت مجاہدین آپس میں دست و گریبان تھے۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی صلح کرانے کی کوشش کی لیکن کامیابی نہیں ہوئی۔ آخر کار انہوں نے سوڈان جانے فیصلہ کر لیا۔

۱۹۸۹ء میں سوویت یونین کی افواج افغانستان سے پسپا ہو کر نکل گئیں...... یہ ایک عظیم فتح تھی...... جس کا مشاہدہ امت مسلمہ صدیوں بعد کر رہی تھی...... جہاد کے نتیجے میں ایسی عظیم فتح کے ثمرات سمیٹنے اور افغانستان میں شریعت کے نفاذ کا یہی موقع تھا لیکن پاکستان اور سعودی ایجنسیوں کی ریشہ دوانیوں کے نتیجے میں افغان مجاہدین باہم دست و گریبان ہو گئے۔ شیخ اسامہ شہید رحمۃ اللہ علیہ نے اس پر آشوب دور میں کسی بھی فریق کا ساتھ نہیں دیا بلکہ وہ خاموشی کے ساتھ مجاہدین کی آپس میں صلح کے لیے کام کرتے رہے مگران کی کوششیں بارآور نہ ہوسکیں۔ آخر کار انہوں نے افغانستان کو خیر باد کہا اور واپس سعودی عرب آ گئے، یہاں اپنی کاروباری سرگرمیاں جاری رکھنے کے ساتھ ان کا دنیا بھر کی اسلامی تحریکوں سے رابطہ بھی برقرار تھا۔ وہ افغان جہاد میں سوویت یونین کی شکست کے بعد اسلامی دنیا کے حکمرانوں کو امریکی بلاک میں جاتا دیکھ کر دکھی تھے اور اس بدلی ہوئی صورت حال کو قبول کرنے کے لیے تیار نہ تھے، وہ امریکی عزائم سے بخوبی آگاہ تھے۔ اسی صورتحال میں امریکہ نے افغان جہاد کے بعد اپنا کھیل شروع کیا، یہ عراق کویت تنازعہ کی آڑ میں سرزمین حرمین پر صلیبی قبضے کا آغاز تھا۔ ۱۹۹۰ء میں امریکی افواج جزیرۃ العرب میں داخل ہوئیں۔ یہ بات شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے لیے قابل قبول نہیں تھی، آپ رحمۃ اللہ علیہ نے عراق کے کویت پر قبضہ کے فوراً بعد سرزمین حرمین کے حکمرانوں کو پیش کش کی کہ آپ اور آپکے مجاہد ساتھی حرمین کے دفاع کی خاطر عراقی فوج کا مقابلہ کریں گے اور انہیں اللہ کی مدد سے شکست دیں گے، بشرطیکہ حکمران امریکہ کی افواج کو سرزمین حرمین آنے سے روک دیں۔ لیکن آپ کی اس پیش کش کو مسترد کر دیا گیا۔ شیخ نے ۱۹۹۰ء میں مختلف اخبارات اور صحافیوں کو انٹرویوز کے ذریعے جو پیغام دیا وہ یہ تھا۔

”جزیرۃ العرب پر صیہونی طاقتوں کا قبضہ ہے اور پورے علاقے پر مکمل کنٹرول حاصل کرنے کی کوشش جاری ہیں، مقامات مقدسہ پر کھلا اور خفیہ قبضہ ہو چکا ہے اب دنیا بھر کے مسلمانوں پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ ان عظیم مقامات سے کافروں کو نکالنے کے لیے

Marfat.com

جدوجہد شروع کر دیں۔ سعودی عرب سمیت دنیا بھر کے جید علمائے کرام مقامات مقدسہ پر قبضہ کی جسارت کرنے والی قوتوں کے خلاف جہاد کا فتویٰ دے چکے ہیں۔ خانہ کعبہ کو چاروں طرف سے امریکی افواج نے گھیر لیا ہے، جدہ اور مکہ مکرمہ کے درمیان صرف ۷۰ کلومیٹر کا فاصلہ ہے اور قریب کے شہروں پر بھی امریکی افواج موجود ہیں۔ مسلم امت کے ایک تہائی حصہ پر یہود و نصاریٰ کا قبضہ ہے اسے بھی مشرکین کے قبضہ سے آزاد کرنا ہماری ذمہ داری ہے''۔

۱۹۹۶ء سے ۱۹۹۸ء میں شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ نے تین پیغامات جہاد جاری کیے، جن میں جہاد، امریکہ کی سرزمین حرمین میں موجودگی کے خلاف جہاد اور دیگر مقدس مقامات پر امریکہ کی موجودگی کے خلاف جہاد کے فتوے شامل ہیں۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۹۹۶ء میں امریکہ کے خلاف باقاعدہ اعلان جہاد کیا۔ ۲۶ اگست ۱۹۹۶ء کو انہوں نے اپنا پہلا بیان جاری کیا، جس کا عنوان تھا ''اسامہ بن محمد بن لادن کی جانب سے اعلان جہاد'' مئی ۹۸ء میں شیخ نے ''انٹرنیشنل اسلامک فرنٹ'' کے نام سے ایک محاذ کا اعلان کیا جس کے پلیٹ فارم سے انہوں نے امریکہ اور اسرائیل کے خلاف باقاعدہ اعلان جہاد کیا۔ اس محاذ کا بنیادی مقصد امریکی اور دیگر کفری افواج کو سعودی عرب کی مقدس سرزمین سے نکالنا، اسرائیل اور امریکہ کو دنیا بھر میں مسلمانوں کے خلاف کاروائیوں سے باز رکھنا بتایا گیا۔

مارچ ۱۹۹۴ء میں سی این این کے نمائندے پیٹر آرنیٹ کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے امریکا کے خلاف جنگ کی وجوہات بیان کیں، فرمایا:

''میرے سامنے جب بھی امریکہ کا ذکر آتا ہے، تو کسی اور بات کی بجائے مجھے اسرائیل کا وہ ظلم یاد آجاتا ہے جو لبنان میں قنعا کے مقام پر وحشیانہ بم باری کی صورت میں معصوم بچوں پر کیا گیا تھا، مجھے یہ منظر کبھی نہیں بھولتا۔ اس بم باری میں معصوم بچوں کی بڑی تعداد موت کا شکار ہوئی۔ جو زندہ بچے اپنے جسموں کے مختلف اعضا کٹ جانے کی وجہ سے معذور و مسخ ہو کر رہ گئے۔ امریکہ کا اس واقعہ میں ملوث ہونے کا اس سے بڑھ کر ثبوت اور کیا ہوسکتا ہے کہ اس نے اس بم باری کا شکار ہونے والے معصوم بچوں کے حق میں کلمۂ ہمدردی تک کہنے سے گریز کیا اور ظلم و سفا کی تمام حدود پھلانگ گیا، اس سے پہلے دنیا میں بڑی سے بڑی سامراجی قوت کے ہاتھوں ایسا واقعہ عمل میں نہ آیا تھا۔ امریکی حکومت نے مختلف علاقوں میں مسلمانوں کو ظلم وستم کا نشانہ بنا رکھا ہے۔ عراق میں ساٹھ لاکھ سے زائد بچوں پر خوراک و ادویات کے دروازے بند کر کے ان پر موت کے دروازے کھول رکھے ہیں۔ انہی وجوہات

Marfat.com

کی بنا پر امریکہ اپنے خلاف کسی بھی ردعمل کا خود ذمہ دار ہے کیونکہ اس نے جنگ کا دائرہ فوج تک نہیں بلکہ عام شہریوں تک وسیع کر دیا ہے"۔

شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ جزیرۃ العرب میں قائم امریکی اڈوں کی نشان دہی

جزیرۃ العرب میں امریکہ، برطانیہ اور فرانس کی یہودی اور نصرانی فوجیں ۲۳ اڈے قائم کر چکی ہیں...... پھر شیخ نے دیوار پر لٹکتے ہوئے نقشے کو چھڑی کی مدد سے سمجھانے کی کوشش کی کہ امریکی اڈے جزیرۃ العرب میں کہاں کہاں قائم ہیں...... ان کی نشان دہی کرتے ہوئے آپ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: یہودی اور نصرانی فوجوں کے اڈے، (۱) جدہ (۲) طائف (۳) تبوک (۴) ریاض (۵) خضر الباطن (۶) الجوف (۷) دمام (۸) کویت (۹) بحرین میں جفیر کے مقام پر (۱۰) قطر میں دوحہ کے مقام پر (۱۱) متحدہ عرب امارات میں ابوظہبی کے مقام پر (۱۲) عمان میں خصب کے مقام پر (۱۳) مسقط (۱۴) عمان کے شہر مطرح (۱۵) عمان کے شہر مصریرہ (۱۶) اردن کے علاقے ارزق (۱۷) مصر کے علاقے صحرائے سینا (۱۸) مصر کے شہر قاہرہ (۱۹) مصر کی وادی قنا (۲۰) مصر کے ساحل بیناس بحر احمر کا جزیرہ دھلک میں ہے...... جس پر اریٹریا کے عیسائیوں کا قبضہ ہے (۲۲) جبوتی میں، جہاں فرانس کا بہت بڑا فضائی اڈہ قائم ہے (۲۳) بحر احمر کا جزیرہ خیش...... شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا کہنا تھا کہ امریکہ جزیرۃ العرب سے یومیہ ہزاروں بیرل تیل چرا کر امریکہ پہنچا رہا ہے...... امام مسجد نبوی شیخ حذیفی نے سعودی عرب میں امریکی فوجوں کی موجودگی پر درست کہا ہے کہ "بھلا بھیڑیا بکریوں کی کیسے رکھوالی کر سکتا ہے؟" جزیرۃ العرب میں یہود و نصاریٰ کے یہی ۲۳ اڈے شیخ کا اصل ٹارگٹ تھے...... کہ جن اڈوں کو انہوں نے ہر قیمت پر ختم کرنے کا اعلان ۹۷-۱۹۹۶ میں افغانستان کے معسکرات میں مجاہدین کے اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا تھا۔ بعد ازاں اسی قسم کے عزائم کا اظہار انہوں نے دنیا بھر سے افغانستان میں آنے والے صحافیوں سے گاہے، بگاہے اپنے انٹرویوز میں بھی کیا تھا......

امت کے وسائل کا پاسبان

۲۰۰۰ء میں شیخ نے مجاہدین سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا تھا:

"امریکہ عرب ممالک کے تیل کے ذخائر پر ناجائز قبضہ کی منصوبہ بندی کر رہا ہے۔ ۱۹۷۳ء کے بعد سے دنیا کی ہر شے مہنگی ہوئی ہے۔ لیکن پٹرول زیادہ مہنگا نہیں ہوا۔ ۷۳ء

Marfat.com

سے اب تک پٹرول کی قیمت میں صرف ۸ ڈالر فی بیرل اضافہ ہوا ہے جبکہ دیگر اشیا تین گنا مہنگی ہوگئی ہیں لیکن عربوں کا تیل مہنگا نہیں ہوا۔ ۲۴ سال میں چند ڈالر سے زیادہ اضافہ اس لیے نہ ہوا کیونکہ امریکہ کی بندوق عربوں کی پیشانی پر ہے۔ ہم روزانہ فی بیرل ۱۱۵ ڈالر کا نقصان اٹھا رہے ہیں۔ صرف سعودی عرب میں ۱۰ کروڑ ڈالر سے زیادہ ہے پچھلے ۱۳ برسوں میں امریکہ نے ہمیں ۵۴ کھرب ۵۶ ارب ڈالر سے زائد کا نقصان پہنچایا۔ یہ بھاری رقم امریکہ سے وصول کرنا بہت ضروری ہے۔ دنیا بھر کے مسلمانوں کی تعداد ایک ارب سے زائد ہے۔ ہر مسلمان خاندان کو ۵۰ ہزار سے زائد ڈالر تقسیم ہوں تو ۵۴ ارب ڈالر پورا ہوسکتا ہے''۔

(یاد رہے یہ صرف اس پٹرول کا سرسری حساب کتاب ہے جو سعودی عرب سے نکالا جا رہا ہے، باقی مسلم خطوں کی آمدنی کو اس میں شامل کرنے سے کتنی بڑی رقم امریکہ کے ذمہ ہے، اس کا اندازہ کیا جاسکتا ہے)۔

امریکی مصنوعات کا بائیکاٹ

ایک موقع پر شیخ نے فرمایا

''جہادی تربیت حاصل کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے لیکن جمہوری حکومتیں امریکہ کیخلاف مزاحمت کرنے والے رمزی یوسف کو امریکہ کے حوالے کر دیتی ہیں۔ جمہوریت اور انسانی حقوق کے دعوے دار امریکہ کے حکم پر میرے چار بیٹے قید ہیں، چار سالہ بچی کو سفر کی اجازت نہیں۔ مجھے کہا جاتا ہے کہ شاہ فہد اور امریکہ کے خلاف خاموش ہوجاؤں تو مجھے معاف کر دیا جائے گا لیکن میں امریکہ سے رحم کی بھیک نہیں مانگتا۔ امریکہ میں ہمت ہے تو آئے مجھے گرفتار کرے، میری موت اللہ کی مرضی سے ہوگی نا کہ امریکہ کی مرضی سے...... میں مسلمانوں سے اپیل کرتا ہوں کہ امریکی مصوعات کا بائیکاٹ کر دیں اور مسلمان امریکی جمہوریت کا بائیکاٹ کردیں۔ اس جمہوریت نے مسلمانوں کو کیا دیا ہے؟ امریکی موت سے ڈرتے ہیں، امریکی بزدل چوہے ہیں، روس ٹوٹ سکتا ہے تو امریکہ بھی ٹکڑے ٹکڑے ہوسکتا ہے''

سنڈے ٹائمز لندن میں شیخ کا ایک انٹرویو شائع ہوا جو سی این این کی ٹیم نے لیا تھا۔ اس انٹرویو میں شیخ نے فرمایا

''ہم نے امریکی حکومت کے خلاف اعلان جہاد کیا ہے کیونکہ امریکی حکومت جابر، ظالم اور مجرمانہ ہے۔ اس نے نہایت جابرانہ اور گھناؤنے جرائم کا ارتکاب کیا ہے۔ اس نے

Marfat.com

کھلم کھلا اسرائیل کے ظالمانہ عزائم کی تائید کی ہے اس کی ہمت افزائی کی ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کی ارض شب معراج پر قبضہ کر لے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ فلسطین او رعراق میں مسلمانوں کے قتل عام کا امریکہ براہ راست ذمہ دار ہے۔

امریکہ کی ایسی ہی جابرانہ اور ظالمانہ حرکتوں کی وجہ سے ہم نے اس کے خلاف اعلان جہاد کیا ہے کیونکہ ہمارا دین ایسے حالات میں ہمیں حکم دیتا ہے کہ جب ظلم اور جبر حد سے بڑھ جائے تو اللہ کے حکم کے نفاذ کے لیے اٹھ کھڑے ہو۔ اس لیے ہم امریکہ کو تمام اسلامی سرزمینوں سے نکال دینا چاہتے ہیں۔ جہاں تک یہ سوال ہے کہ یہ جہاد امریکی فوجیوں کے خلاف ہے یا انکے شہریوں کے خلاف ہے جو ہمارے مقامات مقدسہ میں موجود ہیں یا عام شہریوں کے خلاف ہے......

تو حقیقت یہ ہے کہ سب سے پہلے تو ان امریکی فوجیوں کیخلاف ہے جو ہمارے مقدس مقامات پر موجود ہیں۔ ہمارے دین میں ہمارے مقدس مقامات تمام اسلامی خطوں سے زیادہ قابل احترام ہیں اور وہاں کسی کافر کا وجود نا قابل برداشت ہے۔ اس لیے تمام امریکی شہری وہاں سے فوراً نکل جائیں ہم ان کی حفاظت کی کوئی ذمہ داری نہیں لے سکتے۔ ہم سوا ارب مسلمان ہیں، ہمارے جذبات کسی بھی وقت ردعمل دکھا سکتے ہیں کیونکہ ہمارے چھ لاکھ معصوم بچے امریکہ کی وجہ سے عراق میں کھانے اور دواؤں سے محروم ہیں۔ ہمارے ردعمل کی ذمہ داری امریکہ پر ہوگی کیونکہ یہ امریکی ظلم جنگ کو امریکی فوجیوں سے امریکی شہریوں تک لے جا رہا ہے، یہ بات بہت واضح ہے۔

عام شہریوں کے معاملے میں ہم یہ کہتے ہیں کہ وہ بری الزمہ نہیں کیونکہ انہوں نے اپنے ووٹوں کے ذریعہ اس امریکی حکومت کو قائم کیا ہے جبکہ وہ جانتے تھے کہ ان کی حکومت نے فلسطین، لبنان اور عراق میں کیا جرائم کیے ہیں اور دوسری جگہوں پر بھی اپنے ایجنٹوں کے ذریعہ ہمارے فرزندوں اور علماء کو قید خانوں میں ڈال رکھا ہے۔ ہم اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ سب آزاد ہو جائیں"

سوڈان میں پانچ سال قیام

سوڈان کے راہنما حسن الترابی نے 1991ء میں خرطوم میں شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا استقبال کیا۔ وہ عرب مجاہدین جو افغانستان جنگ میں شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ تھے انہوں نے بھی سوڈان کا رخ کیا اور ان کی کمپنیوں میں ملازمت کر لی۔ اس وقت جنرل عمر البشیر کو فوجی انقلاب کے

Marfat.com

ذریعے اقتدار سنبھالے دو برس ہوئے تھے۔ حسن الترابی کی جماعت عمر بشیر کی حکومت کی حامی تھی۔ شیخ نے سوڈان میں 5 سال قیام کیا، سوڈان میں قیام کی تفصیلات ''شیخ کی چار خطوں کو دارالاسلام بنانے کی خواہش'' میں موجود ہیں۔ آخر کار سوڈان کی حکومت نے امریکی دباؤ کے سامنے گھٹنے ٹیک دیے اور شیخ رحمۃ اللہ علیہ سے درخواست کی کہ وہ سوڈان کو چھوڑ دیں۔

سوڈان سے افغانستان ہجرت کے سفر کی روداد شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ کی زبانی

''ہم سوڈان سے مئی ۱۹۹۶ء میں جب جلال آباد پہنچے تو کابل میں احمد شاہ مسعود اور ربانی حکومت کا طوطی بول رہا تھا...... اور ربانی حکومت نے ہمارے جلال آباد پہنچنے سے قبل ہی امریکی حکومت کے ساتھ ڈیل کر لی تھی۔ جس کے تحت ہمیں امریکہ کے حوالے کر دیا جانا تھا۔ اس ڈیل کے معاہدے پر ربانی، احمد شاہ مسعود اور حاجی قدیر سمیت تمام اعلیٰ عہدے داران کے دستخط موجود تھے...... اس معاہدے کے بارے میں جلال آباد میں طالبان کے حامی اور نیک سیرت کمانڈر انجینئر محمود شہید اور استاد ساز نو شہید کے ذریعے ہمیں معلوم ہوتا ہے، جو اس وقت جلال آباد کے ہوائے اڈے پر قابض تھے۔ بعد میں یہ دونوں عظیم کمانڈر طالبان کی حمایت کے جرم میں شہید کر دیے گئے۔ ربانی حکومت اور امریکہ کے درمیان طے پانے والے معاہدے کے بعد دو امریکی طیاروں کو جلال آباد آنا تھا مگر کمانڈر محمود شہید اور استاد ساز نو شہید نے اعلان کیا کہ وہ ہماری حفاظت کریں گے اور اگر امریکی جہاز آئے تو ان کو اترنے نہیں دیا جائے گا...... ربانی حکومت اور کمانڈر محمود ساز نو کے درمیان کشمکش جاری تھی کہ دوسری طرف سے طالبان اپنے کمانڈر ملا بور جان کی قیادت میں معرکوں پر معرکے کے سر کرتے ہوئے جلال آباد کے نواحی علاقوں تک آن پہنچے...... اور پھر اگلے ہی روز طالبان نے ملا بور جان شہید رحمۃ اللہ علیہ کی زیر کمان جلال آباد شہر پر یلغار کر دی...... گھمسان کا رن پڑا...... اور پھر آناً فاناً وہ ربانی حکومت جو ہمیں امریکہ کے سپرد کرنے کے تمام انتظامات مکمل کر چکی تھی...... پہلے جلال آباد اور پھر صرف دو دن بعد ہی صوبہ لغمان اور صوبہ کنٹر سے بھی ہاتھ دھو بیٹھی...... اور ہم اپنے ساتھیوں کے ہمراہ اپنے مرکز نجم الجہاد میں مقیم رہے''۔

سیّد ضیاء (شمالی اتحاد کا کمانڈر اور سیاف کا بھانجا ہے اور اُن لوگوں میں سے ہے کہ جنہوں نے آٹھویں صلیبی جنگ میں شیر مجاہدین کے خلاف لڑائی کی) فرانسیسی اخبار بومنڈ کے نامہ نگار کو بتاتا ہے کہ (ہم جانتے تھے کہ اسامہ امیر آدمی ہے لیکن وہ ہمارے درمیان حیرت

Marfat.com

انگیز سادہ زندگی گذارتا تھا اور وہ رسیوں کے گھیراؤ میں دو مرتبہ آتا تھا اور ان میں سے ایک مرتبہ اس وقت وہ گھیرے میں آیا تھا کہ جب وہ معرکہ ۲۴ دن تک ہوتا رہا اور اپنی زندگی کا یہ سب سے لمبا معرکہ میں نے دیکھا تھا جس میں اُسامہ اپنے سو ساتھیوں تک ساتھ ایک پہاڑ کی چوٹی پر سات دن تک گھیرے میں رہا اور بہت شدید بمباری ہو رہی تھی تو اس (اسامہ) نے اپنے مورچوں کے اردگرد کے علاقے کو بارودی سرنگوں سے بھر دیا تاکہ روسیوں کو اوپر چڑھنے سے روکے۔ پھر اس نے ساتویں روز بھرپور حملہ کیا اور اس معرکے کو جیتا۔ اُسامہ اور عرب لوگ حقیقت میں بہت بہادر تھے اور میں نے اس کے بعد کبھی اتنی شدت کا معرکہ نہیں دیکھا اور حقیقت یہ ہے کہ ہمارے پاس گولہ بارود کی بہت کمی تھی لہٰذا ہم مجبور ہوتے تھے کہ روسی فوجی ہمارے مورچوں کے قریب آئیں تو پھر ہم فائرنگ کرتے لیکن بلاشبہ عرب لوگ دشمن سے لڑنے کے لیے مورچوں سے چھلانگیں لگا کر نکل جاتے، وہ آمنے سامنے آ کر للکارنے کو محبوب سمجھتے تھے"۔

امریکہ کے خلاف اعلان جہاد اور مسجد اقصیٰ کی آزادی

شیخ رحمۃ اللہ علیہ اس بات پر یقین رکھتے تھے کہ دنیا بھر میں بالعموم اور فلسطین میں بالخصوص مسلمانوں پر ہونے والے مظالم کی پشت پناہی امریکہ کر رہا ہے۔ اس لیے القاعدہ دنیا کے مختلف حصوں میں امریکی اہداف کو وقتاً فوقتاً نشانہ بناتی رہی۔ فلسطین اور لبنان میں مسلمانوں کے قتل عام، دو مقدس مقامات پر امریکی قبضے، ملکی وسائل پر مغربی قبضے، سعودیہ کی بگڑتی ہوئی صورت حال خصوصاً علماء اور مجاہدین کی گرفتاریوں کے سبب، شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے 1996ء میں امریکا کے خلاف باقاعدہ اعلان جہاد کیا۔ 26 اگست 1996ء کو انہوں نے اپنا پہلا بیان جاری کیا، جس کا عنوان تھا "اسامہ بن محمد بن لادن کی جانب سے اعلان جہاد"۔ اس بیان میں امریکی افواج کے لیے وارننگ تھی کہ وہ سرزمین مقدس کو فوری طور پر چھوڑ جائیں ورنہ ان کے خلاف وہی مجاہدین اٹھ کھڑے ہوں گے جنہوں نے پہلے روسی افواج کو شکست دی تھی۔

شیخ رحمۃ اللہ علیہ اس نتیجے پر پہنچ گئے کہ عالم اسلام کا اصل مسئلہ بیت المقدس کا پنجۂ یہود میں ہونا اور مسلمان ملکوں میں امریکی مداخلت ہے۔ اگر امریکہ کمزور ہو جائے تو خلیجی ممالک کے حکام خود بخود کمزور ہو جائیں گے اور اس کا حل مسلم اکثریت والے خطوں میں امریکی مفادات کے خلاف مسلح جہاد ہے۔

Marfat.com

باب نمبر 3

نائن الیون اور شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت کا عروج

گیارہ ستمبر 2001ء کو امریکا اس وقت اپنی تاریخ کی بدترین شکست سے دو چار ہوا جب واشنگٹن میں امریکی محکمہ دفاع پینٹا گون کی عمارت اور نیو یارک میں تجارتی مرکز ورلڈ ٹریڈ سنٹر سے تین طیارے ٹکرا دیے گئے اور محکمہ خارجہ (اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ) کے باہر کار بم دھماکا ہوا۔ امریکا میں ہونے والے ان فدائی حملوں کے باعث ہزاروں امریکی ہلاک اور اتنے ہی زخمی ہوئے جب کہ اربوں ڈالر کا نقصان ہوا۔ ملک کے تمام ہوائی اڈے بند کر دیئے گئے اور وائٹ ہاؤس سمیت اہم سرکاری عمارتیں خالی کرا لی گئیں۔

امریکہ پر حملوں کی جو منصوبہ بندی شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے کی اس میں انہوں نے امریکا پر چار سے زیادہ طیاروں کے ذریعے سے حملہ کرنے کا منصوبہ بنایا تھا۔ وہ کہتے تھے کہ امریکہ چھ یا دس طیاروں کی مار نہیں، لیکن انہوں نے حملہ کرنے میں جلدی کی، اس کی دو وجوہات تھیں۔

1- شیخ رحمۃ اللہ علیہ جان چکے تھے کہ امریکہ، افغانستان پر حملے کی منصوبہ بندی کر چکا ہے اس لیے شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے چاہا کہ اس پر پہلے ہی اچانک حملہ کر کے اسے رسوا کر دیں۔

2- فلسطین کی صورت حال پر وہ انتہائی رنجیدہ تھے اس لیے انہوں نے جلدی حملہ کیا۔

اور امریکہ پر چار طیاروں کے ذریعے حملہ کرنے میں مصلحت جانی اور بقیہ کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی مشیت پر چھوڑ دیا۔

انہیں علم ہوا کہ فلسطین کی خواتین، ان کی تصاویر اٹھا کر سڑکوں پر گھوم رہی ہیں اور کہہ رہی ہیں کہ: ''اسامہ تیرا وعدہ کہاں ہے''؟

اس واقعے پر انہیں شدید غم ہوا اور تین دن تک انہوں نے کسی سے بات تک نہیں کی۔ اس کے کچھ ہی دنوں بعد ستمبر کے مبارک واقعات پیش آئے، ان واقعات پر امت مسلمہ میں سب سے زیادہ خوشی کا اعلانیہ اظہار فلسطینیوں نے ہی ہوائی فائرنگ، مبارک سلامت اور مٹھائیوں کی تقسیم کے ذریعے کیا۔ پھر انہوں نے فلسطینیوں کی مدد کے حوالے سے

Marfat.com

اپنی وہ مشہور قسم اٹھائی کہ جو کئی سال گزرنے کے باوجود بھی یادگار ہے۔

ستمبر کے مبارک واقعات واقعات سے پہلے مصر کے جوہری سائنسدانوں میں اسے ایک کی ذمہ داری تھی کہ وہ ایٹمی اسلحہ کی تیاری کرے اور اس کے لوازمات خریدے۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے اس منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے بہت سی رقم خرچ کی تھی اور ان ایٹمی سائنسدانوں نے ایک چھوٹے سے ایٹم بم کو پھاڑنے کا تجربہ بھی کیا تھا۔ اس ایک چھوٹے سے ایٹم بم نے بہت ہی بڑا اور تباہ کن دھماکہ کیا تھا، جس نے مجاہدین کی قیادت کو خوش کر دیا تھا۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ بذات خود اس منصوبے کا مرحلہ وار جائزہ لیتے رہے۔

گیارہ ستمبر کے نتیجے میں وہ سب کچھ عیاں ہو گیا جو پہلے صرف مخصوص لوگوں کو ہی معلوم تھا کہ اسلام کے ازلی دشمن یہود اور نصاریٰ ہیں، عالم اسلام میں موجود برسر اقتدار طبقہ دراصل امریکہ کا منظور نظر ہے اور ان کے مسلسل اقتدار رہنے کی وجہ بھی امریکہ کی پشت پناہی ہے، مسلم خطوں میں بالعموم اور خلیجی ریاستوں میں بالخصوص امریکہ کے فضائی اور بحری اڈے موجود ہیں، مسلم ممالک میں برسر اقتدار طبقہ اور یہاں کی فوجیں امریکہ سے حد درجے خائف ہیں اور یہ کسی صورت میں اپنا دفاع کرنے کے لیے ہاتھ پیر نہیں ماریں گے۔

گیارہ ستمبر کے مبارک حملوں کے بعد شیخ رحمۃ اللہ علیہ کو عالمی شہرت ملی اور انہیں امریکہ کے ایک مضبوط حریف کے طور پر جانا جانے لگا۔ امریکہ نے ان کی گرفتاری یا شہادت پر پچیس ملین ڈالر انعام کا اعلان کیا۔ امریکہ نے انہیں دہشت گرد کے طور پر متعارف کروایا مگر عالم اسلام نے انہیں ایک عظیم قائد اور مجاہد کی حیثیت دی۔ وہ پوری دنیائے اسلام کے ان مسلمانوں کے محبوب بن گئے جو اسلام کے غلبے کی خواہش رکھتے ہیں اور مسلمانوں کی بے بسی پر غم زدہ ہوتے ہیں۔ گیارہ ستمبر کے بعد ہزاروں مسلمانوں نے القاعدہ میں شمولیت اختیار کی۔

شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے اوصاف، اتباع سنت، حیا اور غیرت

شیخ رحمۃ اللہ علیہ اپنی زندگی میں نہایت درجہ متبع سنت علیہ السلام تھے۔ جزیرۃ العرب کے مجاہدین کے امیر شیخ ابو بصیر ناصر ابو حیشی جو شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے ذاتی محافظ بھی رہے، قسم کھا کر کہتے ہیں کہ میں نے اپنی زندگی میں شیخ رحمۃ اللہ سے زیادہ سنت کا اتباع کرنے والا شخص نہیں دیکھا۔ جنہوں نے بھی شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ وقت گزارا وہ گواہی دیتے ہیں کہ شیخ بہت حیادار اور شرمیلے تھے۔ ساتھیوں سے بھی آنکھیں جھکا کر بہت دھیمے انداز میں بات کرتے تھے لیکن جب دینی

Marfat.com

غیرت کا معاملہ ہوتا تو چہرہ سرخ ہو جاتا اور آواز اونچی ہو جاتی۔ عرب صحافی عبدالباری عطوان کہتے ہیں کہ ''آج کل ہم عرب لوگوں میں اتنا عاجز اور منکسر المزاج فرد ہونا ناممکن ہے، جتنا شیخ رحمۃ اللہ علیہ عاجز اور متواضع تھے''۔

صلیبی جنگ کے دس سالوں میں مجاہدین کی قیادت

امریکہ کے افغانستان پر حملے کے دوران میں شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے مجاہدین کی براہ راست قیادت کی۔ وہ محاذوں پر سب سے آگے ہوتے اور مجاہدین کا بہت زیادہ خیال رکھتے۔ شروع جنگ میں بمباری کے دوران میں شیخ رحمۃ اللہ علیہ تو رابورا کے پہاڑوں سے سب سے آخر میں اس وقت باہر آئے، جب انہیں اطمینان ہو گیا کہ سب مجاہد خیریت سے اتر چکے ہیں اور خود مسلسل بمباری اور خطرے کا سامنا کرتے رہے، پھر جب سب خطرے سے دور ہو گئے، تو خود بھی باہر آ گئے۔

ان کا ایک مشہور قول ہے، جو وہ اس وقت کہتے کہ جب کوئی ایسا فرد ان کے پاس آتا جو پہلے لڑائی کے میدان میں نہیں اترا ہوتا تھا۔ وہ ان سے کہنے لگتا کہ اگر آپ اس طرح کرتے یا اس طرح نہ کرتے، تو بہتر تھا؟ تو شیخ رحمۃ اللہ علیہ اسے ایک انتہائی اہم جملہ کہتے کہ جو آب زر سے لکھے جانے کے لائق ہے۔ وہ کہتے کہ: ''جہاد اسلام کی چوٹی کا عمل اور جو چوٹی کے نیچے ہوتا ہے، وہ اپنے نیچے سب کچھ واضح طور پر دیکھ سکتا ہے۔ جبکہ جو نیچے ہوتا ہے، وہ ایسا نہیں کر سکتا''۔

مجاہدین کو اطاعت امیر کی تاکید کرتے ہوئے فرماتے، ''اگر میں مر جاؤں یا قتل کر دیا جاؤں، تو تم میں سے کسی کی بھی مجھ سے محبت، اسے اس راستے کو چھوڑ دینے پر آمادہ نہ کرے بلکہ تم پر جو امیر بھی بنایا جائے، اس کی بات سنو اور اطاعت کرو''۔

افغانستان پر صلیبی یلغار کے شروع میں جب مجاہدین (تورا بورا) کے غاروں میں چلے گئے، تو شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے خواب میں دیکھا کہ ایک بچھو اس خندق نما غار میں آ گرا ہے، جس میں وہ خود موجود ہیں۔ نیند سے بیدار ہوتے ہی آپ نے اس خندق کو چھوڑ دیا اور اس کے دو یا تین دن بعد ہی طیاروں نے اس خندق پر بمباری کر کے اسے تباہ کر دیا۔

یہ بم باری اس وجہ سے ہوئی کہ ایک منافق نے وہاں چپ (سم) پھینک دی تھی، جو کہ طیاروں کی رہنمائی کرتی ہے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے بندے شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ کی حفاظت فرمائی۔

شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے نہ صرف افغانستان کے محاذ پر صلیبی جنگ کے مقابل مجاہدین کی قیادت کی بلکہ پوری دنیا میں صلیبی اہداف کو نشانہ بنانے کے لیے موثر حکمت عملی ترتیب دی۔ ان کی قیادت میں مجاہدین نے دنیا کے مختلف علاقوں میں صلیبی اور صیہونی افواج کو نشانہ بنایا۔

Marfat.com

عراق میں مجاہدین کی بھرپور کارروائیوں کے نتیجے میں امریکہ اور اس کے اتحادیوں کی شرم ناک شکست کا سامنا کرنا پڑا اور امریکہ نے عراق سے افواج نکال لیں۔ افغانستان میں بھی امریکہ شدید ترین حالات کا سامنا کر رہا ہے اور اس نے اس ماہ سے دس ہزار فوج نکالنے کا اعلان کر دیا ہے۔

شیخ کی خواہش شہادت

1998ء میں قندھار ایئر پورٹ کے قریب ایک خفیہ مقام پر انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے بار بار اپنی ممکنہ شہادت کا تذکرہ کیا اور فرمایا کہ ''مجھے علم ہے کہ میرا دشمن طاقت ور ہے لیکن میں تم کو یقین دلاتا ہوں کہ یہ مجھے مار تو سکتے ہیں لیکن زندہ گرفتار نہیں کر سکتے''۔ اگر میں مر بھی گیا تو امریکیوں کے خلاف جنگ ختم نہیں ہوگی میں اپنی گن میں آخری گولی تک لڑوں گا، شہادت میرا سب سے بڑا خواب ہے اور میری شہادت سے مزید اسامہ جنم لیں گے''۔

شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے متعدد بار خود سے کیا گیا وعدہ پورا کیا اور کبھی ہتھیار نہیں ڈالے۔ بالآخر اللہ نے اپنے بندے کے وعدے کو سچ کر دکھایا اور آپ نے 2 مئی 2011ء کو جام شہادت نوش فرمایا۔ شہادت کی وہ تمنا جس کے لیے انہوں نے اپنی شاہانہ زندگی چھوڑ کر سنگلاخ پہاڑوں کو مسکن بنایا، بتیس برس دنیا کے محاذوں پر سخت دشواریوں کا سامنا کرنے کے بعد بالآخر پوری ہوئی اور وہ اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ ان کے تربیت یافتہ بے شمار مجاہدین، اسلام کی سربلندی کے لیے کوشاں ہیں۔ اللہ سے دعا ہے کہ وہ شیخ رحمۃ اللہ علیہ کو انبیاء اور صالحین کے ساتھ ملائے اور جنت الفردوس میں ان کو اعلیٰ مقام عطا فرمائے، آمین۔

شیخ اسامہ کی سی آئی اے سے خفیہ جنگ

یہود و نصاریٰ کے قلب و روح کو شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے کس قدر زخمی کیا، آئمۃ الکفر ہی کی زبانی یہ حقیقت عیاں ہو رہی ہے

14 سال 8 ماہ اور 10 دن تک، چہرے پر ایک شرمیلی سی مسکراہٹ سجائے، وہ نرم گفتار، دھان پان سا طویل القامت شخص، پورے عالم کفر کے سینے میں ایک خنجر آبدار کی مانند پیوست رہا، اور بالآخر دست قضا نے کفار کو خون رلاتا یہ خنجر کھینچ لیا تو وہ اپنے پیچھے ایسا گھاؤ چھوڑ گیا جو ان شاء اللہ کبھی مندمل نہیں ہوگا اور باذن اللہ تا قیامت رستا رہے گا۔ یہ مدت 23 اگست 1996ء سے شمار کی گئی ہے جب اسد الاسلام شیخ اسامہ بن لادن رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے

Marfat.com

مشہور معروف پیغام ''دو مقدس مقامات کی سر زمین پر قابض امریکیوں کے خلاف اعلان جہاد'' میں مسلمانان عالم اور بالخصوص اپنے ہم وطنوں جزیرۃ العرب کے مسلمانوں کو طاغوت اکبر کے خلاف اٹھ کھڑے ہونے کی دعوت ڈنکے کی چوٹ پر دی۔ لیکن درحقیقت شیخ اسامہ اس سے کئی سال قبل ہم کفار عالم بالخصوص امریکہ کہ آنکھوں میں ایک کانٹے کی طرح چبھنے لگے تھے۔

شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ کو شہید یا گرفتار کرنے کی امریکی کوششیں:۔

نومبر 1989ء میں شیخ عبداللہ عزام شہید رحمۃ اللہ علیہ کی امریکی ایجنٹوں کے ہاتھوں شہادت سے ہی یہ واضح ہو گیا تھا کہ امریکہ اپنے ان دشمنوں کو پہچان چکا ہے جو ''لڑ تو افغانستان میں رہے ہیں لیکن ان کی نظریں فلسطین پر ہیں''۔ اللہ رب العزت کی نصرت کے طفیل امریکہ اپنے ان دشمنوں کے بڑھتے قدم تو نہ روک سکا لیکن یہ غرباء للدین جب جہاد افغانستان کے اختتام پر اپنے ملکوں کو واپس لوٹے تو کفر کے حواری وہاں کے حکمرانوں نے ان پر قافیہ حیات تنگ کرنا شروع کر دیا، یہاں تک کہ شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی قیادت میں مہاجرین فی سبیل اللہ کا یہی قافلہ سخت جاں سوڈان جا پہنچا۔

سوڈان میں بھی ان اہل جنوں کو قرار کہاں آنا تھا، پس نہ خود چین سے بیٹھے نہ کفر کو سکھ کا سانس لینے دیا۔ یہی وجہ تھی کہ امریکہ جلے پاؤں کی بلی کی طرح، شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا راستہ روکنے کے چکر کاٹتا رہا۔ کبھی ان کو فائرنگ کر کے شہید کرنے کی کوشش کی گئی، یوں دال نہیں گلی تو سوڈان پر سیاسی و سفارتی دباؤ ڈالا گیا کہ وہ شیخ کو یا تو سعودی عرب یا امریکہ کے حوالے کر دیں یا کم از کم سوڈان میں نہ رہنے دیں۔ آل سلول (آل سعود) تو اس مرد مجاہد کا بوجھ کہاں برداشت کرتے، چنانچہ شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی سعودی عرب کی شہریت منسوخ کر دی۔ 1993ء میں صومالیہ کے دارالحکومت مقدیشو میں پڑنے والی تاریخی چھترول نے امریکیوں کو ان کی اوقات یاد دلا دی تو کھسیانی بلی کھمبا نوچے کے مصداق سوڈان پر دباؤ مزید بڑھا دیا گیا۔ بالآخر سوڈان بھی جب فرعون عصر کے دباؤ کے آگے نہ ٹھہر سکا تو اس سیماب صفت درویش نے اپنے میزبانوں کو مزید آزمائش سے بچانے کے لیے افغانستان کا رخ کیا۔ جہاں امیر المومنین ملا محمد عمر نصرہ اللہ کی زیر قیادت امارت اسلامیہ افغانستان کے قیام سے شیخ کا یہ دیرینہ خواب پورا ہو گیا کہ ایک ایسا خطہ زمین مل جائے جو پوری دنیا میں جہاد فی سبیل اللہ کا مرکز بنے۔ چنانچہ افغانستان میں مقیم ہو کر شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے طاغوت اکبر امریکہ کے خلاف عالم گیر جہاد کا اعلان کر دیا۔

Marfat.com

سی آئی اے کے بن لادن یونٹ کا قیام

1996ء میں سی آئی اے نے شیخ رحمۃ اللہ علیہ کو گرفتار یا شہید کرنے کی کوششوں کو منظم اور مربوط کرنے کے لیے ایک باقاعدہ شعبہ قائم کیا جس کا خفیہ نام 'ایلیک سٹیشن' تھا اور اس یونٹ کا کام سی آئی اے کے سابق سربراہ جارج ٹینٹ کے بقول ''شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی تلاش، ان کے بارے خفیہ معلومات کی فراہمی، ان کے خلاف آپریشن، ان کو ملنے والی مالی معاونت میں رکاوٹ ڈالنا، اور ان کی سرگرمیوں اور ارادوں کے بارے میں فیصلہ ساز اداروں کو متنبہ کرنا'' تھا۔ یہ سٹیشن اپنے مذکورہ مقاصد میں کس حد تک کامیاب ہوا، اس کا اندازہ تو گیارہ ستمبر 2001ء کے معروف حملوں سے لگایا جا سکتا ہے۔ لیکن اس یونٹ نے جس قدر معلومات اکٹھی کیں اسی قدر امریکیوں کے دلوں میں شیخ کا خوف اور رعب پختہ ہوتا گیا۔ اس یونٹ نے 98-1997ء میں افغانستان میں خفیہ آپریشن کے ذریعے شیخ رحمۃ اللہ علیہ کو شہید کرنے کا ایک منصوبہ بنایا لیکن اللہ نے اپنے شیر کی ہیبت اس قدر امریکی کفار کے دلوں پر طاری کی انہوں نے اپنی ہلاکتوں کے ڈر سے اس منصوبے کو آخری مراحل میں منسوخ کر دیا۔

سوڈان اور افغانستان میں کروز میزائلوں سے حملے

7 اگست 1998ء کو کینیا اور تنزنیہ میں امریکی سفارت خانوں پر حملوں نے امریکیوں کو واقعتاً لہو رونے پر مجبور کر دیا۔ کھسیانی بلی کی مانند امریکیوں نے سوڈان اور افغانستان میں 75 کروز میزائلوں کی بارش کر دی۔ اللہ کی نصرت اور امریکیوں کی حماقت کے طفیل تقریباً 5 کروڑ ڈالر مالیت کے یہ میزائل چند مسلمانوں کو منصب شہادت پر سرفراز کرنے کے علاوہ کچھ حاصل نہ کر سکے اور امریکی غرور کی ناک ایک مرتبہ پھر خاک آلود ہوئی۔ اسی سال امریکی FBI نے شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا نام انتہائی مطلوب افراد میں سرفہرست شامل کرتے ہوئے آپ کے سر کی قیمت 25 ملین ڈالر مقرر کی (لیکن امریکہ کو جو اصل قیمت چکانا پڑی، وہ کئی سو گنا زیادہ تھی)۔

Operation JAWBREAKER-5

C I A کے بن لادن یونٹ کے منصوبوں میں سے ایک JAWBREAKER-5 تھا جس کے دوران اکتوبر 1999ء میں اس یونٹ کے سربراہ

Marfat.com

اور کاؤنٹر ٹیررازم سنٹر CTC کے کئی دیگر اہل کاروں نے دوشنبے، تاجکستان کے راستے شمالی افغانستان میں پنج شیر کا سفر کیا جہاں انہوں نے احمد شاہ مسعود سے ملاقات کر کے اس کو بھی اپنے مکروہ منصوبے میں شامل ہونے پر آمادہ کیا۔ مسعود نے شیخ رحمۃ اللہ علیہ کو گرفتار یا شہید کرنے کے لیے امریکیوں سے تعاون کا وعدہ تو کر لیا لیکن ساتھ ہی (امریکیوں کے) ایک اچھے دوست کی طرح ان کو یہ بھی باور کرا دیا کہ ''جو وہ چاہتے ہیں (یعنی شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی شہادت) وہ ہو بھی جائے تو بھی مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ ان کی حکمت عملی بالآخر ناکامی پر منتج ہوگی کیوں کہ خطرہ محض شیخ رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے چند عرب ساتھی نہیں بلکہ یہ افغانستان سے عرب تک پھیلا ہوا ایک ایسا سلسلہ ہے جس کا امریکیوں کے پاس کوئی توڑ نہیں۔''

9 ستمبر 2001ء کو احمد شاہ مسعود اپنے ناپاک ارادوں سمیت دو مجاہدوں کے فدائی حملے کے نتیجے میں اپنے انجام نا مسعود کو پا گیا جس سے امریکی منصوبہ JAWBREAKER-5 بھی اپنی موت آپ مر گیا۔

تورا بورا کا تاریخی معرکہ

نائن الیون کے مبارک حملوں کے بعد امریکہ حسب توقع زخمی سانپ کی طرح پھنکارتا ہوا امارت اسلامیہ افغانستان پر حملہ آور ہوا تو پیش نظر مقصد صرف ایک ہی تھا، قاعدہ الجہاد کے قائدین بالخصوص شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ کو زندہ یا مردہ حاصل کرنا۔ تورا بورا میں شیخ رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے ساتھیوں کی موجودگی کی اطلاع پر امریکہ نے اپنی پوری جنگی طاقت ٹیکنالوجی چند سو میٹر کے علاقے پر مشتمل تورا بورا کی ان غاروں پر جھونک دی۔ دسمبر 2001ء کے آغاز میں شروع ہونے والی اس لڑائی میں امریکہ نے C-130, B-52, F-18, F-15 سمیت مختلف قسموں کے 50 سے زائد جہاز اور بیسیوں ہیلی کاپٹر استعمال کیے۔ 4 دسمبر سے 7 دسمبر کے درمیان اس علاقے پر کم وبیش، 700,000 پاؤنڈ بارود برسایا گیا۔ ڈیزی کٹر جیسے 15000 پونڈ وزنی مہلک بم استعمال کیے گئے۔ لیکن جسے اللہ رکھے، اسے کون چکھے۔ شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ اور بیش تر مجاہدین تورا بورا سے بحفاظت نکلنے میں کامیاب ہو گئے۔ صرف 14 مجاہدین اور بعض اطلاعات کے مطابق 40 مجاہدین نے اس لڑائی میں جام شہادت نوش کیا۔ امریکیوں کی فطری بزدلی یہاں بھی کھل کر سامنے آئی۔ امریکہ نے اس وقت تک تورا بورا کے علاقے میں اپنا کوئی فوجی نہیں اتارا جب تک اسے یقین نہ ہو گیا کہ اب اس علاقے میں کوئی

Marfat.com

زندہ مجاہد موجود نہیں ہے۔ انہوں نے محض شمالی اتحاد کے کرائے کے جنگجوؤں اور اپنی فضائی قوت کے ذریعے ان بندگان خدا کو زیر کرنے کی کوشش کی جنہوں نے اس کی پوری جنگی ٹیکنالوجی اور عسکری قوت کا زعم ملیامیٹ کر دیا۔

اک ستارہ تھا میں کہکشاں ہو گیا

تورا بورا سے نکلنے کے بعد برابر 10 سال تک شیخ رحمۃ اللہ علیہ نہ صرف امریکہ بلکہ پورے عالم کفر کے حلق کا کانٹا بنے رہے۔ امریکہ اور اس کے حواری کفار و مرتدین کتوں کی طرح پوری دنیا میں شیخ رحمۃ اللہ علیہ کو ڈھونڈتے پھرے، سینکڑوں بلکہ ہزاروں لوگوں کو گرفتار کر کے گوانتاناموبے اور اس جیسے دوسرے تعذیب کدوں میں محض اس بنا پر دھکیل دیا گیا کہ وہ شیر اسلام اسامہ رحمۃ اللہ علیہ سے نسبت رکھتے تھے یا ان پر اس تعلق کا شبہ تھا۔ لیکن اپنے تمام تر وسائل، ٹیکنالوجی اور خفیہ ایجنسیوں کے ان گنت لشکروں کے باوجود ابلیس کے حواری 10 سال تک شیخ کی گرد کو بھی نہ پا سکے۔

شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا نام دنیا بھر کے کفار کے لیے ایک ڈراؤنا خواب بن کر رہ گیا۔ اللہ کا یہ فقیر اپنے کسی نامعلوم ٹھکانے سے محض ایک صوتی پیغام جاری کرتا اور صلیبیوں کی نیندیں حرام ہو جاتیں۔ بش کی اللہ نے مت ماری تو اس کو عراق میں بھی شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی پرچھائیاں نظر آنے لگیں اور اس نے ایک اور ہولناک جنگ میں امریکہ کو دھکیل دیا۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی ذات امریکی صلیبیوں کے حواس پر کس قدر سوار تھی، اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ 2001ء کے بعد ہونے والے دونوں امریکی صدارتی انتخابات کے دوران دونوں امیدوار امریکیوں سے اسی وعدے کی بنیاد پر ووٹ مانگتے رہے کہ وہ شیخ رحمۃ اللہ علیہ کو 'انصاف کے کٹہرے میں لائیں گے۔

مشیت ایزدی نے جب اپنے بندے کو خلعت شہادت سے سرفراز کرنا چاہا تو اچانک صلیبیوں کو شیر کی کچھار کا راستہ سجھا دیا۔ شیر ربانی نے اپنے اور اللہ کے دشمنوں کا خوب ڈٹ کر مقابلہ کیا اور امت مسلمہ کی سربلندی اور عظمت کا عنوان یہ درخشندہ ستارہ بالآخر کہکشاں کی مانند اپنے رب کی جنتوں میں روشن ہو گیا۔ نحسبہ کذالک واللہ حسیبہ۔

امریکہ جس قدر زندہ اسامہ سے خوف زدہ تھا اس سے کہیں زیادہ وہ شہید اسامہ سے دہشت زدہ ہے۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے جسم کو سمندر برد کرنے کی کہانی اور ان کی شہادت کا کوئی بھی ثبوت پیش نہ کر سکنا، یہ سب علامات اسی خوف کی مظہر ہیں کہ

Marfat.com

کہیں ٹوٹا ہوا تارا مہ کامل نہ بن جائے

شیخ اسامہ کی حکمت عملی اور امریکہ کا معاشی نقصان

شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے عالم کفر بالخصوص امریکہ کو ایسی کونسی ضرب لگائی جس کی ٹیسیں آج بھی اس کو چین نہیں لینے دے رہیں؟ اس سوال کا کوئی قطعی جواب تو شاید آسان نہ ہو کیونکہ صومالیہ سے نیویارک تک جا بجا بکھری امریکی حشمت کی دھجیاں اکٹھی کرنے کے لیے شاید ایک پوری کتاب بھی ناکافی ہو لیکن ایک پہلو جو شیخ کی شہادت کے بعد بہت زیادہ زیر بحث آیا وہ یہ تھا کہ امریکہ نے شیخ رحمۃ اللہ علیہ کو شہید کرنے کی کیا قیمت چکائی؟

اس سوال کا بھی جواب بھی اتنا سادہ نہیں...... اصل قیمت تو شاید امریکہ کا وجود اور اس کی سلامتی ہے، کہ سپر پاور اور پوری دنیا کی ٹھیکے داری کے دعوے سے تو امریکہ کب کا دست بردار ہو چکا، اب کوئی دن جاتا ہے جب امریکہ بھی سوویت یونین کی مانند اپنے رستے ہوئے زخموں کی تاب نہ لا کر ریزہ ریزہ ہو جائے گا...... لیکن اگر تخمینہ ڈالروں میں بھی لگایا جائے تو ان اندازوں میں بہت تنوع ہے...... چنانچہ ہم محض اس بل کی تفصیل درج کر کے یہ فیصلہ قارئین پر چھوڑ دیتے ہیں کہ ان میں سے کون کون سے خرچے شیخ کے 'کھاتے' میں ڈالے جا سکتے ہیں۔

کروز میزائلوں سمیت شیخ کے خلاف دیگر مہمات کی لاگت...... تقریباً 50 کروڑ ڈالر گیارہ ستمبر کے مبارک کے حملوں میں عمارتوں کی تباہی اور دیگر براہ راست نقصانات...... 30 ارب ڈالر گیارہ ستمبر کے مبارک حملوں کے بالواسطہ نقصانات...... تقریباً 3000 ارب ڈالر افغانستان کی جنگ کی براہ راست عسکری لاگت...... تقریباً 560 ارب ڈالر عراق جنگ کی براہ راست عسکری لاگت...... تقریباً 850 ارب ڈالر ہوم لینڈ سکیورٹی پر اٹھنے والے اخراجات...... تقریباً 1000 ارب ڈالر۔

کل خرچ...... تقریباً 54405 ارب ڈالر

واضح رہے کہ اوپر دی گئی تفصیل میں امریکی اقتصادیات کو جنگوں سے پہنچنے والے بالواسطہ نقصانات اور جنگوں کے لیے لیے گئے قرض پر ادا کردہ سود شامل نہیں ہے۔ پھر بھی یہ رقم امریکی جی ڈی پی کے 36 فی صد اور امریکہ کے مجموعی ٹیکس ریونیو کے تقریباً 210 فی صد کے برابر جا پہنچی ہے۔

Marfat.com

شیخ اسامہ بن لادن رحمۃ اللہ علیہ، ڈاکٹر عبد اللہ عزام رحمۃ اللہ علیہ کی نظر میں

اپنے زمانے کے جہادی فقہ کے مجدد شیخ عبد اللہ عزام رحمہ اللہ نے فرمایا ''ہم اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ وہ ہمارے بھائی ابو عبد اللہ اسامہ بن لادن کی حفاظت کرے۔ یہ ایسا آدمی ہے کہ میری آنکھ نے روئے زمین پر ایسا آدمی کبھی نہیں دیکھا۔''

ایک اور جگہ شیخ عبد اللہ عزام رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا

''یہ شخص اکیلا ہی ایک امت کے برابر ہے نیز فرمایا اللہ کی قسم میں گواہی دیتا ہوں کہ مجھے عالم اسلامی میں اس کی نظیر نہیں ملتی۔ ہم اللہ تعالیٰ سے متمنی ہے کہ وہ اس کے دین و مال کی حفاظت فرمائے اور یہ کہ اس کی زندگی میں برکت عطا فرمائے۔'' آمین

انی لأفتح عینی حین أفتحها ...... علی کثیر ولکن لا أری أحدا

''میں جب بھی اپنی آنکھ کھولتا ہوں تو بہت سوں کو دیکھتا ہوں مگر اس جیسا کسی کو نہیں پاتا۔''

لہٰذا اس بات کا جواب تو بہت آسان ہے کہ شیرِ اسلام اسامہ بن لادن رحمۃ اللہ علیہ پہاڑ جیسا حوصلہ اور ہمت رکھنے والے (شیخ عزام رحمۃ اللہ علیہ) کی نظر میں اس قدر اہمیت کے مستحق کیسے قرار پائے ...... اس کی وجہ صرف یہی ہے کہ شیخ اسامہ نے جب اللہ کی کتاب میں یہ پڑھا۔

''یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِیْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ اَرَضِیْتُمْ بِالْحَیٰوةِ الدُّنْیَا مِنَ الْاٰخِرَةِ فَمَا مَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا فِی الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِیْلٌ

''اے ایمان والو! تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ جب تم سے کہا جاتا ہے کہ چلو اللہ راستے میں کوچ کرو تو تم زمین سے لگے جاتے ہو۔ کیا تم آخرت کے عوض دنیا کی زندگانی پر ہی ریجھ گئے ہو سنو! دنیا کی زندگی تو آخرت کے مقابلے میں کچھ یونہی سی ہے۔''

تو انہوں نے پوری استقامت کے ساتھ کہا، ہرگز نہیں، اور پھر انہوں نے دنیاوی زندگی کی اس بے وقعت متاع کو چھوڑا اور (شہادت کی) موت کی تلاش میں محاذوں کا رخ کیا۔

ان اللّٰہ عبادًا فُطلنا ...... طلّقوا الدنیا وعافوا الفتنا

نظروا فیها فلمّا علموا ...... انها لیست لحیٍّ وطنا

جعلوها لُجّة واتخذوا ...... صالح الأعمال فیها سُفنا

''بلاشبہ اللہ تعالیٰ کے ایسے عقلمند بندے بھی ہیں کہ جنہوں نے دنیا کی عیش و عشرت

Marfat.com

کو طلاق دی اور فتنوں سے بچ گئے۔

انہوں نے اس دنیا کی طرف دیکھا اور جب انہیں پتہ چلا کہ کسی بھی زندہ رہنے والے کا یہ ہمیشہ کا وطن نہیں تو انہوں نے اسے سمندر سمجھا اور نیک اعمال کو اس کی کشتیاں بنالیا۔"

عزام رحمہ اللہ اس (شیرِ اسلام) کی حالت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "وہ زندگی گزارتا ہے تو فقیروں کی سی زندگی گزارتا ہے میں جب کبھی حج یا عمرے کے لیے جاتا تو میں اس کے گھر جاتا اس کے گھر میں نہ تو کوئی کرسی ہوتی اور نہ میز حالانکہ اس کی چار بیویاں ہیں مگر اس کے کسی گھر میں کوئی کرسی ہوتی نہ میز۔ مصر یا اردن کے کسی ملازم کا گھر اسامہ کے گھر سے زیادہ اچھا تھا۔ اس کے باوجود جب آپ اس سے مجاہدین کے لیے ریال طلب کریں تو چند لمحوں کے اندر آپ کو ملین ریال کا چیک مجاہدین کے لیے لکھ کر دے دیتے۔"

آپ (عزام رحمۃ اللہ علیہ) فرماتے ہیں:

"افغان دیکھتے ہیں کہ یہ ایک ایسا عربی ہے کہ جس نے اپنے اثاثہ جات اور اپنا کام اور اپنی کمپنی سعودیہ یا خلیج یا اردن میں چھوڑی اور خود ان پہاڑوں کی چوٹیوں پر خشک روٹی اور چائے پر زندگی گزارنے آیا ہے اور وہ (افغانی) دیکھتے ہیں کہ اسامہ بن لادن نے مدنی حرم کی توسیع کا کام (پروجیکٹ) اور اپنی آمدن (جو کہ آٹھ لاکھ سعودی ریال ہے) چھوڑ دی اور خود یہاں میدان معرکہ میں پڑا ہے، تو ان کے دل سے اس مجاہد فی اللہ کے لیے دعائیں نکلتی ہیں۔"

صرف یہی نہیں بلکہ ہمارا یہ شیر تو شیروں کی کچھار سے نکلا ہے شیخ الجہاد عزام رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"اسامہ اپنی ایک بہن کے پاس گیا اور ان کے سامنے ابن تیمیہ رحمہ اللہ کا مال کے ساتھ جہاد کرنے کا فتویٰ پیش کیا تو انہوں نے آٹھ ملین کا چیک لکھ دیا یعنی چالیس ملین روپیہ (اس وقت)۔ تو اس کے پاس اسے سمجھانے والے آئے اور اسے قائل کرتے ہوئے کہنے لگے کہ کیا آپ پاگل ہوگئیں ہیں۔ اور اسے کہنے لگے کہ آپ کرائے کے فلیٹ میں رہتی ہیں تو کم از کم اپنا گھر بنانے کے لیے ایک ملین بچالیے ہوتے تو وہ اس پر قائل ہوگئیں اور اسامہ کے پاس آئی اور ان سے کہا کہ اسامہ میرے بھائی! ایک ملین ریال واپس کر دیں تا کہ میں اپنا گھر بنا سکوں تو آپ نے انہیں کہا کہ نہیں اللہ کی قسم ایک ریال بھی واپس نہ ہوگا اس لیے کہ آپ تو فلیٹ میں بڑے آرام سے رہ رہی ہیں جبکہ افغانستان میں مسلمان مر رہے ہیں

Marfat.com

اور انہیں ایک خیمہ بھی نہیں ملتا۔"

شیخ کے پاس دنیا دھوکہ دینے آئی تو انہوں نے اسے کہا کہ کسی اور کو دھوکہ دو بلا شبہ میں تمہیں تین ایسی طلاقیں دے چکا ہوں کہ جس میں رجوع نہیں اور دیکھیے اُن کی تواضع کی جانب، ایسے شیر کی تواضع کہ جس نے دنیا کو اپنے پنجوں سے چیر پھاڑ ڈالا۔

عبداللہ عزام رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''اور جب وہ آپ کے ساتھ بیٹھتا ہے تو آپ گمان کریں گے کہ وہ تو خادموں میں سے کوئی خادم ہے۔ ادب واحترام اور مردانگی کے ساتھ، وہ ہمیشہ محاذ پر رہنے کی خواہش رکھتا۔ اور جب بھی اسامہ میرے گھر آتا تو یقین کیجیے کہ جب فون کی گھنٹی بجتی تو وہ خود فون اٹھا کر میرے پاس لاتا تاکہ میں اپنی جگہ سے نہ اٹھوں اور یہ اسامہ کی ادب وحیا اور مردانگی ہے۔ ہم اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ اس کی حفاظت فرمائے۔ رمضان کے دنوں میں پہلی مرتبہ اسامہ نے میری دعوت کی تو میں اس کے پاس گیا تو اذان کے وقت وہ ایک برتن میں شوربہ لایا کہ جس میں چند ہڈیاں تھیں جن پر تھوڑا سا گوشت تھا اور دو یا تین کباب تھے"

ان خوبصورت لمحوں کا تصور کیجئے کہ جو ہمارے لیے شیخ الجہاد عزام شہید رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیے ہیں۔

''کاش کہ آج کا مسلمان اپنا سب کچھ فروخت کر کے ان حقیقتوں میں چند لمحے گذارے کہ جنہیں کوہِ سلیمان نے دیکھا کہ جب جنگ کے شعلے بھڑکے اور معاملہ بہت سخت ہوگیا اور بہادروں کے خلاف مکر و فریب ہونے لگا اور حوروں کے عاشق میدان معرکہ کی طرف سبقت کرنے لگے، حالت یہ ہو کہ اگر آپ انہیں آگے جانے سے منع بھی کریں تو ان کے گالوں پر آنسو موتی بن کر گرنے لگتے ہیں گویا کہ ان میں سے ہر کوئی اور اس (شہادت) کا بڑا والہانہ عاشق ہے یا پھر وہ شدتِ غم سے بول بھی نہیں سکتا۔ بلا شبہ ایسے وقت میں اُس کے تمام خیالات اس کا وہ بھائی ہوتا ہے جو اس سے سبقت لے گیا۔ ان میں سے چھوٹے بڑے، ہلکے، بوجھل سب کے سب میدان معرکہ کی طرف جانا چاہتے ہیں۔ جب بھی ہم کوشش کرتے ہیں انہیں موت سے روکیں تو منظر ایسا ہوتا گویا کہ ہم کسی شیر کو اس کے کیے ہوئے شکار سے پیچھے ہٹا رہے ہیں۔ اگر امرائے جہاد کی نافرمانی کا خوف نہ ہوتا تو وہ میدان میں ایسے کود پڑتے جیسے بھوکے دستر خوان پر جھپٹتے ہیں جبکہ اسامہ بن لادن تو گویا پیاسے گھوڑوں کی لگام میں کھینچ کر انہیں پانی سے منع کرتا ہے اور انہیں پیچھے کھینچتا ہے"۔

Marfat.com

شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ کی بیماری کے بارے میں پھیلائی جھوٹی خبروں کی حقیقت

معرکہ گیارہ ستمبر کے بعد امریکہ اور نیٹو کا صلیبی اتحاد اور ان کے حواری اپنی تمام تر ٹیکنالوجی اور جدید ترین آلات کے باوجود شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ کو تلاش کرنے میں ناکام رہے۔ گویا یہ ناکامی ان کی ٹیکنالوجی کی موت تھی، اور یہ حقیقت دنیا کی نظروں سے اوجھل رکھنے کے لیے یہود و نصاریٰ نے شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ کی صحت کے حوالے سے جھوٹ اور شرانگیزی پر مبنی ''مصدقہ اطلاعات'' ذرائع ابلاغ کے ذریعے عام کیں، اس پروپیگنڈے کو خوب اچھالا گیا اور ہر طرف سے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی جاتی رہی کہ شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ کی وفات ہو چکی ہے اور اب وہ اس دنیا میں موجود نہیں۔ یہاں ہم شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے احوال کو قریب سے جاننے والے دو افراد کی گواہی اس ضمن میں پیش کر رہے ہیں جس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ گردوں کے عارضہ سمیت کسی بھی قسم کی مہلک بیماری میں مبتلا نہیں تھے۔

معروف سرجن ڈاکٹر عامر عزیز، جنہوں نے نومبر ۲۰۰۱ء میں شیخ رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات کی اور وہ اس عرصے میں شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے ذاتی معالجِ خصوصی بھی رہے، اس بارے میں کہتے ہیں:

''اس وقت شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ کی صحت دیکھ کر ایسے کوئی آثار تلاش نہیں کیے جا سکتے تھے جن سے ظاہر ہو کہ وہ گردوں کے عارضہ میں مبتلا ہیں یا ڈائیلسز کے مریض ہیں۔ میری اُن سے آخری ملاقات 9/11 کے بعد کابل میں ہوئی، جہاں میں مریضوں کی دیکھ بھال کر رہا تھا...... وہ میرے پاس آئے اور میں نے دیکھا کہ وہ بالکل صحت مندانہ انداز میں چل پھر رہے تھے، وہ معمول کے مطابق کھا پی رہے تھے، وہ اپنے ملنے والوں سے گرم جوشی سے ملاقات کر رہے تھے، میرے لیے اس بات پر یقین کرنا بہت مشکل ہے کہ اتنا صحت مند اور تندرست فرد ڈائیلسز پر ہو گا...... میرے قندھار کے دوروں کے دوران ایک مرتبہ قندھار کے ریسٹ ہاؤس میں طالبان کی طرف سے لے جایا گیا تا کہ وہاں موجود ایک زخمی کا علاج کر سکوں...... جب میں وہاں پہنچا تو وہ زخمی فرد شیخ اسامہ بن لادن نکلے جو گھوڑے سے گرے تھے اور زخمی ہوئے تھے۔ میں نے ان کا تفصیلی معائنہ کیا، اس معائنے کے دوران میں نے اُن کی صحت کے حوالے سے کوئی تشویش ناک بات محسوس نہیں کی...... ہاں ان کے کولہے کی ہڈی فریکچر تھی، میں نے انہیں پلاسٹر لگایا، انہیں کچھ ورزش بتائی اور کچھ ادویات لکھ کر دیں...... یہ

Marfat.com

اس ملاقات کی مکمل روداد ہے۔ اس کے بعد قندھار ایئرپورٹ کے قریب کسی مقام پر ہماری دوبارہ ملاقات ہوئی...... جہاں مجھ سمیت دیگر مہمانوں کے لیے ضیافت کا اہتمام کیا گیا تھا"۔

"القدس العربی" اخبار کے ایڈیٹر عبدالباری عطوان، اُن چند عرب صحافیوں میں سے ہیں جنہیں طالبان دورِ حکومت میں شیخ اسامہ شہید رحمۃ اللہ علیہ کا انٹرویو کرنے اور اُن کے ساتھ چند دن گزارنے کا موقع ملا۔ وہ اس مسئلے کے بارے میں کہتے ہیں:

"میرے لیے تو یہ ایک حیرت انگیز اور اچھنبے کی بات ہے کہ شیخ اسامہ بن لادن گردوں کے عارضہ میں مبتلا تھے۔ جو لوگ گردوں کے عارضہ میں مبتلا ہوتے ہیں ان کا علاج ڈائیلسز کے سوا کچھ نہیں ۔ میں نے ان کے ساتھ تین دن تک قیام کیا وہ بالکل ہشاش بشاش دکھائی دیتے تھے۔ اس کے علاوہ لوگوں کو گردوں کا عارضہ اس لیے بھی لاحق ہوتا ہے کیونکہ وہ ذیابیطس کے مریض ہوتے ہیں لیکن اس کے برعکس شیخ اسامہ بن لادن بہت زیادہ میٹھی چائے پیتے تھے، اگر وہ ذیابیطس کے مریض ہوتے تو اتنا میٹھا کبھی استعمال نہیں کرتے، ان کی چائے تو اس قدر میٹھی ہوتی تھی کہ میں وہ چائے پی ہی نہیں سکتا تھا۔ اس کے ساتھ یہ بھی قابل توجہ امر ہے کہ گردوں کے مرض میں مبتلا افراد اپنے ساتھ ہمیشہ پینے کا پانی رکھتے ہیں لیکن میں نے شیخ اسامہ بن لادن کے معاملے میں ایسا کچھ محسوس نہیں کیا"۔

(الجزیرہ ٹیلی ویژن ڈاکومنٹری: I knew Bin Laden (Part 1) May 2001)

2000ء میں شیخ اسامہ نے پانچواں نکاح کیا، معرکہ گیارہ ستمبر کے چند دن بعد شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں ایک بیٹی کی ولادت ہوئی، جس کا نام صفیہ رکھا گیا۔ شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ خود بیان کرتے تھے کہ انہوں نے اپنی اس بیٹی کا نام نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محترم پھوپھی صفیہ بنت عبدالمطلب کے نام پر رکھا، جنہوں نے غزوۂ احزاب کے موقع پر ایک یہودی قتل کیا تھا۔ شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ نے امید ظاہر کی کہ ان کی یہ بیٹی بھی یہود و نصاریٰ کو قتل کرے گی۔

اب یہ بات کس طرح ممکن ہے کہ ایک فرد جو گردوں کے عارضہ میں مبتلا ہو، مستقل ڈائیلسز پر ہو، چلنے پھرنے سے عاجز ہو...... وہ نکاح بھی کرے اور پھر اس کے ہاں بچے کی ولادت بھی ہو؟ حقیقت یہ ہے کہ شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ کی اس بیماری اور وفات کا پروپیگنڈہ سراسر جھوٹ تھا اور اس میں سچائی کا شائبہ تک نہیں تھا۔

Marfat.com

شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ امیر المومنین ملا محمد عمر مجاہد نصرہ اللہ کی نظر میں

امیر المومنین ملا محمد عمر نصرہ اللہ کے دل میں شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ کا بے حد عزت و احترام تھا آپ نے شیخ رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے تمام مجاہد ساتھیوں کے لیے اپنے دل کے دروازے کھولے، انہیں پناہ دی، اس لیے شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے افغانستان کو اپنا مستقل مستقر بنایا۔ امیر المومنین نے عالم کفر اور اس کے حواریوں کے تمام تر دباؤ کے باوجود شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی نصرت سے ہاتھ کھینچنے سے انکار کیا، آپ کا یہ اقدام تاریخ اسلام میں کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا کہ آپ نے شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی ذات کو کفار کے حوالے کرنے سے قطعی انکار کیا اور اس کے عوض پوری امارت اسلامیہ کے سقوط کو قبول کر لیا۔ شیخ الحدیث مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب دامت برکاتھم العالیہ، امیر المومنین سے اس ملاقات کی روداد بیان کرتے ہیں جب سقوط امارت اسلامیہ سے قبل پاکستان کے کچھ علما کا وفد امیر المومنین سے ملاقات کے لیے گیا تا کہ افہام وتفہیم کا کوئی راستہ تلاش کیا جا سکے۔ اس وفد کو امیر المومنین نے کن الفاظ میں جواب دیا، وہ مولانا مدظلہ العالی یوں بیان کرتے ہیں:

''جن علما کو امیر المومنین کے پاس بھیجا تھا، میں اُن کا ترجمان تھا، مولانا مفتی تقی صاحب متکلم اور میں اُن کی تقریر پرپشتو میں اور امیر المومنین کے پشتو زبان میں جوابات کو اردو میں ترجمہ کرتا تھا۔ جب علماء نے امیر المومنین کی غیرت ایمانی کو دیکھا، مولانا سلیم اللہ اور سب علماء رونے لگے کہ خدا کہ قسم یہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دور کے لوگ ہیں جو اس زمانے میں آئے ہیں۔ ملا عمر نے کہا کہ ''میں اسامہ کے بارے میں دعائیں مانگتا ہوں کہ مولا! اس کی زندگی کو دراز فرما، میں تمام رات روتا ہوں، مدینہ منورہ سے جو آدمی جہاد کے لیے آیا ہے، میں اس کو کفار کے حوالے کیسے کروں؟''

امیر المومنین ملا محمد عمر مجاہد نصرہ اللہ کے لیے شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ کس قدر اہمیت کے حامل تھے، وہ امیر المومنین کے اپنے الفاظ سے عیاں ہے، آپ کے مختلف مواقع پر شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی کفار کو حوالگی کے متعلق فرمایا:

☆ ''تمام حکومتیں ہمارے مقابلے پر آئیں تو بھی دنیا کی کوئی طاقت ہمیں اسامہ کو حوالے کرنے پر مجبور نہیں کر سکتی۔ شیخ اسامہ ہمارے مہمان ہیں انہیں ہم کسی دباؤ یا لالچ پر کسی کے بھی حوالے نہیں کر سکتے، کوئی بھی غیرت مند مسلمان کسی مسلمان کو کسی کافر کے حوالے نہیں کر سکتا۔ ہم اسامہ کی حفاظت آخر دم تک کریں گے اور

Marfat.com

ضرورت پڑیں تو ان کی حفاظت اپنے خون سے کریں گے۔

☆ پورا افغانستان بھی الٹ جائے اور ہم تباہ و برباد بھی ہو جائیں تو بھی شیخ اسامہ کو کسی کے حوالے نہیں کریں گے۔ میری غیرت برداشت نہیں کرتی کہ کسی مسلمان کو کافر کے حوالے کروں۔ ہماری قوم اسلامی غیرت سے سرشار ہے اور ہم ہر قسم کے خطرات کو برداشت کرنے کے لیے تیار ہیں۔ امریکہ جو کرنا چاہتا ہے کر لے، ہم بھی جو کر سکتے ہیں کریں گے۔

☆ جب تک ہمارے جسم میں خون کا ایک قطرہ بھی باقی ہے ہم شیخ اسامہ کی حفاظت کریں گے، خواہ افغانستان کے سب گھر تباہ ہو جائیں، پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جائیں اور لوہا پگھل جائے ہم پھر بھی اسامہ کو حوالے نہیں کریں گے۔

☆ اکتوبر 1999ء میں اقوام متحدہ نے قرارداد پاس کی کہ اگر افغانستان نے ایک ماہ کے اندر اندر شیخ رحمۃ اللہ علیہ کو امریکہ کے سپرد نہ کیا تو اس پر اقتصادی پابندیاں عائد کر دی جائیں گی۔ اس پر بی بی سی نے امیر المومنین کا انٹرویو کیا، اس انٹرویو میں آپ نے جو جواب ارشاد فرمائے وہ آبِ زر سے لکھنے کے قابل ہیں۔

بی بی سی: اقوام متحدہ نے ان پابندیوں کے نفاذ کے لیے ایک مہینے کی مدت مقرر کی ہے تو اس عرصہ میں آپ ان سے مذاکرات کیوں نہیں کر لیتے؟

امیر المومنین: مذاکرات کے لیے ہم تیار ہیں لیکن اسامہ کی سپردگی کا مسئلہ ہمارے لیے نہایت ہی مشکل ہے۔

بی بی سی: طالبان اتنی کامیابیوں کے باوجود ایک شخص کی وجہ سے پورے ملک کو خطرے میں ڈال رہے ہیں تو کیا یہ نامناسب نہ ہوگا؟

امیر المومنین: یہ ایسی بات نہیں جو دائرہ اسلام سے باہر ہو اور ہم اس پر مصر ہوں یا ہم ذاتیات کی بنیاد پر کر رہے ہوں، ایسا ہم ذاتی خواہش کی وجہ سے نہیں کر رہے ہیں بلکہ یہ قانون اسلامی ہے۔ اسلام اس کی اجازت نہیں دیتا کہ ہم اس بات کو مان لیں۔ نہ ہی دین اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ کسی مسلمان کو کفار کے سپرد کریں۔

امیر المومنین نے یہ ایمان افروز اور مسکت جواب دے کر بڑی بڑی طاقتوں کے منہ بند کر دیے تھے۔ آپ اپنے اس موقف پر ہمیشہ قائم رہے یہاں تک کہ امریکیوں نے افغانستان پر یلغار کر دی اور امارت اسلامیہ کا سقوط ہو گیا۔ مگر انہوں نے ایک مسلمان کی حرمت اور اسلامی احکام پر آنچ نہیں آنے دی۔

Marfat.com

باب نمبر 4

شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ کے کارہائے نمایاں

15 ویں صدی ہجری کی ابتداء اس حال میں ہوئی کہ امت مسلمہ تین صدیوں کی غلامی، کسمپرسی اور ذلت کے بعد عزت، رفعت، عروج اور بلندی کے سفر کو شروع کر رہی تھی۔ اس زمانے میں اللہ تعالیٰ کی خاص مشیت سے ایسا ماحول میسر ہوا کہ منہج نبوی کے مطابق جہاد و قتال کے میدان آراستہ ہونے لگے۔ افغانستان میں سوویت یونین کے خلاف جہاد کا آغاز ہوا۔ اس جہادی سفر کے مسافر شرق و غرب کے مسلمان نوجوان ٹھہرے۔ قافلۂ جہاد کے نقیب ڈاکٹر عبداللہ بن عزام شہید رحمۃ اللہ علیہ کی پرسوز دعوت اور اجلے کردار کا اثر تھا کہ امت کے ابطال سرفرازیٔ دین کے لیے افغانستان کے محاذ پر جمع ہونے لگے۔ انہی نوجوانوں میں ایک نمایاں نام شیخ اسامہ بن لادن رحمہ اللہ کا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی نصرت و تائید کے ساتھ مجاہدین سرخ ریچھ کے مقابل صف آراء ہوئے اور بالآخر سوویت یونین، افغانستان سے اس حالت میں ناک رگڑتا ہوا فرار ہوا کہ اس کے اپنے حصے بخرے ہو گئے۔ عرب و عجم کے مجاہدین نے اس مبارک جہاد کے بعد بیٹھ رہنا قبول نہیں کیا بلکہ 'مصنوعی خداؤں' کو نابود و ناپید کرنے کے اس سلسلے کو آگے بڑھانے کی حکمت عملی ترتیب دی۔ انہوں نے امریکہ کی صورت میں موجود 'واحد سپر پاور' کو اپنا اگلا ہدف بنایا تا کہ دنیا سے طاغوت کی فرمانروائی کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ کر سکیں اور اللہ کے دین کو کرۂ ارض پر نافذ کر سکیں۔

شیخ عبداللہ عزام رحمہ اللہ کی شہادت کے بعد اب اس قافلۂ سعید کے روح رواں شیخ اسامہ بن لادن قرار پائے۔ آپ نے اپنی تمام صلاحیتیں اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ ہر طرح کے وسائل جہاد و قتال کے میدانوں میں لا کر ڈھیر کر دیے۔ یوں اللہ رب العزت نے عصر حاضر کے ہبل کو توڑنے کے لیے 'جیش اسامہ' کو کھڑا کیا۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ کو یقینی طور پر محسن امت قرار دیا جا سکتا ہے۔ ان سطور میں ہم شیخ رحمہ اللہ کے چند نمایاں کارناموں کا اجمالی تذکرہ کریں گے۔ یہاں تو شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے کارہائے نمایاں کا اجمالی تذکرہ ہی ہو سکتا ہے۔

Marfat.com

شیخ رحمہ اللہ نے جو معرکے سر کیے ان کا مفصل اور جامع احوال تو ان کے نامۂ اعمال میں ہی درج ہوگا، جو ان کے رب کے پاس محفوظ ہے اور کچھ عجب نہیں کہ رب کائنات نے ان کا اعمال نامہ حاملین عرش اور فرشتوں کے سامنے فخریہ انداز میں نمایاں کیا ہو کہ

یہ بندہ دو عالم سے خفا میرے لیے ہے

مسلمانوں کو احساس عروج دینا اور امریکہ کی بالادستی ختم کرنا:

شیخ نے اپنی جدوجہد اور تمام تر کوششوں کا محور نبی کریم ﷺ کی اس حدیث مبارک کو رکھا، جس میں آپ ﷺ نے فرمایا:

الاسلام یعلوا ولا یعلی علیہ

''اسلام ہمیشہ بلند ہے، کوئی چیز اس پر برتری نہیں رکھتی ہے''۔

مسلمان جو جہاد افغانستان (اول) سے پہلے دنیا بھر میں مظلومی اور مقہوری کی زندگی بسر کر رہے تھے۔ اسلام کا نام لینا خود کو نکو بنانے کے مترادف تھا، اسلامی تعلیمات پر عمل کرنا عیب سمجھا جاتا تھا، اپنے اسلاف کے ذکر سے اجتناب ہی میں عافیت جانی جاتی تھی...... لیکن جہاد افغانستان کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے ذہنی غلامی کے اس ماحول کو بدل کر رکھ دیا۔ سوویت یونین کی پسپائی کے بعد امریکہ اسلام کے مقابل آیا تو شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے مسلمانوں میں یہ روح پھونکی کہ 'باز و تیرا توحید کی قوت سے قوی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسلام کے لیے جو عزت، عروج، تمکنت، بالادستی، علو اور برتری کے وعدے کیے ہیں...... ان وعدوں کی تکمیل جہاد و قتال کے میدانوں میں ہی ہوتی ہے۔ لہٰذا شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے امت کے نوجوانوں کو یہ وعدے از بر کروائے اور ساتھ ہی میدان جہاد کی جانب رخ کرنے اور قرآن و سنت کی تعلیمات کے مطابق قتال کے فریضے کو سرانجام دینے کی دعوت دی۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''آج امت مسلمہ کو جن مصائب و آلام کا سامنا ہے، وہ اللہ کے دین اور جہاد کو چھوڑ دینے کا براہ راست نتیجہ ہے۔ ایک صحیح حدیث میں وارد ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم سودی تجارت (عینہ) کرنے لگو گے اور گائے بیلوں کی دمیں پکڑ لو گے اور کھیتی باڑی (کی زندگی) میں (مگن ہو کر) مطمئن ہو جاؤ گے اور جہاد چھوڑ بیٹھو گے تو اللہ تمہارے اوپر ایسی ذلت مسلط کر دے گا جو اس وقت تک نہیں ہٹائے گا جب تک تم اپنے دین کی طرف واپس نہ لوٹ آؤ''۔ یہ حدیث بالکل واضح ہے اور ہم سب پر حجت تمام کر دیتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ذلت کی یہ چادر انہی وجوہات کی بنا پر ہمارے اوپر تانی ہے۔ اور یہ اس وقت تک نہیں

Marfat.com

اٹھائی جائے گی جب تک ہم اپنے دین کی طرف واپس پلٹ نہیں آتے۔ لہٰذا میرے مسلمان بھائیو! یہ بات اچھی طرح سمجھ لو کہ دین کی طرف رجوع، کبیرہ گناہوں سے اجتناب اور جہاد فی سبیل اللہ کی راہ اختیار کیے بغیر کوئی چارہ نہیں! اگر ہم چاہتے ہیں کہ دین صحیح بنیادوں پر قائم ہو تو ہمیں رہنمائی اور منہج، قرآن وسنت ہی سے لینا ہوں گے اور یہ بات رسول اللہ ﷺ کی طرف سے ہمیں واضح طور پر سمجھا دی گئی تھی۔ آپ ﷺ نے اللہ کی راہ میں اس طرح جہاد کیا کہ جہاد کا حق ادا کر دیا، دین کی بھرپور تبلیغ کی اور اس بار امانت سے سبکدوش ہو کر دنیا سے رخصت ہوئے''۔

اسی طرح شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے امریکی بالادستی کے خاتمہ کے لیے بھی اہم کردار ادا کیا۔ ایسا کردار...... جو تاریخ میں مرقوم رہے گا...... جس کردار کی روشنی میں امت مسلمہ کی آنے والی نسلیں ہر طاغوت سے انکار کرنے اور فراعین عصر کی رعونت کو خاک میں ملانے کو اپنا فرض اولین سمجھیں گی۔

سوویت روس کے خاتمے کے بعد امریکہ 'یک قطبی' دنیا (Unipolar world) کا لیڈر کا دعوے دار بنا۔ اسی عرصہ میں نیو ورلڈ آرڈر متعارف کروایا گیا، جس کی رو سے دنیا میں وہی قانون چلے گا جو امریکہ چاہے گا، دنیا میں اسی کا چلن ہو جسے امریکہ پسند کرے گا، دنیا میں وہی پنپ سکے گا جو امریکہ کی آنکھ کا تارا ہو گا...... الغرض دنیا کا اوڑھنا بچھونا امریکی اشاروں ہی کے مرہون منت ہو گا۔ لیکن خالق کائنات کے سامنے سربسجود ہونے والے خدائی کے اس دعوے دار کو پرکاہ کی حیثیت دینے کو تیار اور آمادہ نہیں تھے۔ اسی لیے سوویت یونین سے فارغ ہونے کے معاً بعد مجاہدین نے اپنی تمام تر توجہات کا مرکز امریکہ اور اس کے باطل نظام کو بنایا۔ وہ امریکہ جو ناقابل تسخیر گردانا جاتا تھا...... مجاہدین کے حملوں کی زد میں آ گیا۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے ہاتھ میں ان مجاہدین کی قیادت تھی جو امریکہ کی خدائی کا انکار کر کے رب واحد کی توحید کو دنیا میں عملاً رائج و نافذ کرنا چاہتے تھے۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ایسے وقت میں امریکہ کو للکارا جب ساری دنیا اس کے احکامات کے آگے 'دم ہلاؤ' پالیسی اپنائے ہوئے تھے۔ آپ نے امریکی عوام کو مخاطب کر کے فرمایا:

''ان شاء اللہ ہم امریکہ سے لڑتے رہیں گے، امریکہ کے اندر اور باہر شہیدی حملے جاری رکھیں گے یہاں تک کہ تم ظلم سے باز آ جاؤ، حماقتیں ترک کر دو اور اپنے کم عقل حکمرانوں کو لگام دو۔ یاد رکھو! ہم اپنے شہدا کو ہرگز نہیں بھولتے، خصوصاً وہ جو فلسطین میں

Marfat.com

تمہارے حلیف یہودیوں کے ہاتھوں شہید ہوئے ہیں...... ان شاء اللہ ہم ان کا بدلہ تمہارے ہی خون سے وصول کریں گے، اسی طرح جیسے یوم تفریق (گیارہ ستمبر) میں ہم نے کیا تھا۔ جب تک ہمارے ہاتھوں میں ہتھیار اٹھانے کی سکت ہے، ہم تمہارے خلاف لڑتے رہیں گے۔ اور ہمارے بعد ہماری اولاد یہ ذمہ داری سنبھالے گی۔ ہماری مائیں ہم پر روئیں اگر ہم اپنی سرزمین میں تمہارے ناپاک وجود کا ایک ذرہ بھی باقی رہنے دیں!!!"

شیخ رحمۃ اللہ علیہ امت کے نوجوانوں کو تسلسل کے ساتھ امریکہ کے مقابل آنے کے لیے ابھارتے رہے۔ اسی تحریض کا نتیجہ گیارہ ستمبر کے معرکوں کی صورت میں سامنے آیا۔ جب دنیا نے 'ناقابل شکست اور ناقابل تسخیر امریکہ' کی تہذیبی عظمتوں کے نشان ورلڈ ٹریڈ سنٹرز کو زمین بوس ہوتے اور ان کے ناقابل رسائی پینٹاگون کی عمارت کو خاک میں ملتے دیکھا۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے اللہ تعالیٰ ہی کی مدد اور نصرت، کے ذریعے امریکہ کا ہوّا، جو اس نے کئی دہائیوں کی محنتوں کے بعد پیدا کیا تھا، کو ہوا میں اڑا کر رکھ دیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

"سوویت اتحاد کی شکست کے بعد امریکہ "واحد سپر پاور" کے طور پر سامنے آیا اور دیگر اقوام پر اپنا سیاسی تسلط جمانے لگا، ہمارے نام نہاد مسلمان حکمران اس کے سامنے پہلے سے بھی زیادہ خشوع وخضوع کے ساتھ جھک گئے، اس کی وجہ سے وہ مزید جری ہو کر صہیونی عزائم کی تکمیل کے لیے فلسطین میں مزید تباہی پھیلانے لگ گیا۔ ایسے میں اس امت کے بیٹوں کی ایک مختصر سی جماعت نے اس ہٹلر زمانہ، ایک سینگ والے وحشی درندے کے خلاف جہاد کا علم بلند کیا ہم نے اس کے غرور کا سینگ توڑ ڈالا، اس کے قلعے کو مسمار کر دیا اور اس کی عظمت کے مینار کو زمین بوس کر کے رکھ دیا۔ اس کے جواب میں وہ اس زعم میں کہ وہ مجاہدین کی قیادت کو زندہ یا مردہ اپنے کٹہرے میں لا کھڑا کرے گا اور دنیا کے سامنے نشان عبرت بنا دے گا، ہم پر حملہ آور ہوا۔ اس وقت اس کی حالت بالکل ابوجہل جیسی تھی جو بدر کے دن اپنی جنگی اور عددی قوت پر اتراتے ہوئے نکلا تھا۔ لیکن ہم نے اس کا ہتھیار کند ثابت کر دکھایا، اس کی فوج کو جہنم کا ایندھن بنا ڈالا اور اس کی جمعیت کو پارہ پارہ کر دیا اور بہر حال یہ سب کچھ اللہ وحدہ لاشریک کے فضل وکرم ہی سے ہو پایا"۔

امریکیوں کی بزدلی اور میدان جنگ سے فرار کی راہ اپنانے کے متعلق شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے کیا خوب فرمایا:

"ہم نے گزشتہ عشرے میں امریکی حکومت کا زوال اور امریکی فوج کی کمزوری

Marfat.com

دیکھی ہے جو سرد جنگ لڑنے کے لیئے تیار ہے لیکن طویل جنگیں لڑنے کے لیے آمادہ نہیں ہے۔ یہ بات بیروت میں ثابت ہوئی تھی جہاں میرینز صرف دو دھماکوں کے بعد بھاگ کھڑے ہوئے۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ وہ چوبیس گھنٹوں سے کم میں میدان چھوڑ کر بھاگ سکتے ہیں، اور یہی بات صومالیہ میں دہرائی گئی۔ ہم ہر طرح کی صورتحال کے لیے تیار ہیں۔ ہم اللہ پر توکل کرتے ہیں"۔

(امریکی صحافی جان ملر کے ساتھ انٹرویو: 1998ء)

دنیا بھر میں امریکیوں کے خوف سے لرزنے والوں کے لیے شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے اس قوم میں بہت سبق پوشیدہ ہے، اپنے اس بیان میں شیخ امریکی "بہادری" کا تذکرہ اس طرح فرماتے ہیں:

"تمہاری یہ جعلی جرأت بیروت میں 1403ھ میں ہونے والے دھماکوں کے بعد کہاں گئی جن میں تمہارے دو سو اکتالیس فوجیوں جن میں زیادہ تر میرینز تھے، کی ہلاکت نے تمہارے پرخچے اڑادیے تھے، اور تمہاری یہ جعلی بہادر عدن میں کہاں گئی تھی جب صرف دو دھماکوں نے تمہیں سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر چوبیس گھنٹوں کے اندر وہاں سے فرار ہونے پر مجبور کر دیا تھا۔

مگر تمہاری سب سے بڑی اور بدترین ذلت کا مقام صومالیہ تھا، جب امریکی طاقت اور سرد جنگ کے بعد امریکی نیو ورلڈ آرڈر کی سرداری کے دعوؤں پر کئی مہینوں تک چلنے والی بہت بڑی پروپیگنڈہ مہم کے بعد تم نے بین الاقوامی فوج کے لاکھوں فوجی صومالیہ میں داخل کیے، جن میں اٹھائیس ہزار امریکی فوجی بھی شامل تھے۔ مگر معمولی لڑائیوں میں کچھ درجن فوجیوں کی ہلاکت اور اپنے ایک پائلٹ کے موغادیشو کی سڑکوں پر گھسیٹے جانے کے بعد تم اپنے کندھوں پر شرمندگی، نقصان اور خوف و ہراس کا بوجھ اٹھائے، مایوسیاں، ذلت اور شکست اور اپنے مردہ فوجیوں کی لاشیں اپنے دامن میں سمیٹے وہاں سے فرار ہو گئے۔ اور کلنٹن پوری دنیا کے سامنے ان دھمکیوں اور وعدوں کے ساتھ نمودار ہوا کہ وہ انتقام لے گا جبکہ یہ دھمکیاں صرف فرار کا ایک بہانہ ثابت ہوئیں، اور پھر اللہ تعالیٰ نے تم پر ذلت مسلط کی اور تم وہاں سے بھاگے اور تمہاری کمزوری اور نامردی کی انتہا ہو گئی۔ ان تین اسلامی شہروں، بیروت، عدن اور موغادیشو میں بھی تمہاری ذلت آمیز شکست خوردگی کے منظر نے ہر مسلمان کے دل کو راحت بخشی اور مومنوں کے سینوں کے لیے شفا بن گیا"۔

(دو مقدس مقامات کی سرزمین پر قابض امریکیوں سے اعلان جہاد)

Marfat.com

مسجد اقصیٰ کو دنیا کا مسئلہ نمبر ایک بنانا

شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے مسجد اقصیٰ کو دنیا کا اولین مسئلہ گردانا اور بالآخر تمام دنیا سے منوایا کہ مسئلہ فلسطین سب سے اہم مسئلہ ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے امت مسلمہ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:

''اے امت مسلمہ! بے شک فلسطین اور اس کے باشندے تقریباً ایک صدی سے یہود و نصاریٰ کے ہاتھوں فتنہ و فساد برداشت کر رہے ہیں۔ ان دونوں گروہوں نے ہم سے فلسطین مذکرات کے ذریعے نہیں بلکہ طاقت کے زور پر حاصل کیا۔ لہٰذا اس کی واپسی کا راستہ بھی یہی ہے کیونکہ لوہا ہی لوہے کو کاٹتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے کفار کا زور توڑنے کا راستہ واضح کر دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

''چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی راہ میں لڑیں، آپ صرف اپنی ہی ذات کے ذمہ دار بنائے گئے ہیں اور آپ مومنوں کو رغبت دلائیں، امید ہے کہ اللہ کافروں کی جنگ کو روک دے اور اللہ بہت سخت ہے لڑائی میں اور بہت سخت ہے سزا دینے میں''۔

اس لیے قتل اور اس کی ترغیب کے ذریعے ہی کفار کا زور ٹوٹے گا۔

بیت المقدس کے جہاد اور ان کے مابین رکاوٹ بس اتنی سی ہے کہ وہ شرکیہ جمہوریت کے دھوکے میں غرق جماعتوں اور گروہوں کے افکار کو ترک کر دیں اور دجلہ و فرات کی سرزمین میں برسر پیکار مجاہدین کی صفوں میں شامل ہو کر اپنے مورچے سنبھال لیں۔ امداد باہمی کے اس جذبے اور اللہ پر خالص توکل کی بدولت ہی نصرت الٰہی کا حصول ممکن ہے۔ پھر اسی کے نتیجے میں اقصیٰ کی بابرکت سرزمین کی جانب پیش قدمی ہو گی اور باہر سے آنے والے مجاہدین اندر موجود مجاہدین کو مضبوط کریں گے۔ وہ ہمارے لیے حطین کی یاد دوبارہ سے تازہ کریں گے اور اللہ کے حکم سے اس عظیم نصرت سے مسلمانوں کی آنکھوں کو ٹھنڈک نصیب ہو گی''۔

شیخ نے گیارہ ستمبر کی مبارک کارروائیوں کی بنیادی وجہ بھی فلسطین ہی کو قرار دیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ان کامیاب معرکوں کے بعد امریکیوں کو مخاطب کرتے ہوئے تاریخی الفاظ میں قسم اٹھاتے ہوئے فرمایا:

''میں اس اللہ عظیم و برتر کی قسم کھا کر کہتا ہوں جس نے آسمان کو بغیر ستون کے بلند فرمایا...... نہ تو امریکہ اور نہ ہی امریکہ والے سکون کا سانس لے سکیں گے، جب تک ہم

Marfat.com

حقیقی معنوں میں فلسطین میں امن وسکون سے نہیں رہیں گے اور جب تک ارض محمد ﷺ سے تمام کافر فوجیں نکل نہیں جاتیں''۔ (معرکہ گیارہ ستمبر کے بعد خطاب)

اہل فلسطین کو حوصلہ دیتے ہوئے ان کی ہمت بندھاتے ہوئے آپ رحمۃ اللہ علیہ نے یہ تاریخی الفاظ کہے:

''ہم اپنے فلسطینی بھائیوں کو بتا دینا چاہتے ہیں کہ تمہارے بچوں کا خون ہمارے بچوں کا خون ہے اور تمہارا خون ہمارا خون ہے، پس خون کا بدلہ خون سے اور تباہی کا بدلہ تباہی سے لیا جائے گا۔ ہم رب العزت کو گواہ بنا کر کہتے ہیں کہ ہم تمہیں تنہا نہیں چھوڑیں گے یہاں تک کہ یا تو ہمیں فتح حاصل ہو جائے یا پھر ہم اسی انجام کا مزہ چکھ لیں جو حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کے حصے میں آیا۔ ہم تمہیں یہ خوش خبری بھی سنانا چاہتے ہیں کہ اسلام کی نصرت کے لیے لشکر چل پڑے ہیں اور یمن سے آنے والی مدد و نصرت بھی ان شاء اللہ اب رکنے نہ پائے گی''۔

(جدید صلیبی جنگیں حصہ اول)

ایک اور جگہ آپ فرماتے ہیں:

''ہم اللہ کے حکم سے فلسطین کے بالشت بھر حصے سے بھی ہرگز دست بردار نہ ہوں گے، جب تک اس زمین پر ایک بھی سچا مسلمان بستا ہے۔ جو کانٹا بوئے گا وہ انگور کی فصل نہیں کاٹ سکتا''۔ (اسرائیلی غاصبانہ قبضے کے ساٹھ سال اور خطے میں محاذ آرائی کی وجوہات: مغربی عوام کے نام پیغام، 1429ھ)

بلادِ حرمین پر امریکی قبضہ کو نمایاں کرنا

مسجد اقصیٰ اور فلسطین پر قبضہ کے بعد صلیبی وصہیونی اتحاد نے سرزمین حرمین کی طرف اپنے ناپاک قدم بڑھائے۔ 1990ء کویت پر عراق کے قبضے کو آڑ بناتے ہوئے امریکی افواج سعودی نظام حکومت کی غداری کے باعث سرزمین حرمین میں داخل ہو گئیں۔ اور آج بھی حرمین الشریفین کے قرب و جوار میں ناپاک امریکی موجود ہیں۔ جب کہ حال یہ ہے کہ امت مسلمہ کی اکثریت اس معاملہ سے بالکل لاتعلق ہے۔ انہیں سرے سے احساس ہی نہیں کہ بیت اللہ اور مسجد نبوی ﷺ کی سرزمین پر کیا بیت رہی ہے۔ آل سلول (جزیرۃ العرب پر مسلط حکمران طبقہ) کا سردار آج بھی امت کے بیشتر افراد کی نظر میں ''خادم الحرمین الشریفین'' ہے۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

Marfat.com

''آج امت کا سب سے گہرا گھاؤ وہ ہے جو دشمنوں نے اس کے مقدس ترین مقام، اللہ کے گھر...... بیت عتیق ...... خانۂ کعبہ کی سرزمین پر لگایا ہے...... اس سرزمین پر جہاں ہمارے محبوب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد ہے۔ اس سے پہلے ہماری ہی غفلتوں اور اغیار کی سازشوں سے ہم سے ہمارا قبلۂ اول اور واقعۂ معراج کی یادگار، مسجد اقصیٰ چھنوائی۔ آج صلیبی صہیونی اتحاد ہمارے دوسرے مقدس مقام، سرچشمۂ اسلام، سرزمین حجاز میں اپنے ناپاک پنجے گاڑ چکا ہے۔ اور یقیناً ہمارے پاس اللہ بزرگ و برتر کے سوا کوئی بچاؤ اور قوت نہیں۔ بلاشبہ ہمارے باقی زخم بھی رس رہے ہیں لیکن سرزمین مکہ و مدینہ پر لگنے والا یہ گھاؤ سب سے زیادہ تکلیف دہ اور سب سے زیادہ ہیبت ناک ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے لے کر آج تک...... اس امت کی پوری تاریخ میں ہم پر کبھی اتنی بڑی مصیبت نہیں ٹوٹی۔ کفار کو کبھی بھی یہ جرأت نہیں ہوئی تھی کہ وہ اللہ کے گھر کی طرف ہاتھ بڑھائیں۔ آج یہ مقدس زمین امریکی فوجیوں کی چراگاہ اور یہود و نصاریٰ کی خبیث خواتین کے لیے تفریح گاہ بن چکی ہے...... یہ ناپاک وجود اس زمین کو اپنے پیروں تلے روند رہے ہیں جو ہمارے محبوب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جائے پیدائش ہے، جہاں جبرائیل امین آسمان سے وحی لے کر، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف لاتے تھے۔ آخر کب تک مسلمان اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی نصرت اور اس کے گھر کے دفاع سے غافل ہو کر بیٹھے رہیں گے؟ دنیا بھر کے اہل ایمان آخر کب اٹھیں گے؟ کب صلیبیوں اور صہیونیوں کی نجاست سے اس مقدس زمین کو پاک کریں گے؟ یہ تو اللہ رب العزت کا حکم ہے:

''یَا أَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا اِنَّمَا الْمُشْرِکُوْنَ نَجَسٌ فَلاَ یَقْرَبُوْا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا (التوبة: 28)

''اے ایمان والو! مشرک بالکل ہی ناپاک ہیں! پس وہ اس سال کے بعد مسجد حرام کے پاس بھی نہ پھٹکنے پائیں''۔

کیا مسلمان بھول گئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اپنے مرض الموت میں ایسا ہی حکم صادر فرمایا تھا کہ

اَخْرِجُو الْمُشْرِکِیْنَ مِنْ جَزِیْرَةِ الْعَرَب

''مشرکین کو جزیرۂ عرب سے نکال دو''

امریکی افواج کو سرزمین مکہ و مدینہ میں داخل ہوئے دس سال سے زیادہ کا عرصہ ہو چکا ہے (یاد رہے شیخ کی یہ تقریر 2000ء کی ہے)۔ اللہ کی قسم! آج محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے

Marfat.com

امتی جزیرۂ عرب کے قید خانوں میں بند ہیں جب کہ امریکیوں کو رسول اللہ ﷺ کی سرزمین میں دندنانے کی ...... عیش اڑانے کی کھلی چھٹی ہے! کیا لوگوں کے سینوں میں ایمان کی کوئی رمق باقی نہیں بچی؟ کیا رسول اللہ ﷺ کے دین کے لیے لوگوں کی غیرت ختم ہوگئی؟''

(اے اللہ صرف تیرے لیے)

حرمت رسول ﷺ کا تحفظ

آج صلیبی ممالک نبی کریم ﷺ کی اہانت جیسے جرم عظیم کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ امت مسلمہ سے متعلق ہر فرد کا دل اس حوالے سے زخمی ہے۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے حرمت رسول ﷺ کی تحفظ کے لیے قرار دادوں، جلسوں، مظاہروں اور نعروں پر فریب جال کی طرف دعوت دینے کی بجائے عملی اقدامات کرنے کی طرف توجہ دلائی اور کفار کو جری انداز میں مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:

''اگر تمہاری اظہار رائے کی آزادی کا کوئی اصول نہیں تو پھر ہمارے افعال کی آزادی کے لیے بھی اپنے سینے کھلے رکھو۔ یہ بات عجیب اور اشتعال انگیز ہے کہ تم نرمی اور سلامتی کی بات کرتے ہو حالاں کہ تمہارے فوجی ہمارے ملکوں میں ناتواں لوگوں تک کا مسلسل قتل عام کر رہے ہیں۔ اس پر مزید یہ کہ تم نے یہ خاکے شائع کیے جو کہ جدید صلیبی حملے کا ایک حصہ ہیں اور ''ویٹی کن'' میں بیٹھے پوپ کا اس میں بہت بڑا ہاتھ ہے۔ یہ تمام چیزیں اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ تم مسلمانوں سے ان کے دین پر جنگ جاری رکھنا چاہتے ہو اور یہ جاننا چاہتے ہو کہ رسول اللہ ﷺ مسلمانوں کو اپنے جان و مال سے زیادہ محبوب ہیں یا نہیں؟ لہٰذا اب ہمارا جواب تم سنو گے نہیں بلکہ دیکھو گے اور ہم برباد ہوں اگر ہم اللہ کے رسول ﷺ کی نصرت نہ کریں۔ اور سلامتی ہو اس پر جو ہدایت کی پیروی کرے۔''

(یورپ کے عقل مندوں کے نام)

مقصدِ زندگی کی وضاحت:۔

شیخ نے اپنی زندگی کا اصل مقصد واضح کرتے ہوئے کہا تھا کہ ''میری زندگی کا مقصد یہود و نصاریٰ کو جزیرہ عرب سے نکالنا ہے، میں دنیا بھر کے مسلمانوں کا شکرگزار ہوں کہ جنہوں نے میرے مقصد کی حمایت کی ہے، یہ مقصد صرف میرا نہیں بلکہ ہر مسلمان کا ہونا چاہئے۔ نبی کریم ﷺ کا حکم ہے کہ یہود و نصاریٰ کو جزیرۃ العرب سے نکال دو۔ یہ ایک شرعی

Marfat.com

مقصد ہے، میں جذباتی نہیں ہوں بلکہ میرے پاس شرعی اور ٹھوس دلائل موجود ہیں کیونکہ اسرائیل کے پہلے وزیر اعظم بن گوریون نے کہا تھا کہ ہمیں اشتراکیت یا جمہوریت یا فوجی انقلابوں سے کوئی خطرہ نہیں بلکہ ہمیں صرف اسلام سے خطرہ ہے، ایک یہودی جرنیل ۱۹۴۸ء کی جنگ میں مسلمان مجاہدین کے جذبہ جہاد کو بیان کرتے ہوئے کہا تھا کہ ''ان لوگوں کے نزدیک جنگ اپنی حکومتوں کے احکام کی پابندی کرتے ہوئے محض لڑنے کا نام نہیں ہے بلکہ یہ لوگ ہر معرکہ میں شدت اور جنونی کیفیت کے ساتھ شریک ہوتے ہیں ہمارے اسرائیلی سپاہیوں کی طرح نہیں جو صرف اپنے وطن کے لیے لڑتے ہیں بلکہ یہ انتہا پسند مسلمان اس جذبے سے لڑتے ہیں کہ شہادت کی موت سے ہم کنار ہوں۔ یہ فرق ہے ہمارے اوران کے درمیان'' حقیقت یہ ہے کہ آج ہمارے دشمن یہود و نصاریٰ اسلام اور مسلمانوں کو اپنے وجود کے لیے حقیقی خطرہ سمجھ چکے ہیں، جب کہ مسلمانوں کی اکثریت ابھی اس حقیقت سے غافل ہے اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے سے گریزاں ہیں۔ یہودو نصاریٰ کی ان تمام کوششوں کے باوجود ان شاء اللہ اسلام کو غلبہ حاصل ہو کر رہے گا اور جس خطرے سے وہ آگاہ ہو چکے ہیں، وہ خطرہ ان کے سروں پر پہنچ چکا ہے۔ حقیقت وہ ہے کہ جس کی بشارتیں ہمیں نبی کریم ﷺ کے ارشادات مبارکہ سے ملتی ہیں اور نصوصِ صریحہ میں موجود ہیں، جو کہ فیصلہ کن معرکہ کی خبر دیتی ہیں''۔

شیخ نے اپنے عمل و کردار سے جس فکر کی آبیاری کی، اس فکر کو انہوں نے نا صرف خود عملی جامہ پہنایا بلکہ ان کے تیار کردہ مجاہدین نے بھی اسی فکر و منہج کو اپنی زندگی کا اوڑھنا بچھونا بنا لیا...... وہ فکر ہے، طاغوتِ اکبر امریکہ کی تباہی و بربادی، خلافت اسلامیہ کا احیاء اور قبلہ اول اقصیٰ کی یہودیوں سے آزادی...... ان چند الفاظ کو عمل کے سانچے میں ڈھالنا اوران اہداف کا حصول یقیناً سہل الحصول ہدف نہیں تھا...... لیکن شیخ اسامہ اور مجاہدین اسلام کی عزم و ہمت کے سامنے مشکل سے مشکل ہدف بھی آسان تر ہوتا چلا گیا۔ کیونکہ ان کے عزم کے پیچھے، توکل الی اللہ اور انابت الی اللہ جیسے مقدس اور پاکیزہ جذبات کارفرما ہوتے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ بھی اپنے بندوں کی مدد کو آ پہنچتا ہے اور اُن کے فرشتے بھی مومنین کی نصرت کے لیے نازل ہوتے ہیں......

شیخ نے اسرائیل کی پشت پناہی کرنے والے امریکہ کے جرائم کے پیش نظر دنیا بھر میں امریکی مفادات پر حملے کرنے کی منصوبہ بندی کی...... سعودی عرب، یمن، صومالیہ، کینیا،

Marfat.com

تنزانیہ سے ہوتے ہوئے یہ کاروائیاں امریکہ کے قلب تک جا پہنچیں اور گیارہ ستمبر کے مبارک معرکوں کے نتیجے میں دنیا نے اپنی آنکھوں سے ہبلِ عصر کو زمیں بوس ہوتے دیکھا۔ یہاں ہم اختصار سے چند ایسی کاروائیوں کا ذکر کر رہے ہیں، جو دنیا کے مختلف خطوں میں مجاہدین کی طرف سے امریکی وصلیبی اتحادی ممالک کے مفادات پر حملوں کی صورت میں روبہ عمل آئیں۔

۱۹۹۰ء کے اوائل میں القاعدہ نے یمن کے شہر عدن میں گولڈ مہر ہوٹل میں بموں سے حملہ کیا۔ ہوٹل میں صومالیہ جانے والے امریکی فوجی قیام پذیر تھے۔

فروری ۱۹۹۳ء میں رمزی یوسف نے بارود سے بھری وین ورلڈ ٹریڈ سنٹر کی پارکنگ میں کھڑی کی اور اس میں دھماکہ کر دیا۔ رمزی یوسف ۔ شیخ عمر عبدالرحمٰن (فک اللہ اسرہ) کے قریبی ساتھیوں میں سے تھے، شیخ عمر عبدالرحمٰن (فک اللہ اسرہ) کو شیخ اسامہ کی معاونت حاصل تھی۔

۱۳ نومبر ۱۹۹۵ء میں ریاض (سعودی عرب) میں کار بم دھماکے میں پانچ امریکی ہلاک ہوئے۔

۲۵ جون ۱۹۹۶ء میں الخبر دہران (سعودی عرب) میں امریکی ایئر فورس کے مستقر پر مجاہدین نے ٹرک کے ذریعے دھماکہ کیا جس کے نتیجے میں ۲۹ امریکی فوجی ہلاک ہو گئے۔ مجاہدین کی یہ کاروائی محض چند امریکیوں کی موت پر منتج نہ ہوئی بلکہ اس کے بعد امریکیوں نے اعلان کیے بغیر سعودی عرب میں اپنے تمام فوجیوں کے کیمپ اور دفاتر شہروں کے قریب سے دور لے جا کر صحرائی علاقے میں قائم کر لیے تاکہ عام سعودی شہریوں کی نگاہوں سے دور رہیں۔ اس سے شیخ اسامہ بن لادن کی جدوجہد کے بارے میں دو باتیں اظہر من الشمس ہو کر سامنے آتی ہیں۔ ایک تو انہیں اپنے ہدف میں جزوی کامیابی ہوئی اور امریکی فوج حرمین الشریفین کے شہروں سے نکل کر صحراؤں میں پناہ لینے پر مجبور ہوئے، دوسرے اس سے سعودی شہریوں میں شیخ اسامہ کی مقبولیت کا پتہ چلتا ہے۔ انہوں نے سرزمین حرمین پر ناجائز طور پر مسلط امریکی فوجوں کے انخلا کے مطالبے کو عامۃ المسلمین میں اتنا مقبول بنا دیا کہ اب کوشش کی جاتی ہے کہ امریکی فوجی سعودی شہروں میں چلتے پھرتے نظر نہ آئیں۔

شیخ نے ان عملیات کے بارے میں فرمایا:

'امریکہ اسے دہشت گردی قرار کیوں نہیں دیتا کہ عراق میں ہمارے ہزاروں بچے اور بچیاں دواؤں اور غذائی قلت کا شکار ہو کر مر رہے ہیں اس لحاظ سے جو کچھ امریکہ کہتا ہے وہ

Marfat.com

ہم پر کچھ اثر نہیں کرے گا۔ کیونکہ ہمیں امریکہ کے مقابلے میں اللہ کی مدد و نصرت حاصل ہے اور بالآخر فتح ہمیں نصیب ہوگی۔ ریاض اور الخبر (دہران) میں امریکیوں کو ہلاک کرنے والوں کو ہم ہیرو قرار دیتے ہیں انہوں نے اپنی قوم کے شرم سے جھکے سروں کو بلند کر دیا ہے اور وہ ہمارے ہیرو ہیں"

۱۹۹۸ء میں القاعدہ نے مختلف ممالک میں امریکی سفارت خانوں کو بموں کا نشانہ بنایا اور نیروبی (کینیا) اور دارلسلام (تنزانیہ) میں امریکی سفارت خانوں پر حملے کیے۔ ان حملوں کے نتیجے میں ۲۰۰ ہلاک ہوئے اور ۵ ہزار سے زائد زخمی ہوئے۔

اکتوبر ۲۰۰۰ء میں القاعدہ نے 'یو ایس ایس کول' نامی ایک امریکی بحری جنگی جہاز کو حملے میں تباہ کیا۔

۱۱ ستمبر ۲۰۰۱ کو القاعدہ نے امریکہ کے خلاف سب سے بڑی کاروائی کی۔ اس کاروائی میں ۱۹ مجاہدین نے چار ہوائی جہازوں کو اغواء کیا اور نیو یارک میں ورلڈ ٹریڈ سنٹر اور واشنگٹن میں پینٹا گون کی عمارات سے ٹکرا دیا۔ جس کے نتیجے میں ورلڈ ٹریڈ سنٹر کی دونوں عمارتیں زمین بوس ہوگئیں۔ ان حملوں میں ۳۰۰۰ سے زائد امریکی ہلاک ہوئے۔

۱۲۲ اکتوبر ۲۰۰۲ء واشنگٹن ڈی سی میں ورجینیا اور میری لینڈ ریاستوں میں جون ایلن محمد نے تین ہفتوں کے دوران میں ۱۳ صلیبیوں کو قتل کیا۔ انہوں نے ۲ اکتوبر کو پہلی کاروائی کی، آخری کاروائی ۲۳ اکتوبر کو کی۔ بعد ازاں جون ایلن محمد گرفتار ہوگئے اور انہیں سزائے موت سنائی گئی اور دس نومبر ۲۰۰۹ء کو انہیں ٹیکہ لگا کر شہید کر دیا گیا۔ یہ نو مسلم تھے، ۱۹۸۷ء میں مسلمان ہوئے، اس سے قبل امریکی فوج میں ملازم تھے۔

۱۱۲ اکتوبر ۲۰۰۲ کو انڈونیشیا کے جزیرے بالی میں نائٹ کلبوں پر القاعدہ کے مجاہدین نے حملہ کیا۔ جس میں آسٹریلوی باشندوں سمیت ۲۰۲ افراد ہلاک ہوئے۔

۲۸ نومبر ۲۰۰۲ کو کینیا میں مومباسا ہوٹل کے قریب فدائی حملے میں ۳ اسرائیلیوں کو ہلاک کر دیا گیا۔

نومبر ۲۰۰۳ء کو ترکی کے شہر استنبول میں برطانوی سفارت خانے کے باہر بم دھماکے میں ۵۷ ہلاک اور ۷۰۰ زخمی ہوئے۔

۲۷ فروری ۲۰۰۴ء کو فلپائن میں صلیبیوں کو لیجانے والی ایک کشتی سپر فیری ۱۴ پر حملہ کیا گیا جس کے نتیجے میں ۱۱۷ صلیبی ہلاک ہوئے۔

Marfat.com

۱۱ مارچ ۲۰۰۴ء کو سپین کے شہر میڈرڈ میں زیر زمین ٹرین میں بم دھماکے کیے گئے۔ جس کے نتیجے میں ۱۰۱ ۱ کفار ہلاک ہو ۲۰۵۰ سے زائد زخمی ہوئے۔

مئی ۲۰۰۴ء میں سعودی شہر الخبر میں تیل کی تنصیبات پر مجاہدین نے حملہ کیا، جس کے نتیجے میں ۱۹ امریکیوں سمیت ۲۲ افراد ہلاک ہوئے۔

۷ جولائی ۲۰۰۵ء کو لندن میں زیر زمین ٹرین اور بس میں فدائی حملے کیے گئے۔ ان حملوں کے نتیجے میں ۵۶ افراد ہلاک اور ۷۰۰ سے زیادہ زخمی ہوئے۔

۲۳ جولائی ۲۰۰۵ء کو مصر میں شرم الشیخ کے مقام پر مجاہدین کے حملوں میں متعدد صلیبی ہلاک ہوئے۔

۹ نومبر ۲۰۰۵ء کو عمان کے ہوٹل حیات عمان اور دیگر دو ہوٹلوں میں ایک ہی رات میں کیے گئے حملوں میں ۶۰ سے زائد افراد ہلاک ہوئے۔

۶ نومبر ۲۰۰۹ء کو امریکی فوج کے میجر حسن نضال نے اپنے دو ساتھیوں سمیت امریکہ کے سب سے بڑے فوجی اڈے فورٹ ہڈ (واقع ٹیکساس) میں فائرنگ کر کے افغانستان روانہ ہونے والے ۱۳ امریکی فوجیوں کو ہلاک اور ۳۱ کو زخمی کر دیا۔ اس ایک واقعہ سے امریکہ کا نظام مکمل ہل کر رہ گیا اور پورے امریکہ میں صف ماتم بچھ گئی۔

دسمبر ۲۰۰۹ء میں کرسمس کے موقع پر ایک نائیجیرین مجاہد عمر فاروق عبدالمطلب نے امریکی شہر ڈیٹرائٹ سے اڑنے والے ایک مسافر طیارے کو تباہ کرنے کی کوشش کی جو اگرچہ کامیاب نہ ہو سکی لیکن امریکی ہوم لینڈ سیکورٹی کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ضرور ڈال گئی۔

۲۰۱۰ء میں ابو دجانہ خراسانی ڈاکٹر البلاوی نے خوست میں CIA کے مرکز پر حملہ کر کے دسیوں سی آئی اے ارکان کو جہنم واصل کر دیا اور یہ امریکی CIA ایجنٹوں کا تاریخی نقصان تھا۔

بے شک شیخ نے پوری زندگی احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ مبارک سے نکلی ہوئیں فیصلہ کن معرکوں کی خبروں پر یقین رکھتے ہوئے گزاری، آپ کا یہ تیقن ہی تھا جس کی بدولت اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ توفیق عطا فرمائی کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ یہود و نصاریٰ کے ساتھ ان فیصلہ کن معرکوں کی بنا ڈالیں...... آپ نے کفر کے سردار امریکہ کے خلاف اعلان جہاد کر کے حق و باطل کے ایسے معرکے کی بنیاد رکھی جو کفر کی نابودی اور اسلام کے عالمی غلبے کا باعث بنے گا۔ ان شاء اللہ

Marfat.com

جہاد کو امریکہ اور اس کے حواریوں کے اثرات سے پاک کرنا

شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا ایک بڑا کارنامہ موجودہ دور میں جہاد جیسے اہم فریضے کو تمام طواغیت کے اثرات سے پاک کرنا ہے۔ سوویت یونین کے خلاف جہاد کے آخری چند سالوں میں بعض مجاہد تنظیموں کی طرف سے امریکی امداد اور پاکستانی وسعودی نظام ہائے مملکت کے تعاون کو قبول کرنے کے نتیجے میں جہاد جیسے مقدس فریضے پر بھی طعنہ زنی کی جانے لگی۔ کفر کے ذرائع ابلاغ نے پوری دنیا میں ڈھنڈورا پیٹا کہ سوویت یونین کو امریکی ڈالروں اور اسٹنگر میزائلوں کی مدد سے شکست دی گئی۔ وہ مجاہدین جنہوں نے روس کے خلاف جہاد شروع کیا اور بے سروسامانی اور فاقہ مستی کے عالم میں کامل ایک دہائی تک روسی افواج کا مقابلہ کرتے رہے، ان کی سعی و جہد کو منظر عام سے ہٹا دیا گیا۔ اب جہاد 'امریکی برانڈ' مشہور ہونے لگا۔ اسی کا نتیجہ تھا کہ جہاد کشمیر کو پاکستانی خفیہ ایجنسی آئی ایس آئی نے یرغمال بنالیا۔

شیخ رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے ساتھیوں نے جہاد اسلامی کے پاکیزہ ماتھے سے امریکی بدنما داغ مکمل طور پر دھو ڈالا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے دنیا کو بتایا کہ جہاد افغانستان اول میں بھی عرب وعجم کے مجاہدین نے بے پناہ قربانیوں کے بعد محض اللہ تعالیٰ کی مدد، تائید اور نصرت کے سہارے دنیا کی عظیم ترین طاقت کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کیا تھا اور پھر آپ نے بالفعل امریکہ کو دعوت مبارزت دے کر اس پروپیگنڈے کے غبارے سے بھی ہوا نکال دی کہ امریکی ڈالروں کے بغیر جہاد ہو ہی نہیں سکتا۔ آپ اور آپ کے ساتھیوں نے تن تنہا، صرف اللہ کی ذات پر بھروسہ کرتے ہوئے امریکہ کے خلاف جہاد کیا۔ امریکہ اور نیٹو اتحاد کو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اللہ کی مدد ومعیت سے شکست کے دہانے پر لا کھڑا کیا۔ ایک ایسا میدان جس میں ایک طرف امریکہ تھا، اس کی ٹیکنالوجی تھی، اس کے صلیبی اتحادی تھے، ان کی افواج قاہرہ تھیں، امریکہ کے غلام، مسلم خطوں کے مرتد حکمرانوں کا ٹولہ تھا، ان کی خفیہ ایجنسیاں اور ان کی افواج تھیں...... لیکن دوسری طرف ...... غزوۂ احزاب کی یاد تازہ کرتے مجاہدین کا مختصر سا گروہ تھا، مٹھی بھر چنوں اور چند کھجوروں پر کئی کئی دن گزارنے والے فاقہ مست تھے، پرانی بندوقوں اور دیسی بموں سے ''لیس'' مجاہدین فی سبیل اللہ تھے، سخت ترین موسم کی صعوبتیں برداشت کرنے والے مہاجرین تھے، اپنے جسموں کو بموں سے تبدیل کر لینے والی فدائی مجاہدین تھے...... اور پھر چشم عالم نے دیکھا کہ جنہوں نے سوکھی روٹی قہوہ کے ساتھ کھا کر روس کو دریائے آمو کے پار دھکیل دیا تھا...... آج وہی اللہ

Marfat.com

کے بندے امریکہ اور اس کے پورے کفری اتحاد کو تگنی کا ناچ نچا رہے ہیں...... شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے دنیا کو کھلی آنکھوں سے وہ منظر دکھلا دیا، جس کے بارے میں شاعر نے کہا تھا۔

فضائے بدر پیدا کر فرشتے تیری نصرت کو
اتر سکتے ہیں گردوں سے قطار اندر قطار اب بھی

امیر المجاہدین شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے بدر کی فضا پیدا کی، احد کے میدان کا نقشہ دہراتے ہوئے اپنے قریب ترین ساتھیوں کے جسموں کے پرخچے اڑتے دیکھے اور آیت قرآنی کے مصداق جب یہ معاملہ ہوا:

''وہ لوگ جب ان سے لوگوں نے کہا کہ کافروں نے تمہارے مقابلے میں لشکر جمع کر لیے ہیں۔ تم ان سے خوف کھاؤ''۔

تو ان کا حال آج بھی یہی تھا

''تو اس بات نے انہیں ایمان میں اور بڑھا دیا اور کہنے لگے ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ بہت اچھا کارساز ہے''

احزاب کی طرح جب ان کی نظر کفار کے اتحادی لشکروں پر پڑی تو قرآنی الفاظ اُن پر صادق آئے:

''اور ایمان داروں نے جب (کفار کے) لشکروں کو دیکھا (بے ساختہ) کہہ اٹھے! کہ انہی کا وعدہ ہمیں اللہ تعالیٰ نے اور اس کے رسول نے دیا تھا اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا اور اس (چیز) نے ان کے ایمان میں اور شیوہ فرماں برداری میں اور اضافہ کر دیا''۔

اس کے نتیجے میں وہ فساق و فجار جو جہاد اور فلسفۂ جہاد پر چاند ماری کرتے تھے، منہ میں انگلیاں دبائے، حیران و ششدر امریکی اتحاد کی شکست خوردگی کو دیکھ رہے ہیں۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ثابت کیا کہ سابقہ افغان جہاد میں بھی امریکی مدد و تعاون کے بغیر مجاہدین نے خالص اللہ کی نصرت سے فتح و کامرانی حاصل کی تھی اور موجودہ جہاد میں بھی فقط اللہ ہی کی طاقت، قوت، مدد اور بھروسے پر مجاہدین کامیابیاں سمیٹ رہے ہیں۔

عقیدہ الولاء البراء کو جس قدر شیخ نے اپنی جہادی تحریک کی بدولت عام کیا، اس کی مثال سقوطِ خلافت کے بعد ملنا محال ہے۔ الولاء والبراء کے عقیدے پر مصلحتوں، عیش کوشیوں اور ہوائے نفس کی دبیز تہہ جم چکی تھی۔ اس قدر حساس عقیدہ عمومی طور پر عدم توجہی اور بے

Marfat.com

اعتنائی کا شکار تھا، آپ رحمۃ اللہ نے دوستی اور دشمنی کے معیار کے اسلامی فہم کو عام کیا۔ اپنی گفتگوؤں، تقاریر اور پیغامات میں اس اہم ترین عقیدہ کی نزاکتوں اور جزیات پر سیر حاصل گفتگو فرمائی اور امت مسلمہ کو اس جانب متوجہ کیا وہ اپنی پسند و ناپسند، دوستی و دشمنی، موالات و معادات اور ولایت و برأت کو قرآن و سنت کی تعلیمات کے مطابق ڈھالیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

''عقیدہ الولاء البراء اسلام کے بنیادی عقائد میں سے ایک ہے۔ یعنی ہم اسی سے دوستی کرتے ہیں جو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا دوست ہو اور اسی سے دشمنی کرتے ہیں جو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا دشمن ہو۔ لیکن منافق اور درہم و دینار کے بندے، ہر حق و باطل میں بادشاہ کی پیروی کرتے ہیں۔ جس سے یہ (بادشاہ) دوستی کرے وہ ان کا دوست اور جو اس کا دشمن وہ ان کا دشمن ہوتا ہے۔ کیا کسی انسان میں، یوں اپنے عقل و ضمیر کے خلاف چل کر بھی کوئی انسانیت باقی رہ سکتی ہے؟ کیا ''ایک اچھا شہری'' بننے کے لیے ضروری ہے ہم اپنے دین سے ناطہ توڑ لیں اور اپنی عقلوں پر پردے ڈال لیں؟''

(اے اللہ صرف تیرے لیے)

علمائے حق نے فرمایا ہے کہ جو کوئی بھی کفار سے دوستی کرتا ہے، انہیں اپنا محافظ اور سردار بناتا ہے تو وہ کفر اختیار کرتا ہے۔ اور اُن کے ساتھ دوستی کی سب سے بڑی نشانی یہ ہے کہ اُن کی جدوجہد کی حمایت منہ سے کی جائے یا بحث و مباحثہ اور تحریروں سے کی جائے۔ پس جس کسی نے بھی مسلمانوں کے خلاف بش اور اُن کی مہم کا راستہ اختیار کیا تو اُن سے کفر کیا، اللہ سبحان و تعالیٰ کے ساتھ اور اُس کے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ۔ اور مندرجہ بالا آیت کے بعد اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان:

''آپ دیکھیں گے کہ جن کے دلوں میں بیماری ہے، وہ دوڑ دوڑ کر ان میں گھس رہے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمیں خطرہ ہے، ایسا نہ ہو کہ کوئی حادثہ ہم پر پڑ جائے، بہت ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ فتح دے دے یا اپنے پاس سے کوئی اور چیز لائے پھر تو یہ اپنے دلوں میں چھپائی ہوئی باتوں پر (بے طرح) نادم ہونے لگیں گے اور ایماندار کہیں گے، کیا یہی وہ لوگ ہیں جو بڑے مبالغہ سے اللہ کی قسمیں کھا کھا کر کہتے ہیں کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں۔ ان کے اعمال غارت ہوئے اور یہ ناکام ہو گئے''۔

ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر میں کہا ہے کہ ''بہت سارے صحابہ رضی اللہ عنہم کو معلوم نہ تھا کہ

Marfat.com

منافقین کا سردار عبداللہ بن ابی کافر تھا۔ جب مسلمانوں اور یہدیوں کے درمیان بات بڑھتے بڑھتے بگر گئی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آگیا اور اُس نے یہودیوں کی حمایت کی۔ اس وجہ سے یہ آیات نازل ہوئیں"۔

یہ بات بالکل واضح ہے کہ کوئی مسلمان جب کفار کے ساتھ دوستی کرتا ہے اور مسلمانوں کے خلاف ان کی مدد کرتا ہے تو اپنے اس عمل کی وجہ سے اسلام سے خارج ہو کر کافر اور مرتد ہو جاتا ہے رحمۃ اللہ علیہ کیونکہ جس طرح وضو کے نواقص ہوتے ہیں اسی طرح ایمان کے بھی نواقص ہیں، جن کا مرتکب ایمان سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے۔ اور کفار سے دوستی اور اہل اسلام کے خلاف ان کی مدد اسلام سے خارج کر دینے والے اعمال میں سے ایک ہے۔

لہٰذا جو لوگ کافروں کو اپنا سردار، دوست اور نجات دہندہ سمجھتے ہیں تو بلا شک و شبہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے کافر ہیں اور یہ آیت اس بات کی مضبوط دلیل ہے کہ جن لوگوں نے کفار کو اپنا امام بنایا وہ مرتد ہو گئے۔

"اے ایمان والو! تم سے جو شخص اپنے دین سے پھر جائے تو اللہ تعالیٰ بہت جلد ایسی قوم کو لائے گا جو اللہ کی محبوب ہو گی اور وہ بھی اللہ سے محبت رکھتی ہو گی وہ نرم دل ہوں گے مسلمانوں پر سخت اور تیز ہوں گے کفار پر، اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ بھی نہ کریں گے یہ ہے اللہ تعالیٰ کا فضل جسے چاہے دے، اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والا اور زبردست علم والا ہے"۔

لہٰذا میں مسلمانوں پر واضح کرتا ہوں کہ وہ یہودیوں اور عیسائیوں سے نفرت کریں اور اس بارے میں نہایت محتاط رہیں اور جو کوئی بھی محض ایک لفظ سے اُن کی حمایت کا ارکاب کرے وہ اللہ سے سچی لگن ظاہر کرتے ہوئے توبہ کرے اور اپنی غلطیوں پر نادم ہوتے ہوئے اپنے ایمان کا از سر نو اقرار کرے"۔

("جدید صلیبی جنگیں")

اسلامی خطوں میں شریعت اسلامیہ کے نفاذ کی دعوت

شیخ بن لادن رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی پر سوز دعوت کے ذریعے اس پیغام کو عام کیا کہ اسلامی ممالک میں رہنے والے مسلمان اپنے اپنے ملکوں اور خطوں میں دین کو بطور نظام نافذ کرنیکے لیے جہاد و قتال فی سبیل اللہ کے میدانوں کا رخ کریں۔ مرتدین کے خلاف قتال کی شرعی

Marfat.com

حیثیت کو مکمل شرح و بسط سے واضح فرمایا۔ مسلمانوں پر مرتد حاکم کے مسلط ہونے جیسی مصیبتِ کبریٰ کی صورت میں عملی راہوں پر نکلنے اور اس حاکم کا تختہ اُلٹ دینے جیسے احکامات سے آگاہ کیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اجتماعی طور پر اس فرض کو ادا کرنے پر ابھارا۔ اور ہر فرد کو انفرادی خطاب کر کے بھی اُس کا فرض یاد دلایا۔

''مفتی نظام الدین شامزئی رحمۃ اللہ علیہ نے (گیارہ ستمبر کو) نیو یارک پر ہونے والے مبارک حملوں کے بعد جاری کردہ اپنے مشہور فتوے میں لکھا ''اگر ایک اسلامی ملک کا حاکم بلادِ اسلامیہ پر حملے میں کسی کافر کی مدد کرے تو شریعت کی رو سے مسلمانوں پر لازم ہو جاتا ہے کہ وہ اسے حکومت سے بزور ہٹائیں اور اسے شرعاً اسلام اور مسلمانوں کا غدار گردانیں''۔

پس اے اسلامیان پاکستان! بلا شبہ مفتی نظام الدین شامزئی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے کاندھے پر موجود بھاری ذمہ داری کا حق ادا کر دیا تھا آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ڈنکے کی چوٹ پر کلمۂ حق کہا اور مخلوق کی نارضی کی کچھ پرواہ نہ کی اور اپنی جان و مال کو خطرے میں ڈالتے ہوئے پرویز کے بارے میں اللہ کا حکم پوری وضاحت سے بیان کر ڈالا کہ وہ اسلام اور مسلمانوں کا غدار ہے اور اسے ہٹانا واجب ہے۔ یہی وہ فتویٰ ہے جس نے پرویز اور اس کے امریکی آقاؤں کو غصہ دلایا اور میرے خیال میں مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا قاتل بھی ان کے سوا کوئی نہیں۔ مفتی نظام الدین شامزئی رحمۃ اللہ علیہ اپنا فرض ادا کر کے چلے گئے اور بہت سے علمائے سو کے رویے کے برعکس حق بات کو باطل سے نہیں بدلا۔ لیکن ہمارے حصے کا فرض اب بھی ہم پر باقی ہے۔ اس فرض کی ادائیگی میں پہلے ہی ہم سے بہت تاخیر ہوئی ہے کیونکہ یہ فتویٰ صادر ہوئے تو اب چھ سال گزر چکے ہیں۔ پس ہمیں چاہیے کہ اب ہم اس کمی کو پورا کرنے کے لیے اٹھ کھڑے ہوں امید ہے کہ یوں اللہ میری اور آپ کی کوتاہی معاف فرما دیں گے''۔

(لال مسجد کی شہادت کے بعد بیان)

شیخ کے چند نمایاں کارناموں کا یہ مختصر بیان ہے وگرنہ شیخ کا شمار تاریخ انسانی کی اُن باوقار ہستیوں میں ہوتا ہے جنہوں نے اللہ کے کلمہ کی سربلندی کے لیے اپنا سب کچھ وقف کیا اور پھر چاروں اطراف کی مخالفتوں کے باوجود اپنے لشکر کو فتح و کامرانی کے دروازوں پر چھوڑ کر اپنے رب کے ہاں پہنچ گئے۔ اسلام کا یہ شیر ربِ رحمٰن کی جنتوں میں پہنچ چکا ہے۔ اب وہاں اُس کی ضیافت کا انتظام خالق کائنات خود فرمائیں گے۔ اللہ کے اس غریب الوطن، غریب الدیار اور فی سبیل اللہ مہاجر کا ابدی ٹھکانہ کیسا ہوگا...... ہماری محدود سوچ اور ناقص عقل

Marfat.com

اُس کا تصور اور احاطہ کرنے سے قطعی قاصر ہے...... اور پھر اُس ٹھکانے پر پہنچنے سے بھی پہلے اُس کا استقبال کرنے کو کون کون موجود نہیں ہوگا۔ جسد خاکی سمندر میں بہا دیا گیا تو کیا غم ہے...... اُس کی پاکیزہ روح کو وصول کرنے کے لیے کس مرتبے کے فرشتے حاضر ہوئے ہوں گے۔ پھر عرشِ الٰہی کے سائے تلے نبی کریم ﷺ اپنے اس سچے محبّ کے اور دین کے لیے سب کچھ لٹا دینے والے اسلام کے بیٹے کا استقبال صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جلو میں کریں گے۔ ان شاء اللہ

میرے اللہ نے چاہا تو عنقریب ہمارے شیخ جنت کے بالا خانوں سے اپنے لشکر کی فتوحات کا نظارہ کریں گے اور اللہ رب العزت اُن کی سعی و جہد کی حتمی کامیابی، مجاہدین کی اسلام کی فتح یابی اور کفار کی ذلت وشکست کے مناظر دکھا کر اُن کی آنکھیں مزید ٹھنڈی فرمائے گا۔ ان شاء اللہ

شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ کا چار خطوں کو دارالاسلام بنانے کی خواہش

''دعوت اسلام کو پھیلانے کے لیے کسی قطعۂ ارض کا ہونا بہت ضروری ہے، کسی ایسی جگہ کی ضرورت ہے جہاں اس پیغام کے پودے کو لگایا جائے اور وہاں اس کی دیکھ بھال کے لیے لوگ موجود ہو رحمۃ اللہ علیہ۔ اسی کے باعث نبی ﷺ نے آغاز دعوت سے ہی ایک زمین کی تلاش شروع کر دی تھی جس کو مرکز بناتے ہوئے وہ اس پیغام کو پھیلا سکیں۔ اس دوران میں آپ نے تیرہ سال مکہ میں گزارے، آپ ﷺ کی زبان بہت فصیح تھی، آپ کو جوامع الکلام عطا کیے گئے، وحی کے ذریعے آپ ﷺ کی مدد کی جاتی۔ پھر بھی ان سب وسائل کے باوجود مکہ کے دور میں چند صحابہ رضی اللہ عنہ ایمان لائے۔ ثابت ہوا کہ کلمہ توحید کی قوت تاثیر کے باوجود کچھ دوسرے عناصر بھی ہیں جو اسلام کی دعوت کو پھیلانے کے لیے اہم ہیں۔

دس سال بعد اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے فضل سے مدینہ کی زمین کو آپ ﷺ کے لیے مسخر کیا، انصار نے آپ ﷺ کی دعوت قبول کر لی تو چند ہی سالوں میں سیکڑوں افراد اسلام کے دائرے میں داخل ہو گئے معلوم ہوا کہ دعوت کی پشت پر قوت کا ہونا ناگزیر ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ مختلف ملکوں اور جگہوں پر قوت کی تلاش کی جائے۔ یہ مفہوم تو آج کے حالات میں مزید واضح ہے کیونکہ جب سے امارت اسلامیہ اور خلافت کی تحلیل ہوئی ہے کثیر تعداد میں موجود جامعات، مدارس، مساجد، کتب اور حفاظ کے باوجود بہت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اسلام کی دنیا میں کوئی قوت نہیں۔ یہ حالات کیوں ہیں؟ اس لیے کہ لوگوں نے

Marfat.com

محمد ﷺ کے طریقے پر عمل کرنا چھوڑ دیا ہے، حالانکہ یہ طریقہ بہت واضح ہے اور شرعی نصوص میں کئی مقامات پر اس کے خصائص بیان کیے گئے ہیں''۔

یہ ہیں شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ کے الفاظ جو ''توجیھات منھجیہ میں ذکر ہوئے۔ شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ نے اسی منہج نبوی علیہ الصلوۃ والسلام کو زندگی بھر اختیار کیے رکھا...... ایک جانب تو آپ اپنی تمام تر توانائیاں اور وسائل میدان جہاد میں استعمال کر رہے تھے۔ جب کہ دوسری جانب تو آپ مسلم خطوں میں علمائے کرام اور چند حکمرانوں سے ملاقاتوں اور روابط پیدا کر کے اس سعی میں بھی مصروف رہے کہ کسی ایک خطۂ زمین میں شریعت اسلامی کا غلبہ ہو جائے...... جسے بنیاد بنا کر آپ عالمی تحریک جہاد کو پوری دنیا میں پھیلا سکیں اور کفارِ عالم کے مقابل اس خطے کو ایک مضبوط مورچے کے طور پر استعمال کر سکیں۔ اس سلسلے میں آپ نے جزیرۃ العرب (سعودی عرب)، سوڈان، پاکستان اور افغانستان کے خطوں پر زیادہ توجہ دی۔ اس سے شیخ کے پیش نظر یہ مقاصد تھے کہ وہ عامۃ المسلمین کی فطری قیادت، علمائے کرام اور وہ سیاست دان جو دین کا نام لیتے ہیں، کو اسلام کے نفاذ کی تحریض دیں اور انہیں امریکہ کے سامنے ڈٹ جانے کا درس دیں۔ اس سلسلے میں شیخ کا منہج بہت واضح ہے کہ آپ ان خطوں کے دو طبقات علمائے کرام اور مذہبی سیاست دانوں کے ساتھ بہت موثر اور وسیع روابط استوار کیے اور ان طبقات کا بہت وسعت قلبی اور وسعت نظری کے ساتھ اکرام کیا۔ یہ پوری روداد شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے بلند تخیل اور گہرے شرعی سیاسی ویژن کی غماضی کرتی ہے۔ آپ کے ذہن میں یہی خاکہ تھا کہ ان ممالک کے حکمرانوں کو شریعتِ اسلامی کا پابند بنا کر ان خطوں میں دین کے عملی نفاذ کو ممکن بنایا جائے اور یہیں سے سرزمین اقصیٰ جس کی آزادی آپ کے منہج کی بنیاد ہے کی طرف پیش قدمی بھی کی جائے اور دنیائے کفر کا مقابلہ کرنے کے لیے تربیت و تیاری کے مراحل بھی طے کیے جائیں۔ شیخ کے اس منہج میں آج شریعت کے غلبے کے لیے جہاد کرنے والوں کے لیے رہنما خطوط موجود ہیں۔ ان سطور میں یہ بیان کرنے کی کوشش کی جارہی ہے کہ شیخ نے کس طرح ان خطوں میں دین اور جہاد کی آبیاری کے لئے مسلسل سعی پیہم کی۔

پاکستان

جب جہاد کے سفر پر شیخ رحمۃ اللہ علیہ گامزن ہوئے تو انہوں نے افغانستان جانے کے لیے پاکستان میں ہی پہلا قدم رکھا اس لیے پاکستان سے شیخ کا فطری تعلق اور لگاؤ تھا۔ جس

Marfat.com

زمانے میں افغانستان میں روسی افواج کی شکست کے واضح آثار دکھائی دے رہے تھے، اُس وقت پاکستان میں بھی بہت سی تبدیلیاں آرہی تھیں...... بے نظیر، مغرب پروردہ حکمران کی صورت میں ملک پر مسلط ہو رہی تھی...... اس صورت حال میں شیخ نے نواز شریف سے پانچ ملاقاتیں کیں، جن میں ایک ملاقات مدینہ منورہ کے گرین پیلس ہوٹل، ایک جدہ میں اور ایک ملاقات لاہور میں ہوئی۔ اکثر راوی یہ کہتے ہیں کہ شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے پاکستان میں شریعت کے نفاذ اورافغانستان میں جہاد کی مدد کے وعدے پرنواز شریف کوکئی کروڑ روپے کی مالی امداد بھی دی تاکہ وہ آئی جے آئی کو برسر اقتدار لانے کی موثر جدوجہد کر سکے۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی خواہش یہ تھی کہ ہرممکن طریقے سے بے نظر کا راستہ روکا جائے کیوں کہ امریکہ نے بے نظیر کو اپنے ایجنڈے کے ساتھ پاکستان بھیجا تھا اوراس کے ذریعے اپنے سامراجی مقاصد کی تکمیل چاہتا تھا۔

دوسری طرف شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے تمام قابل ذکر اسلامی جماعتوں اور شخصیتوں سے ملاقاتیں اورروابط استوار کیے، جن میں جمعیت علمائے اسلام کے مولانا سمیع الحق اور مولانا فضل الرحمٰن اور جماعت اسلامی کے قاضی حسین احمد بھی شامل ہیں۔ جن پاکستانی علمائے کرام سے شیخ کے قریبی روابط تھے اُن میں مفتی نظام الدین شامزئی رحمۃ اللہ علیہ، مفتی رشید احمد رحمۃ اللہ علیہ، مولانا شیخ سلیم اللہ خان مدظلہ العالی، مولانا حکیم اختر دامت برکاتھم مولانا سید شیر علی شاہ دامت برکاتھم العالیہ، مفتی حمید اللہ جان صاحب دامت برکاتہم اورمولانا عبداللہ شہید رحمۃ اللہ علیہ سمیت بیسیوں علمائے کرام شامل ہیں۔ پاکستان کے علمائے کرام نے شیخ کی تحریض پر تین اہم اقدام کیے:

تحفظِ حرمین محاذ کا قیام

امریکہ کے عراق پر حملوں اور یہود و نصاریٰ کی ارض حرمین میں آمد کے خلاف 'تحفظِ حرمین محاذ' بنایا گیا، جس میں حضرت مفتی شامزئی شہید رحمۃ اللہ علیہ سمیت ملک کے سبھی قابل ذکر علماء شامل تھے۔

امارت اسلامی افغانستان کی سرپرستی

امارت اسلامیہ کے قیام کے بعد سے شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے مسلسل کوشش کی کہ پاکستان کے علماء کو امارت اسلامیہ کی پشت پر کھڑا کیا جائے، جس میں عملاً شیخ رحمۃ اللہ علیہ کو کامیابی ملی، بے شمار علمائے کرام نے امیر المومنین سے وفود کی شکل میں جا جا کر ملاقاتیں کیں اور نوزائیدہ امارتِ اسلامیہ سے بہت زیادہ مالی تعاون فرمایا۔

Marfat.com

دفاعِ افغانستان کونسل کا قیام

اسی طرح افغانستان پر امریکی حملے کے خلاف دفاع افغانستان پاکستان کونسل بنائی گئی جس کی میزبانی جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک نے کی۔ یاد رہے کہ یہی دفاع افغانستان پاکستان کونسل بعدازاں متحدہ مجلس عمل بنی۔

سعودی عرب

۱۹۸۹ء میں سوویت یونین کو افغانستان میں شکست ہوتی ہے اور شیخ سعودی عرب لوٹتے ہیں۔ یہاں آپ اپنے کاروباری معاملا کی دیکھ بھال بھی کرتے ہیں اور عالمی سطح پر جہاد کو منظم کرنے کی منصوبہ بندی بھی شروع کرتے ہیں۔ ۱۹۹۰ء میں جب عراق نے کویت پر قبضہ کرلیا تو شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ نے سعودی عرب کے وزیر دعاف سلطان بن عبدالعزیز کو پیش کشکی تھی کہ وہ عراقی افواج کو کویت سے نکال سکتے ہیں۔ بشرطیکہ امریکہ سے کوئی مدد نہ لی جائے۔ شیخ نے شہزادہ سطان کو سمجھانے کی کوش کی کہ یہودو نصاریٰ پر کسی طور پر بھروسہ کرنا مناسب نہیں۔ یہ سن کر سلطان بن عبدالعزیز نے جب شیخ سے پوچھا کہ وہ عراقی ٹینکوں، ایئر کرافٹ، کیمیکل بموں اور خطرناک ہتھیاروں کا جواب کیسے دے پائیں گے تو انہوں نے مختصر جواب دیتے ہوئے کہا ''ہم اپنی قوت ایمانی سے انہیں شکست دیں گے''۔

شیخ نے امریکی آمد سے پہلے مختلف شہروں کی مساجد میں جا جا کر عامۃ المسلمین کو اس خطرے سے آگاہ کیا۔ پانچ سو علماء کے دستخط سے ایک محضرنامہ تیار کیا جس میں یہ بتایا گیا کہ یہودو نصاریٰ کو جزیرۃ العرب سے نکالنے کا شرعی حکم قیامت تک کے لیے ہے۔ یہ محضرنامہ شاہ فہد کو پیش کیا گیا لیکن اس کی پاداش میں آپ کو نظر بند کر دیا گیا اور علمائے کرام گرفتار کر لیے گئے۔ شیخ نے فہد سے ملاقات میں ۳۰ ہزار مجاہدین کی خدمات ارض حرمین کی حفاظت کے لیے پیش کی تھیں جسے فہد نے قبول کرنے کی بجائے امریکہ کو بلانے میں ہی عافیت جانی۔

امریکہ کے جزیرۃ العرب میں آنے کے بعد شیخ نے تین بڑے اقدامات کیے:

☆ امریکی افواج کی سرزمینِ حرمین میں موجودگی کیخلاف فتویٰ تیار کیا، اس فتوے کی تائید ۵۰۰ سو سے زائد علماء نے کی، جن میں، مسجد نبوی کے امام شیخ علی عبدالرحمن، ابن عثیمین، سفر الحوالی، صالح فوزان اور دیگر کبار علماء شامل تھے۔

☆ علما کی غیر سرکاری تنظیم کے قیام کی کوششیں کی تاکہ یہ تنظیم عوام کے لیے مرجع بن جائے۔

Marfat.com

☆ مختلف شہروں میں جا جا کر مسجد میں شیخ نے خطبات دیے اور شرعی طور پر اس مسئلے کو بیان کیا۔

☆ مسجد نبوی کے سب سے بڑے امام استاد العلماء، شیخ القراء شیخ علی عبدالرحمٰن الحذیفی نے خطبۂ جمعہ میں سعودی عرب میں امریکی فوجوں کے وجود کی شدید الفاظ میں مذمت کی تھی، شیخ علی عبدالرحمٰن الحذیفی، شیخ کی چند پسندیدہ شخصیات میں شمار ہوتے تھے۔ اس کے بعد سعودی فرماں رواں شاہ فہد کے بھائی طلال بن عبدالعزیز نے بی بی سی کی عربی سروس کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا ''امریکہ اور برطانیہ کی یہودی و عیسائی مسلح افواج جزیرہ عرب میں سعودیہ کی خواہش کے برعکس زبردستی پنجے گاڑے ہوئے ہیں''۔ بی بی سی نے جب اس سے پوچھا کہ امریکہ و برطانیہ کی افواج جزیرہ عرب میں موجود ہیں ان افواج کو آپ کے خیال میں قیام کرنا چاہیے یا نہیں تو طلال بن عبدالعزیز نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ ''امریکہ اور برطانیہ کی افواج کے بارے میں رائے دینے کا کوئی فائدہ نہیں کیونکہ اگر ان سے کہا جائے کہ جزیرہ عرب سے نکل جاؤ تو وہ کبھی بھی نہیں نکلیں گے اور جزیرہ عرب کے حکمران امریکہ و برطانیہ کے آگے بے بس ہیں''۔

شیخ نے سعودی شاہی خاندان کی مخالفت صرف اس لیے شروع کی کہ اس خاندان کی یہود و نصاریٰ سے قربتیں بہت بڑھ گئیں حد تو یہ ہے کہ شاہ فہد نے ملکہ برطانیہ کے ساتھ ایک تقریب میں صلیب اپنے گلے میں لٹکالی اور عراق کے کویت پر حملے کے بعد ۱۹۹۰ء میں امریکی افواج کو ارض حرمین میں لانے کا باعث بھی یہی فہد اور اُس کے حواری بنے۔

آپ کی خواہش تھی کہ سرزمین حرمین کے حکمران ایک اللہ سے ڈریں، اُسی پر توکل کریں اور صلیبیوں کو اس مبارک سرزمین پر پنجے گاڑنے کا موقع دینے کی بجائے مجاہدین کا ساتھ دیں...... جس کے نتیجے میں یہود و نصاریٰ کے مسلمانوں کے مقدسات پر قبضے کے ناپاک منصوبے بھی کامیاب نہ ہونے پاتے۔ لیکن آپ کی تمام تر کاوشوں کے جواب میں آپ کا ساتھ دینے والے علمائے کرام کو قید و بند کی صعوبتوں میں ڈالا گیا اور آپ کو نظر بند کر دیا گیا۔ صرف اسی پر اکتفا نہ کیا گیا بلکہ ۳ سال بعد ۷ اپریل ۱۹۹۴ء کو مصر کے صدر حسنی مبارک کی درخواست پر سعودی حکومت نے ان کی شہریت منسوخ کر دی۔ آپ اس وقت سوڈان میں مقیم تھے۔

سوڈان

نظر بندی کی زندگی گزارنا شیخ کے لیے بے حد مشکل تھا۔ لہٰذا آپ نے ترکِ وطن

Marfat.com

کی سنت کو زندہ کیا...... آپ نے سوڈان کو اپنا مستقر بنانے کا فیصلہ کیا، شیخ نے اپریل ۱۹۹۱ء میں سوڈان کی طرف ہجرت کی۔ شیخ کے وہاں جانے کے بعد بہت بڑی تعداد میں مجاہدین بھی وہاں ہجرت کر کے آ گئے۔ اس وقت سوڈان میں عمر البشیر کی زیر قیادت حکومت قائم تھی۔ جو اس ملک میں شرعی نظام کے نفاذ میں سنجیدہ بھی تھی اور اس کے لیے عملی اقدامات بھی کر رہی تھی۔ اسی لیے آپ کی نظرِ انتخاب اس سرزمین پر پڑی، سوڈان کی جنوبی سرحد پر عرصے سے عیسائی قبائلی بغاوت چل رہی تھی۔ سوڈان کی اسلامی حکومت اس محاذ پر کامیاب ہوتی نظر آئی تو اس کی شمالی سرحد پر مصر کے ساتھ اس کے جھگڑے شروع کروا دیے گئے اور دہشت گردی کا الزام لگا کر امریکہ نے اس غریب ملک کا اقتصادی بائیکاٹ شرع کروا دیا تا کہ ملک میں بارشیں نہ ہونے سے خوراک کی جو کمی شروع ہوئی تھی وہ مکمل قحط میں بدل جائے اور اس طرح سوڈان کو ایتھوپیا کی سی کیفیت میں مبتلا کر کے اسلامی حکومت قائم کرنے کی سزا دی جائے۔ شیخ اسامہ نے سوڈان جا کر مختلف زرعی فارم قائم کیے، زرعی فارم کامیاب ہو گئے، سوڈان خوراک میں خود کفیل ہو گیا، چینی بر آمد کرنے لگا اور قحط صرف جنوب کے قبائل تک محدود رہا۔

اس کے بعد شیخ اسامہ نے خرطوم ایئر پورٹ کو جدید تقاضوں کے مطابق مرمت کروایا۔ خرطوم سے بحیرہ احمر تک پورٹ سوڈان تک ۱۲۰۰ کلومیٹر پرانی سڑک کی جگہ نئی سڑک تعمیر کی۔ اس نئی شاہراہ کی تعمیر سے خرطوم سے پورٹ سوڈان کا فاصلہ صرف ۸۰۰ کلومیٹر رہ گیا۔ اس کام میں بھی عراق سے تعلق رکھنے والے مجاہد، انجینئر محمد سعد کا مرکزی کردار رہا۔ سوڈان میں قیام کے دوران شیخ اسامہ نے الشمال الاسلامی، نامی مالیاتی ادارہ ۵۰ ملین ڈالر کی ذاتی خطیر رقم سے قائم کیا۔ اس کے علاوہ 'العقیق' کے نام سے کمپنی بھی قائم کی تھی جو سوڈان کی قیمتی معدنیات سپلائی سے متعلق تھی۔ شیخ نے مختلف ناموں سے پاکستان، افغانستان، یمن وغیرہ میں کاروباری اغراض کے لیے رقوم مہیا کیں، جن کا منافع جہاد کی نصرت کے لیے استعمال ہوتا۔ شیخ اسامہ کی ان خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ۱۹۹۶ء میں سوڈانی حکومت نے انہیں "قومی تمغہ" سے نوازا۔ یہ تمغہ ایک سرکاری تقریب، جس کی صدارت سوڈان کے صدر عمر البشیر نے کی، میں دیا گیا۔

شیخ نے سوڈان کی تباہ حال معیشت کو سہارا دینے کے لیے متعدد اقدامات کیے مثلاً شیخ نے الہجرہ کنسٹرکشن اینڈ ڈویلپمنٹ کی بنیاد رکھی اور متعدد منصوبوں پر کام شروع کر دیا۔ پورٹ سوڈان میں جدید بین الاقوامی ایئر پورٹ تعمیر کیا۔ اسی طرح 'الثمر المبارک' نامی کمپنی

Marfat.com

نے خرطوم کے علاوہ مشرقی سوڈان میں بھی زرعی مقاصد کے لیے اراضی کی خریداری کی۔ شیخ نے توانائی کے بحران کی زد میں رہنے والے اس ملک کے لیے سستے نرخوں پر عالمی مارکیٹ سے تیل بھی خریدا۔

سوڈان میں شیخ نے پانچ سال گزارے اور وہاں حکمرانوں کے ساتھ ساتھ علمائے کرام سے بھی بہت گہرے مراسم رکھے۔ اس دوران میں ان پر ایک قاتلانہ حملہ بھی ہوا جس میں وہ زخمی ہوئے۔ سوڈان میں قیام کے دوران میں انہوں نے دنیا بھر کی جہادی تحریکوں کو مالی معاونت فراہم کی جیسے افغانستان، بوسنیا، چیچنیا، یمن وغیرہ۔

مجاہدین کے نیٹ ورک کو یہیں سے منظّم کرنے کی کوشش بھی کی۔ امریکہ نے سوڈان کے سربراہ عمر البشیر اور فکری رہنما حسن الترابی پر دباؤ ڈالا کہ ملک میں القاعدہ نیٹ ورک منظّم ہو رہا ہے نتائج بھگتنے کے لیے سوڈان تیار رہے یا پھر القاعدہ کو اپنی سرزمین استعمال نہ کرنے دے۔ چنانچہ اسی دوران میں امریکی افواج صومالیہ میں اتاری گئیں، کہا یہ گیا کہ وہ القاعدہ کو سوڈان سے بھگا کر دم لے گی لیکن شیخ کی قیادت میں القاعدہ صومالیہ میں اس حد تک منظّم ہو چکی تھی کہ انہوں نے امریکی افواج کی صومالیہ آمد پر ہی ایک امریکی ہیلی کاپٹر مار گرایا اور پائلٹ کو صومالیہ کی سڑکوں پر گھسیٹا اس سارے منظر کو امریکی چینل سی این این کئی دنوں تک دکھاتا رہا جس کی وجہ سے امریکی عوام میں سخت پریشانی اور سراسیمگی پھیل گئی۔ امریکی عوام نے حکومت کو اس امر پر موردِ الزام ٹھہرایا کہ اس نے امریکی افواج کو القاعدہ کے مقابلے میں صومالیہ بھیجا؟ اس پر بڑی ردوقدح ہوئی بالآخر امریکہ نے اپنی افواج کو چند ہفتوں کے اندر اندر ہی واپس بلا لیا۔ امریکی افواج کے فوری انخلاء پر تبصرہ کرتے ہوئے شیخ اسامہ نے فرمایا۔

''امریکی تو کاغذی شیر نکلے ہیں، میں تو انہیں سخت جان حریف تصور کرتا تھا''۔

سوڈان امریکہ کا دباؤ برداشت نہ کر سکتا اور اس نے شیخ کو سوڈان چھوڑنے کے لیے کہا۔ سوڈانی قیادت ایسی جرأت و ہمت کا مظاہرہ نہ کر سکی جو اس سے متوقع تھی۔ تاہم جن دنوں شیخ وہاں قیام پذیر رہے، انہیں وہاں منظّم ہونے اور صومالیہ میں کام کو منظّم و مربوط کرنے کا اچھا موقع ملا اسی بنا پر آج صومالیہ مجاہدین کا اہم مرکز بن چکا ہے۔ ڈاکٹر ایمن الظواہری، ابوحمزہ، المہاجر، خالد شیخ محمد، ابوایوب العراقی، ابومصعب الزرقاوی جیسی لیڈر شپ اسی زمانے میں آپس میں مربوط ہوئی۔

امریکہ نے سوڈان سے اپنا سفیر واپس بلا لیا اور کہا کہ جب تک شیخ کو نہیں نکالا

Marfat.com

جائے گا وہ سفیر واپس نہیں بھیجیں گے۔ امریکی دباؤ کے نتیجے میں سوڈان کی حکومت نے شیخ سے کہا کہ وہ سوڈان چھوڑ دیں۔

افغانستان

بالآخر آپ نے ۱۹۹۶ء میں سوڈان کو بھی خیر باد کہا اور افغانستان کی جانب رخت سفر باندھا۔ افغانستان میں یہ زمانہ طالبان کی اٹھان کا زمانہ تھا...... اللہ تعالیٰ ایک مردِ کوہستانی (ملا عمر مجاہد) کے ہاتھوں افغانستان میں امارتِ اسلامیہ کا قیام کروا رہا تھا...... اسی دوران یہ بندۂ صحرائی بھی اس مردِ کوہستانی کے ساتھ آملا...... یوں شیخ اسامہ کو اپنا مطلوب کامل حاصل ہوگیا...... یہ سعادت بھی اللہ تعالیٰ نے امیر المومنین ملا محمد عمر مجاہد نصرہ اللہ کے مقدر میں لکھی تھی کہ وہ کل عالم میں توحید کا نقارہ بجانے والے مجاہدین کے پشتی بان بنیں...... وہ مجاہدین جن کے پاس عالمی کفر کے لیے ذلت و رسوائی کا پیغام تھا...... ان کے قائد شیخ اسامہ پاکستان، سعودی عرب، سوڈان میں تہی دامن رہے لیکن اس مردِ درویش کی صورت میں انہیں اپنا گوہر مقصود ہاتھ آ گیا۔

طالبان سے تعلق اور امیر المومنین ملا محمد عمر مجاہد سے بیعت

شیخ مشرقی جلال آباد میں مولوی یونس خالص کے زیر کنٹرول علاقہ میں رہے۔ امیر المومنین خود شیخ سے ملنے آئے اور انہیں طالبان کا مہمان قرار دیا۔ شیخ نے طالبان کی حکومت کے قیام میں تعاون کیا۔ جب افغانستان میں امارت اسلامی قائم ہوگئی اور ملا محمد عمر مجاہد نصرہ اللہ، امیر المومنین بن گئے تو شیخ نے امیر المومنین کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔ انہوں نے امیر المومنین کو ایک بم پروف مکان بنوا کر تحفے میں دیا۔

امریکہ نے کئی بار اسامہ بن لادن کو گرفتار کرنے کی کوشش کی مگر وہ ہر مرتبہ بری طرح ناکام رہا۔ ۱۹۹۶ء اور ۱۹۹۷ء میں امریکی کمانڈوز اور ایف بی آئی کے ارکان جنوبی افغانستان میں اترتے رہے مگر انہیں ہمیشہ ناکامی کا ہی سامنا کرنا پڑا۔ شیخ اسامہ کے خلاف ۱۹۹۶ء میں ایک بڑا آپریشن ہوا۔ جسے پاکستان اور امریکہ نے خفیہ رکھا۔ ۱۷ امریکی کمانڈوز نے اس آپریشن میں حصہ لیا جبکہ ان میں ۷ کے قریب ایف بی آئی کے اہل کار جدید سیٹلائٹس سسٹم کے ذریعے واچ کر رہے تھے اور ہدایات دے رہے تھے۔ اس آپریشن میں شیخ اسامہ کے ساتھی مجاہدین اور امریکی کمانڈوز میں شدید مڈبھیڑ ہوئی لیکن امریکہ کا یہ آپریشن بری

Marfat.com

طرح ناکام ہوا۔ اس آپریشن میں ۱۲ امریکی کمانڈوز ہلاک ہوئے۔

شیخ نے افغانستان کے ماحول میں بیٹھ کر قاعدۃ الجہاد کی از سرِ نو تنظیم کی اور دنیا بھر میں امریکی مفادات کو نشانہ بنانے کی کاروائیاں تیز کر دیں۔ شیخ نے اپنے جہادی معسکرات زیادہ تر جلال آباد سے قریب تورا بورا میں قائم کیے۔ ۱۹۹۷ء میں امریکی صدر بل کلنٹن نے شیخ کی حوالگی کے لیے طالبان پر دباؤ ڈالا مگر طالبان نے اپنے مہمان کو امریکہ کے حوالے کرنے سے انکار کر دیا، جس کے بعد طالبان اور امریکہ میں تلخی کافی بڑھ گئی۔ اسی دوران مئی ۱۹۹۸ء میں کینیا اور تنزانیہ میں امریکی سفارت خانوں میں بم دھماکے ہوئے، جن میں بڑی تعداد میں امریکی مارے گئے۔ ۱۹۹۸ء میں امریکہ نے کروز میزائلوں سے افغانستان اور سوڈان پر حملہ کیا اور دعویٰ کیا کہ حملے میں شیخ کی زندگی کو ختم کرنا تھا۔ اللہ نے اس شر میں سے یہ خیر برآمد کیا کہ اس حملے کے بعد شیخ کو اسلامی دنیا میں ایک شناخت ملی۔ پوری دنیا میں ہر جگہ انہی کا تذکرہ ہونے لگا۔ اس حملے کے بعد القاعدہ ہی پوری دنیا میں امریکی عزائم اور جارحیت کے سامنے واحد مدِ مقابل کے طور پر پہچانی جانے لگی۔ ان حملوں کے بعد دنیا بھر کے مخلص مسلمانوں کا رخ القاعدہ کی جانب ہو گیا۔ ان حملوں کے بعد شیخ نے زیادہ احتیاطی تدابیر اختیار کرنا شروع کر دیں اور عوامی اجتماعات میں شرکت سے اجتناب برتنا شروع کر دیا۔

اس وقت شیخ نے طالبان کو لاحق ہونے والی ممکنہ پریشانیوں کے پیش نظر افغانستان چھوڑ کر کہیں اور چلے جانے کی کوشش کی۔ اس پر امیر المومنین نے کہا، ''اس کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، آپ ہم میں سے ہیں اور آپ ہمارے ہی ساتھ رہیں گے''۔

یوں مجاہدین کو ایک ایسا خطہ میسر آیا جس میں رہ کر وہ رباط و جہاد کے فرائض کو پورا کر سکتے تھے...... تربیت و تدریبِ جہاد کے مراحل کو بخوبی طے کر سکتے تھے...... دنیا بھر کے کفار کے مقابل اپنی صفوں کو مرتب و منظم کر سکتے تھے...... انہیں مکمل یکسوئی اور اطمینانِ قلب حاصل ہوا اور وہ پوری دنیا میں پھیلے ہوئے صلیبی و صہیونی اہداف کا بغور جائزہ لینے کے بعد اُن پر ضربیں لگانے کی منصوبہ بندی کر سکتے تھے...... یہ امارت اسلامیہ افغانستان ہی کا فیض تھا کہ دنیا بھر سے مجاہدین جہاد و رباط کا اجر سمیٹنے کے لیے جوق در جوق یہاں آنے لگے...... پھر انہی مجاہدین کی کاوشوں اور کوششوں سے طاغوتِ اکبر امریکہ اپنی بلوں میں نکل کر 'سلطنتوں کے اس قبرستان' میں آوارد ہوا...... اور آج وہ یہاں سے بھاگ نکلنے کے لیے جتن کر رہا ہے...... لیکن مجاہدین آج بھی قائم و دائم ہیں...... امیر المومنین کی قیادت میں امارت اسلامیہ

Marfat.com

افغانستان کا احیا ہونے کو ہے...... شیخ کا قافلہ...... جہاد رواں دواں ہے اس قافلے کے سامنے وہی منزل ہے جس کا تعین شیخ نے کیا تھا...... یعنی سرزمین فلسطین اور مسجد اقصیٰ کے یہودیوں سے بازیابی، سرزمین حرمین سے صلیبی افواج کا اخراج...... اور پوری دنیا کے طواغیت کو نیچا کر کے اللہ کی توحید اور حاکمیت کو بالفعل ساری زمین پر نافذ کرنا......

دنیا کے مسلم خطوں میں جہاد کی اٹھان میں شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ کا کردار

امت مسلمہ کی تاریخ میں ایسے متعدد ادوار آئے کہ جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے دین کی نصرت کے لیے ایک فرد سے ایک امت کے برابر کام لیا۔ جب چہار جانب سے کفر کے لشکر امت پر حملہ آور ہوئے تو بسا اوقات اللہ تعالیٰ نے ان لشکروں کے مقابل ایک فرد کو کھڑا ہونے کی توفیق دی اور اُس ایک فرد کے جلو میں مجاہدین کے ایسے قافلے تیار ہوئے جنہوں نے کفر کی منہ زور آندھیوں کا مقابلہ کیا......دشمنان خدا کو ہر میدان میں نیچا کر دکھایا، امتِ توحید کو رب واحد کی نصرتوں پر بھروسہ کرنا سکھایا اور کفر کے مہیب اندھیروں کو مات دیکر اسلام کی روشنی سے عالم کو منور کیا۔

دورِ حاضر میں اللہ تعالیٰ نے اپنے دین کی ایسی ہمہ جہت نصرت کے لیے اس سر زمین کے فرد کا انتخاب کیا جس کے متعلق وحی ﷺ نے فرمایا ''ایمان یمن کا ہی اچھا ہے اور حکمت بھی یمن ہی کی (بہتر) ہے'' (صحیح مسلم)۔ شیخ اسامہ بن لادن کو اللہ تعالیٰ نے اس منصب کے لیے چنا اور ان کے ذریعے کرۂ ارض کے اطراف و اکناف میں جہاد کی شمعیں روشن ہوئیں...... امت پر چھائی سراسیمگی، ذلت اور غلامی کا دور لد گیا...... کفار کی مضبوط ہوتی گرفت توڑ ڈالی گئی...... یہود و نصاریٰ کے لشکر، اُن کے حواریوں کا کاسہ لیسوں کی افواج شیخ اسامہ کے تیار کردہ مجاہدین کی مختصر سی جماعت کے سامنے بے بس و لاچار ہونے لگی...... مشرق و مغرب کے مسلمانوں کو صرف ایک شخص کے اخلاص، وفا، جذبہ شہادت، عزم، ہمت، انفاق فی سبیل اللہ، جرأت، دلیری، بہادری اور استقامت نے اللہ کے باغیوں کے سامنے فاتحانہ شان سے کھڑا ہونے کا حوصلہ بخشا اور ہر قلبِ مسلم سے یہ آواز ابھر کر سامنے آئی کہ

ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی

دوسری جانب یہی ایک شخص دنیا بھر کے طواغیت کے لیے رعب اور دہشت کی علامت قرار پایا۔ کفار کے لشکر اُس کے خوف سے دنیا کے ہر خطہ میں لرزاں رہتے، اُن کی ٹیکنالوجی اللہ

Marfat.com

کے اس بندے کے ایمان کے آگے پانی بھرتی نظر آتی، اُن کی افواجِ قاہرہ اپنی تم تر حشر سامانیوں کے باوجود اس شخص کی برپا کی ہوئی تحریک جہاد وقتال کے مقابل عاجز اور نامراد ٹھہریں......

یہ ہیں امت مسلمہ کے قابل فخر سپوت، بطل جلیل شیخ اسامہ بن لادن......جن کے ہاتھوں منظّم کی گئی مجاہدین کی صفیں اور جن کے ترتیب دیے ہوئے جہادی قافلے دنیا بھر میں اللہ کے دین کی نصرت اور اس کے نفاذ کے لیے رواں دواں ہیں۔ ان کے جہادی منہج میں مسلمانوں کے قبلۂ اول اقصیٰ کی آزادی وراسرائیل کے ناجائز باپ امریکہ کی تباہی بنیادی نکتہ ہے اور اللہ کی نصرت سے یہی مجاہدین کفار کے لیے تباہی و بربادی کا باعث بھی بن رہے ہیں اور امت کے زمانۂ عروج وتمکین کا پتہ بھی دے رہے ہیں۔ ایسا کیوں نہ ہو جب کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے دین پر فدا ہونے والوں سے وعدہ کیا ہے:

اِنَّا لَنَصر رُسولنا والدین آمنو فی الحیاۃ الدنیا (الغافر: ۵۱)

''ہم اپنے پیغمبروں کو اور جو لوگ ایمان لائے ہیں، ان کی دنیا کی زندگی میں بھی مدد کرتے ہیں''۔

شیخ اسامہ جیسی عبقری شخصیات پر شیخ عبداللہ عزام کے یہ الفاظ صادق آتے ہیں

''وہ بہت کم افراد ہیں جو اسلام کی مبادیات اٹھانے والے ہیں۔ اور وہ ان میں سے بھی تھوڑے ہیں جو ان مبادیات کی تبلیغ کے لیے دنیا بھر میں نکلتے ہیں۔ پھر ان میں سے بھی وہ بہت کم ہیں جو ان مبادیات کی تائید میں اپنا خون اور اپنی جان تک پیش کر دیتے ہیں۔ اور یہی لوگ جو قلیل میں سے قلیل افراد ہیں ان کے راستے کے سوا کسی اور راستے سے بزرگی اور شرف حاصل کرنا ممکن نہیں اور یہی عزت وفلاح کا واحد راستہ ہے''

شیخ اسامہ اور ان کی فکر نے پوری دنیا میں برپا جہادی تحریکوں میں کیا کردار ادا کیا......اسی کا جائزہ آئندہ سطور میں لیا جائے گا۔

یمن

یمن ایک ایسا اسلامی ملک ہے جہاں زبان کے سوا باقی تمام عوامل افغانستان سے خاصے مماثلت رکھتے ہیں، جغرافیائی اور تمدنی لحاظ سے اسے افغانستان کا جڑواں ملک کہا جاسکتا ہے۔ شیخ اسامہ بن لادن کا آبائی تعلق بھی یمن ہی سے ہے۔ مجاہدین نے ۱۹۹۴ء میں یمن میں تربیت کے لیے کچھ کیمپ قائم کیے تھے۔ عدن اور زنجبار کے درمیانی علاقے میں جو

Marfat.com

عدن سے ۱۷۰ کلیومیٹر فاصلے پر ہے ''جبال المراقشہ'' میں القاعدہ کے معسکر قائم رہے۔ اسی وادی کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ علاقے میں امریکہ کو سب سے زیادہ خوف زدہ اس وادی نے کیا کیونکہ یہاں القاعدہ کے ٹریننگ کیمپ رہے ہیں ۱۹۸۹ء میں شیخ اسامہ عرب لوٹے اور وہاں جا کر انہوں نے جنوبی یمن میں جہاد کے لیے تیاری شروع کی۔

یمن کی 'جماعۃ الجہاد' نے ۱۹۹۸ء میں اپنا نام تبدیل کر کے 'جیش عدن' رکھ لیا تھا، نام کی یہ تبدیلی شیخ اسامہ کی خواہش پر ہی کی گئی تاکہ افغانستان کے علاوہ یمن کے پہاڑوں کو بھی جہاد و رباط کا مرکز بنایا جاسکے۔ یہ جماعت خطے میں امریکی مفادات کے خلاف جنگ کے لیے تیار کی گئی تاکہ یہاں سے دباؤ ڈال کر خطے میں موجود امریکی فوج کو نکلنے پر مجبور کیا جائے۔ ۱۹۹۸ء میں اس جماعت کے بعض راہ نماؤں جن میں زین العابدین بن علی ابو بکر المحھار شامل تھے نے اعلان کیا تھا کہ ان کی جماعت میں پچاس ہزار سے زائد مجاہدین ہیں جن کے پاس اسلحہ ہے جو یمنی فوج کے استعمال میں ہے۔ یمن میں جزیرہ سقوط و عدن شہر و حدیدہ شہر میں امریکی فوجی اڈے قائم ہیں۔

یمن عرصہ تک دو ٹکڑوں میں بٹے رہنے کے بعد متحد ہو چکا تھا، وہاں جنوب کو جو پہلے کمیونسٹ بلاک ک حلیف تھا، شمال کے خلاف متحرک کر دیا گیا، پھر سے خانہ جنگی شروع ہو گئی اور لڑائی شدت اختیار کرتی چلی گئی۔ چنانچہ شیخ اسامہ کچھ عرصہ کے لیے سوڈان سے یمن یا اس کے قریب منتقل ہو گئے۔ امریکہ کی بھر پور امداد کے باوجود انہوں نے اپنی حیران کن حکمت عملی سے شمالی یمن کے دفاع کو منظم کیا اور جنوبی یمن کی باغی فوج کو مکمل شکست دلوادی، یمن پھر سے متحد ہو گیا۔

۱۲ اکتوبر ۲۰۰۰ء کو یمن میں مجاہدین نے امریکہ پر ایک کاری ضرب اُس وقت لگائی جب یمن کی بندرگاہ عدن میں امریکی بحریہ کے جدید ترین جنگی جہاز 'یو ایس ایس کول' پر فدائی کاروائی کر کے اُسے تباہ کر دیا گیا۔ اس کاروائی میں ۱۷ امریکی فوجی ہلاک ہو گئے تھے۔ اس کے بعد ہی شیخ اسامہ نے اپنے فلسطینی بھائیوں کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا ''یمن سے آنے والی مدد و نصرت بھی ان شاء اللہ اب رکنے نہ پائے گی''۔ ۱۷ ستمبر ۲۰۰۸ء کو یمن میں مجاہدین نے دارالحکومت صنعاء میں امریکی سفارت خانے پر شہیدی حملہ کیا، جس میں سولہ افراد ہلاک ہوئے۔

امریکہ کی اندرونی سلامتی اور سرکاری امور کی کمیٹی کے چیئر مین اور امریکی ریاست کونیکٹ سے آزاد سینیٹر جوزف لائبر مین، جس سے اگست ۲۰۰۹ء میں یمن کا دورہ کیا تھا کا

Marfat.com

کہنا ہے کہ ''یمن اب لڑائی کا مرکز بن گیا ہے'' سابق برطانوی وزیر اعظم گورڈن براؤن نے یمن میں بڑھی ہوئی اسلامی انتہا پسندی سے نمٹنے کے لیے عالمی اجلاس طلب کیا تھا۔ گورڈن براؤن کے دفتر کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق ۲۸ جنوری ۲۰۱۰ء کو منعقد ہونے والے اس اجلاس کو امریکہ اور یورپی یونین کی حمایت حاصل ہے۔ طالبان اور القاعدہ پر عائد پابندیوں کی مانیٹرنگ سے متعلق اقوام متحدہ کی کمیٹی کے سربراہ رچرڈ بارٹ کا کہنا ہے کہ ''اگر القاعدہ کے ارکان اور ہمدرد یمن میں آسانی سے پناہ اور تربیت پاسکتے ہیں تو افغانستان اور پاکستان میں کی جانے والی کاروائی لا حاصل ہے''۔

اب یمن میں مجاہدین پوری طرح منظّم ہو چکے ہیں...... شیخ ابو بصیر ناصر الوحیشی حفظہ اللہ کی قیادت اور شیخ انور العولقی حفظہ اللہ کی فکری رہنمائی میں یہ مجاہدین، کفر کے لیے مستقل خوف، کی علامت بن چکے ہیں۔ شیخ ابو بصر ناصر الوحیشی جزیرۃ العرب میں تنظیم القاعدۃ الجہاد کے ذمہ دار ہیں۔ آپ افغانستان میں شیخ اسامہ کے ذاتی محافظ بھی رہے، اور گوانتا نامو اور یمن میں 'سنت یوسفی' بھی ادا کرتے رہے۔ فروری ۲۰۰۶ء میں آپ صنعاء کی جیل سے اپنے ۲۳ دیگر مجاہد ساتھیوں سمیت فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔

گذشتہ دنوں مجاہدین کے صداتی محل پر کیے گئے ایک حملے کے نتیجے میں یمنی صدر علی عبداللہ صالح شدید زخمی ہونے کے بعد سعودی عرب فرار ہوگیا۔ مجاہدین یمن میں صوبہ ابا ین اور زنجبار شہر سمیت متعدد علاقوں پر قبضہ کر چکے ہیں، ۲۱ جون ۲۰۱۱ء کو مجاہدین نے یمن کے جنوبی شہر المکلا کی مرکزی جیل توڑ کر م یہاں قید چار سو سے زائد مجاہدین کو رہا کرالیا۔ مستقبل میں اللہ تعالیٰ کی نصرت کے ساتھ خطۂ یمن مجاہدین کے مرکز کے طور پر استعمال ہوگا جہاں سے عالمی کفر کے خلاف جہاد وقتال کے لیے جیوش نکلیں گے، ان شاء اللہ۔

صومالیہ

۱۹۹۰ء امریکی افواج کے جزیرۃ العرب میں آنے کے بعد شیخ اسامہ نے سوڈان کی جانب ہجرت کی۔ اس زمانے میں شیخ اسامہ کے ساتھ عرب مجاہدین کی بہت بڑی تعداد سوڈان میں مقیم تھی۔ صومالیہ کے لیڈر فرح عدید کے سوڈان میں شیخ سے روابط استوار ہوئے۔ سوڈان کی جنوب مشرقی سرحد پر اپوزیشن کی شورش سے صومالیہ میں خانہ جنگی کی حالت پیدا ہوئی اور امریکہ کو امن کے نام پر مداخلت کا موقع مل گیا۔ امریکہ نے اقوام متحدہ کی طرف

Marfat.com

سے فوجیں اتار کر عدید کے مخالف دھڑے کو امداد فراہم کرنی شروع کر دی تاکہ بحیرہ قلزم او
ربحر ہند کے سنگم پر آویزش مستقلاً برقرار رکھی جائے، یہاں امریکی فوج کی موجودگی مشرق وسطی
کے تیل کے گرد محاصرے کو مکمل کر سکتی تھی۔ مگر یہ انتہائی ناعاقبت اندیشانہ فیصلہ تھا۔ شیخ اسامہ
اور ڈاکٹر ایمن الظواہری نے جنرل فرح عدید، جن کی فوج اس وقت سب گروپوں سے زیادہ
مضبوط تھی، سے رابطہ کیا اور انہیں ہر طرح کی مدد کا یقین دلایا۔ جس کے نتیجے میں صومالیہ کے
گوریلوں کے ساتھ عرب مجاہدین نے مل کر امریکہ کے خلاف کاروائیاں شروع کر دیں۔ یہ
کاروائیاں اتنی منظّم اور موثر تھیں کہ امریکہ و دس ماہ کے اندر اندر صومالیہ کو خالی کرنا پڑ گیا۔
جنرل فرح عدید کی فوجوں نے القاعدہ مجاہدین کے ساتھ مل کر ایسی گوریلا جنگ کا آغاز
کیا جس نے امریکیوں کو چکرا کر رکھ دیا۔ اس جنگ میں القاعدہ نے قطعاً الیکٹرانک مواصلاتی
آلات استعمال نہیں کیے تاکہ انہیں سکین نہ کیا جا سکے رابطے کے لئے افریقہ کا قدیم سلسلہ
مواصلات استعمال کیا گیا' یہ جانوروں کی بولیاں اور ناریل کے خالی خول سے نکالی جانے والی
آوازیں تھیں۔

اس جنگ میں تین سو امریکی فوجی جہنم واصل ہوئے، بہت سے فوجیوں کی لاشیں
مقدیشو کی سڑکوں پر گھسیٹی گئیں، سی این این یہ مناظر زیادہ دیر تک اپنے عوام کو نہ دکھا سکا۔
جیسے ہی لاشیں امریکہ پہنچنا شروع ہوئیں امریکہ پر فوج واپس لانے کے لیے داخلی دباؤ بڑھ
گیا اور اسے ذلت کے ساتھ صومالیہ چھوڑنا پڑا، اس کے پیچھے بہت سے امریکی ہیلی کاپٹروں کا
ملبہ رہ گیا...... امریکہ کے خلاف یہ القاعدہ کی بہترین حکمت عملی تھی۔ امریکیوں کو القاعدہ کے
بازوؤں کا اندازہ ہو چکا تھا۔ صومالیہ میں امریکہ کے خلاف شیخ اسامہ اور عرب مجاہدین کی
کاروائیاں ایک الگ طویل داستان ہیں، اس کے بعد شیخ اسامہ امریکہ کو مطلوب ''دہشت
گردوں'' میں سرفہرست آ گئے۔ اس کے چند ہفتوں بعد سعودی عرب میں دہران کے امریکی
اڈے کے دھماکے میں سیکڑوں امریکی فوجی ہلاک ہو گئے سوڈان میں قیام کے دوران عرب
مجاہدین نے اقوام متحدہ کی فوج میں شامل امریکی فوجیوں پر حملے کر کے ان کو ہلاک کیا۔
صومالیہ میں امریکی فوج کے خلاف کاروائیوں کے متعلق شیخ اسامہ فرماتے ہیں:

''یہ سچ ہے کہ ہمارے مجاہدین صومالیہ میں فرح عدید کے ساتھ مل کر امریکی فوج
کے خلاف لڑے۔ امریکہ نے اقوام متحدہ کی آڑ میں صومالیہ میں اپنے اڈے بنانے کی کوشش
کی تاکہ وہاں سے سوڈان اور یمن پر قبضہ کیا جا سکے۔ ہر خطۂ اسلام ہمارا گھر ہے، امریکہ

Marfat.com

ہمارے گھروں میں گھس آیا ہے، امریکہ نے فلسطین اور عراق میں مسلمانوں کو قتل کیا اور صومالیہ میں کہا کہ ہم مسلمانوں کو پناہ دیں گے، یہ امریکہ کی منافقت اوردو غلے پن کا بین ثبوت ہے۔ ہم نے اس کے خلاف جہاد کیا ہمارے مجاہدین نے فرح عدید کے ساتھ مل کر امریکیوں کو مارا ہمیں اپنے جہاد پر کوئی شرمندگی نہیں، آپ حیران ہوں گے کے فرح عدید کے پاس صرف ۳۰۰ سپاہی تھے جبکہ ہم نے ۲۵۰ مجاہدین بھیجے تھے۔ ایک دھماکے میں ۱۰۰ امریکی فوجی مارے گئے۔ جھڑپوں میں مزید ۱۸ امریکی مارے گئے۔ ایک دن ہمارے ساتھیوں نے امریکی ہیلی کاپٹر مار گرایا، پائلٹ نے پیراشوٹ سے چھلانگ لگائی، اسے پکڑ لیا گیا اور ٹانگ میں رسی باندھ کر صومالیہ کی سڑکوں پر گھسیٹا گیا، جس کے بعد ۲۸ ہزار امریکی فوج صومالیہ سے بھاگ گئے۔ ہم نے دنیا کو بتا دیا کہ امریکہ کا نیو ورلڈ آرڈر چلنے نہیں دیں گے"۔

۱۹۹۲ء اور ۱۹۹۳ء میں شیخ ابوحفص المصری شہید جو کہ شیخ اسامہ کے نائب تھے، نے صومالیہ میں تعینات امریکی اور اقوام متحدہ کے فوجیوں کے خلاف کارروائیوں کی غرض سے متعدد مرتبہ صومالیہ کا دورہ کیا۔ ۱۹۹۳ء کے موسم بہار میں شیخ سیف العادل اور شیخ ابوحفص المصری سمیت کئی ذمہ داران نے امریکہ اور اقوام متحدہ کی افواج سے لڑنے کی غرض سے صومالیہ میں قبائل کو عسکری تربیت دی۔ ۳ اور ۴ اکتوبر ۱۹۹۳ء کو مجاہدین نے صومالیہ میں امریکی فوجیوں پر بڑے حملے کیے، ان حملوں میں ۱۸ امریکی فوجی ہلاک ہوئے۔

آج صومالیہ میں موجود مجاہدین، 'الشباب' کے پلیٹ فارم پر متحد ہو چکے ہیں۔ یہ شیخ اسامہ کی محنتوں اور کاوشوں کا ثمر ہے کہ آج الشباب صومالیہ کے اکثریتی علاقوں پر قابض ہے اور وہاں شریعت اسلامیہ نافذ ہے، شریعت اسلامیہ کے اسی نفاذ کے ثمرات آنے والے دنوں میں مجاہدین سمیٹیں گے، ان شاء اللہ

عراق

شیخ ابومصعب الزرقاوی، شیخ اسامہ کے قریبی ساتھیوں میں سے تھے، تورابورا میں بھی شیخ کے ہمراہ ہی تھے۔ ۲۰۰۴ء میں افغانستان سے عراق گئے اور وہاں مجاہدین کو منظم کیا۔ اپریل ۲۰۰۴ء میں شیخ ابومصعب الزرقاوی نے 'جماعت التوحید الجہاد' کے نام سے عراق میں جہادی کارروائیوں کو منظم کیا۔ جس نے عراق میں جہاد کو ایک نئی جہت دی اور فدائی حملوں کا ایک لامتناہی مبارک سلسلہ شروع کیا، جس کی بنا پر شیخ زرقاوی کو امیر الاستشہادیین کہا جاتا ہے۔ ۱۷ اکتوبر ۲۰۰۴ء میں شیخ زرقاوی نے تنظیم القاعدۃ الجہاد فی بلاد الرافدین بنانے کا

Marfat.com

اعلان کیا۔ جنوری ۲۰۰۶ء میں القاعدہ نے مجلس شوریٰ المجاہدین کی بنیاد رکھی جس میں القاعدہ کے علاوہ دیگر تنظیماتِ جہاد بھی شامل تھیں۔ گویا کہ یہ دولۃ العراق الاسلامیہ کے قیام کی جانب ابتدائی قدم تھا، جو شیخ زرقاوی نے اٹھایا۔ یہی مجلس شوری المجاہدین بعد میں دولۃ العراق اسلامیہ کی صورت میں متشکل ہوئی۔

۷ جون ۲۰۰۶ء کو امریکی فضائی حملے میں شیخ زرقاوی شہید ہو گئے۔ شیخ ابو مصعب الزرقاوی شہید کی تین سالہ امارتِ جہاد کو بیان کرنے کے لیے سیکڑوں صفحات بھی کم ہیں۔ اسدالاسلام ابومصعب الزرقاوی کی شہادت کے بعد تنظیم القاعدہ والجہاد فی بلاد الرافدین کے امیر ابوحمزہ المہاجر بنے۔ ایسوسی ایٹڈ پریس کے مطابق ابوحمزہ المہاجر، ابو ایوب المصری کا اصل نام عبدالمومن البدادی تھا۔ اکتوبر ۲۰۰۶ء میں تنظیم القاعدہ کے امیر شیخ ابوحمزہ المہاجر نے عراق کے سنی علاقوں پر مشتمل دولۃ العراق الاسلامیہ کے قیام کا اعلان کیا۔

الجزائر

دنیا میں جہاں کہیں جہاد ہو رہا ہے وہاں شیخ نے مسلمانوں کی مدد کو اپنا شرعی فریضہ گردانتے ہوئے ہر ممکن مدد او تعاون کیا۔ الجزائر میں انتخاب جیتنے والی اسلامی جماعتوں پر جب فوج چڑھ دوڑی تو کفار کا یہی کہنا تھا کہ ''جمہوریت کا تحفظ کرنیوالی بہادر الجزائری فوج کے مقابل درحقیقت اسامہ ہی ہے، وہی فوج کو الیکشن میں ہاری ہوئی جنگ بندوقوں کے ذریعے جیتنے نہیں دیتا''۔

۱۹۹۱ء میں الجزائر میں اسلامک سالویشن فرنٹ نے انتخابات میں کامیابی حاصل کی تو مغربی میڈیا چیخ اٹھا کہ ''الجزائر میں جمہوریت ہار گئی''۔ چنانچہ جیسا کہ امریکہ کا وطیرہ ہے کہ وہ ہر مسلم معاشرے میں وہاں کی فوج کو پہلے ہی 'گود لیے' بیٹھتا ہے اور شریعت کے غلبے یا امارت اسلامی کے قیام کے خطرے کے پیش نظر وہ اپنی غلام فوج کو حکم دیتا ہے کہ وہ آگے بڑھ کر حکومت پر قبضہ کر لے۔ بعینہ اسی طرح الجزائر میں بھی ہوا اور وہاں کی فوج کے ہزاروں اسلام پسندوں کو گرفتار کیا، سیکڑوں کو شہید کیا اور خود اقتدار پر قابض ہو گئی۔ چنانچہ انہوں نے وہاں اپنے اپنے طور پر مسلح جہاد کا آغاز کر دیا۔ ان مجاہدین کا شیخ سے رابطہ اور تعلق تھا اور شیخ ان کی مالی امداد بھی کیا کرتے تھے۔ یہ تمام مجموعات بعدازاں جماعۃ التوحید والقتال کے نام سے منظم ہو گئے اور وہاں بہت مربوط انداز میں مرتدین کو نشانہ بنائے ہوئے ہیں۔ یہاں تک کہ مجاہدین نے الجزائر کی پارلیمنٹ اور بہت

Marfat.com

سے وزراء پر بھی کامیاب حملے کیے ہیں۔ ۲۰۰۷ء میں جماعۃ التوحید والقتال نے تنظیم القاعدہ الجہاد میں ضم ہونے کا اعلان کر دیا، اُن کے امیر شیخ ابو مصعب عبدالودود حفظہ اللہ ہیں۔

شیشان

شیشان کے مسلمان دو سو سال سے روسی استبداد کے خلاف بر سرپیکار ہیں، لیکن موجودہ دور میں اس خطے میں بھی جہاد کی تحریک کو افغانستان میں روسی شکست کے بعد مہمیز ملی۔ شیخ اسامہ کے تیار کردہ مجاہدین اس میدان میں بھی پیچھے نہیں رہے بلکہ روس کو افغانستان سے مار کھانے کے بعد اپنے شیشانی بھائیوں کی نصرت کے لیے کوہ قاف کے علاقے میں پہنچے۔ شیخ خطاب شہید ۱۹۹۵ء میں اپنے ساتھیوں سمیت افغانستان سے شیشان کے لیے روانہ ہوئے۔ شیشان کو دنیا کے مشکل ترین محاذ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ عرب مجاہدین کے شیشان پہنچنے سے پہلے دسمبر ۱۹۹۴ء میں روسی افواج نے شیشان پر حملہ کر دیا۔ ان مجاہدین نے روسی فوج سے دفاع کے لیے اس شدید جنگ میں بھر پور حصہ لیا۔ اگست ۱۹۹۶ء تک جاری رہنے والی اس جنگ میں روس کے سرکاری ذرائع نے ۵۵۰۰ سے زائد روسی فوجیوں کے ہلاک ہونے کی تصدیق کی جبکہ غیر جانب دار حلقے ۱۴۰۰۰ سے زائد رسی فوجیوں کے مردار ہونے کی تصدیق کرتے ہیں۔

۲۶ اگست ۱۹۹۹ء کو روس نے ایک بار پھر شیشان پر چڑھائی کر دی۔ اس جنگ میں بھی مجاہدین نے روسی افواج کا ڈٹ کا مقابلہ کیا۔ مئی ۲۰۰۰ء تک جاری رہنے والی اس جنگ میں Committee of Soldiers's Mothers نامی تنظیم کے مطابق ۱۱۰۰۰ سے زائد روسی فوجی مردار ہوئے۔

عرب مجاہدین نے اس مشکل ترین محاذ پر روس کے خلاف کئی ایک کامیاب کاروائیاں سرانجام دیں۔ آپریشن خرتا شوئی ۱۹۹۵ء آپریشن شاتوئی ۱۹۹۶ء آپریشن یشمر دے ۱۹۹۷ء اور روس کے اندر کیا جانے والا داغستان آپریشن ۱۹۹۷ء، ۱۹۹۹ء۔ ان مجاہدین کی ایک انتہائی دلیرانہ کاروائی ۱۶ اپریل ۱۹۹۶ء کو کیا جانے والا آپریشن شاتوئی تھا۔ اس کاروائی میں ۵۰ مجاہدین نے داغستان روس جانے والے ایک فوجی قافلے پر گھات لگا کر حملہ کیا۔ روسی فوجیوں کا یہ قافلہ ۵۰ گاڑیوں اور مع ساز وسامان کے واپس جا رہا تھا۔ جونہی قافلہ گھات میں آیا، مجاہدین نے قافلے پر حملہ کیا اور انہوں نے ہلکے و بھاری ہتھیاروں کے ذریعے سیکڑوں

Marfat.com

فوجی موت کے گھاٹ اتار دیے۔ حملہ اس قدر تیز اور شدید تھا کہ کسی روسی فوج کو سنبھلنے کا موقع نہ مل سکا اور سبھی اپنی ۵۰ کے قریب گاڑیوں سمیت جہنم واصل ہو گئے۔ ان کی لاشیں دور دور تک بکھری پڑی تھیں۔ روسی فوجی ترجمان کے مطابق اس حملے میں 223 روسی فوجی مارے گئے جن میں 26 سینئر افسر بھی شامل تھے۔

۲۰ مارچ ۲۰۰۲ء کو شیخ خطاب کی شہادت کے بعد شیخ ابو الولیدی نے شیشان میں عرب مجاہدین کی کمان سنبھال لی اور روس کے خلاف جہاد کی قیادت کرتے رہے۔ شیخ ابو الولید نے شیشان کے متذکرہ بالا دونوں جنگوں کے دوران متعدد مرتبہ کارہائے نمایاں سر انجام دیئے۔ ۱۶ اپریل ۲۰۰۴ء کو شیخ ابوالولید شہید ہوئے، ان کے بعد شیخ ابو حفص الاردنی شہید نے شیشان میں موجود عرب مجاہدین کی قیادت سنبھالی۔ شیخ ابو حفص نومبر ۲۰۰۶ء کو روسی افواج سے مقابلے کے دوران شہید ہو گئے۔ انکی شہادت کے بعد شیخ ابو انس مھند عرب مجاہدین کے امیر مقرر ہوئے۔ آپ کے زیر قیادت عرب مجاہدین نے شیشانی مسلمانوں کے ساتھ مل کر روس کے خلاف متعدد کامیاب کاروائیاں کیں۔ جن میں ماسکو ایئر پورٹ پر حملہ، ماسکو میں تھیٹر پر حملہ اور زیر زمین ٹرینوں کو نشانہ بنانے جیسی کاروائیاں شامل ہیں۔ آپ ۲۱ اپریل ۲۰۱۱ء کو روسی افواج کا مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہوئے۔

بوسنیا

۱۹۹۳ـ۹۴ء میں بلقان کے علاقے بوسنیا میں جنگ کی آگ بھڑکی، یورپ کے قلب میں مسلمانوں پر سرب عیسائیوں کے مظالم انتہا کو پہنچ چکے تھے۔ اس صورت حال میں افغانستان میں موجود عرب مجاہدین کے لیے ایک نیا محاذ منتظر تھا۔ وہ تو اسلام کے مجاہد تھے ان کے لیے جغرافیائی سرحدیں کوئی حیثیت نہیں رکھتیں، جہاں مسلمان پکاریں وہ دوڑتے چلے جائیں گے۔ شیخ کی دینی فکر نے انہیں افغانستان میں چین سے نہ بیٹھنے دیا اور انہوں نے عرب مجاہدین کو بوسنیا پہنچنے کا عندیہ دے دیا۔ بے شمار عرب مجاہدین ترکی کے راستے مشرقی یورپ سے ہوتے ہوئے بوسنیا میں داخل ہو گئے، ان مجاہدین میں شیخ ابو الولید شہید بھی شامل تھے، جو بعد میں شیشان میں عرب مجاہدین کے قائد کے طور پر ابھرے۔ یہ وہ دور تھا جب بوسنیا میں مسلمانوں کو گھیر کر قتل عام کا سلسلہ جاری تھا۔ مجاہدین کے بلقان میں پہنچتے ہی جنگ کا پانسہ مسلمانوں کے حق میں پلٹنا شروع ہو گیا۔ اس غیر متوقع تبدیلی کے پیش نظر ہی امریکہ و

Marfat.com

یورپ مسلمانوں کو بدنام زمانہ ڈیٹن سمجھوتے پر مجبور کرتے رہے اور آخر کار اس دباؤ کی وجہ سے ہی بوسنیا کے صدر علی عزت بیگووچ نے ڈیٹن سمجھوتے کو کڑوی گولی سمجھ کر نگل لیا۔ شیخ یہاں بھی امریکی عزائم کے سامنے حائل رہے، جس کی وجہ سے امریکہ اور یورپ بلقان کے علاقے میں پوری طرح مطلوبہ نتائج حاصل نہ کر سکے۔

جموں و کشمیر

کشمیر کے مسلمان ایک طرف ہندو بنیے کے جبر کا شکار ہیں جبکہ دوسری طرف پاکستان کی مفاد پرست طاغوتی ایجنسیاں ہیں جو اُن کی جہادی تحریک اور لازوال قربانیوں کو ہمہ وقت اپنے مقاصد کے لیے استعمال کرنے کے درپے رہتی ہیں۔ ان حالات میں مخلص مجاہدین کا یہ خواب رہا ہے کہ جہاد کشمیر کو پاکستان کو خفیہ ایجنسیوں اور اداروں کی گرفت سے آزاد کروا کر صحیح شرعی منہج کے مطابق سرانجام دیا جائے۔ اس حوالے سے شیخ اسامہ کی سوچ بھی اسی فکر کی عکاسی تھی۔

آپ نے ۱۹۹۷ء میں بھیس بدل کر کشمیر کا دورہ بھی کیا۔ سوپور، اننت ناگ اور شوپیاں بھی گئے اور مجاہدین کے ذمہ داران سے ملاقاتیں کیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ''ہم افغانستان سے فارغ ہو کر کشمیر کی طرف توجہ دینا چاہتے تھے لیکن پاکستانی حکومت نے امریکی دباؤ کے تحت عرب مجاہدین کو پاکستان سے نکل جانے کا حکم دیا''۔

(بحوالہ بیدار ڈائجسٹ ستمبر ۱۹۹۸ء)

فلپائن

فلپائن میں ایک عرصے سے مسلمان، متعصب عیسائیوں کے ظلم و جبر کی زد میں ہیں۔ سوویت یونین کی افغانستان میں شکست کے بعد شیخ دنیا کے دیگر خطوں میں مظلوم اور مجبور مسلمانوں کی حالت زار کی جانب متوجہ ہوئے۔ اس سلسلے میں شیخ نے کئی ممالک کے دورے کیے، ۱۹۹۲ء میں شیخ نے منیلا (فلپائن) کا دورہ کیا۔ یہاں ان کا استقبال ایک سعودی سرمایا کار کے طور پر کیا گیا مگر انہیں کاروبار سے زیادہ آزادی کی طویل جنگ لڑنے والے مسلمانوں سے ہمدردی تھی۔

سی آئی اے کا دعویٰ ہے کہ اس دوران ان کا رابطہ فلپائنی مجاہدین سے بھی ہوا اور انہوں نے القاعدہ کے امور پر ان سے بات چیت کی۔ فلپائنی مسلمان، جنہیں مورو مسلمان کہا

Marfat.com

جاتا ہے، جدید دور کی طویل ترین جنگ لڑ رہے ہیں۔ جب تک فلپائن میں باقاعدہ امریکی فوجی اڈے موجود تھے اس وقت تک امریکی فوج ان مجاہدین کے خلاف فلپائنی فوج کے ہمراہ مصروف عمل رہی۔ امریکی فوج کے جاتے ہی ان مجاہدین کے حوصلے مزید بلند ہوگئے اور انہوں نے کھل کر فلپائنی زیادتیوں کے خلاف کاروائیاں شروع کر دیں۔

شامی نژاد مجاہد شیخ عمر بکری محمد، جو شیخ کے قریبی ساتھیوں میں سے ہیں، کے مطابق وہ البانیہ، چیچنیا، بوسنیا، نائجیریا اور الجزائز کے مجاہدین کو مالی مدد فراہم کرتے ہیں۔ اُن کے اس بیان نے مغربی دنیا اور امریکہ کو خوف زدہ کر دیا کہ ''ہم برطانوی اور امریکی مسلمانوں کو تربیت کے لیے اسامہ بن لادن کے کیمپوں میں بھیج رہے ہیں، یہ ایک عالمی فوج ہوگی۔ 'محمدی فوج'، جو مسلم خطوں پر تسلط جمانے والی حکومتوں کے خلاف جنگ لڑے گی۔

عراق کا بچہ بچہ اس لئے صلیبیوں کی نظروں میں مجرم ہے کہ شیخ اسامہ نے ان بچوں کی بھوک اور بیماری کا مسئلہ کھڑا کر کے ان کا اقتصادی محاصرہ ختم کرنے کے لیے کفار کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کی۔ غیرت مند کردوں کو چار ملکوں میں تقسیم کر کے انہیں ختم کرنے کے خلاف مزاحمت کرنے والے بھی شیخ اسامہ ہی تھے۔ امریکہ کے اقتصادی محاصرے سے سوڈان کی معیشت تباہ ہونے لگی تو شیخ اسامہ وہاں پہنچ گئے۔ یمن میں شمال اور جنوب کے اتحاد کے بعد پھر سے خانہ جنگی شروع کرائی گئی تو شیخ اسامہ کی فکر اور مجاہدین وہاں بھی جا پہنچے۔

شیخ عمر بکری محمد نے ان مجاہدین کو 'محمدی فوج' سے تعبیر کیا۔ یقیناً اس 'محمدی فوج' کی تیاری کا سہرا شیخ کے سر ہے، اس امت پر شیخ کا یہ بڑا احسان ہے کہ انہوں نے اس کے دفاع کے لیے ایسا جری لشکر اپنے پیچھے چھوڑا ہے جو دنیا بھر میں ہر محاذ پر عالمی کفر سے نبرد آزما ہے، اُس کے مکروہ عزائم کی راہ میں سد سکندری کا کردار ادا کر رہا ہے، اللہ کی مدد و نصرت سے اُس پر آئے روز ہر جگہ کاری سے کاری وار کر رہا ہے...... بلا شبہ مستقبل انہیں مجاہدین فی سبیل اللہ کا ہے اور اس مستقبل کی نقشہ گری میں لازوال کردار کا نام شیخ اسامہ بن لادن شہید کا ہے...... ایک ایسا کردار جو اہلِ اسلام کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہے گا...... جس کی جدوجہد آنے والے دور کی مسلمان نسلوں کے لیے مشعلِ راہ بنے گی...... جس کا دین سے اخلاص ضرب المثل رہے گا...... اور فتوحات کی بشارتیں تو آہی رہی ہیں...... جب فتوحات کا دورِ پر نور مکمل ہوگا تو ہر مسلمان دل کی گہرائیوں سے کہے گا کہ سلام اے شیر اسلام! آپ نے ہمیں دنیا اور آخرت کی عزتوں اور سرفرازیوں کے راستے پر گامزن کیا...... اللہ آپ پر اپنی کروڑ ہا رحمتیں نازل فرمائے، آمین۔

Marfat.com

چین کا صوبہ سنکیانگ

چین کے صوبے سنکیانگ کے اوغر مجاہدین بھی وقتاً فوقتاً شیخ کے تربیت یافتہ کمانڈروں سے تربیت لے کر چین میں برسر پیکار رہے۔ ۲۰۱۰ء میں چین نے ان مجاہدین پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑ دیئے اور ان پر یہ الزام لگایا کہ یہ القاعدہ کے لوگ ہیں اور چین میں اپنے قبضے اور اسلامی قانون کی تحریک چلانا چاہتے ہیں۔ ان فسادات میں دوسو اوغر مسلمان شہید ہوئے۔

اس کے علاوہ چند مزید ممالک جہاں پر شیخ اسامہ کی عالمی تحریک جہاد منظم انداز سے ابھر رہی ہے۔ جن میں تیونس، شام، لیبیا، فلسطین، کینیا، مراکش، یورپ اور امریکہ گویا کہ امام مہدی کا لشکر دجال سے نبرد آزما ہونے کے لئے دنیا کے کونے کونے میں پھیل چکا ہے۔

امیر المومنین ملا عمر نصرہ اللہ کی بیعت شرعی فریضہ!

بطل اسلام شیخ اسامہ بن لادن رحمہ اللہ احیاء خلافت کے عظیم داعی تھے۔ ان کی زندگی کی تمام تر کوششوں کا محور خطۂ ارضی پر خالص اسلامی ریاست کا قیام اور کفری طاقتوں خصوصاً امریکہ کی بربادی تھی۔ افغان جہاد کے پہلے دور کے بعد جب افغانستان خانہ جنگی کا شکار ہوا تو شیخ سعودی چلے گئے تھے۔ اس دوران سوڈان میں نفاذ شریعت کی راہ ہموار ہوئی تو آپ ایک نوزائیدہ اسلامی ریاست کے قیام و استحکام کے لئے سرزمین حجاز سے سوڈان ہجرت کر گئے۔ مگر جب وہاں انہیں گوہرِ مقصود ہاتھ نہ آیا تو واپس افغانستان تشریف لے آئے۔ یہاں اس وقت طالبان تحریک بالکل ابتدائی شکل میں تھی۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی مدد و نصرت سے جلد ہی انہوں نے افغانستان کے ایک بڑے علاقے کو فتح کرلیا اور اپنے زیر قبضہ علاقوں میں نفاذ شریعت کا عظیم الشان کارنامہ سرانجام دیا۔ مثالی امن و امان قائم کیا اور عامۃ الناس کی بے مثل عدل و انصاف مہیا کیا۔ طالبان تحریک کے امیر ملا محمد عمر مجاہد کو جب ''امیر المومنین'' تسلیم کیا گیا تو ہزاروں علماء اور مجاہدین کے علاوہ عام لوگوں نے آپ کی بیعت کی۔ شیخ اسامہ بن لادن شہید کے لئے یہ بات گویا اپنی برسوں کی آرزوؤں کی تکمیل کا سامان تھا۔ انہوں نے صرف حضرت امیر المومنین ملا محمد عمر مجاہد کے ہاتھ پر بیعت کی بلکہ خود کو اور اپنے رفقاء کی امارت اسلامیہ افغانستان کی ہمہ جہت خدمات پر متعین فرما دیا۔ شیخ اسامہ بن لادن جیسی عظیم شخصیت کا امیر المؤمنین کے ہاتھ پر بیعت کرنا اور خود کو ان کے سپرد کر دینا جہاں ایک طرف امیر المومنین کے عظیم الشان منصب کا اظہار

Marfat.com

ہ ہے کہ محمد e کی امت میں
ے گی اور مخالفت کرنے

ہے وہیں شیخ کی بے لوثی، بے نفسی اور اسلام کے لیے اپنی گردن جھکا دینے جیسے ان کا کچھ بھی نہ جذبات کا بھی اظہار ہے۔ زیر نظر مضمون در اصل امت مسلمہ خصوصاً علماء کرام کے نام اس اور یہ خلوص پیغام ہے جو خدماتِ دارالعلوم دیو بند کانفرنس منعقدہ ۹، ۱۰، ۱۱ اپریل ۲۰۰۱ء (پشاور) رحم شرکاء کے نام ارسال کیا گیا۔ اس میں شیخ نے امت مسلمہ کو اس کی شرعی ذمہ داری کا احساس دلایا اور انہیں امیر المومنین ملا محمد عمر مجاہد کی امارت پر متحدہ و متفق ہو جانے کی دعوت دی۔ یہ پیغام اور اس کے مندرجات آج بھی اسی طرح تروتازہ ہیں جیسے آج سے گیارہ سال قبل تھے۔ اس پیغام کو پڑھیے اور اپنی شرعی ذمہ داریوں سے آگاہ ہو کر میدانِ عمل میں برسرِ پیکار اہل حق کا ساتھ دینے کا عزم کیجئے۔ اللہ تعالیٰ ہماری حامی و ناصر ہو۔

تعریف ہے اس اللہ کے لیے جو فرماتے ہیں ''اے ایمان والو! ڈرو اللہ تعالیٰ سے جیسا کہ ڈرنے کا حق ہے اور تھامے رکھو اللہ تعالیٰ کی رسی کو اور آپس میں اختلاف نہ کرو''

درود ہو اللہ تعالیٰ کے اس رسول ﷺ پر جنہوں نے فرمایا: ''کیا میں تمہیں اس عمل کے بارے میں نہ بتاؤں جو روزہ نماز اور زکوٰۃ سے بھی بہتر ہے؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے فرمایا جی ہاں! بتایئے اے اللہ کے رسول۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، وہ عمل آپس میں مصالحت و مفاہمت ہے۔ بے شک اختلاف دین کو مونڈنے والا (جڑ سے ختم کرنے والا) ہے، میں یہ نہیں کہتا کہ اختلاف بالوں کو مونڈتا ہے بلکہ اختلاف دین کو مونڈ دیتا ہے''۔

آپ آج یہاں مختلف ممالک، دور افتادہ علاقوں اور علیحدہ خطوں سے اس غرض سے اکٹھے ہوئے ہیں تاکہ آپ اس اسلام کی نمائندگی کریں جس میں قومیت، رنگ، سرحدات اور زبانوں کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ آپ اس غرض سے اکٹھے ہوئے ہیں تاکہ آپ حق او راہل حق کی مدد کے بارے میں اسلام کے عظیم حکم کی بجا آوری کر سکیں۔ بے شک آپ کے اس اجتماع سے عالم کفر کو سخت صدمہ پہنچا ہے اور وہ اس قسم کے اجتماعات کو روکنے کے لیے ہزاروں تدبیریں سوچتا رہتا ہے۔

اے صاحب فضیلت حضرات! میں یہ سطور ایسے وقت میں آپ کو لکھ رہا ہوں کہ سوچ کر میرا سر فخر سے بلند ہو رہا ہے کہ امت مسلمہ میں اب تک ایسی ہستیوں کی کمی نہیں ہے جو کہ ایک ایسے حالات میں جب ظلم وستم اور فساد نے روئے زمین کو ڈھانپ رکھا ہے، فساد کو روکنے کی کوششوں میں لگے ہوئے ہیں۔

اے صاحب فضیلت بزرگو! امت کی طرف سے آپ کے کاندھوں پر رکھے گئے

Marfat.com

تلزم جماعة المسلمين وامامهم

''مسلمانوں کی جماعت اور اس کے امام کا ساتھ دو''

رسول اللہ ﷺ کا دوسرا قول ہے۔

من مال وليس في عنقه بيعة مات الجاهلية (رواه مسلم)

''جو مر گیا اس حالت میں کہ اس کے گلے میں بیعت نہیں تھی تو گویا وہ جاہلیت کی موت مر گیا''۔

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ لوگوں کے اس جم غفیر کے سامنے جو کہ دین کی محبت اور آپ سے تعلق کی بنیاد پر یہاں جمع ہو گئے ہیں اور آپ کی ہدایات کے منتظر ہیں یہ برملا اعلان کریں کہ عزت اور کامیابی جہاد ہی میں ہے، قرون اولیٰ کے مسلمان اسی جہاد کی برکت سے عزت وشرف کے اعلیٰ وارفع مقام تک پہنچے تھے اور آنے والی مسلمان نسلیں بھی اسی جہاد کی برکت سے معزز بن جائیں گی اور ان کی تکلیف اور غربت ختم ہو جائے گی۔

مسلمانوں کو اس بات کا درد دے دیں کہ جہاد کا اصل مقصد اس وقت تک حاصل نہیں ہوسکتا جب تک ایک ایسی جماعت نہ ہو جس کا ایک امیر پر اتفاق ہو چکا ہو اور اس کی بات سنتے ہوں۔ جیسا کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ ''اللہ تعالیٰ نے مجھے پانچ چیزوں کا حکم دیا ہے اور میں ان پانچ چیزوں کا حکم تمہیں دیتا ہوں: سننے اور اطاعت کا، جہاد کا ہجرت کا اور اتفاق واتحاد کا کیونکہ جو شخص مسلمانوں کی جماعت سے ایک بالشت کے بقدر دور ہوتا ہے تو اُس نے اسلام کا قلادہ اپنی گردن سے اتار دیا الا یہ کہ وہ واپس لوٹ آئے اور جو جاہلیت والی آواز لگائے گا تو وہ جہنم کا ایندھن ہے''۔

اس لیے اے اللہ کے بندو! اللہ کی آواز لگایا کرو جس نے تمہارا نام مسلم اور مومن رکھا ہے۔
ایک اور حدیث میں ہے: ''تین چیزیں ایسی ہیں کہ کسی مسلمان کا دل اس سے جی نہیں چراتا: صرف اللہ کے لیے عمل کرنا، مسلمانوں کے حکمرانوں کی خیر خواہی اور اُن کی جماعت سے چمٹے رہنا......''

مندرجہ بالا احادیث نبویہ اس کا درس دیتی ہیں کہ اسلام اس وقت تک حاکم نہیں ہوسکتا جب تک مسلمان ایک جماعت نہ بن جائیں اور جماعت امیر کا انتخاب نہ کرے اور

Marfat.com

امیر ان میں اس وقت تک پیدا نہیں ہو سکتا جب اس کی اطاعت نہ کی جائے اور اس (امیر) کے تمام اوامر کی بجا آوری نہ کریں۔

مندرجہ بالا نصوص و حقائق کے پیش نظر امیر المومنین ملا محمد عمر مجاہد وہ شرعی حاکم اور امیر ہیں جنہوں نے آج کے زمانے میں شریعت محمدی کا نفاذ کیا ہے۔

ان کے تمام فرامین بالخصوص بت شکنی، منشیات کی کاشت پر پابندی اور کفار کے حملے کے مقابلے میں ثابت قدمی اور عزم و استقامت کے بارے میں فرامین اسلامی تاریخ کے وہ موقف ہیں جو امیر المومنین کے صدق و حق پر دلالت کرتے ہیں۔

صاحب فضیلت بزرگو! اسلامی امت آپ کی طرف آس لگائے بیٹھی ہے۔ اب آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ ببانگ دہل حق کا اعلان کردیں اور اس راستے میں کسی بھی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہ کریں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

الَّذِیْنَ یُبَلِّغُوْنَ رِسَالَاتِ اللّٰہِ وَیَخْشَوْنَہٗ وَلَا یَخْشَوْنَ أَحَداً اِلَّا اللّٰہَ وَکَفٰی بِاللّٰہِ حَسِیْبًا (الاحزاب: ۳۹)

''(اور) جو اللہ کے پیغام (جوں کے توں) پہنچاتے اور اس سے ڈرتے اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے تھے اور اللہ ہی حساب کرنے کو کافی ہے''۔

دوسری جگہ ارشاد ہے۔

وَاِذْ أَخَذَ اللّٰہُ مِیْثَاقَ الَّذِیْنَ اُوتُوْا الْکِتَابَ لَتُبَیِّنُنَّہٗ لِلنَّاسِ وَلَا تَکْتُمُوْنَہٗ (آل عمران: ۱۸۷)

''اور جب اللہ نے ان لوگوں سے جن کو کتاب عنایت کی گئی تھی اقرار لیا کہ (اس میں جو کچھ لکھا ہے) اسے صاف صاف بیان کرتے رہنا۔ اور اس (کی کسی بات) کو نہ چھپانا''۔

آخر میں ہماری طرف سے سلام قبول فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو راہ حق میں مزید ثبات و استقامت نصیب فرمائیں۔ آمین

وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَیَرَی اللّٰہُ عَمَلَکُمْ وَرَسُوْلُہٗ (التوبۃ: ۱۰۵)

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کا بھائی

اسامہ بن لادن

Marfat.com

شیخ کے مختلف بیانات سے اقتباسات

"میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں! کہ جو لوگ آج شہید ہو چکے ہیں، وہ نہایت خوش قسمت ہیں جنہیں محمد ﷺ کے جھنڈے کو تھامنے اور دین اسلام کے جھنڈے تلے کھڑے ہونے کا اعزاز ملا، انہوں نے عالمی صلیبی کفر کے ساتھ جنگ لڑی، تمام مسلمانوں کو یہودیوں اور صلیبیوں سے لڑنے کے لیے آگے آنا چاہئے اور اُنہیں جان لینا چاہئے کہ اُن کو قتل کرنا ایمانیات کی بنیاد اور نہات اہم امر ہے"۔

(از: جدید صلیبی جنگیں حصہ اول)

"اگر آپ چاہیں کہ ان ظالموں کے ساتھ آپ کی قربتیں بھی برقرار رہیں اور ساتھ ہی ساتھ آپ کی ذاتی عبادات بھی جاری رہیں، جو ان کے باطل طور طریقوں سے نہ ٹکرائیں، پھر تو یہ واقعتاً آپ کو نہیں چھیڑیں گے۔ البتہ اگر آپ کی خواہش یہ ہو کہ دین سارے کا سارا اللہ کے لیے خالص ہو جائے، تو اس کا واحد راستہ ہجرت اور جہاد ہی ہے...... خیر البشر محمد ﷺ نے بھی یہی راستہ اختیار کیا...... اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی، جب اُن پر بدترین مظالم توڑے گئے، یہی راہ اپنائی......"

(اے اللہ صرف تیرے لیے)

"کاش آپ جانتے کہ ہجرت اور جہاد کتنے اجر و ثواب والے اعمال ہیں! ہم تو در حقیقت اللہ ہی سے تمام تر اجر کے طالب ہیں...... اسی پر ہمارا بھروسہ ہے...... وہی ہمارے لیے کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے"۔

(اے اللہ صرف تیرے لیے)

"اگر آپ یہ چاہیں کہ آپ باطل سے مقابلہ بھی کریں اور وہ بھی آپ باطل کے تحت رہے ہوں......تو بات سنتِ الٰہی کے خلاف ہے۔ صرف مہاجر ہی اس کیفیت کو حاصل کر سکتا ہے کہ ہر لمحے...... تنہائی کی ہر گھڑی میں اس کے دل کی گہرائیوں میں یہ خیال پیوست ہو کہ وہ بیت اللہ العتیق کو پنجۂ کفار سے چھڑانے کے لیے نکلا ہے...... ہر لحظہ اس کے دل اور اس کے کانوں میں یہ آواز گونجتی رہے کہ 'اے مومن......خبردار! اللہ کے گھر کو نہ بھولنا"...... اور وہ اس وقت تک بطور مہاجر رہے جب تک سرزمین مکہ و مدینہ میں توحید کا پرچمِ حق سربلند نہ ہو جائے"

(اے اللہ صرف تیرے لیے)

Marfat.com

''ہم اور کیا چاہتے ہیں؟ اس سے بڑھ کر ہم کس چیز کے طالب ہیں؟ کیا ہمارا مقصود اللہ کی رضا کے سوا بھی کچھ ہے؟ کیا ہم جنت کے طلب گار نہیں؟ کیا ہم اس دنیاوی مال واسباب کے خواہش مند تو نہیں جو الٹا ہماری پکڑ کا باعث بنے گا؟

(اے اللہ صرف تیرے لیے)

حالات بگانے کی ذمہ داری ان لوگوں پر بھی عائد ہوتی ہے جو اس نظام کا ساتھ دیتے ہیں، حکمرانوں سے مصالحت کا رویہ اختیار کرتے ہیں اور برائیوں کو ٹھنڈے پیٹوں برداشت کرتے ہیں''

(اے اللہ صرف تیرے لیے)

گے، تمہارے سروں پر ایک بھی بال تکبر کا باقی نہیں رہ سکے گا، سمجھتے کیا ہو، یہ قوم پاکستان کی قوم ہے، الحمد للہ اس قوم کو علمائے دیوبند کی قیادت وسیادت حاصل ہے، تم ہماری تاریخ سے واقف ہی نہیں ہو، ہم وہ ہیں جنہوں نے تمہارے آباء واجداد جانتے ہو، امریکہ کی ہسٹری کو، نئی بات بتاتا ہوں، یہ امریکی کون ہیں؟ آپ نہیں جانتے، جب کولمبو نے امریکہ دریافت کیا، اس نے آکر کہا یورپ میں اس سرزمین بہت اچھی ہے، آب وہوا بہت اچھی ہے، چلو امریکہ کو آباد کریں، امریکہ کوئی نہیں جارہا تھا، سوچ سوچ کر کہا، ہماری جیلوں میں جو ڈاکو بند ہیں، ہماری جیلوں میں جو قاتل ہیں، ہماری جیلوں میں جو چور ہیں، ہماری جیلوں میں جو بدمعاش ہیں، ہماری جیلوں میں جو بے غیرت ہیں، ہماری جیلوں میں جو بے ایمان ہیں، ان کو اٹھا کر امریکہ لے جاؤ تاکہ یہ امریکہ آباد کریں، اور ڈاکوؤں کی اولاد امریکہ، چوروں کے نطفے امریکی، بے ایمانوں، بے غیرتوں کی ذریت امریکہ چوروں کی اولاد، چوروں کے نطفو! تم کیا جانتے ہو مسلمان کون کیا ہوتا ہے؟ مسلمان کی طاقت کیا ہے؟ تمہیں اس کا اندازہ نہیں ہے، تم بے غیرتوں کی اولاد ہو اور جانتے ہو امریکی مائیں اپنے بچوں کو میدان میں مرنے کے لئے نہیں بھیجتیں، امریکی مائیں اپنے بچوں کو شراب وکباب کے لئے بھیجتی ہیں، اور مسلمان مائیں اپنے بچوں کو غیرت سے جینے کا سبق دیتی ہیں، مسلمان مائیں اپنے بچوں کو گھٹی میں شہادت کا دودھ پلاتی ہیں، مسلمان مائیں اپنے بچوں کو گود میں جہاد کی لوریاں دیتی ہیں، جہاد کی لوریاں سن کر جوان ہونے والو اٹھو کھڑے ہو کر جہاد کا نعرہ لگاؤ (نعرے، سبیلنا، سبیلنا، الجہاد الجہاد، لبیک لبیک) تشریف رکھئے بیٹھ جائیے، سنو! شاید تم اس کے بعد اس طرح جمع نہ ہوسکو، رات کی ان آدھی ساعتوں میں بارگاہِ ایزدی میں دست بدعا ہو کر یہ عہد کر کے جاتے ہیں اب پاکستان کی دھرتی پر جینا ہے تو طالبان کا حامی بن کر جینا ہے، جینا ہے تو بہادر بن کے جینا ہے، جینا ہے تو مسلمان بن کے جینا ہے، پاکستان میں نہ امریکیوں کو آنے کی اجازت ہے اور نہ امریکہ ٹاؤٹوں کو حکومت کی اجازت ہے، تیار ہیں اس کے لئے (مجمع سے جواب، تیار ہیں) کال کا انتظار کریں گے، پالیسی کا انتظار کریں گے، سر پہ کفن باندھوں گے، پھر ایسا کرنا۔

کوئی جگنو یا ستارہ سنبھال رکھنا
میرے اندھیروں کی فکر چھوڑو اپنے گھر کا خیال رکھنا

واخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین

Marfat.com

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم العالیہ

''شیخ اسامہ کفر کے سامنے امت مسلمہ کے لیے ڈھال تھے، ہر ایمان والا دل اسامہ کی محبت سے سرشار ہے۔ اُن کے جانے سے تمام مومنین کے دل دکھی ہیں، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اُن کی جہاد کے لیے کی گئی خدمات کو شرفِ قبولیت بخشے اور اُن کے اپنے مقرب بندوں میں شامل فرمائے اور امت کو اُن کا بہتر نعم البدل عطا فرمائے، آمین''

حضرت مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ المدنی صاحب دامت برکاتہم العالیہ

''شیخ اسامہ بن لادن تاریخ اسلام میں عبقری شخصیت تھی، یہ مدینۃ الرسول ﷺ کی نورانی فضاؤں میں پیدا ہوئے، بلدۃ الرسول ﷺ، مھبط الوحی، دارالہجرت اور بالخصوص مسجد نبوی شریف میں اُن کی علمی تربیت ہوئی۔ یہ ایک بہت بڑے متمول گھرانے کے فرد تھے، بن لادن کمپنی سعودی عرب کی کمپنیوں میں کھرب پتی کمپنی ہے۔ افغانستان کے جہاد میں شیخ اسامہ بن لادن جوانی میں شروع ہوئے، جب روس کے خلاف مجاہدینِ افغانستان برسرِ پیکار تھے۔ انہوں نے جلال آباد تورہ بورہ، پاڑہ چنار، ژاور اور دیگر متعدد پہاڑوں میں ٹریکٹروں سے راستے بنائے اور تمام عرب نوجوانوں میں جہاد کے مشاعر واحساسات پیدا کیے۔ یہ جب روس کے خلاف جہاد میں شریک تھے تو یہ دنیا کی نظر میں بھی مجاہد تھے، جب مدینہ منورہ آتے تو اہلِ مدینہ اُن کو جہادی تقریب کی دعوت دیا کرتے۔ اُن کی جہادی تقاریر سے سیکڑوں نوجوان جہاد افغانستان میں شامل ہوئے۔ جب امریکہ نے افغانستان پر کیمیاوی بموں سے حملہ کیا اور افغانستان پر آگ برسانے لگا تو پھر شیخ اسامہ بن لادن ''دہشت گرد'' ہو گئے، شیخ اسامہ بن لادن اونچے درجے کے فی البدیہہ قادر الکلام شاعر تھے، قرآن وحدیث کے علوم سے مالا مال تھے''

''شیخ اس دور کے عظیم مجاہد تھے، انہوں نے امریکہ کیخلاف زبردست جنگ لڑی، وہ اپنا کام مکمل کر چکے تھے۔ امریکہ افغانستان میں شکست کھا چکا ہے، شیخ کی شہادت سے امریکہ کو کسی قسم کی فتح نہیں ہوئی۔ ہمیں شیخ کی شہادت پر کوئی غم بھی نہیں بلکہ شہادت تو ایک اعزاز ہے جو شیخ کو ملا ہے، خوشی اس بات کی ہے کہ وہ امریکیوں کے ہاتھوں گرفتار نہیں ہوئے بلکہ انہوں نے اُن سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کیا۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائیں''۔

Marfat.com

مفتی داؤد صاحب مدظلہ العالی، جامعہ اشرفیہ لاہور

''شیخ رحمہ اللہ ایک مجاہد تھے، ایک مجاہد کی زندگی گزاری اور ایک مجاہد کا جو مقصد ہوتا ہے یعنی شہادت، اُس مقصد کو حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ اور ہمیں خوشی ہے کہ اللہ نے اُن کو قبول کر لیا، باقی رہا کافر تو وہ اس بات کو کیا سمجھے کہ کامیابی کس چیز میں ہے...... مسلمان دکھ نہیں کرتا بدلہ لیتا ہے...... کفار نے ہمارے مجاہد کو شہید کیا، ہم اس کا بدلہ لیں گے، شیعہ کی طرح سوگ نہیں منائیں گے، اپنے آپ کو بدلو اور جس طرح بھی ہو سکے جہاد میں حصہ ڈالو۔ امام انور العولقی کی کتاب جہاد میں شمولیت کے ۴۴ طریقے پڑھو اور جیسے ممکن ہو سکے اس میں حصہ ڈالو۔ بالکل اُس خاتون کی طرح جو اپنے بال کاٹ کاٹ کر رسی بناتی رہی کہ کسی مجاہد کے گھوڑے کے لئے کام آئے کیوں کہ اُس کے پاس اور کچھ نہ تھا جس سے وہ جہاد میں حصہ ڈال سکے۔ اپنے آپ کو اس قافلے کا حصہ بناؤ اور جو فکر شیخ رحمہ اللہ چھوڑ گئے ہیں اُس منہج کو لے کر آگے بڑھو اور غلبہ اسلام کی فکر کو اپنی زندگی کا مقصد اور فکر بناؤ اور اس فکر کو عام کرو''۔

مولانا عبدالمالک صاحب، مرکز علوم اسلامیہ لاہور

''وہ اسلام کے ایک مجاہد تھے اور وقتِ حاضر میں ایک ایسا شخص جس نے اپنا سب کچھ اللہ کی راہ میں خرچ کر دیا اور اپنی جان تک اللہ کی راہ میں قربان کر دی جس کی مثال نہیں ملتی۔ اگر حقیقی معنوں میں دیکھا جائے تو شیخ جیسی شخصیت کے قابلِ تقلید ہونے میں کوئی شک نہیں۔ بلکہ شیخ نے وقتِ حاضر میں ایک ایسی مثال قائم کی جس سے نا صرف جہاد کی سنت زندہ ہوئی بلکہ عالم اسلام میں ایک ایسی مثال قائم ہوئی جس نے لوگوں کے دلوں میں اسلام کی عزت اور کافروں پر ہیبت کے ایک نئے دور کا آغاز کیا۔ کافر اپنی برتری اور مسلم علاقوں پر اپنا تسلط قائم کرنا چاہتا ہے۔ شیخ رحمہ اللہ کی شہادت سے وہ لوگوں کو دکھانا چاہتا ہے کہ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو گیا اور اُسے روکنے والا کوئی نہیں اور جو چاہے کر سکتا ہے۔ لیکن اس سے اُس کی کمزوری کا اندازہ ہوتا ہے کہ صرف ایک شخص سے وہ کتنا خائف تھا اور اس کی خوشیاں اُس کی لاچاری کو ظاہر کرتی ہیں۔ شیخ رحمہ اللہ کی شخصیت یہ سبق دیتی ہے کہ اپنا سب کچھ اس دین کے غلبے کے لیے خرچ کر دیں۔ اپنے آپ کو اس مقصد کے لیے تیار کریں، دشمن کو تمام مسلم علاقوں سے نکالنے کے لیے کوشش کریں اور تمام اسلامی سرزمینوں میں اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کا لایا ہوا نظام نافذ کرنے کے لیے جدوجہد کریں اور اپنے آپ کو اس تحریک کا حصہ بنائیں''۔

Marfat.com

مفتی ابو محمد امین اللہ پشاوری صاحب حفظہ اللہ

"شیخ اسامہ رحمہ اللہ امت مسلمہ کا دھڑکتا ہوا دل تھا، انہوں نے دنیا بھر کے طواغیت کو للکارا اور خالص توحید پر عمل کر کے دکھایا۔ انہوں نے امت مسلمہ کو جہاد کے ذریعے عروج کے راستے سے روشناس کیا، آپ نے امریکہ کے خلاف ایسے وقت میں اعلان جہاد کیا جب پوری دنیا اُس کے رعب اور ہیبت سے کانپ رہی تھی...... لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے اس بندے کو فراعینِ وقت کے سامنے سنتِ موسوی ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔ اللہ اُن پر رحم فرمائے اور اُنکے درجات بلند فرمائے"۔

مولانا مفتی اسماعیل طور و مدظلہ العالی، جامعہ اسلامیہ راولپنڈی

"آج پوری دنیائے کفر امریکہ و یورپ شیخ اسامہ کی شہادت پر خوشیاں منا رہی ہے۔ اسرائیل میں مٹھائیاں تقسیم کی جارہی ہیں۔ پوری دنیائے کفر کا شیخ اسامہ کی شہادت پر خوشیاں منانا، شیخ کے حق کی راہ میں شہید ہونے کی سب سے بڑی دلیل ہے۔ ہمارے حکمران اگر کفار کی خوشیوں میں شریک ہیں تو وہ کفر کے ساتھی ہیں کیوں کہ مسلمان کبھی کافر کی خوشی میں شریک نہیں ہوتا"۔

مولانا سید ضیاء الدین صاحب مدظلہ العالی

شیخ اسامہ کی شہادت پر ذرائع ابلاغ نے (الا ماشاء اللہ) ہلاکت کا لفظ استعمال کیا ہے۔ یہود و نصاریٰ کی چاکری کرنے والے اور کفار سے دوستیاں اور محبتیں قائم کرنے والے۔۔۔اُن کی خوشنودی کے لیے اسلام کے عظیم مجاہد کی شہادت پر ایسے الفاظ کو استعمال کیا گیا ہے۔ جب کہ قرآن میں ہلاکت کا لفظ کفار، مشرکین، مکذبین، ملحدین اور منافقین کے لیے استعمال ہوا ہے۔ یہ عنوان معذب اقوام کے لیے مستعمل ہے۔ مرنے والا کافر ہے تو ہلاک ہوا، یہ خبر ہوگی۔ اگر وہ مذبذب ہے، ایمان و کفر واضح نہیں تو، جاں بحق ہوا۔ مسلمان ہے اور کافر کے ہاتھ سے قتل ہوا تو وہ شہید ہے۔ شیخ اسامہ تو کافر اعظم کے ہاتھ سے قتل ہوئے لہٰذا وہ تو بلا شک وشبہ شہید اعظم ہیں۔

مولانا عصمت اللہ امیر جمعیت علمائے اسلام (نظریاتی) کا خراج تحسین

قومی اسمبلی کے رکن مولانا عصمت اللہ نے 10 مئی 2011ء کو قومی اسمبلی کے

Marfat.com

اجلاس میں ڈپٹی اسپیکر فیصل کریم کنڈی کی اجازت کے بغیر شیخ اسامہ بن لادن شہید کے لئے دعائے مغفرت کروا دی جس دوران کئی ممبران نے بھی دُعا میں ساتھ دیا۔ مولانا عصمت اللہ نے موقف اختیار کیا کہ اسامہ ایک مسلمان شخص تھا۔ اس کیلئے دعائے مغفرت کی جائے۔ کیونکہ امریکا نے اسلامی رسومات ادا کرنے کے بعد اسامہ بن لادن کو سمندر برد کر دیا تھا امریکہ نے اسامہ کی اسلامی حیثیت کو تسلیم کیا ہے۔ مولانا عصمت اللہ نے دُعا کے لئے جب ہاتھ اُٹھائے تو مولانا فضل الرحمٰن کے بھائی مولانا عطاء الرحمٰن ان کی جماعت کے لئیق احمد خان اور ق لیگ کے وزیر مملکت شاہ جہاں یوسف نے بھی فاتحہ کے لئے ہاتھ اُٹھائے۔

شیخ اسامہ کی شہادت کے بعد رکن قومی اسمبلی مولانا عصمت اللہ نے کوئٹہ میں شیخ اسامہ کے حق میں ریلی نکالی اور امریکہ کے خلاف نعرے بازی اور امریکی پرچم نذر آتش کئے۔ مولانا عصمت اللہ نے کہا کہ اسامہ مسلم امہ کے ہیرو تھے شہید کا مشن جاری رہے گا ان کی شہادت کے بعد سیکڑوں اسامہ پیدا ہونگے۔

(بحوالہ بی بی سی ہفت روزہ شاندار 13 تا 19 مئی 2011)

مولانا عبدالغفور حیدری جمعیت علمائے اسلام (ف) کا خراج تحسین

جمعیت علمائے اسلام کے قائم مقام امیر سینئر مولانا عبدالغفور صاحب نے کہا کہ قومی اسمبلی کے ایوان میں مولانا عصمت اللہ نے ایک مُسلمان اسامہ بن لادن کی شہادت پر فاتحہ خوانی کرا کے اس ملک کے کروڑوں لوگوں کے جذبات کی ترجمانی کی ہے۔

(بحوالہ ہفت روزہ شاندار 13 تا 19 مئی 2011)

مفتی کفایت اللہ M.P.A جمعیت علماء اسلام (ف) کا خراج تحسین

مفتی کفایت اللہ صاحب ممبر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخواہ نے اسامہ بن لادن کی شہادت پر اسمبلی میں دعائے مغفرت کروائی۔ اور اس آپریشن کی شدید مذمت کی جبکہ اے این پی (دجالی خدمتگاروں) نے اس میں شمولیت نہیں کی۔ مفتی صاحب نے شہید اسامہ کو عالم اسلام کا ہیرو کہا جو کہ ان کا زبردست خراج تحسین ہے۔

قائد مجلس احرار سید عطاء المؤمن بخاری

مجلس احرار کے قائد مولانا سید عطاء المومن شاہ بخاری نے شیخ اسامہ کی شہادت پر

Marfat.com

تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ شیخ اُسامہ کی شہادت پر پاکستانی حکمرانوں کا بیان امریکی غلامی کا اظہار ہے۔

(روزنامہ اسلام 4 مئی 2011)

سینیٹر خالد سومرو

جے یو آئی سندھ کے جنرل سیکرٹری سینیٹر علامہ ڈاکٹر خالد سومرو نے امریکی فورسز کی جانب سے ایبٹ آباد آپریشن اور شیخ اسامہ کی شہادت کو کھلی امریکی دہشت گردی قرار دیتے ہوئے اس کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔

(روزنامہ اسلام 4 مئی 2011)

شیر کی موت پر ہمیشہ کتے رقص کرتے ہیں

حضرت مفتی حمید اللہ جان صاحب دامت برکاتھم العالیہ

میرے بھائیو! ہر چیز کا مالک اللہ تعالیٰ ہی ہے، ہمارے پاس جو کچھ بھی ہے وہ اللہ تعالیٰ کی امانت ہے...... یہ بدن بھی امانت ہے؟ یہ دولت بھی امانت ہے، یہ مکان بھی امانت ہے، زمین بھی امانت ہے، یہ اولاد بھی امانت ہے...... جب چاہے وہ لے لیتے ہیں، جب تک چاہیں تو آپ کے پاس رہنے دیتے ہیں۔ آپ کا پیارا بیٹا...... جب اُن کا حکم آجاتا ہے کہ میں نے اس کو لینا ہے......تو منٹوں سیکنڈوں میں...... کہتے ہیں ایکسیڈنٹ ہوگیا...... فلاں وجہ بنی اور فلاں وجہ بنی...... وہ لے لیتے ہیں، اُن کی امانت ہے، انہوں نے اپنی امانت کو لے لیا، اسی وجہ سے جب مصیبت آجاتی ہے تو کون سا کلمہ پڑھنا چاہیے؟ انا اللہ وانا الیہ راجعون کہ ہم بھی اللہ کے ہیں اور ہم بھی اللہ کی طرف جانے والے ہیں...... ہماری جان بھی ہماری نہیں، ہماری اولاد بھی ہماری نہیں، ہمارا مال بھی ہمارا نہیں...... یہ ہم غلط فہمی میں ہیں کہ ہم کہتے ہیں یہ میرا ہے، یہ میرا ہے، یہ میرا ہے...... جب تک اللہ چاہے تمہارے پاس...... جب چاہے لے لے......

وہ شخص خوش قسمت ہے، جس نے اپنی جان کو قیمتی بنایا، اللہ کے دین پہ لگایا...... وہ شخص قیمتی ہے، جس نے اپنے مال کو قیمتی بنایا، دین پر لگایا...... وہ شخص خوش قسمت ہے، جس نے اپنی اولاد کو دین پہ لگایا...... یہ سب امانت ہے...... خوش قسمت وہ ہے جس نے دین پہ

Marfat.com

لگایا...... وہ قیمتی ہو گیا...... مرنا تو ہر ایک نے ہے...... لیکن جو زندگی دین میں لگا کے اپنی جان دے دے تو وہ کامیاب ہے...... چاہے اُسے اپنی چارپائی پر موت آئے مگر درد اور جذبہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کا ہو۔ جب جا رہے تھے تو پورا بدن چور چور تھا زخموں سے، ایک جگہ بھی بدن میں ایسی نہیں تھی جہاں زخم نہ آیا ہو...... ساری زندگی جہاد میں گزاری...... ساری زندگی کمانڈر رہے تھے...... جب فوت ہو رہے تھے تو آنسو بہا رہے تھے کہ افسوس کہ میری سانس آج بستر پر نکل رہی ہے...... مرنا تو ہر ایک نے ہے...... لیکن خوش نصیب تو وہ ہوتا ہے جو دین کے لیے جان دے دے...... اور بے دین لوگ ہمیشہ دین داروں کی مخالفت کرتے ہیں...... مگر

عرفی تو مے اندیش ازغوغائے رقیباں
آواز سگاں کم نہ کند رزق گدارا

عرفی شاعر نے کہا تو پریشان نہ ہو رقیبوں کے شور وغوغا سے، کتوں کا بھونکنا، گدا کے رزق میں کوئی فرق نہیں لاسکتا...... اُن کو اپنا رزق ملتا ہے۔

جو اللہ کے لئے محنت کرتا ہے، وہ کامیاب ہوتا ہے...... چاہے وہ خالد ابن ولید رضی اللہ عنہ کی طرح اپنی چارپائی پر جان دے...... اور چاہے وہ حضرت حنظلہ اور حضرت جعفر طیار رضوان اللہ علیہما کی طرح میدان جہاد میں شہید ہو......

یاد رکھو! شیر کی موت پر ہمیشہ کتے رقص کرتے ہیں...... اسامہ کی موت پر کافر رقص کر رہے ہیں تو شیر کی موت پر ہمیشہ کتے رقص کرتے ہیں...... کتے خوشی مناتے ہیں...... اللہ والوں کے مخالف ہمیشہ ہوتے ہیں......

اللہ تعالیٰ ہم سب کو جذبہ نصیب فرما دے...... جذبہ جہاد...... جب تک امت مسلمہ کے اندر جہاد زندہ ہوگا...... مسلمان باقی رہے گا...... جب بھی مسلمان سے جذبہ جہاد ختم ہو جائے گا...... یاد رکھنا! احادیث اس پر گواہ ہیں اور احادیث اس پر شاہد ہیں کہ مسلمان ذلیل وخوار ہوں گے...... اور اللہ کے فضل وکرم سے مجاہدین کے خون کی برکت سے...... اللہ اُن شہدا کی قبروں پر کروڑوں رحمتیں نازل فرمائے...... یہ جذبہ پوری امت میں بیدار ہو رہا ہے...... اگر کوئی جہاد کے راستے پر نہیں چل سکتا...... کمزور ہے...... تو کم از کم اُن کے لیے دعا تو ضرور کرو......

جب روسی فوجیں افغانستان میں موجود تھیں، اُس زمانے میں بندہ کو بھی جانے کی توفیق ہوئی...... ۱۹۸۸ء میں...... تو اُس وقت جب میں وہاں چلا گیا...... وہاں زیادہ وقت بھی

Marfat.com

نہیں لگایا...... لیکن جب واپس آیا تو میرا ذہن یہ بنا کہ جو عالم مجاہد نہیں ہے وہ حضور ﷺ کا صحیح جاں نشین نہیں ہے...... کیوں کہ رسول اللہ ﷺ نے دس سالہ مدنی زندگی کے اندر ۲۷ غزوات اور ۷۰ سرایا...... اور یہ بھی یاد رکھو کہ یہ شرائط کہ امیر ہے، فلاں ہے، فلاں ہے...... یہ جارحانہ جہاد کے لیے ہے...... کہ جب تم حملہ آور ہو...... لیکن اگر دشمن تمہارے گھر آئے...... اُس کو نفیر عام کہتے ہیں...... اُسکے لیے کوئی شرط نہیں...... اپنے دشمن کو اپنے گھر سے بھگانا ہے...... اُس کے لیے کوئی شرط نہیں ہے...... نفیر عام کے لیے کوئی شرط نہیں ہے...... اگر شرط ہے تو جارحانہ جہاد کے لیے ہے...... مدافعانہ جہاد کے لیے کوئی شرط نہیں ہے...... اللہ تعالیٰ ہم سب کو سمجھ عطا فرمائے، آمین

حضرت مولانا قاضی مشتاق صاحب دامت برکاتھم العالیہ

جامعہ فاروقیہ راولپنڈی

میرے نبی، امام الانبیاء ﷺ کی سرزمین عرب سے، عربی النسل...... شیخ اسامہ بن لادن...... میری زبان پہ نہیں آرہا کہ میں ان کو رحمہ اللہ علیہ کہوں...... میں نے پہلے بھی عرض کیا کہ وہ چلے گئے ہیں تو اس دین کی بقا اسامہ کے ساتھ نہیں ہے...... اس دین کا دوام اسامہ کے ساتھ نہیں ہے...... اس جہاد کا دوام اسامہ کے ساتھ نہیں ہے...... امام الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا ۱۴ سو سال پہلے سے اعلان ہے الجھاد ماض الی یوم القیامۃ" قیامت کی صبح تک اللہ اس جہاد کو دنیا میں باقی رکھے گا"۔ کوئی مائی کا لعل ہو، ظالم ہو، عادل ہو...... کوئی بھی آجائے...... کوئی انسان بھی جہاد کے اس راستے کو دنیا سے مسدود نہیں کرسکتا...... روک نہیں سکتا...... میرے نبی ﷺ کی خبر ہے...... صادق و مصدوق کی خبر ہے...... میں قسم کھا کر کہتا ہوں...... کل کائنات، امریکہ کی طاقت کیوں نہ بن جائے...... تمام دنیا کے زیروزبر پر کنٹرول کیوں نہ ہو جائے...... رب کعبہ کی قسم پھر بھی میرے محمد مصطفیٰ ﷺ کا فرمان سچا رہے گا...... کوئی مائی کا لعل میرے نبی ﷺ کے فرمان کو نہ تبدیل کرسکا ہے نہ قیامت تک کوئی کرسکے گا۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے "میری امت کا ایک گروہ، طبقہ ایسا باقی رہے گا، جو قیامت کے دن تک اس دین کی حفاظت پر، دین کے جہاد پر چلتا رہے گا، نہ کسی ظالم کا جور اُس کو روک سکے گا، نہ کسی عادل کا عدل اُس کے کام کو روک سکے گا"۔ قیامت تک ایک طبقہ بھی رہے گا اور جہاد بھی رہے گا! میرے نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے" گھوڑے کی پیشانی میں

Marfat.com

اللہ نے خیر رکھی ہے اور قیامت تک اللہ نے اس گھوڑے کی پیشانی میں خیر رکھی ہے"۔ اور علما نے لکھا کہ گھوڑے کی پیشانی میں خیر سے مراد وہ گھوڑا ہے، جو جہاد کے لیے استعمال ہوتا ہے، قیامت کی صبح تک گویا گھوڑا بھی زندہ رہے گا، اللہ نے اس کی پیشانی میں خیر رکھی ہے۔ قیامت کی صبح بھی آئے گی اور گھوڑا بھی قیامت تک باقی رہے گا...... پتہ چلا کہ جہاد میں استعمال ہونے والا گھوڑا باقی رہے گا......تو جہاد بھی قیامت تک باقی رہے گیا۔

اسامہ کے جانے سے نہ جہاد رکے گا، اسامہ کے جانے سے نہ مساجد نہ مدارس نہ تبلیغ نہ دین...... یہ بند ہوگا...... اسامہ کے ساتھ دین کی بقا نہیں تھی...... دین کی حفاظت میرے بھائیو!...... دین کی بقا کو اللہ نے علماء کے ساتھ، دین کی بقا کو اللہ نے حفاظ کے ساتھ، دین کی بقاء کو اللہ کریم نے مجاہدین کے ساتھ نہیں...... اعلان فرمایا ہے قرآن میں......

"ہم نے اس قرآن کو اتارا ہے اور ہم ہی اس کی حفاظت کریں گے"...... قرآن نام ہے دین کا...... ذکر نام ہے دین کا...... قرآن نام ہے شریعت کا...... رب ذوالجلال نے وعدہ کیا ہے کہ اس کی حفاظت ہم کر رہے ہیں اور قیامت تک کریں گے...... صرف اگلی بات یہ ہے کہ دین کی حفاظت کے لیے میں نے اور آپ نے جو خود کو پیش کرنا ہے...... وہ میری اور آپ کی سعادت ہے ورنہ دین کی بقا میرے اور آپ کے اوپر منحصر نہیں...... اسامہ کے اوپر منحصر نہیں...... مجاہدین کے اوپر منحصر نہیں...... کسی پر بھی منحصر نہیں ہے...... دین باقی رہے گا لیکن موجودہ حالات کے تناظر میں...... شیخ اسامہ شہید ہو گئے ہیں...... اللہ ان کے درجات مزید بلند فرمائے...... یہ اسامہ ہے...... جس نے اپنی شہزادگی کی زندگی کو چھوڑ کر...... کروڑوں، اربوں، کھربوں کی دولت کو چھوڑ کر...... پہاڑوں اور غاروں کی زندگی کو اختیار کیا...... مجاہدین جو صرف اللہ کے سامنے جھکنا جانتے ہیں...... کسی عالمی کفر یہ طاقت کے سامنے اُن کا سر نہیں جھک سکتا...... انہوں نے جب امریکہ کی بدمعاشی کو دیکھا تو انہوں نے امریکہ کو اپنا ہدف بنایا...... کہ ہم کسی عالمی کفر کے دباؤ میں نہیں آئیں گے...... ہم قرآن وسنت او جہاد کو نہیں چھوڑیں گے...... ہم محمد مصطفیٰ ﷺ کے احکامات کو کسی حال میں نہیں چھوڑیں گے...... ہم دنیا کے کسی انسان کی غلامی میں نہیں آئیں گے...... تو امریکہ نے اُن کو دہشت گرد اور نا معلوم کیا کیا نام دیے...... پھر ہمارے حکمرانوں کی زبانوں پہ بھی وہی انتہا پسندی، دہشت گردی اور رجعت پسندی کے الفاظ آ گئے...... آج یہی حکمران عالم اسلام کے مجاہدین کے سردار کی شہادت پر لفظ 'ہلاکت' استعمال کر رہے ہیں...... اسامہ بن لادن ہلاک ہو گیا...... رب کعبہ کی

Marfat.com

قسم! ہلاک وہ ہوا جس نے کسی شہید کو ہلاک کہا...... ہلاک وہ ہوا جس نے کسی اللہ کے بندے کو ہلاک کہا...... ہلاک وہ ہوا جس نے اللہ کے بندوں کے خلاف زبان درازی اختیار کی......

اگر ہم کہیں کہ اسامہ بن لادن ہلاک ہوگیا تو کیا سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ، عمِ رسول اللہ، میدان احد میں جن کا سینہ چیر دیا گیا...... جن کا کلیجہ نکال دیا گیا...... جن کے ہونٹ، ناک، کان کاٹ دیے گئے...... کیا ہم کہہ سکتے ہیں کہ حمزہ رضی اللہ عنہ میدان اُحد میں ہلاک ہو گئے تھے؟ کیا ہم کہہ سکتے ہیں کہ مصعب ابن عمیر رضی اللہ عنہ میدان اُحد میں ہلاک ہو گئے تھے...... کیا عبداللہ ابن جحش رضی اللہ عنہ کے بارے میں کہہ سکتے ہیں کہ وہ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے پہلو میں میدان احد میں لیٹے ہوئے ہیں...... کہ وہ ہلاک ہوگئے تھے...... کیا ہم کہہ سکتے ہیں کہ وہ انبیاء جو دشمن کے آرے کے نیچے چیرے گئے...... رب کے پیغمبر تھے...... ہم کہہ سکتے ہیں کہ دشمن کے ہاتھوں سے وہ ہلاک ہو گئے؟...... وہ ناکام ہو گئے...... کیا ہم کہہ سکتے ہیں کہ میدانِ کرب و بلا میں حضرت حسین نواسۂ رسول اپنے ساتھیوں کے ساتھ ہلاک ہو گئے؟...... حاشا وکلا...... یہ مذاق نہیں...... جن کے بارے میں میرے رب ذوالجلال نے قرآن میں فرمایا ہے ''اوباما مرے، ہلاک ہو...... بش مرے، ہلاک ہو...... زرداری مرے، ہلاک ہو...... گیلانی مرے، ہلاک ہو...... لیکن رب کعبہ کی قسم! جو دین حق کے راستے میں جنگ کرتے ہوئے جان دے...... میرا رب گواہی دیتا ہے...... میرا رب کہتا ہے...... ہمارا قرآن کہتا ہے...... ہمیں اوبامہ کی گواہی کی ضرورت نہیں...... آج ہمارے حکمران بھی کہتے ہیں ''ہمیں فتح عظیم مل گئی''۔ اس ذلت عظیم کو تم فتح عظیم کہتے ہو!!!......

اسامہ اگر چلا گیا...... تو وہ چھپ کے نہیں گیا...... وہ پیشانی ٹیک کے نہیں گیا...... وہ معافی مانگ کے نہیں گیا...... وہ لجاجت کر کے نہیں گیا...... وہ ذلت و رسوائی سے نہیں گیا...... جس طمطراق سے وہ میدانِ جہاد میں آیا تھا...... اُسی انداز سے تاجِ شہادت اپنے سر پر سجا کر پانے رب سے ملاقات کے لیے چلا گیا...... اور ایسا گیا، وہ مرا نہیں ہے...... میرے رب سے اُسی کے بارے میں فرمایا ''اے دنیا والو! خبردار! مت کہنا، جو میرے راستے کا مقتول ہے، میرے راستے میں قتل ہوا ہے کہ وہ مر گیا ہے، اُس کو مردہ نہ کہنا، وہ زندہ ہے لیکن تمہیں اُس کی زندگی کا پتہ نہیں...... رب کعبہ کی قسم! اسامہ شہید ہوگیا...... میں قسم کھا کے کہتا ہوں...... اسامہ پھر بھی زندہ ہے...... وہ فوجیں جنہوں نے کہا اسامہ ہلاک ہوگیا...... اس بات کو بھی غور سے سنیں...... رب ذوالجلال نے قرآن میں، حدیث میں...... دو باتوں پہ اپنی

Marfat.com

لڑائی کا اعلان فرمایا ہے...... کہ جو یہ جرم کرے گا، میرا اُن کے ساتھ اعلان جنگ ہے...... تمام گناہ جو انسانی زندگی میں پائے جاتے ہیں...... اُن تمام گناہوں میں دو گناہ ایسے ہیں، جن کے بارے میں رب ذوالجلال نے فرمایا اگر یہ بستی کے رہنے والے ان گناہوں سے باز نہ آئے تو میں اُن کے لیے اعلان جنگ کرتا ہوں...... ایک گناہ سود کا ہے...... جب سود کھانے والے سود سے باز نہیں آئیں گے...... اللہ کریم فرماتے ہیں...... میرے اور میرے رسول ﷺ کے ساتھ وہ لڑائی کے لیے تیار ہو جائیں...... دوسرا گناہ ہے بخاری شریف میں آتا ہے، نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ ''جس نے میرے دوست کے ساتھ دشمنی کی، جس نے میرے دوست کے ساتھ بغض رکھا، جس نے میرے دوست کے ساتھ لڑائی کی...... میں رب اعلان کرتا ہوں...... جو میرے دوست کا دشمن بن کے آئے گا...... میں اپنے دوست کی طرف داری میں آ کے اُس کے ساتھ اعلانِ جنگ کرتا ہوں...... اسامہ اللہ کا دوست ہے...... اسامہ اللہ کا ولی ہے...... اسامہ وقت کا مجاہد ہے...... اسامہ شہادت سے سرفراز ہوا ہے۔ اس صدی کا شہیدِ اعظم ہے...... اسامہ دنیا سے گیا ہے...... تو عزت کے ساتھ گیا ہے...... ولایت کے درجے پہ فائز ہو کے گیا ہے...... میرے پیغمبر کا اعلان ہے...... حدیث قدسی ہے...... اللہ کریم فرماتے ہیں...... ''جس نے میرے دوست کے ساتھ دشمنی رکھی...... میرا اُس کے ساتھ اعلان جنگ ہے...... پاکستان والو! رعایا والو! حکمرانو! مقتدر قوتو! تم امریکہ کی کسی بات کو نہیں ٹال سکتے...... رب کعبہ کی قسم! امریکہ کی قوت کوئی قوت نہیں ہے...... میرا رب فرماتا ہے...... تم نے میرے ولی کے ساتھ دشمنی رکھی ہے...... اب میرا تمہارے ساتھ اعلانِ جنگ ہے...... ہے کوئی پاکستانی کی مقتدر قوت...... ہے کوئی پاکستان کی ایٹمی قوت...... جو رب ذوالجلال کے اس جنگ کے چیلنج کو قبول کرے؟...... اور یہ کہے کہ ہم رب کا مقابلہ کریں گے...... تم اعلان بھی کر دو پہلے فرعونوں کا جو حشر ہوا...... وہی تمہارا بھی ہوگا...... یہ بخاری شریف کی روایت ہے...... حدیث قدسی ہے...... اب سوچو! پاکستان کا انجام کیا ہوگیا...... اب سوچو! اس دھرتی کا انجام کیا ہوگیا...... سوچو! تم نے غداری کی ہوگی، تم نے اسامہ کا پتہ دیا گیا...... تمہارے بیانات متضاد ہیں...... کہ جناب ہماری انٹیلی جنس رپورٹ کے مطابق امریکہ نے کاروائی کی ہے...... کبھی کہتے ہیں کہ ہمیں کسی قسم کی کوئی اطلاع ہی نہیں ملی ہے...... دونوں حالتوں میں تمہاری حالت بے غیرتی کی ہے...... اسامہ زندہ ہے...... ہم اللہ کے بندے ہیں...... امریکہ کے بندے نہیں ہیں...... دنیا کے کسی انسان کے بندے نہیں

Marfat.com

ہیں...... ہمیں فخر ہے...... اسامہ کی جرأت پہ فخر ہے...... اسامہ کی غیرت پہ فخر ہے...... اسامہ کی شجاعت پہ فخر ہے...... اسامہ کے مقابلے پہ فخر ہے...... جان دی دی ہوئی اُسی کی تھی...... حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوسکا...... کس راستے سے گیا ہے اسامہ؟...... یہ راستہ کونسا ہے؟...... معمولی راستہ نہیں ہے...... امام الانبیاء ہیں...... نبیوں سے افضل ہیں فرشتوں میں افضل ہیں...... زمینوں میں افضل ہیں...... آسمانوں میں افضل ہیں...... رب کعبہ کی قسم! میرا محمد ﷺ قسم کھا کے کہتا ہے...... اُس ذات کی قسم! جس کے قبضے میں محمد ﷺ کی جان ہے میں چاہتا ہوں کہ میں اللہ کی راہ میں قتل کیا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں پھر قتل کیا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں پھر قتل کیا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں...... ہماری بھی یہی چاہت ہے...... شیخ اسامہ کی بھی یہی چاہت تھی...... ہم اسامہ کو شہادت پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

اسامہ اسلام سے تھا، اسامہ سے اسلام نہیں تھا

مولانا محمد ابراہیم صاحب مدظلہ العالی حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتھم العالیہ کے پوتے

اسلام کا معیار اللہ تعالیٰ نے کسی شخصیت پر نہیں رکھا، اسلام کا معیار اس چیز پر نہیں تھا کہ اسامہ زندہ تھا تو اسلام چلتا...... آج اسامہ اگر دنیا کے اندر نہیں ہے تو اسلام مٹ جائے گا...... یہ کفر کی غلط فہمی ہے...... اسامہ اسلام سے تھا، اسامہ سے اسلام نہیں تھا...... جب اسامہ سے اسلام نہیں تھا بلکہ اسلام سے شیخ اسامہ تھے۔ آج اگر اُن کو دنیا جانتی ہے تو اسلام کی وجہ سے جانتی ہے اور آج اگر اُن سے مسلمان محبت کرتے ہیں تو اسلام کی وجہ سے کرتے ہیں۔ آج اُن (کفار) کو جلن یہ ہے کہ مسلمان ہم سے کیوں نہیں محبت کرتے...... آج مسلم خطوں کے حکمرانوں کو یہ جلن ہے کہ مسلمان ہم سے کیوں نہیں محبت کرتے...... تم اسلام کے اوپر آجاؤ، آج پاکستان کے ۱۸ کروڑ عوام تم سے محبت کرنے لگیں گے۔ آج کیوں لوگ گالیاں دیتے ہیں؟ لیکن حیا مر گئی...... حدیث پاک میں آتا ہے "جب تیری حیا مر جائے تو تیرا جو چاہے تو کر گزر"۔

آج پاکستان کے اندر آکر ایک مسلمان کو مار کر چلے گئے...... آج پوچھنے والا کوئی نہیں ہے اور امام بخاری نے ایک واقعہ نقل کیا ہے کہ ایک صحابی رسول تھے، نبی کریم ﷺ کے صحابی تھا...... جب غیرت ہو انسان کے اندر تو پھر غیرت ایسا کام دکھاتی ہے...... یہ صحابی رسول مکہ شریف گئے اور ایک سردارِ مکہ کے مہمان بنے تو اُس نے دیکھا میزبان نے کہ ایک دن یہ دوپہر کو طواف کر کے آرہے ہیں۔ اس نے پوچھا آپ کہاں سے آرہے ہیں...... کہا

Marfat.com

طواف کرنے کے لیے گیا تھا، اللہ کے گھر کا طواف کر کے آ رہا ہوں...... کہا کیا آپ نے اپنا مذہب چھوڑ دیا...... کہا ہاں میں نے اپنا مذہب چھوڑ دیا...... کہا اس کا مطلب کہ اگر ہم اہلِ مکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر حملہ کریں گے تو آپ میرے آمنے سامنے کھڑے ہوں گے؟ انہوں نے کہا بالکل۔ اُس نے کہا میں تو ایسا نہیں ہونے دوں گا۔ کہا کیوں؟ جواب دیا میرے اور آپ کے درمیان آج کل مفاہمت ہوتی ہے اس پر کہ اگر آپ کو کوئی کافر قتل کرنے آئے گا تو میں اپنی طرف سے لڑنے کے لیے آؤں گا اور اگر میرے اوپر حملہ ہوگا، کوئی مسلمان حملہ آور ہوگا تو آپ میری طرف سے دفاع کریں گے۔ انہوں نے فرمایا چلو ٹھیک ہے...... جب احد کا میدان سجا، جب یہ کافر میدان میں آیا تو اس کے اوپر مسلمانوں نے حملہ کیا...... یہ صحابی رضی اللہ عنہ آ کر اُس کے اوپر لیٹ گئے...... صحابہ نے فرمایا یہ کافر ہے...... فرمایا نہیں، اس کا اور میرا وعدہ ہو چکا ہے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے کھینچا، ہٹایا، یہاں تک کہ زبردستی جدا کیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد میں سمجھایا کہ اس طرح امان کا وعدہ مناسب نہیں...... پھر اُنہیں الگ کیا اور الگ کر کے اُس کافر کو قتل کیا...... لیکن اُنکی غیرت وحمیت کیا تھی...... اگر ایک دفعہ کہہ دیا کہ امن ہے...... پھر اپنی جان کیوں نہ دینی پڑے امان دیتے تھے...... اور آج...... امن کا نام لے کے دنیا کو بے وقوف بنایا جا رہا ہے...... اسلامی نظام...... اسی کے اندر امن ہے...... آج مسلمان کہتا ہے کہ ہماری جان محفوظ نہیں ہے، ہمارا مال محفوظ نہیں ہے، کیوں محفوظ نہیں ہے؟ ہم نے اُس نظام کو ہی نہیں لیا جس میں امن تھا...... کس نظام میں امن ہے؟ اسلام سے بڑھ کر امن کسی نظام کے اندر نہیں ہے۔ جتنا امن اللہ تعالیٰ نے اسلام کے اندر رکھا ہے اتنا امن اللہ تعالیٰ نے کسی دین میں رکھا ہی نہیں ہے۔ آج مسلمان نفرت کر رہا ہے دینِ اسلام سے...... کہتا ہے مولانا! کونسا اسلام؟ طالبان والا اسلام؟ نعوذ باللہ طالبان پہلے نازل ہوئے اسلام بعد میں آیا......!!! ارے طالبان کیا چیز ہیں...... طالبان کی پہچان اسلام سے ہوئی ورنہ وہاں بھی زمانۂ جاہلیت سے پہلے والی رسومات تھیں...... جب روس سے آزادی ہوئی، مسلمانوں نے روس کو شکست دی، روس کا لوہا پگھلایا دیا...... حالانکہ روسی یہود و نصاریٰ کی طرح بہانے کر کے بھاگنے والے نہیں تھے......

آج لوگ کہتے ہیں کہ مسلمان دہشت گرد ہیں...... ارے اسلام نے تو جو امن کا پیغام دیا ہے وہ اور کوئی دے ہی نہیں سکتا...... اس کی واضح مثال افغانستان ہے...... کہ جب روسی فوجیں نکل گئیں تو سکون اور چین حاصل نہیں ہوا...... بلکہ اقتدار کی جنگ شروع ہوئی......

Marfat.com

مسلمان آپس میں لڑنے لگے اور قتل و غارت ایسی شروع نہیں ہوئی...... یہ حالت ہو گئی تھی کہ جب لوگ افغانستان جاتے تو بارڈر پر ہی اپنی گھڑیاں اپنے ازار بند سے باندھ کر شلوار کے اندر لٹکا لیتے تھے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ اسی کے لیے مارا جاؤں...... لیکن اللہ تعالیٰ نے جب طالبان کو حکومت عطا فرمائی...... تو ایسا امن آیا...... ایسا امن آیا...... کہ جس کی وجہ سے یہود و نصاریٰ کو اصل تکلیف شروع ہوئی...... کہ اسلام کا اصل چہرہ مسلمانوں میں متعارف ہو رہا ہے...... اگر دنیا نے دیکھ لیا کہ اصل امن اسلام کے اندر ہے تو ایسا نہ ہو کہ پوری دنیا اسلام قبول کر لے...... انہوں نے اس لیے اسلامی حکومت کو ختم کیا...... یہ ہے اسلام میں امن کی کیفیت...... غازی عبدالرشید شہید رحمہ اللہ یہ پکارتے پکارتے شہید ہوئے کہ شریعت یا شہادت...... لیکن حکمرانوں کو معلوم تھا کہ پاکستان کے اندر اسلام آ گیا تو پھر ہم کھائیں گے کیا...... ہم عیاشی کس طرح سے کریں گے...... پھر ہمارے آگے سیکورٹی اور پروٹوکول کے نام پر پچاس پچاس گاڑیاں کس طرح سے چلیں گی...... انہوں نے کہا اسلامی نظام خلافت؟ نہیں نہیں یہ نہیں ہو سکتا...... ایسا نظام نہیں چاہیے جس نظام کے اندر گردن ماردی جائے...... جس نظام کے اندر حدود اللہ جاری کر دی جائیں...... ہمیں تو نظام وہ چاہیے جو آزاد ہو...... مادر پدر آزاد...... جو جیسی چاہے گناہ کی زندگی گزارے......

آج مسلمان کیوں مغلوب ہو گئے؟ آج وہ حالت ہے جس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چودہ سو سال پہلے فرمایا تھا...... کہ اے صحابہ ایک دن ایسا آئے گا کہ جب کفار تمہیں یوں کھائیں گے جیسے بھوکوں کو کھانے کے دستر خوان چھوڑ دیا جاتا ہے...... صحابہ رضی اللہ عنہم کے پسینے چھوٹ گئے...... فرمایا یا رسول اللہ! ہم تین سو تیرہ سے بھی کم ہوں گے؟ فرمایا تم تو اتنے ہو گے جتنا سمندر کے اوپر جھاگ ہوتا ہے...... (آج ایک ارب تیس کروڑ مسلمان ہیں)...... فرمایا اے اللہ کے نبی یہ وھن ہے کیا چیز؟ فرمایا حب الدنیا تم دنیا کی محبت میں مرے جاؤ گے یا اللہ مجھے موت نہ آئے، میری زندگی بڑھا دے، میری زندگی بڑھا دے، میرا مال بڑھا دے...... فرمایا حب الدنیا...... تم دنیا سے محبت کرو گے...... وکراھیۃ الموت...... اور موت سے نفرت کرو گے...... ورنہ حدیث پاک میں کیا فرمایا؟...... فرمایا تحفۃ المومن الموت...... مومن کے لیے تحفہ کیا ہے؟ موت ہے...... اس لیے کہ وہ اپنے مالک سے ملتا ہے...... اور مومن کے لیے سب سے بڑی اعزاز کی چیز کیا ہے؟ اپنے اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرنا...... آج اللہ تعالیٰ کو بھول گیا...... اللہ نے بھی ضرورت کے حوالے کر دیا......

Marfat.com

کہ جاؤ دنیا کے حوالے...... آج دنیا کے حوالے ہوگئے تو آج مسلمان دردر پہ ٹھوکریں کھا رہا ہے...... جہاں جاتا ہے وہیں ٹھکرا دیا جاتا ہے...... کس لیے حب الدنیا وکراھیۃ الموت...... اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا...... تم دنیا سے محبت کرو گے...... میرا مال، میری جان، میری عزت، میری آبرو، میری زندگی...... اللہ فرماتا ہے...... تیری زندگی نہیں ہے میرے زندگی ہے...... میں جس کو چاہتا ہوں اُسی کو دیتا ہوں...... زندگی کا مالک کون ہے؟ ہمارے مال کا مالک کون ہے؟ ہماری صحت کا مالک کون ہے؟ جب اللہ ہی مالک ہے تو اللہ کو اختیار ہے کہ جب چاہے دے اور جب چاہے واپس لے لے...... یہ زندگی اللہ تعالیٰ کی امانت ہے، اللہ تعالیٰ جب چاہیں اس کو لے لیں جیسے چاہیں اس کو لے لیں...... لیکن مبارک ہیں وہ بندے جو اللہ تعالیٰ کے راستے کے اندر ایمان کی حالت میں چلے گئے...... اور افسوس ہے اُن بندوں پر جو اللہ کے پاس گئے لیکن ایمان ساتھ لے کر نہیں گئے...... اور افسوس ہے اُن بندوں پر جو اللہ کے پاس تو گئے لیکن ایمان ساتھ لے کر نہیں گئے...... قبر کے اندر یہ نہیں پوچھا جائے گا کہ تم نے دنیا کے اندر فیکٹریاں کتنی بنائی تھیں...... تم نے دنیا کے اندر کیا کیا کام کیے تھے...... تم ڈاکٹر بنے تھے یا نہیں بنے تھے...... کیا پوچھا جائے گا؟ پروفیسر بنے تھے یا نہیں بنے تھے؟!......

آج مسلمان نے قرآن کو اٹھا کر کے رکھ دیا مساجد کے اندر...... قرآن کو اٹھا کر کے رکھ دیا گھر میں اوطاق کے اندر...... اور دوسرے ذرائع کو لے لیا...... جو اہل یورپ سکھا رہے ہیں وہی بول رہا ہے...... مسلمان اُسی سے متاثر ہے جو یورپ کی اقوام کی طرف سے آتا ہے...... بھئی رزانہ انسان جس چیز کو دیکھے گا تو یہ فطرتی بات ہے کہ اُس کا دل اُس کی طرف مائل ہو جائے گا...... آج جب مسلمان کفر دیکھتا ہے، اُس کا دل کفر کی طرف مائل ہونے لگتا ہے...... یا ایھا الذین کونوا مع الصادقین...... ''اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ رہو'' ...... اللہ نے تو یہ حکم دیا ہے کہ جب تم سچوں کے ساتھ رہو گے، سچوں کو دیکھو گے...... تو آہستہ آہستہ اُن کا رنگ تمہارے اوپر غالب آجائے گا...... اور جب تم یہود و نصاریٰ کے ساتھ رہو گے...... تو ایک نہ ایکدن اُن کا رنگ تمہارے اوپر غالب آجائے گا...... آج قرآن اٹھانے کی تکلیف...... مسلمان دانش ور ہو...... مسلمان فلاسفر ہو...... مسلمان پروفیسر ہو...... وہ یہ زحمت ہی نہیں کرتا کہ قرآن اٹھا کر دیکھے کہ قرآن کیا کہہ رہا ہے......

قرآن کہتا ہے ''اے ایمان والو! یہود و نصاریٰ تمہارے دوست نہیں ہو سکتے...... وہ آپس میں دوست ہو سکتے ہیں لیکن تمہارے دوست کبھی نہیں ہو سکتے''...... آج ہمارا ایمان

Marfat.com

اتنا کمزور ہو گیا کہ ذرا سا معاملہ ہوتا ہے...... ہماری نگاہ اللہ کی طرف نہیں اُٹھتی...... ہماری نظر یہود و نصاریٰ کی طرف اُٹھتی ہے کہ وہ ہماری مدد کریں......

ذرا سوچیں کہ حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ آگ کے اوپر یونہی نہیں لٹائے گئے...... حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کا جرم کیا تھا...... وہ کیا کہتے تھے...... احد احد احد...... اللہ ایک ہے، اللہ ایک ہے، اللہ ایک ہے...... آج مسلمان شہید کیے جا رہے ہیں...... اُن کا جرم کیا ہے؟ وہ کہتے ہیں تم رب نہیں ہو...... رب تو اوپر ہے...... ایک ہے...... آج ان کا جرم کیا ہے؟ وہ یہی کہتے ہیں...... رب تم نہیں ہو...... رب تو اللہ ہے...... جب اللہ کی ربوبیت کا اعلان کرتے ہیں تو دنیا کے جو خدا بنے بیٹھے ہیں...... اُن کو غصہ آتا ہے کہ ہماری ربوبیت کا انکار کر رہے ہیں یہ...... ہماری بادشاہت کی نافرمانی، ہماری اسٹیٹ کے خلاف انہوں نے بغاوت کی ہے...... ارے تمہاری اسٹیٹ کیا ہے؟ تمہیں اسٹیٹ دی کس نے ہے؟ تمہیں انسان بنایا کس نے ہے؟ اللہ تعالیٰ نے کیا فرمایا کفار کے بارے میں...... ''یہ جانور نہیں جانوروں سے بھی بدتر ہیں...... کیونکہ قیامت کے دن جانوروں سے حساب کتاب نہیں لے گا اللہ...... لیکن ان سے حساب و کتاب لیا جائے گا...... کہ تم نے کتنے مسلمانوں کو شہید کیا تھا؟

ایک اللہ کا ولی جب دنیا سے جاتا ہے...... خواہ وہ کوئی بھی ہو...... دنیا کے کسی خطے کا ہو...... کالا ہو یا گورا ہو، امیر ہو یا غریب ہو...... اللہ کی رحمت کے ساتھ جاتا ہے تو لوگ کیا کہتے ہیں...... ارے ہم نے فلاں بزرگ کا چہرہ دیکھا...... گلاب کی طرح کھلا ہوا تھا...... حدیث پاک میں کیا آتا ہے...... کہ جب مومن کی روح قبض کی جاتی ہے...... تو اللہ تعالیٰ کیا کرتے ہیں...... یہاں سے لے کر جنت تک کے سارے حجابات اس پہ سے اللہ تعالیٰ ہٹا دیتے ہیں......

پھر فرمایا کہ عزرائیلؑ روح نکالتے نہیں ہیں...... وہ جب جنت دیکھتا ہے، اللہ تعالیٰ کے انعامات دیکھتا ہے...... تو اُس کی روح خود بخود نکل کر جنت کی طرف چلی جاتی ہے...... اور جب کافر کی روح نکالی جاتی ہے...... تو حدیث پاک کے اندر آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ جہنم تک کے سارے حجابات ہٹا دیتے ہیں...... آج دیکھو جو کفار افغانستان کے اندر مر رہے ہیں...... اُن کی صورتیں دیکھو...... خنزیر کی طرح مسخ ہوئی...... ایک دن نہیں گزرتا اُن کی لاشوں سے بدبو آنے لگتی ہے...... اب بولو یہ بھی مسلمانوں کی سازش ہے کہ وہ آئے اور بدبو بھر کے چلے گئے...... اللہ تعالیٰ جس کو چاہے، مرنے کے بعد بھی اُس کے جسم سے خوشبو آتی ہے...... اُس کی قبر سے خوشبو آتی ہے...... اُس مٹی کا بھی لوگ ادب کرتے ہیں...... جس مٹی کے اوپر اس کا خون گرا ہو...... یہ

Marfat.com

خون، خون مسلم ہے...... یہ معمولی خون نہیں ہے...... یہ خون اللہ تعالیٰ کو اتنا محبوب ہے...... کہ اللہ تعالیٰ اس سے صرف حکومتیں نہیں...... اللہ تعالیٰ سارے عالم کو تبدیل فرما دیتا ہے......

آج مسلمان مٹھی بھر ہیں...... لیکن جہاں مسلمان آج بھی دین سے چمٹا ہوا ہے اللہ وہاں انہیں یہود ونصاریٰ کے ہاتھوں ذلت نہیں دکھاتا...... افغانستان کے اندر کرونا!!!...... وہاں کیوں ماں مر رہی ہے؟...... مجاہدین نے اعلان کیا کہ آج کے بعد کسی سے کوئی مذاکرات نہیں ہیں...... اور یہ موسم گرما ہم بدر کے نام سے لڑیں گے...... اور اصحابِ بدر کی یاد کو تازہ کر دیں گے......

ایک طرف ہمارے حکمران ہیں جو کفار سے کہتے ہیں کہ آپ نے (اسامہ کے معاملے میں) جو کیا ہے بالکل سچ کیا ہے، حق کیا ہے...... نعوذ باللہ جیسے وحی نازل ہوئی ہے...... دنیا کی زندگی کتنی ہے دوستو؟ میں کہتا ہوں کہ اسامہ کی قبر (بحر) کو اللہ تعالیٰ نور سے بھر دے...... انہیں شہادت کی موت ملی ہے...... یہ موت کافر اور منافق کے نصیب میں نہیں ہے...... مرتد کے نصیب میں نہیں ہے...... یہ صرف مومن کا خاصہ ہے...... کہ اللہ تعالیٰ اُس کو شہادت کی موت عطا فرماتے ہیں......

حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے دورِ خلافت میں، حضرت ابوعبیدہ ابن جراح رضی اللہ عنہ کو رومیوں سے لڑنے کے لیے بھیج رہے ہیں...... اور حضرت ابوعبدیہ ابن جراح رضی اللہ عنہ کے بارے میں کیا آتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا...... امین الامۃ...... میری امت کے اندر سب سے زیادہ امانت دار ہیں...... حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کتنا لشکر دیا...... ساٹھ ہزار کا لشکر دیا...... ساٹھ ہزار کا لشکر چلتا ہے...... کتنوں سے لڑنے جا رہا ہے...... ساٹھ لاکھ کے لشکر سے لڑنے جا رہا ہے...... ساٹھ لاکھ کا لشکر ہے سامنے...... رومیوں کا لشکر ساٹھ لاکھ کا لشکر تھا...... جسکا صرف مقدمۃ الجیش یعنی آگے لڑنے والا جو دستہ تھا وہ دس لاکھ نفوس پر مشتمل تھا...... جب وہاں پہنچے اور مسلمانوں نے اپنے خیمے گاڑے...... یہ تاریخ اس لیے بار بار دہراتا ہوں تاکہ مسلمانوں کو اپنی عزت کا، اپنی آبرو کا، اپنی عظمت کا احساس ہو کہ ہم کیا تھے آج کیا ہو گئے اور کیوں ہو گئے...... حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ ہمارے سروں کے تاج ہیں...... یہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہمارے سروں کے تاج ہیں...... ہم اُن کے غلام ہیں...... اللہ تعالیٰ نے اُن کو عزت عطا کی تو جب ہم اُن کے راستے پر چلیں گے تو اللہ تعالیٰ ہمیں بھی عزت عطا فرمائیں گے...... حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ لشکر لے کر پہنچے...... اپنے جاسوسوں کو بھیجا، فرمایا جاؤ معلوم کر کے آؤ دشمن کا لشکر کتنا ہے...... واپس آئے تو حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو بتایا کہ ساٹھ لاکھ کا لشکر ہرقل نے بھیجا ہے...... فرمایا جاؤ خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو بلا

Marfat.com

کر لاؤ...... حضرت خالد رضی اللہ عنہ آتے ہیں...... فرمایا حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ نے کہ اے خالد! رومیوں کا لشکر آیا ہے...... ساٹھ لاکھ کا لشکر ہے...... دس لاکھ اُس میں سے مقدمۃ الجیش کے طور پر آ رہے ہیں...... آپ کو کتنے مسلمان چاہییں اُن سے لڑنے کے لیے؟...... تاریخ کے اندر سونے کے حروف سے بھی اگر یہ الفاظ لکھے جائیں تو بھی اُن کا حق ادا نہیں ہو سکتا کہ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے کہا صرف چھے ہزار کا لشکر درکار ہے...... چھ ہزار کا لشکر لے کر میں دس لاکھ سے لڑنے جاؤں گا...... اُن کے پاس کیا سام میزائل تھے؟ ڈیزی کٹر بم تھے! کم من فئۃ قلیلۃ...... اللہ تعالیٰ جب چاہتا ہے تو قلیل کو کثیر کے اوپر غالب کر دیتا ہے...... فرمایا اے خالد! دس لاکھ کا لشکر ہے، حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ سمجھانا چاہ رہے تھے...... حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے فرمایا، اے ابو عبیدہ! اللہ تعالیٰ نے مجھے سیف اللہ کے لقب سے نوازا ہے...... آپ اس کی فکر مت کیجئے...... ہم شہید ہو جائیں گے لیکن اُس لشکر کو آپ تک نہیں پہنچنے دیں گے...... وہی ہوا...... اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو غلبہ عطا فرمایا...... ساٹھ ہزار کا لشکر، ساٹھ لاکھ کے لشکر کو شکست دینے کے بعد مالِ غنیمت سے لدا مدینے واپس آیا......

آج یہ ہمیں ڈرون سے ڈرا رہے ہیں ہم میزائل حملے کریں گے...... ہمارے پاس ایسی ٹیکنالوجی ہے...... ہم تمہارے ریڈار جام کر دیں گے...... ارے تمہارا ریڈار تو بجلی سے چلتا ہے...... اللہ نے مومن کو جو فراست کا ریڈار دیا ہے، وہ آنکھ بند کرتا ہے اور دیکھ لیتا ہے......

اسی لیے حدیث پاک میں کیا فرمایا...... اتقوا فراسۃ المومن...... مومن کی فراست سے ڈور...... کیونکہ مومن، اس آنکھ سے نہیں دل کی آنکھ سے دیکھ رہا ہے...... تمہارا ریڈار کیا ہے؟ وہ جو جہاز وہاں گرا ہے، ہیلی کاپٹر...... کہہ رہے ہیں اُس کا ملبہ ہمیں واپس دے دو...... اللہ تعالیٰ نے مومن کا ریڈار اُس کے دل میں نصب کیا ہے...... کوئی چھین نہیں سکتا...... جان تو لے سکتا ہے لیکن اُن کا ریڈار نہیں چھین سکتا......

آج دوستو! ہم اتنا عزم کریں کہ ہم گناہ چھوڑ دیں گے...... واللہ ہم گناہ چھوڑ دیں...... اللہ کی مدد آج بھی ہمارے ساتھ ہوگی...... اللہ کی مدد پیچھے نہیں ہٹی...... اللہ کی مدد آج بھی ہمارے ساتھ شامل حال ہے بشرطیکہ ہم اللہ تعالیٰ کو ناراض کرنا چھوڑ دیں...... آج ہم نے اللہ کو اتنا ناراض کیا کہ ہم سود کھانے میں سب سے آگے ہو گئے...... آج مسلمان سود کھانے کو فخر محسوس کرتا ہے...... آج مسلمان اپنی ماں بہن، بیٹی کو بے برقعہ بازار میں گھما کر فخر محسوس کرتا ہے...... کیا کہتا ہے...... ارے ہم وہی چودہ سو سال پہلے والے نہیں ہیں......

Marfat.com

مولانا! ہم ترقی پسند لوگ ہیں...... ارے اپنی ماں بہن، بیٹی کو گھمانا ترقی پسندی ہے؟ دادا محترم نے فرمایا کہ ایک زمانے میں ہندو عورت بھی اگر باہر نکلتی تھی تو وہ اپنا پلو گرا کر چلتی تھی کہ میرا چہرہ کوئی دوسرا نہ دیکھے...... اور آج بے شرمی کی یہ حد آ گئی کہ مسلمانوں نے جو سود کھایا...... اُس سود کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ایمان کی غیرت ختم کر دی...... اپنی بیٹیوں کو جینز کی پتلون شرٹ پہنا کر فخر محسوس کرتے ہیں......

آج گھروں میں لاشیں آ رہی ہیں...... جب ان سے کہا جاتا ہے کہ ان کا مقابلہ کرو، ان امریکیوں کا...... کیوں ڈرتے ہو؟ کیوں ڈرتے ہو؟ تو کہتے ہیں مولانا ہمیں پتھر کے دور میں نہیں جانا...... کہتے ہیں، مولانا! اگر ہم لڑیں تو ہماری یہ سڑکیں کہاں بچیں گی، ہمارے گھر کہاں بچیں گے؟ یہ تو اللہ کے ہاتھ میں ہے کہ اللہ تعالیٰ جس کو بچاتا ہے...... جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد ہوگی وہی بچے گا...... وہی غالب رہے گا...... واللہ غالب علی امرہ...... اللہ تعالیٰ کیا فرماتے ہیں کہ تمام کاموں میں اللہ تعالیٰ غالب ہے لیکن اکثر لوگ جانتے ہی نہیں...... اللہ تعالیٰ نے فرمایا...... "آج امریکہ بھی سن لے...... یورپی یونین بھی سن لے...... عزت اللہ کے لیے، اُس کے رسول اللہ ﷺ کے لیے ہے مومنین کے لیے ہے لیکن یہ منافقین اس چیز کو نہیں سمجھتے...... وہ سمجھتے ہیں کہ عزت شاید اُن کے لیے ہے...... کیونکہ ہمارے آگے پیچھے گاڑیاں گھوم رہی ہیں...... اگر گاڑیوں سے عزت ہوتی تو تم آج ساری دنیا میں بھیک نہیں مانگ رہے ہوتے...... اللہ تعالیٰ ہم سب کو عقلِ سلیم عطا فرمائے...... فہم سلیم عطا فرمائے اور یہ جو واقعہ ہوا...... اللہ تعالیٰ ہمیں ایسے غیرت مند حکمران عطا فرمائے جو ہمارے ایمان کی حفاظت کر سکیں...... اللہ تعالیٰ عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

شیخ اسامہ کی شہادت آج لاکھوں شہادت سے بڑی شہادت ہے

مولانا عبدالستار صاحب مدظلہ العالی مسجد بیت السلام، ڈیفنس کراچی

اس وقت جو عالمی سطح پر ایک واقعہ پیش آیا، یعنی شیخ اسامہ کی شہادت کا...... ایک طرف تو وہ طبقہ ہے جو الحمد للہ قرآن حدیث سے جُڑا ہوا ہے علماء سے جڑا ہوا ہے۔ غم اُسے بھی ضرور ہوا اور وہ اس کی تکلیف محسوس کرتا ہے لیکن الحمد للہ اس کا ایمان بجائے گھٹنے کے اور بڑھتا چلا گیا کہ اللہ نے اس دور کے اندر بھی ایسے مسلمان اور ایسی مائیں پیدا کیں جن کے ایسے لعل اور شہزادے ہیں جو اللہ کے دین کے لیے اُس انداز کی قربانیاں دیتے ہیں جو

Marfat.com

صحابہ رضی اللہ عنہم کی زندگیوں میں نظر آتی تھیں۔ ایک سوچ تو یہ ہے یہ سوچ اُس طبقے کی ہے جس کا تعلق قرآن سے حدیث سے صحابہ رضی اللہ عنہم سے ہے، جس کے سامنے کامیابی کا معیار یہ چیزیں ہیں۔ وہ ان سے معیار دیکھتا ہے۔ تو وہ اس حالت اور اس واقعے سے یہ سبق لیتا ہے وہ اندر ہی اندر خوش ہوتا ہے کہ اللہ نے اس دور کے اندر بھی ایسے لوگ پیدا فرمائے...... جہاں لوگ قومیت کے نام پر مر رہے ہیں، وطن کے بت ان کے سامنے ہیں، زبان کے بت ان کے سامنے ہیں، علاقے کے بت ان کے سامنے ہیں اور اپنی زندگیاں ان کے بتوں کے سامنے قربان کر رہے ہیں...... اور ایک یہ شخص ہے جو عرب سے نکلتا ہے...... وہ روتا ہے تو فلسطین کے مسلمان کے لیے، تڑپتا ہے تو افغانستان کے مسلمان کے لیے، وہ روتا ہے تو تنزانیہ کے مسلمان کے لیے وہ تڑپتا ہے تو الجزائر کے مسلمان کے لیے وہ روتا ہے تو حرمین شریفین کے لیے وہ روتا ہے تو بیت المقدس کے لیے...... مسلمان اس کا کردار دیکھ کر حیران ہوتا ہے کہ اللہ نے اس صدی کے اندر بھی ایسے مسلمان پیدا فرمائے ہیں۔ ایک سوچ کا زاویہ یہ ہے...... کہ اس صدی کے اندر بھی ایسے قیمتی لوگ موجود ہیں...... آج تو لوگ چند ٹکوں کے لیے اپنے بھائی کو ذبح کر دیتے ہیں...... چند ٹکوں کے لیے مسلمانوں کو قتل کر دیتے ہیں اور ایک یہ ماں کا بیٹا اور ایک شہزادہ...... اور مسلمانوں کے سر فخر سے بلند کرنے والا...... جس نے کروڑوں اربوں روپے کی دولت صرف اللہ کے دین کے لیے قربان کر دی۔ تو ایک سوچ اُن لوگوں کی ہے جن کے نزدیک معیار وہ جو آقا نے بتایا، جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا، جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بتایا۔ اس لیے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کی زندگی اگر سامنے ہو تو پھر شیخ اسامہ کی شہادت سمجھ میں آئے گی۔ اور جو ان زندگیوں سے دور ہیں انہیں تو سمجھ میں نہیں آئے گی۔

احد کا میدان ہے...... حضرت سعد رضی اللہ عنہ ہیں اور حضرت عبداللہ ابن جحش رضی اللہ عنہ ہیں...... دونوں احد کے میدان میں...... سگے صحابہ ہیں...... حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ سعد رضی اللہ عنہ آج میدان لگ رہا ہے...... ایسا کرتا ہوں میں دعا کرتا ہوں تُو آمین کہنا پھر تو دعا کرنا میں آمین کہوں گا...... اس لیے کہ اس سے ہماری دعائیں جلد قبول ہو جائیں گی...... دعا کیا کرتے ہیں...... پہلے حضرت سعد رضی اللہ عنہ دعا کرتے ہیں...... اے اللہ! ایک زوردار دشمن سے میری مڈبھیڑ ہو...... وہ مجھ پہ حملہ کرے، میں اس پر حملہ کروں اور آخر یہ ہو کہ میں اُس پہ غالب آجاؤں اور اُس کا مالِ غنیمت میرے حصے میں آجائے...... یہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی دعا ہے...... حضرت عبداللہ ابن جحش رضی اللہ عنہ دعا کرتے ہیں...... اے اللہ! میرا ایک سخت دشمن ہے

Marfat.com

مقابلہ ہو...... کبھی وہ مجھ پہ حملہ کرے...... کبھی میں اُس پہ حملہ کروں...... آخر وہ مجھ پہ غالب آجائے...... اور میری ناک بھی کاٹ ڈالے...... زبان بھی کاٹ دے...... جسم کے ٹکڑے بھی کاٹ لے...... تاکہ کل قیامت کے دن اللہ کے دربار میں جاؤں اور اللہ پوچھے کہ یہ کیوں کٹا ہوا جسم لے کے آیا ہے...... تو اللہ سے کہوں، اللہ! سب کچھ تیرے لیے کر کے آیا ہوں......

ہاں میرے عزیزو! جب مسلمان قوم کے سامنے صحابہ رضی اللہ عنہم کی زندگی سامنے تھی سب اُسے پتہ ہوتا تھا کہ امت کے محسن کون ہیں...... پہلے مسلمان کی تعلیم میں محمد بن قاسم کے واقعات، محمود غزنوی کے تذکرے، صلاح الدین ایوبی کے تذکرے، ٹیپو سلطان کے تذکرے، نور الدین زنگی کے تذکرے فخر سے پڑھے اور پڑھائے جاتے تھے...... یہ قوم کے محسن تھے...... لیکن جب سے مسلمانوں نے فنکاروں اور اداکاروں کو پڑھنا شروع کیا ہے اور کافران کے آئیڈیل اور ان کے لیڈرز بن گئے تو پھر شیخ اسامہ کی شہادت ان کی نظر میں یقیناً مشکوک ہوجائے گی۔ اُس طبقے کی نظر میں یقیناً مشکوک ہوگی لیکن جن کا الحمدللہ آج بھی قرآن سے، حدیث سے صحابہ رضی اللہ عنہم سے واسطہ ہے جن کے دلوں میں آج بھی صحابہ رضی اللہ عنہم کی عظمت ہے...... اُن کی نظروں میں تو شیخ کی شہادت آج لاکھوں شہادتوں سے بڑی شہادت ہے۔ اور اُن کے سر تو فخر سے بلند ہیں کہ اللہ نے اس دور کے اندر بھی...... جہاں ہر طرف قومیت کی بنیاد پر، وطن کی بنیاد پر، علاقائیت کے نعرتے ہیں...... ایسے لعل بھی اللہ نے اس امت کی ماؤں کو دیے ہیں جو آج بھی مسلمانوں کے لیے تڑپتے ہیں...... اپنا گھر بار مسلمانوں کے لیے چھوڑتے ہیں...... اپنی دولت کی تجوریاں اسلام کی سر بلندی کے لیے کھول دیتے ہیں...... ایسے لوگ آج بھی ہیں...... مسلمان فخر کرتا ہے ان پر...... اس لیے کہ کافر اتنا گھبرایا ہے، ایسے کرداروں سے اتنا گھبرایا ہے، اس کی اتنی بھی ہمت نہیں ہوئی کہ مسلمانوں کو اس کا جسم دکھا سکے۔ اس کی اتنی بھی ہمت نہیں ہوئی کہ دھرتی پہ مسلمان اُس کی قبر کو دیکھیں...... اُسے پتہ ہے اس قوم میں نئی زندگی پیدا ہوگی...... اتنا ڈرتا ہے...... اب بتائیں زندگی میں اُس سے کتنا خوف کھاتا ہوگا، جو مرنے کے بعد بھی دشمن کو ڈرا رہا ہے سبحان اللہ...... جو جتنا بڑا ایمان والا ہوتا ہے، اس کا رعب کافروں پر اتنا ہی زیادہ ہوتا ہے...... زندگی میں اُس سے ڈرتے تھے، مرنے کے بعد بھی ڈر رہے ہیں...... وہ بھی ڈر رہے ہیں، منافق بھی ڈر رہے ہیں۔ اس لیے کوئی اُس کی لاش لینے کے لیے تیار نہیں، ڈرتے ہیں اتنے ...... اللہ نے ایسا رعب رکھا تھا...... تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ کہنے لگے، دعائیں دونوں کی قبول ہوگئیں، عبداللہ کی بھی قبول

Marfat.com

ہوگئی، میری بھی قبول ہوگئی لیکن میں نے دیکھا کہ عبداللہ کی دعا میری دعا سے بڑھ گئی تھی۔

میرے عزیزو! قرآن سے، علماء سے، مدارس سے تعلق رکھنے والوں کی سوچ تو یہ ہے کہ الحمد للہ! شیخ کو اللہ تعالیٰ نے اس دور کا بہت بڑا آدمی بنایا تھا۔ اس میں کوئی دورائے نہیں ہیں۔ سب یہ کہتے ہیں کہ اللہ نے اس دور کا سب سے بڑا انسان بنایا تھا۔ ہزاروں لاکھوں مائیں اولادیں جنیں گی...... لیکن شیخ ان سب پر فائق تھا...... جس نے اربوں ڈالر اللہ کے دین کے لیے لگا دیے، پورا خاندان ہی یہ عجیب تھا...... شیخ کہنے لگے کہ میری ایک بہن تھی جس نے تین ارب اللہ کے دین کے لیے دیے۔ جب میں قرآن پڑھتا ہوں تو بسا اوقات ایسا لگتا ہے کہ قرآن کی آیتیں اللہ تعالیٰ نے شیخ کی زندگی میں زندہ کر دی تھیں۔ الذین امنوا ایمان بھی لایا، وھاجروا ہجرت بھی اللہ کے دین کے لیے کی وجاھدوا جہاد بھی کیا اور بعض لوگ تو صرف مال لگاتے ہیں اور بعض صرف صلاحیتیں لگاتے ہیں لیکن اللہ اکبر! اللہ نے اس شیخ کو ایسی سعادت دی...... مال بھی لگایا، اولاد بھی قربان کردی، بیوی بھی قربان کر دی اور اپنی جان بھی قربان کر دی...... جاھدو ا باموالھم وانفسھم...... اس لیے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے...... اعظم درجۃ عنداللہ...... اُس کا اللہ کے ہاں بہت بڑا درجہ ہے۔

سندھ اسمبلی میں ارکان اسمبلی کی طرف سے چار گھنٹے کے اجلاس کے دوران کسی مسلمان رُکن نے ایبٹ آباد آپریشن کے ایشو پر نہ بات کی نہ اس آپریشن میں شہید ہونے والوں کے لئے دعائے مغفرت کی یہ الفاظ ایک غیر مسلم رکن اسمبلی کے تھے مزید اقلیتی رکن

Marfat.com

نے کہا اگر میں آواز اُٹھاتا تو ایشو کا الزام لگتا مگر افسوس کہ مسلمان اتنے کمزور ہو گئے کہ وہ ان مقتولین کے لئے فاتحہ بھی نہیں کر سکتے۔

صلیبی مصنفین کی آراء

مشہور چینی جنرل و فلسفی سن زو (Sun Tzu) اپنی شہرہ آفاق کتاب 'دی آرٹ آف وار' میں لکھتا ہے:

"Know thy self, know thy enemy. A thousand battles, a thousand victories"

موجودہ چین کے اہل حل و عقد کو اپنے اس بزرگ کی نصیحت کی افادیت کا مکمل ادراک حاصل ہو یا نہ ہو، البتہ مغرب کے تھنک ٹینکس یونیورسٹیز اور لائبریریز میں مصروف عمل صلیبی مفکرین و مصنفین نے اپنے دشمن کی معرفت حاصل کرنے میں کوئی دقیقہ فرو گزاشت نہیں کرتے۔ شیخ اسامہ بن لادن کی ذات پر اب تک بہت کچھ لکھا جا چکا ہے اور بہت کچھ مزید لکھا جائیگا۔ پچھلے دس سال کے عرصے میں لاتعداد کتب، رپورٹس، مقالہ جات، خصوصی شمارے منظر عام پر آئے۔ ان دس سالوں میں جب بھی صلیبی لشکر، مجاہدین کے ہاتھوں ہزیمت سے دوچار ہوا عالمی جرائد و مجلّات سرورق پر اس عظیم مجاہد کو جگہ دینے پر اپنے آپ کو مجبور پاتے۔ صلیبی مفکرین، محققین، دانشوا ایک بار پھر سر جوڑتے اور شیخ اسامہ بن لادن کی ذات ایک بار پھر تختہ مشق بنتی۔

شہید اسلام کی شخصیت پر مغربی دنیا میں اب تک جو کچھ لکھا جا چکا ہے۔ اس کا مکمل احاطہ کرنا بذات خود ایک مستقل تصنیف کا محتاج ہے۔ درج ذیل سطور میں ہم شیخ شہید پر لکھی جانی والی تصانیف کا ایک اجمالی تعارف حاصل کرنے کی اپنی سی ایک کوشش کریں گے۔

Osama bin Laden
Michael Scheuer

شیخ اسامہ کی ذات پر اگر مغرب میں کوئی شخص سنجیدہ کتاب لکھ سکتا تھا وہ شخص یقیناً مائیکل شوئیر ہی تھا۔ مائیکل شوئیر امریکی انٹیلی جنس ایجنسی 'سی آئی اے' میں خصوصی قائم کردہ 'اسامہ بن لادن یونیٹ' کا 1996 سے 1999 تک سربراہ رہا۔ اس طویل عرصے کی 'رفاقت' میں اسے شیخ اسامہ کی ذات اور انکے مشن کا گہرائی سے مطالعے کرنے کا موقع ملا۔

اس لیے یہ عجب نہیں کی شیخ اسامہ ذات پر اس شخص کو اتھارٹی مانا جاتا ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ مغرب ہمیشہ سے ہی شیخ اسامہ کے 'تقوی، سخاوت، شجاعت، سٹریٹیجک صلاحیت، سحر انگیز شخصیت اور صبر کو نظر انداز کرتا آرہا ہے۔ اسامہ بن لادن ایک کمال کا قائد، عسکری کمانڈر،

Marfat.com

سٹریٹیجسٹ اور پروپیگنڈا ماسٹر تھا۔ مگر مغرب نے ایک ایسے عظیم شخص کو دنیا کے سامنے ایک کارٹون کریکٹر کے طور پر پیش کیا۔ اس طرح مغرب نے ایک انتہائی طاقتور اور خطرناک دشمن کو ہلکا جانا اور اپنے آپ کو دیوانہ وار ایک ایسی جنگ میں جھونک دیا جس میں پھنسانے کا پلان اسامہ بن لادن نے انتہائی باریک بینی سے بنا تھا۔ وہ لکھتا ہے:

"Despite the religious rhetoric and the bloody means, bin Laden is rational man. There is a simple reason why he attacked the US: American Imperialism. As long as America seeks to control Middle East, he and people like him will be its enemy ... (he) anticipated a war of attrition that might last decades"

یوں مغرب خود ہی اسامہ کے شکنجے میں پھنس گیا۔ مصنف کے مطابق شیخ اسامہ نے پانچ سے سات ہزار کے قریب مجاہدین کو تیار کر رکھا ہے جن میں سے متعدد بہ تعداد نوجوان 'اپر مڈل کلاس' سے تعلق رکھتے ہیں۔ کتاب میں شیخ اسامہ کی ذات اور فکر کی ارتقا کا نہایت عرق ریزی سے احاطہ کیا گیا ہے۔ مزید براں اس موضوع پر مائیکل شوئیر کی درج ذیل کتب بھی قابل ذکر ہیں:

Through our enemies eyes, Michael Scheuer- Imperial Hubris, Why the West is loosing the War on Terror, Michael Scheuer

The Osama bin Laden I Know: An Oral history of Al Qaeda's Leader, Peter Bergen

شیخ اسامہ پر اب تک لکھی گئی کتابوں میں اس کتاب کو ایک بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ 500 سے زائد صفحات پر مشتمل یہ کتاب شیخ اسامہ سے براہ راست ملاقات کرنے والے اصحاب سے حاصل کردہ معلومات کو بنیاد بنا کر لکھی گئی ہے۔ اس کتاب کا مصنف پیٹر برگین ہے۔ پیٹر برگین سی این این میں 'نیشنل سیکیورٹی اینلسٹ' کے عہدہ پر فائز ہے اور مختلف امریکی تھنک ٹینکس سے آج بھی وابستہ ہے۔ 1997 میں پیٹر برگین نے شیخ اسامہ کا افغانستان میں انٹرویو کیا۔

مصنف نے کتاب میں اس بات کا سراغ لگانے کی کوشش کی ہے کہ اسامہ بن لادن نامی شخص کی ذات میں آخر ایسی کیا چیز پوشیدہ ہے کہ عالم اسلام کے ہزاروں نوجوان اس کی پکار پر لبیک کہنے کے لیے بے تاب بیٹھے ہیں۔ جس کے ایک حکم پر انہی میں سے کچھ نوجوانوں نے امریکی ہوائی جہازوں کو بلند و بالا عمارتوں میں دے مارا تھا۔ کتاب کے آغاز میں مصنف لکھتا ہے کہ:

'تاریخ میں شائد ہی کبھی ایسا ہوا کہ ہمارے دشمن نے ہم پر حملہ آور ہونے سے

Marfat.com

پہلے ہمیں اتنے صریح اور اعلانیہ انداز میں خبردار کیا۔

مصنف کے مطابق جمال عبدالناصر کے بعد عالم عرب میں کوئی عالمی پائے کی سیاسی شخصیت ہے تو وہ شیخ اسامہ ہیں۔ پیٹر برگن کی ایک اور اہم کتاب The Longest War: The Enduring Conflict between America and Al Qaeda ہے۔ اس کتاب میں مصنف گیارہ ستمبر کے حملہ کے فیصلے کو شیخ اسامہ کی ایک اسٹریٹیجک غلطی قرار دیتا ہے۔ اسکے بقول اس حملے کے بعد القاعدہ نظریات کی جنگ ہار چکی ہے اور مین سٹریم 'اسلام اب القاعدہ کا سب سے بڑا نظریاتی دشمن ہے۔ مزید براں اس کتاب میں وہ امریکی حکومت کو بھی ہدف تنقید بناتا ہے کہ جس نے گوانتاناموبے جیسے واقعات کی بنا پر امریکہ کو اس جنگ میں اسکی اخلاقی ساکھ سے محروم کر دیا۔ پیٹر برگن کی ایک اور اہم کتاب Holy War, Inc.: Inside the Secret World of Osama bin Laden ہے۔ اس کتاب میں مصنف شیخ اسامہ کو ایک ملٹی نیشنل کارپوریشن کے CEO سے تشبیہ دیتا ہے۔ ایک ایسی کارپوریشن جس نے جدید دنیا کی ٹیکنالوجی اور اسلحہ کا خوب خوب فائدہ اٹھایا ہے۔ مصنف کتاب کا آغاز ایک معنی خیز جملہ سے کرتا ہے:

Prologue: How to Find the World's Most Wanted Man
"When you go looking for Osama bin Laden, you don't find him: he finds you"

یہ بات بھی قابل توجہ ہے کہ مصنف اور پبلشر نے اس کتاب کی رائلٹی کا ایک مخصوص حصہ (International Red Cross) انٹرنیشنل ریڈ کراس کو دینے کا اعلان کر رکھا ہے۔

Messages to the World: The Statements of Osama bin Laden Bruce Lawrence

جب مغربی سوسائٹی اپنی حکومتی اداروں کی شائع کردہ پریس ریلیز اور بریفنگز سے تنگ آ گئی تو مغربی دنیا میں مغرب کے سب سے بڑے دشمن کو براہ راست سمجھنے کی تحریک پیدا ہوئی۔ یہ کتاب بھی اسی تحریک کا ثمر ہے۔ بنیادی طور پر یہ کتاب شیخ اسامہ کے 42 بیانات کا مجموعہ ہے۔ اس جیسے اور بہت سے مجموعے شائع ہو چکے ہیں جیسے:

Osama bin Laden: America's Enemy in His Own Words, Randall B. Hamud
Intel Center- Words of Osama bin Laden, Vol 1
Infamous Speeches: From Robespierre to Osama bin Laden, Bob Blaisdell

ہزاروں میل دور بیٹھے مغربی سکالرز اور مفکرین، ان بیانات کے انگریزی ترجمے پڑھتے ہوئے بھی ان بیانات کی ادبی چاشنی اور شیخ اسامہ کی فصاحت و بلاغت کا اعتراف کیے بغیر نہ رہ سکے

Marfat.com

Where's Osama bin Laden? CIA Edition
Xavier Watekeyn & Danial Lallic

عراق اور افغانستان کی جنگ میں امریکہ اور CIA کو جہاں کئی دوسرے مقامات پر ہزیمت اٹھانا پڑی وہاں شیخ اسامہ کو شہید یا گرفتار کرنے میں ناکامی پر امریکی عوام اور تجزیہ نگاروں نے CIA اور امریکی حکومت کو خوب آڑے ہاتھوں لیا۔ 'ہنٹ فار بن لادن ' (Hunt for Bin Laden) کا بھوت جہاں پینٹا گون میں بیٹھے سورماں کو لے ڈوبا وہیں امریکی فنکاروں کو بھی اپنے جوہر دیکھانے کا موقع میسر آیا۔ کتاب کیا ہے، امریکی بے بسی پر ایک لطیف طنز ہے، آخر اسامہ گیا کہاں؟ زمین کھا گئی یا آسمان نگل گیا؟

(Puzzle) پزل نما اس کتاب میں پیرس، سڈنی، بالی، سپین اور دنیا کے دیگر مقامات کی دلکش مگر گھمبیر تصاویر بنائی گئی ہیں۔ قاری کو ان تصاویر میں سے اسامہ بن لادن کو تلاش کرنا ہے !!! خوب غور سے تصویر کو دیکھئے، دماغ پر زور دیجئے، آخر اسامہ کہاں گیا؟ کیا آپ اس صفحہ پر اسامہ بن لادن کو ڈھونڈ سکتے ہیں؟ ابھی یہیں کہیں سے اسامہ نمودار ہو جائے گا!

زیویر واٹرکن اور ڈینیل لیلک اس میدان میں اکیلے نہیں۔ ڈیوڈ پیٹن نامی ایک شخص نے بھی اس 'کار خیر ' میں اپنا حصہ ڈالا۔

I Dreamead I Killed Osama bin LadenDavid Payton

کتاب میں مصنف رات کو دیکھا ہوا اپنا خواب بیان کرتا ہے کہ کیسے وہ طالبان کی صفوں میں داخل ہونے میں کامیاب ہوتا ہے اور اسامہ بن لادن کو قتل کر کے امن پسند دنیا کو سکھ کا سانس لینے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

Kill Bin Laden: A Delta Force Commander's Account of the Hunt for the World's Most Wanted Man Dalton Furry

'Kill Bin Laden' بنیادی طور پر پراپگینڈہ بک ہے۔ امریکہ اپنی نخوت اور عسکری ناکامی پر پردہ ڈالنے کے لئے ایسی کتب شائع کرتا رہتا ہے۔ کتاب کا مصنف ڈالٹن فوری فرسٹ سپیشل فورسز ڈیٹیچمنٹ ڈیلٹا فورس کا سابق کمانڈر ہے۔ کتاب آپریشن تورا بورا کی روداد پر مشتمل ہے۔ ایسی ہی ایک کتاب CIA کے سابق فیلڈ کمانڈر نے بھی تصنیف کی ہے۔

Jawbreaker: The attack on Bin Laden and Al-Qaeda: A Personal Account of CIA's Key Field Commander Gary Berntsen

حسب توقع کتاب میں امریکہ کی افغانستان میں ناکامی کا ملبہ CIA اور امریکی فوج میں موجود مبینہ 'بیوروکریسی ' پر ڈالا گیا ہے۔ اس طرح کی کتب میں یہ تاثر دینے کی کوشش کی جاتی ہے کہ امریکی فوج اور فیلڈ ایجنٹس تو شیر دل اور بلا کے مہم جو ہیں جو کئی بار شیخ اسامہ اور مجاہدین کے گرد گھیرا ڈالنے میں کامیاب ہو گئے پر کیا کریں ہر بار CIA اور امریکی

Marfat.com

فوج میں موجود 'بیوروکریسی ' نے معاملہ لیٹ کر دیا اور دہشت گرد پھر ہاتھ سے نکل گئے۔

The Looming Tower: Al-Qaeda and the Road to 9/11
Lawrence Wright

لارنس رائٹ کی یہ کتاب سید قطب شہید سے شیخ اسامہ بن لادن تک کا تاریخی اور فکری سفر کا احاطہ کرتی ہے۔ مصنف نے دعوی کیا ہے کہ اس کتاب کو لکھنے کیلئے اسکو عالم عرب میں ایک ہزار سے زائد افراد کے انٹرویو کرنے پڑے۔

شیخ اسامہ کی ذات پر جہاں عسکری تجزیہ نگاروں، صحافیوں اور حالات حاضرہ سے وابستہ پیشہ ور افراد نے لکھا وہیں پر سوشل سائنسز، لبرل آرٹس اور عمرانیات سے وابستہ افراد نے بھی شیخ اسامہ کو اپنا موضوع سخن بنایا۔

The House of Osama bin Laden Nikki Bell

نکی بیل نے افغانستان میں موجود شیخ اسامہ بن لادن کے گھر، بامیان کے بدھا کے تباہ شدہ مجسموں اور دیگر مقامات کی تصاویر پر مبنی یہ کتاب تیار کی جسے بعد میں 2004 کے ٹورنر انعام کے لئے نامزد کیا گیا۔ مزید براں اس کتاب کو BAFTA Award سے بھی نوازا گیا۔

Osama bin Laden: A Psychological and Political Portrait
Anthony J. Dennis

مصنف نے پانچ سال کی طویل محنت کے بعد شیخ اسامہ بن لادن کا سائکولوجکل پوٹریٹ) نفسیاتی خاکہ (بنانے کو کوشش کی ہے۔ مصنف کے مطابق شیخ اسامہ 21 صدی میں ایک منفرد سیاسی شخصیت ہیں، ایک ایسا شخص جو کسی بھی قسم کے سرکاری عہدہ پر فائز نہ ہونے کے بوجود عالم اسلام میں بے پناہ اثر رسوخ رکھتا ہے، جس کا اپنے چاہنے والوں سے رابطے کا ذریعہ انٹرنیٹ ہے۔ وہ لکھتا ہے:

"Osama bin Laden's defiance of the West reminds Muslims of the 'good old days' of Islam when charismatic leaders united the Muslim World and led their people to victory over the infidels"

AlQaeda and What It Means to Be Modern
John Gray

جان گرے انگلینڈ کی عالمی شہرت یافتہ یونیورسٹی ، (London School of Economics and Political Science) لندن سکول آف اکنامکس میں (European Thought) یورپین تھاٹ کے پروفیسر ہیں۔ جان گرے کا مطابق القاعدہ کو قرون وسطی کی یادگار کہنا انتہائی غلط ہے۔ القاعدہ کو شکست دینے کے لئے یہ بات

Marfat.com

تسلیم کرنا ہوگی کہ القاعدہ بھی ایک 'ماڈرن ڈویلپمنٹ' ہے اور اس کا ماڈرن دنیا سے اتنا ہی رشتہ ہے جتنا کسی اور فلسفے کا۔

قارئین کرام! تاریخ کی کتابوں میں ہم پڑھتے آئے ہیں کہ صلیبی جنگوں کے دوران جرمنی، انگلینڈ اور نہ جانے کہاں کہاں کی صلیبی عورتیں رات کو اپنے بچوں کو سلطان صلاح الدین ایوبی کا ڈراوا دے کر سولایا کرتی تھیں۔ اب کی بار بھی ایسا ہی ہوا۔ گیارہ ستمبر کے بعد صلیبی دنیا میں ایک بار پھر مائیں اپنے عہد کے صلاح الدین ایوبی کا ڈراوا دینے لگیں۔

Osama bin Laden: A War Against the West
Elaine Landau

ایلین لانڈاو بنیادی طور پر سکول کے طلبہ کے لیے کتابیں لکھتی ہیں۔ شیخ اسامہ پر یہ کتاب چھٹی جماعت کے طلبہ کے لیے لکھی گئی ہے۔ اس کتاب میں شیخ اسامہ کی بنیادی سوانح حیات، عالم عرب میں ان کی مقبولیت، القاعدہ اور اسکے طریقہ کار پر بحث کی گئی ہے۔ مصنفہ نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ شیخ اسامہ کی فکر کا عالم عرب کی مین سٹریم سے کوئی تعلق نہیں۔ کتاب میں دی گئی تصاویر اور انکے تحت دی گئی عبارات بھی بہت معنی خیز ہیں، مثال کے طور پر ایک صومالی بچے کی ٹینک کے ساتھ تصویر دی گئی ہے جس کے نیچے یہ عبارت درج کی گئی ہے:

"Exploiting brutal unrest and famine in Somalia, bin Laden sought to establish jihad, or holy war, in that country in an effort to to expel Western Influence "

اس طرح کی اور بہت سی کتب بھی سکول جانے کی عمر کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہیں مثلاً:

- Heroes & Villans- Osama bin Laden,
Bill Loehfelm
- People Who Made History- Osama bin Laden,
William Coleman

وہ اپنی ذات میں انجمن تھا، اپنے چاہنے والوں کے لیے شمعِ محفل کی مانند تھا، اس کا ثبوت یہ کتابیں بزبانِ حال دے رہی ہیں۔ یہ اوراق بذاتِ خود اس بات کی دلیل ہیں کہ تنِ تنہا ایک سپر پاور سے ٹکر لینے والا کوئی معمولی انسان نہ تھا۔ گوشت پوشت کا یہ قالب ایسے قلب کو لیے ہوئے تھا جو مانندِ سیماب مضطرب تھا۔ حلقِ یاراں میں بریشم کی طرح نرم اور رزم گاہ میں جھپٹتا شیر تھا۔ یہ صفحات اس پر شاہد ہیں کہ وہ کس قدر عالی ظرف اور مہمان نواز تھا۔ 'الفضل ما شھدت بہ الاعداء' کمال تو وہ ہے کہ جس کی دشمن بھی گواہی دیں؛ ایک فرد پر اغیار کی جانب سے لکھی ہوئی یہ شہادتیں اس بپھرے شیر کی دھاڑ کی بازگشت نہیں تو اور کیا ہیں!!

Marfat.com

دو سپر پاورز سے ٹکرانے والا تاریخ کا واحد شخص

سنتوش بھارتی

سیڑھیوں پر اپنی جان بچاتے دوڑتے، بھاگتے اور ہانپتے دنیا کے سب سے طاقت ور ملک کے ممبران پارلیمنٹ۔ کوئی گر رہا ہے، کوئی دوسرے کو دھکا دے رہا ہے۔ سب جان بچا کر بھاگنے میں لگے ہیں۔ یہ آنکھوں پر بھروسا کرنے والا نظارہ نہیں ہے۔ 9 ستمبر 2001ء سے قبل یہ کوئی سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ امریکی ممبرانِ پارلیمنٹ اپنے ہی پارلیمنٹ ہاؤس میں جان بچا کر اس طرح بھاگتے ہوئے نظر آئیں گے۔ ایک بار، دو بار نہیں، 2001ء کے بعد ایسا نظارہ کئی بار دیکھا گیا۔ ورلڈ ٹریڈ سنٹر حادثے کے بعد امریکی شہریوں کے دلوں میں دہشت گھر کر گئی۔ امریکہ کا غروٹ ٹوٹ گیا۔ دنیا کا سب سے طاقت ور ملک، جس کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ اس کی جغرافیائی، اسٹریٹجک اور سیاسی صورتِ حال ایسی ہے کہ اس پر کوئی حملہ نہیں کر سکتا، اپنے ہی تحفظ کے لیے فکرمند ہو گیا۔

یہ غرور توڑنے کا کریڈٹ اسامہ بن محمد بن عوض بن لادن کو جاتا ہے، جسے ہم دنیا کے سب سے خطرناک دہشت گرد اسامہ بن لادن کے نام سے جانتے ہیں۔ اسامہ بن لادن ایک دہشت گرد تو تھا، لیکن اس نے ایسا کام کیا، جسے طاقت ور سوویت روس نہیں کر سکا، جاپان نہیں کر سکا، جرمنی کا ہٹلر نہیں کر سکا۔ دوسری جنگ عظیم میں بھی کسی نے نیویارک پر حملہ کرنے کی ہمت نہیں کی۔ جاپان نے پرل ہاربر پر حملہ ضرور کیا، لیکن یہ مین لینڈ سے 2000ء کلو میٹر سے بھی زیادہ دور سمندر میں ایک جزیرہ ہے۔ اسٹریٹجک نقطۂ نظر سے لادن نے پہلی بار امریکہ کو یہ احساس دلایا کہ اس کے شہر محفوظ نہیں ہیں۔ بحر اوقیانوس پار کر کے اس کے شہروں کو تباہ کیا جا سکتا ہے۔ اسامہ بن لادن کا امریکہ پر یہ پہلا حملہ نہیں تھا، اس سے پہلے بھی وہ امریکی سفارت خانوں اور سمندری جہازوں کو نشانہ بنا چکا تھا، لیکن ورلڈ ٹریڈ سینٹر پر حملے نے دنیا کا رنگ ہی بدل دیا۔ بین الاقوامی سیاست، اقتصادی نظام، ناٹو کی ذمے داریاں، روس اور چین کی عالمی سیاست میں مداخلت، مغربی ایشیاء کے تئیں دنیا کا رویہ، اسرائیل وفلسطین کی لڑائی اور دہشت گردی کے تئیں دنیا کا رویہ جیسی کئی اہم چیزیں ہیں، جن

Marfat.com

میں پر اثر تبدیلی آئی۔ ان تبدیلیوں کی ایک ہی وجہ تھی اسامہ بن لادن کا امریکہ پر حملہ۔ اسامہ کے حملے نے نہ صرف امریکہ کو غیر محفوظ قرار دیا۔ بلکہ اس سے عالمی سیاست بھی بدل گئی۔ اس کے بعد دنیا کی ساری طاقتیں اسامہ بن لادن کو ڈھونڈنے نکل پڑیں، لیکن وہ دس سالوں تک امریکی فوج کو چکما دیتا رہا۔ اس درمیان میں وہ اپنے آڈیو اور ویڈیو ٹیپ جاری کرتا رہا، دنیا کو یہ بتانے کے لیے کہ وہ زندہ ہے۔ 2 مئی 2011ء کو پاکستان کے شہر ایبٹ آباد میں اسامہ بن لادن کو امریکی فوج نے مار گرایا۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا اسامہ کی موت کے ساتھ اس کا باب ختم ہو گیا؟ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ اسامہ کی موت سے امریکی حکومت نے راحت کی سانس لی۔ امریکہ کے منصوبہ ساز یہی سوچ رہے ہوں گے کہ مستقبل میں اب کوئی دوسرا اسامہ بن لادن نہ پیدا ہو۔

اسامہ بن لادن کے مرنے کے بعد القاعدہ کا نیا چہرہ ابھرے گا۔ اسامہ بن لادن کی حیثیت اب ایک فلسفی کی ہوگی۔ یہ تنظیم بن لادن کے ذریعے بنائی گئی آئیڈیالوجی اور حکمت عملی پر چلے گی۔ گزشتہ سالوں میں اسامہ بن لادن نے القاعدہ کو بڑی سوجھ بوجھ کے ساتھ فرنچائزی ماڈل میں تبدیل کر دیا۔ مطلب یہ کہ پہلے جہاں القاعدہ کی صرف ایک تنظیم ہوتی تھی۔ اب یہ الگ الگ جگہوں پر چھوٹی چھوٹی شاخوں کی طرح کام کرے گی۔ اسامہ بن لادن اسلام کے تقدس پر اعتقاد رکھتا تھا۔ وہ جمہوریت، کمیونزم، سوشلزم یا پھر کسی بھی غیر اسلامی حکومتی نظام کے خلاف تھا۔ وہ اسلامی ممالک میں شریعت کے مطابق قانون نافذ کرنے کا طرفدار تھا۔ اس کا ماننا تھا کہ ملا عمر کی طالبانی حکومت والا افغانستان ہی واحد اسلامی ملک ہے۔ وہ ایسی ہی حکومت ہر ملک میں نافذ کرنا چاہتا تھا۔ اس کا ماننا تھا کہ امریکہ نے مغربی ایشیا میں آ کر تہذیب اور اسلام کو آلودہ کر دیا ہے، اس لیے امریکہ کو پورے مغربی ایشیا سے باہر کرنا ضروری ہے۔ اسامہ فلسطین کا حامی تھا اور اسرائیل کو مغربی ایشیا سے باہر نکالنے کا طرفدار تھا، اس کے لیے اس نے تشدد سے بھی گریز نہیں کیا تھا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس کے خیالات اور مقصد کو حاصل کرنے کے طریقے اسے دہشت گرد کے زمرے میں شامل کرتے ہیں۔ اسامہ کی حکمت عملی الگ الگ دشمنوں کے حساب سے بنی تھی۔ القاعدہ کے مینول میں اسے اچھی طرح سے سمجھایا گیا ہے۔ اسامہ بن لادن چھوٹے ممالک سے لڑنے کے لیے بم دھماکے اور خودکش حملے جیسی حکمت عملی پر کام کرتا تھا، لیکن سوویت یونین اور امریکہ جیسے بڑے ممالک کے لیے اس کی حکمت عملی الگ تھی۔ وہ ان کے ساتھ سالوں تک چلنے والی

Marfat.com

لمبی لڑائی کر کے انھیں تباہ کرنا چاہتا تھا۔ اس کا ماننا تھا کہ ایسی لڑائی کے ذریعے ہی عالمی طاقت کو ہرایا جاسکتا ہے۔ ایسی حکمت عملی کی وجہ سے عالمی طاقت کی اقتصادی صورتِ حال کم زور ہو جاتی ہے۔ فوجیوں کے مرنے سے ان ممالک کی حکومت پر دباؤ بڑھتا ہے۔ میدان جنگ میں الگ الگ ممالک سے جہادی شامل ہوں گے، جو جان دے دیں گے، لیکن سپردگی نہیں کریں گے۔ اسی حکمت عملی کے ذریعے اسامہ بن لادن نے سوویت یونین کو افغان جنگ میں شکست دی تھی۔ سوویت فوج کو اپنے ٹینک چھوڑ کر بھاگنا پڑا تھا۔ اسامہ بن لادن یہی امید کر رہا تھا کہ افغانستان میں جو حال سویت یونین کا ہوا، وہی امریکہ کا ہوگا۔ سمجھنے والی بات یہ ہے کہ اس کی حکمت عملی کامیاب ہوتی نظر آرہی ہے۔ امریکہ کی معیشت جنگ کی وجہ سے خراب ہوگئی ہے۔ امریکہ اب زیادہ دنوں تک عراق اور افغانستان میں جنگ جاری رکھنے کے حق میں نہیں ہے۔ ان ممالک میں جنگ کرنے کے لیے حکومت کو عوامی حمایت حاصل نہیں ہے۔ انتخابات کے دوران امریکی صدر اوبامہ نے یہی وعدہ کیا تھا کہ وہ جنگ کو ختم کریں گے۔ عراق اور افغانستان سے فوجیوں کو واپس لائیں گے۔ امریکی فوج کے واپس جانے سے پہلے ہی اسامہ بن لادن پکڑا گیا۔ امریکہ نے اسے مار گرایا، لیکن یہ کہنا پڑے گا کہ وہ تاریخ کا واحد ایسا شخص ہے، جس نے دونوں سپر پاور سے لڑائی لڑی۔ ایک کو اس نے ہرادیا اور دوسرے کے ساتھ جنگ میں مارا گیا۔ مستقبل میں اگر امریکی فوج افغانستان سے واپس جاتی ہے اور طالبان واپس افغانستان میں حکومت بنانے میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو یقیناً اس کا سہرا اسامہ بن لادن کو جائے گا۔

اسامہ بن لادن کی موت القاعدہ کے حوصلے پر گہرا جھٹکا ہے۔ اسامہ بن لادن دنیا، خاص طور سے غیر مسلم ممالک کے لیے ایک دہشت گرد تھا۔ لیکن اس کے ساتھ ہی اس بات سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ وہ ایک کرشماتی لیڈر تھا۔ کروڑوں لوگ اسے ایک عظیم مجاہد مانتے تھے۔ اسامہ بن لادن کے نام سے کون واقف نہیں۔ دنیا بھر میں بچے بچے کے منہ پر اسامہ بن لادن کا نام ہے۔ کروڑوں لوگوں کے درمیان اسامہ کی پہچان یہ ہے کہ وہ ایک ارب پتی تھا، جس نے اسلام کے دشمنوں سے لڑنے کے لیے دنیا کے سارے عیش و آرام ترک کر دیے۔ ایسے بھی لوگ ہیں جو اسامہ کے ذریعے کی گئی ہلاکتوں کی مذمت کرتے ہیں، لیکن اس کی ہمت کی داد بھی دیتے ہیں کہ وہ اکیلا ایک ایسا انسان تھا، جس نے امریکہ سے لوہا منوایا۔ اسامہ نے جو کیا، جس طرح کیا، اس پر اختلاف ہوسکتا ہے، لیکن اس بات کو کون جھٹلا

Marfat.com

سکتا ہے کہ اس نے دھیرے دھیرے دنیا بھر میں ایک ایسی تنظیم تیار کردی۔ جس سے بڑی بڑی سرکاریں سہم گئیں۔ اسامہ بن لادن کوئی معمولی دہشت گرد نہیں تھا، وہ امریکی مخالفت کی جیتی جاگتی علامت بن چکا تھا۔ فلسطین کا معاملہ ہو یا پھر افغانستان اور عراق کا، امریکہ نے اپنی طاقت کا استعمال کیا۔ تیل کے لیے اس نے مغربی ایشیا کی حکومتوں کے ساتھ مل کر وہاں کے شہریوں کو متنفر کیا۔ اسلامی ممالک کے لوگ امریکہ کے بارے میں اچھی رائے نہیں رکھتے ہیں، اسے دشمن مانتے ہیں۔ اسامہ بن لادن ایسے ہی لوگوں کا سپر ہیرو بن کر ابھرا، یہی وجہ ہے کہ دنیا بھر کے مسلم ممالک میں اسامہ کے چاہنے والے موجود ہیں۔ اسامہ کی موت کے بعد ان لوگوں نے کھلے عام اس کی غائبانہ نمازِ جنازہ ادا کی۔ اسامہ بن لادن کسی شخص یا دہشت گرد کا نام نہیں رہ گیا ہے، اسامہ ایک آئیڈیالوجی ہے۔ اسامہ بن لادن نے اسلامی معاشرے اور عیسائی تہذیب کے درمیان ایسی لکیر کھینچ دی، جس کا اثر پوری دنیا میں راست طور پر نظر آیا۔ تہذیبوں کے درمیان تصادم کی باتیں پہلے سے ہو رہی تھیں، لیکن اسامہ بن لادن نے اسے حقیقت میں بدل دیا۔ ایسا خیال، جو یہ مانتا ہے کہ امریکہ اور یورپ اسلامی تہذیب کو تباہ کرنا چاہتے ہیں۔ اس نے مغربی ایشیا کے لوگوں کو یہ سمجھایا کہ امریکہ اپنے نظریاتی سماجی، اقتصادی اور سیاسی اقتدار کو مسلمانوں پر تھوپنا چاہتا ہے۔ اس نے یہ اپیل کی کہ امریکہ اور یورپ کے ممالک طاقت ور ہیں اور ان سے لڑنے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں ہے۔ مسلم ممالک کی حکومتیں امریکہ سے نہیں لڑسکتیں۔ اس لیے خود ہی لڑنا ضروری ہے۔ ان کے خلاف جہاد کرنا ہی سب سے مقدس فریضہ ہے۔ یہ آئیڈیالوجی خطرناک اور پُرتشدد ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ اسامہ بن لادن کے خیالات اور پیغامات سے نوجوان متاثر ہوئے ہیں۔ وہ عرب ممالک کے نوجوانوں کا ہیرو ہے۔ یہ اسامہ بن لادن کا ہی اثر ہے کہ امریکہ کی مخالفت ان کے دلوں میں ایسے بیٹھ گئی ہے کہ وہ خودکش حملہ کرنے سے بھی نہیں ہچکچاتے۔ اسامہ بن لادن کے ذریعے بنائی گئی تنظیم القاعدہ ایسے ہی جاں نثار لوگوں کی فوج ہے، یہی وجہ ہے کہ یورپ، شمالی امریکہ، شرقِ اوسط اور ایشیا کے 40 سے بھی زائد ممالک میں اسامہ بن لادن کی القاعدہ سرگرم ہے۔

Marfat.com

شیخ اسامہ بن لادن کالم نگاروں کی نظر میں

(محسن امت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کو اللہ تعالیٰ نے اس فضیلت سے بھی نوازا کہ اپنے ہوں یا پرائے حتیٰ کہ بدترین سیکولر عناصر چاہے وہ کالم نگار ہوں یا تجزیہ کار، سبھی شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی شہادت پر شیخ کو خراج تحسین پیش کرتے نظر آتے ہیں۔ کالم نگاروں کے اقتباسات ہم ذیل میں اس یاددہانی کے ساتھ نذر قارئین کر رہے ہیں کہ اُن کی دیگر آرا سے ہمارا اتفاق قطعاً ضروری نہیں۔)

شہید اسامہ کے بعد، عبدالقادر حسن، روزنامہ ایکسپریس

''سعودی عرب کا یہ باشندہ جس نے اپنے اہل وعیال اور اربوں روپوں کی مالی قربانی کے ساتھ اپنی جان اللہ تعالیٰ کے حوالے کر کے جہاد کے میدان میں قدم رکھا اور سرزمین پاکستان پر شہادت کا مقصد پالیا لاریب عہد حاضر کا سب سے بڑا شہید ہے۔ نقشے پر نگاہ ڈالیں تو دنیا کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک اسلامی دنیا پھیلی ہوئی ہے، اس لاکھوں ایکڑ زمین پر ایک مسلمان کو دوگز زمین بھی نہیں مل سکی جس نے اپنا سب کچھ اسلامی نظریات پر قربان کر دیا اور دنیا کو دکھا دیا کہ اسلام کا نام لینے اور اس پر مر مٹنے والے ابھی زندہ ہیں۔ اسامہ کی قبر نہ سہی اس کی موت اور اس کی ایمان افروز یادیں آفتاب و ماہتاب بن کر باقی رہیں گی۔ اسلام دشمن مغربی سامراج جس کی قیادت امریکہ کے پاس ہے یہ اس کے سامنے سینہ تان کر کھڑا رہا اور اسلامی عالمی مزاحمت کا نمونہ نشان اور علامت بن گیا۔ اس نے کبھی کہا تھا کہ میں دشمنوں کے ہاتھوں زندہ نہیں پکڑا جاؤں گا، اس بیماری میں بھی وہ زندہ نہیں لڑ کر مرا شدید ترین مزاحمت، اس نے ایک مدت ہوئی لڑنے اور لڑ کر جان دینے کا عزم کیا تھا۔ اعلیٰ جدید تعلیم اور بے حساب دولت کو اس نے اللہ کی راہ میں لگا دیا اور خوش نصیبی ملاحظہ کیجیے کہ قدرت نے اس کی قربانی قبول کر لی۔ آج وہ ایک قیدی نہیں شہید اسامہ بن لادن ہے اور مسلم حافظے میں وہ اسی لقب کے ساتھ زندہ رہے گا۔''

بیج بن کر دفن ہونے والے ختم نہیں ہوتے: محمد یونس قاسمی، اردو پوائنٹ

''اسامہ بن لادن مرا نہیں بلکہ امر ہو گیا ہے۔ اسے وہ سعادت ملی ہے جس کے حصول

Marfat.com

کے لیے اس دنیا میں آنے والی بڑی بڑی شخصیات آرزو کرتی ہیں۔ امریکہ یہ سمجھے کہ شاید اسامہ کو مار دینے سے اسامہ کا مشن ختم ہو گیا ہے تو یہ اس کی بھول ہے، یہ لوگ مرتے نہیں بلکہ بیج بن کر دفن ہوتے ہیں اور گندم کے دانے کی طرح دفن ہونے کے بعد پھر جب زمین سے نکلتے ہیں تو اکیلے نہیں بلکہ سینکڑوں ہزاروں کو ساتھ لے کر آتے ہیں اور زمین میں انقلاب برپا کر دیتے ہیں۔ آج اسامہ اور اس کے ساتھی بھی بیج کا کردار ادا کر رہے ہیں پھر جب یہ زمین سے پھوٹیں گے تو امریکہ جیسی طاقتوں کو خس وخاشاک کی طرح بہالے جائیں گے"۔

اسامہ بن لادن کا خوف: اوریا مقبول جان، روزنامہ ایکسپریس

"جس شخص کی میت دکھانا امریکہ کی سلامتی اور سیکورٹی کے لیے خطرے کا باعث ہو، اُس کا خوف کتنی دیر تک امریکہ کے دلوں میں بستا رہے گا۔ شاید کئی نسلیں اس خوف سے کانپتی رہیں"۔

"میں آج صبح اسرائیل اور لبنان کی سرحد پر کھڑا خاردار تار کی دوسری جانب نہتے فلسطینیوں کو اسرائیل کے یومِ قیام پر احتجاج کرتے دیکھ رہا تھا اور پھر اچانک آنسو گیس، گولے اور پھر فائرنگ شروع ہوئی۔ فلسطینی اپنے زخمی ساتھی کو اٹھاتے، ایک طرف لے جاتے اور پھر نعرہ زن ہو جاتے۔ اس دن بارہ کے قریب نہتے اور معصوم شہید ہوئے۔ لبنان کی گلیوں، بازاروں میں گھومتے ہوئے دو چیزوں نے حیرت میں ڈالا۔ ایک ان کا بچہ بھی اسرائیل کو فلسطین کہتا ہے۔ یہ وہ ملک ہے جس نے اپنے سامنے صابرہ اور شطیلہ کی بمباری دیکھی ہے اور فلسطینی بچوں اور عورتوں کی لاشیں اٹھائی ہیں۔ دوسرا جو بھی ملتا، اسے پتہ چلتا کہ میں پاکستانی ہوں تو ایک دم سوال کرتا کہ کیا اسامہ بن لادن کو واقعی شہید کر دیا گیا ہے؟ میں جواب گومگو میں دیتا۔ اکثر کا جواب صرف ایک ہوتا، امریکہ اور اسرائیل کے مظالم کے سامنے صرف وہی ایک شخص سینہ سپر تھا۔ جس قوم نے روز امریکی اور اسرائیلی بمباریوں کے ہاتھوں لاشیں اٹھائی ہوں، جن کے گھر برباد ہوئے ہوں، جن کے ہاں ہزاروں نہیں لاکھوں مہاجر فلسطینی غربت وافلاس میں ڈوبے ہوئے ہوں، انہیں اسامہ بن لادن کی آواز میں بھی کشش محسوس ہوگی اور انہیں اُس کی موت کا دکھ بھی ہوگا"۔

ہر گھر سے اسامہ نکلے گا: مظفر اعجاز، روزنامہ جسارت

"اسامہ ایک فکر کا نام ہے، نظریہ کا نام ہے۔ شیخ فاتح، شیخ عبداللہ عزام، شیخ مصطفیٰ ابو یزید، شیخ ابواللیث اللیبی، حمزہ ربیعہ، شیخ خالد حبیب، فہد الکینی، ایمن الظواہری، عطیۃ اللہ، ابو یحیٰ اللیبی، آدم غدان امریکی شہری یہ سب کون ہیں؟ کوئی اسامہ سے پہلے گیا کوئی بعد میں جائیگا، یہ سب اسامہ تھے اور اسامہ ہی رہیں گے"۔

Marfat.com

آگ ہے، اولادِ ابراہیم ہے، نمرود ہے: مولانا محمد ازہر، روزنامہ اسلام

''زمین پر تو ہزاروں شہدا کے پاک جسم موجود ہیں، شاید حق تعالیٰ شانہ کے تکوینی نظام کے تحت سمندر کا شکوہ محرومی دور کرنا مقصود ہو کہ اسے یہ شکایت نہ رہے کہ میرا دامن سرخی خونِ شہیداں سے رنگین نہیں ہوا۔ شیخ اسامہ عظیم مجاہد تھے اور وہ خون شہادت سے سرخرو ہر ک اپنے مولیٰ کے پاس پہنچ چکے ہیں''۔

وہ شہید ہے: عباس اطہر، روزنامہ ایکسپریس

''بلاشبہ وہ شہید ہے، اللہ اس کی مغفرت کرے''۔

نخلِ دار: ہارون الرشید، روزنامہ جنگ

''ایک ایسا شخص جس نے تاریخ میں ایک نئے دور کی بنیاد رکھی۔ وسائل کے مقابل وسائل اور فوج کے سامنے فوج کی بجائے، عظیم الشان لشکروں اور خوف ناک اسلحے کے مقابل، جان سے گزر جانے کا حوصلہ رکھنے والے فدائی۔۔۔۔ اس سے بڑھ کر احمقانہ بات تو کوئی ہو ہی نہیں سکتی کہ اسامہ بن لادن امریکی ایجنٹ تھے۔ ایجنٹ مال و دولتِ دنیا سے آباد آسودہ زندگی چھوڑ کر غاروں میں بسر نہیں کیا کرتے۔ ہتھیلی پر جان رکھ کر جیا نہیں کرتے۔ بیوی بچوں کی زندگیاں خطرے میں ڈالا نہیں کرتے''۔

امریکہ نے اسامہ کو سچ ثابت کر دیا: حامد میر، روزنامہ جنگ

''اسامہ بن لادن اپنی موت کے بعد بھی مسکرا رہا ہے۔ اس کے دشمنوں نے ناچ گا کر فتح کا جشن تو منا لیا لیکن وہ جانتے ہیں کہ اسامہ بن لادن اپنی جسمانی موت کے بعد بھی ان کا پیچھا نہیں چھوڑے گا۔ امریکی فوج نے ۲ مئی ۲۰۱۱ء کو ایبٹ آباد میں ایک آپریشن کے ذریعہ القاعدہ کا ایک ایسا شہید فراہم کر دیا جس کے مردہ جسم سے دنیا کی طاقت ور ترین فوج شدید خوف زدہ تھی۔ خوف کا یہ عالم تھا کہ امریکی فوج اسامہ بن لادن کو دنیا کے کسی کونے میں دفن کرنے کی ہمت نہ کر سکی کہ کہیں مسلمانوں کو ایک اور شہید کا مزار نہ مل جائے۔ امریکی فوج نے اسامہ بن لادن کے جسم کو فضا کی بلندیوں سے سمندر میں پھینک کر ایک کہانی کو ختم کرنے کی کوشش کی لیکن شاید وہ نہیں جانتے تھے کہ اسامہ بن لادن کی زندگی کی کہانی تو ختم ہو گئی لیکن اس کے ساتھ ہی کئی نئی کہانیاں شروع ہو چکی ہیں۔ امریکی فوج نے اسامہ بن لادن کو سمندری لہروں کے حوالے کر کے مورخین کو یہ لکھنے پر مجبور کر دیا ہے کہ اپنے وقت کی سپر پاور ایک مردے سے سخت خوف زدہ تھی۔ شاید اسامہ بن لادن کے جسم کو سمندر برد کر کے امریکیوں نے اپنی خفت مٹانے کی کوشش کی''۔

Marfat.com

نذیر احمد غازی: نوائے وقت

''پورا عالم اسلام خاموش، خانقاہ گنگ، محراب ساکت، واعظ رنگین نوا کی زبان پر تالے، ناقدین سلطنت کی زبان پر چھالے، گویا سانپ نہیں اژدھا سونگھ گیا تھا لیکن فطرت جاگ رہی تھی، فطرت نے اسامہ کی زبان کو مقاصد کی تکمیل کے لیے استعمال کیا۔ اسامہ للکارا کہ حرمین کے جوار میں ناپاک امریکی وجود نہ بساؤ، ان کے عزائم بیت المقدس سے شروع ہو کر حرمین کے قلب تک جا پہنچے ہیں، اس لیے تمہاری زمین، تمہاری حکومت، تمہارے عوام اور تمہارے ایمان خطرات کی وادی میں گھر گئے ہیں۔ اسامہ کو حرمین کی ہمسائیگی سے محروم ہونا پڑا اور وہ بھی ہجرت حبشہ کے تتبع میں افریقہ میں مہاجر بن گیا۔

اب فرعون وقت کی یہ خبریں کہ ہم نے اسامہ کی لاش سمندر میں بہادی ہے، ایک کمزور ابلیسی مظہر ہے۔ اسامہ تو اپنے ظرف کے مطابق سمندر کی لہروں پر سوار ہوا اور وسعتوں کے دامن میں جا سویا۔ ابھی کچھ وقت کروٹ لے گا تو بخارات بادل بن کر برسیں گے اور بری بارش کا نزول ہوگا، پھر آسمان کا عذاب ہر امریکی ریاست کو سونامی بنائے گا۔ خدائی غضب کا پانی نہ انہیں مرنے دے گا اور نہ جینے۔ امان کے دروازے بند ہو جائیں گے، ڈالر پھٹی ہوئی پرچیاں بن جائیں گے اور خدائی عذاب کے پے در پے کوڑے برسیں گے لیکن بچانے والا کوئی نظر نہیں آئے گا۔ اسامہ کو سمندر میں بہادیا تو کیا ہوا، حق کی اونچی آواز میں بات کرنے والوں کی وسعتیں مرنے کے بعد بھی اپنا وجود منواتی ہیں۔ دیکھنا ایسا نہ ہو کہ اب سمندر ابلے اور تمہارے ساحلوں کو بھنور آشنا کر دے اور پھر تمہارے دیس کی مٹی میں اسامہ کے وجود کے ذرے پیوند ہو جائیں اور تمہاری ہر گلی میں ایک موسیٰ نظر آئے اور تم 'آمنا آمنا' کی مالا جپو لیکن خدائی فیصلہ غضب و عذاب کو کوڑا بن کر تم پر برسے۔ اسامہ توحید کا علم لیے اب بھی سمندروں میں دیوانہ وار رواں دواں ہے اور قیامت میں اس کے جنون توحید کو تسلیم کا تمغہ عطا کیا جائے گا''۔

اسامہ بن لادن کے بعد: سلیم صافی، روزنامہ جنگ

''اسامہ بن لادن القاعدہ کے فکری اور بانی امیر تھے۔ دنیا میں وہ دہشت کی علامت تھے لیکن اپنے پیروکاروں کی صفوں میں قربانی کے جذبے اور خوئے دل نوازی کی وجہ سے نہایت محبوب تھے۔ وہ کمٹمنٹ کے اس مقام پر کھڑے تھے کہ لوگ ان کے گرویدہ ہو جاتے تھے۔ امیر ترین خاندان کے فرد تھے لیکن دنیا کی تعیشات چھوڑ کر انہوں نے زندگی ہتھیلی پر رکھ کر پہاڑوں اور غاروں کی زندگی اختیار کی تھی''۔

Marfat.com

اک معمہ ہے سمجھنے کا نہ سمجھنے کا: صفدر محمود، روزنامہ جنگ

''امریکہ نے اُسامہ کے مزار سے ڈر کر اسے غرق سمندر کر دیا حالاں کہ امریکہ جیسی مغرور سپر پاور کو چیلنج کرنے کے بعد وہ زندگی ہی میں لیجنڈ بن گیا تھا اور موت کے بعد وہ ہمیشہ امریکی مزاحمت کی علامت بن کر تاریخ میں محفوظ رہے گا''۔

وہ جو کوئی بھی تھا: عرفان صدیقی، روزنامہ جنگ

''میں دل گرفتہ اہل وطن کو سمجھا تا رہا کہ معصوم و سادہ دل لوگو! ہم اسے شہید نہیں کہہ سکتے۔ اس لیے کہ شہنشاہ عالم پناہ خفا ہو جائیگا۔ اس لیے بھی کہ ہم دس سال سے، امریکی جنگ کا دست بازو ہیں اور اسامہ ہمارے مخالف لشکر میں سے تھا۔ اس لیے بھی کہ ہم اپنا پیٹ پالنے کے لیے امریکی نان نفقے کے محتاج ہیں۔ اس لیے بھی کہ امریکا دنیا کا تاج دار اور جابر ملک ہے اور ہمارے حکمرانوں کی باگیں اُس کے ہاتھ میں ہیں۔ اور سب سے بڑھ کر اس لیے کہ ''دین غلامی'' میں امریکہ کو آنکھیں دکھانے اور اسے پنجہ آزمائی کرنے والا غازی کہلا سکتا ہے نہ شہید۔ ہر پاکستانی چینل پر وہی بولی بولی جارہی تھی جو اسامہ کے بارے میں امریکہ، یورپ اور دنیا کے دیگر مسلم بے زار منطقوں میں بولی جاتی ہے۔ ہم اسے مسلسل امریکہ کی آنکھ سے دیکھتے رہے، اس کے بارے میں پھیلائی گئی امریکی کہانیاں دہراتے رہے اور وقفے وقفے سے امریکہ ہی کی زبان میں اس پر تبصرے کرتے رہے۔ غلامی اسی طرح دلوں اور ذہنوں کے اندر گھونسلے بناتی ہے۔ ہمیں کچھ ضرورت نہیں اس کی زندگی کے نشیب و فراز کا جائزہ لیں اربوں اور کھربوں میں کھیلنے اور سونے کا چمچہ منہ میں لے کر پیدا ہونے والا شہزادہ انجینئرنگ میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والا ہونہار نوجوان اپنے خاندان کی بے کراں دولت لامحدود کاروباری امکانات اور عیش وعشرت سے پُر زندگی سے دست کش ہو کر غریب الوطنی، سخت کوشی، جدوجہد پیکار اور سامراج دشمنی کے خارزاروں کی طرف کیوں نکل آیا؟ دنیا میں کتنے ہیں جو شہزادگی ٹھکرا کر کسی مقصد کی لگن میں ایسی راہوں پر نکل آتے ہیں جہاں اذیتوں اور مشقتوں کے سوا کچھ نہیں ہوتا اور جہاں موت سائے کی طرح ساتھ ساتھ چل رہی ہوتی ہے۔ دو دو ٹکے کی نوکریوں اور رسوائیوں میں گندھی بے ننگ نام حکومتوں کے لیے اپنی آن اور اپنا ایمان بیچ دینے والوں کی اس دنیا میں کتنے ہیں جو جنوں کا ایسا سرمایہ رکھتے ہوں؟ اب شیخ اسامہ بن لادن کا معاملہ اپنے اللہ کے ساتھ ہے۔ جو ہر انسان کے ظاہری عمل کو بھی دیکھتا ہے اور نیتوں کا حال بھی جانتا ہے۔ اسے ہم جیسے خود فروشوں، بزدلوں، کمزوروں شکم پرست بونوں اور بندگان امریکہ کی طرف سے ''شہادت'' کے کسی تمغے کی حاجت نہیں۔ اگر وہ

Marfat.com

اللہ کی میزان میں کم وزن نکلا تو سزا پائے گا۔ اگر اس کے اعمال بارگاہ عالی میں مقبول ٹھہرے تو اس کی لاش سمندر کی مچھلیاں کھائیں یا جنگل کے درندے، وہ شہیدوں کے جلو میں کسی سنہری مسند پر بیٹھا ہوگا۔ اگر شہنشاہ عالم برا نہ مانیں اور اس کی چوکھٹ پہ سجدہ ریز ہمارے حکمران خفا نہ ہوں تو آیئے اس کے لے دست دعا بلند کریں۔ اللہ اس کی لغزشوں اور کوتاہیوں سے درگزر فرمائے، اسے اپنے بے پایاں عفو وکرم سے نوازے اور اسے اپنے بندگان خاص کے مقام سے سرفراز فرمائے۔ آمین"۔

اسامہ شہید امریکی استعمار کے خلاف بے مثال مزاحمت کی علامت متین فکری، روزنامہ جسارت

"اسامہ بن لادن سعودی عرب کے انتہائی دولت مند خاندان میں پیدا ہوئے۔ نازونعم میں پلے بڑھے، انجینئرنگ کی اعلیٰ تعلیم حاصل کی، دنیاوی اعتبار سے ان کا مستقبل بہت روشن اور کیریئر انتہائی شاندار تھا، وہ چاہتے تو اپنی صلاحیتوں کے ذریعے اپنی خاندانی دولت میں بے پناہ اضافہ کرسکتے تھے لیکن جب وہ عین عالم جوانی میں سوویت یونین کی ایک مسلمان ملک افغانستان پر وحشیانہ جارحیت کے خلاف اپنے مسلمان افغان بھائیوں کی مدد کے لیے افغانستان اور پاکستان آئے تو انہوں نے افغان قوم کی مالی مدد کرنے والے دیگر مال دار عرب باشندوں کے برعکس نہایت مشکل اور پرعزیمت فیصلہ کیا اور وہ فیصلہ یہ تھا کہ وہ عیش و آرام کی زندگی ترک کرکے اسلام کی سربلندی کے لیے اپنی جان لڑادیں گے۔ وہ افغان جہاد میں عملاً حصہ لیں گے اور ایک مجاہد کی طرح ہر مشکل اور آزمائش کا سامنا کریں گے"۔

بے نیازیاں، اجمل نیازی: نوائے وقت

"مسلمانوں کی تاریخ ایسی شاندار اموات سے بھری پڑی ہے۔ موت کی طرف جانے کے لیے زندگی کی راہ سے ہوکے جانا پڑتا ہے۔ مجھے لگتا ہے جو کوئے یار سے نکل کے نہیں جاتا وہ سوئے دار جانے کے قابل ہی نہیں ہوتا۔ رومانس یعنی عشق ومستی زندگی اور موت دونوں کے لیے ضروری ہے۔ اوباما کمپلیکس کا مارا ہوا ناکام اور کمزور امریکی صدر ہے۔ کتنے سالوں سے اسامہ کی طلسماتی شخصیت امریکیوں کے حواس پر حاوی ہے۔ اوباما کا یہ جملہ بش کی ظالمانہ، بزدلانہ اور احمقانہ پالیسیوں کی یاد دلاتا ہے کہ "اسامہ کی ہلاکت (شہادت) سے دنیا محفوظ ہوگئی" عراق کو جھوٹ بول کر "فتح" کرنے والے کو ایک نہتے صحافی نے جوتا مارکر مبارک باد پیش کی تھی۔ اب اوباما کس طرح کی مبارک باد کا منتظر اور مستحق ہے؟ اسامہ شہید کی لاش سمندر میں بہانے کی خوف زدگی کیا ہے؟ بڑے لوگوں کی قبریں دلوں میں ہوتی ہیں۔ پورا سمندر اسامہ کی قبر ہے۔ بہادر عرب کے لیے بحیرہ عرب ہی مناسب تھا!

Marfat.com

اسرار بخاری: نوائے وقت

''نا قابل تردید حقیقت یہ ہے کہ اسامہ، کفر کے خلاف جہاد کی علامت تھا، مالک ارض وسما کے فرمان کے مطابق جو روزِ قیامت تک جاری رہے گا۔ مجاہد کی معراج شہادت ہے۔ وہ یارانِ تیز گام نکلا اور منزل کو پا گیا، اسے یہ خوش بختی مبارک ہو''۔

اسامہ کی روح: عطا الرحمٰن، نوائے وقت

''اسامہ اگر واقعی اس دنیا میں نہیں رہے اور تاریخ کے اوراق کی نذر ہو گئے ہیں۔ لیکن ان کی شخصیت اور کردار نے دور حاضر پر جو اثرات چھوڑے ہیں انہیں آسانی سے مٹایا نہیں جا سکے گا۔۔۔۔ دنیا کی حاکم قوتیں انہیں لمحہ موجود کا سب سے بڑا دہشت گرد سمجھتی ہیں۔۔۔ لیکن مسلمانان عالم کے ایک بڑے طبقے میں یہ رائے پائی جاتی ہے کہ اس گوریلا لیڈر نے محکوم مسلمان قوموں کی آزادی کی جنگ برپا کی اور بہت بہادری سے لڑی۔ اس شخص نے مٹھی بھر ساتھیوں کی مدد سے جن کے پاس کوئی منظم فوج نہ تھی امریکہ اور اس کے اتحادیوں کے مقابلے میں ایک کا کئی ہزارواں حصہ بھی وسائل نہ تھے لیکن اس دنیا کی پوری کی پوری اسٹیبلشمنٹ کی چولیں ہلا کر رکھ دیں۔۔۔۔ تاریخ کا دھارا بدل ڈالا''۔

جس دھج سے کوئی مقتل میں گیا: بلال غوری، روزنامہ مشرق

''میں تو حیران ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے اسامہ بن لادن کو کتنی بڑی سعادت اور نعمت بخشی ہے۔ دنیا بھر کے بڑے بڑے حکمرانوں کو یہ اعزاز حاصل نہیں کہ ان کے ایک جملے، ایک اشارے پر لوگ مقبول ہو جائیں۔ پوری دنیا میں لوگ اسامہ بن لادن سے پیار کرتے ہیں، اس کی تصویریں لگاتے ہیں، اس سے عقیدت کا اظہار کرتے ہیں۔ امریکی کہتے ہیں کہ وہ دہشت گرد تھا، ستم گر تھا مگر کیا کبھی کسی دہشت گرد کو یوں پذیرائی ملی ہے؟ وحشی اور سفاک درندے تو وہ ہیں جنہوں نے اس کی لاش سمندر برد کر دی۔ اگر اس کی تجہیز و تکفین ہوتی اور لوگوں کو نماز جنازہ پڑھنے کا موقع دیا جاتا پھر معلوم ہوتا اسامہ بن لادن کے چاہنے والے کتنے ہیں''۔

مریم گیلانی: روزنامہ مشرق

''ہوا میں مسلسل وہ نام گردش کر رہے ہیں جو اسامہ بن لادن کے جانشین ہو سکتے ہیں۔ ایمن الظواہری سے لے القاعدہ کے ایک ادنیٰ کارکن تک ہر ایک شخص خود اسامہ بن لادن ہی تو ہے اور ہر وہ شخص جو امریکہ سے اپنی نفرت میں یکسو ہے خواہ کوئی بھی ہو، کیسا بھی ہو، اسے اسامہ بن لادن ہونے کے لیے القاعدہ کے ممبر ہونے کی بھی ضرورت

Marfat.com

نہیں۔ یہ تو بس ایک سمت کا سفر ہے، کوئی آگے ہے تو کوئی پیچھے اور اس سے کیا فرق پڑتا ہے کہ اسامہ بن لادن کا نیا جاں نشین کون ہوگا"۔

سعد اللہ شاہ: نوائے وقت

"اسامہ کا چلا جانا کوئی باعثِ حیرت نہیں۔ وہ سرخرو ہوا، تابندہ و پائندہ ہوا۔ واحد سپر پاور کے گلے کی پھانس، کفر کے دل میں کھٹکنے والا کانٹا اور مزاحمت کا استعارہ، ایسے لوگ صدیوں میں پیدا ہوتے ہیں۔ دنیا جہاں کی عیش و عشرت کو ترک کر کے کوہساروں اور غاروں کی ناقابل بیان مشکل زندگی کو گلے لگانے والا شخص۔ تاریخ بتائے گی کہ یہ عہد اسامہ کے نام سے پہچانا جائے گا۔ اسامہ مرا نہیں وہ زندہ ہوا ہے، ایسا زندہ کہ آئندہ بھی اس کا ہے۔ اسامہ کا واحد قصور تھا کہ وہ عالم اسلام کو امریکہ کے پنجہ استبداد سے آزاد کروانا چاہتا تھا۔ یہ شعور اب بچے بچے کا اثاثہ ہے۔ بہادر ماؤں نے تو اپنے بچوں کے نام بھی اسامہ رکھے ہیں۔ اسامہ کی شہادت پر دنیا بھر میں ۱۵ کروڑ آرٹیکل لکھے گئے ہیں۔ اخباروں، ٹی وی، مذاکروں اور محفلوں کو اس سے بڑا موضوع کبھی نہیں ملا۔ اسامہ ہر مسلمان کے دل میں زندہ ہے کیونکہ اسامہ اسلام کی محبت اور کفر سے نفرت کا نام ہے۔ آج مجھے محسوس ہو رہا ہے کہ جیسے میں نے اپنے یہ دو اشعار خاص طور پر اسامہ کے بارے میں کہے تھے:

اے میرے دوست! ذرا دیکھ، میں ہارا تو نہیں
میرا سر بھی تو پڑا میری دستار کے ساتھ
وقت خود ہی بتائے گا کہ میں زندہ ہوں
کب وہ مرتا ہے جو زندہ رہے کردار کے ساتھ"

ملک احمد سرور: ماہنامہ ضیائے آفاق و ماہنامہ چشمِ بیدار

"شیخ اسامہ کی شہادت کی خبر پر مشرق و مغرب کے طاغوتی جس خوشی کا اظہار کر رہے ہیں، اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اسامہ کتنا بڑا مومن اور طاغوت کا کتنا بڑا دشمن تھا۔ عبداللہ بن ابی کے پیروکار ضراریوں کی خوشی بھی دیدنی ہے۔ منافقین اور طاغوت ہمیشہ ایک دوسرے کے دست و بازو اور ازداں رہے ہیں اور گزشتہ دس سالوں سے بھی اہل ایمان کا خون بہانے میں وہ ایک دوسرے کے ساتھی بنے ہوئے ہیں۔ حضرت اسامہ کی شہادت پر پاکستانی میڈیا کی خوشی انتہائی شرم ناک اور گھٹیا غلامانہ ذہن کی عکاس ہے۔ مغرب اور مشرق ہر دو خطوں کے طاغوتی اور ضراری نوٹ فرما لیں کہ اسامہ کی شہادت سے جہاد نہیں رکے گا بلکہ طاغوت کے خلاف جہاد ہر مسلمان پر فرض ہے۔ حضرت حمزہ، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان اور حضرت

Marfat.com

علی رضی اللہ عنہ جیسی عظیم ہستیاں شہید ہو گئیں مگر جہاد رکا اور نہ مومنین نے اسلام ترک کیا"۔

"اسامہ نے تقریباً دو دہائیوں تک ہر قسم کے اسلحہ سے لیس پورے مغرب اور اس کے مشرقی اتحادیوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور ان کی نیندیں حرام کیے رکھیں، اسے اس راستے سے ہٹانے میں مغرب کامیاب بھی ہوا تو منافقین اور کرائے کے قاتلوں اور اسلام کے غدار مرتدین کے ذریعے۔ تاریخ کے صفحات کھول کر دیکھ لیں کہ طاغوت کو ہر کامیابی اس دور کے میر جعفر ومیر صادق کے ہاتھوں ہوئی اور اسامہ کی شہادت نے پھر بتا دیا کہ جب تک میر جعفروصادق موجود ہیں ٹیپوسلطان شہید ہوتے رہیں گے۔ اللہ جہنم رسید کرے ان مرتدین کو اور ذلت ورسوائی کو مسلط کرے ان کے خاندانوں پر جنہوں نے ڈالروں کی خاطر اسامہ کی شہادت کے لیے شیطان کا ساتھ دیا، ان شاء اللہ طاغوت کے مقابلہ کے لیے اسامہ کے ہر قطرہ خون سے مجاہدین کے لشکر اٹھیں گے اور ضراریوں پر تاقیامت لعنت برستی رہے گی۔ اسامہ ملت اسلامیہ کا عظیم ہیرو تھا، ہیرو رہے گا اور یہ مقام اس سے کرائے کے ٹٹو صحافی نہیں چھین سکتے"۔

"مسلم تاریخ میں اسامہ کا مقام تعین کرنے کے لیے کیا یہ کافی نہیں کہ ایک بے ریاست تنہا فرد کے خلاف چوالیس سے زیادہ ممالک کے لشکر جدید ترین اسلحہ کے ساتھ گیارہ سال تک لڑتے رہے اور ۳۰ کھرب ڈالر خرچ کر دیے جبکہ دوسری جنگ عظیم میں ۴۰ کھرب ڈالر خرچ ہوئے تھے۔ وہ امریکہ کو اپنی حکمت عملی سے سلطنتوں کے قبرستان افغانستان میں کھینچ لایا اور کرہ ارض کو اپنی سلطنت بنانے کے امریکی خواب چکنا چور کر دیے۔ چند سال بعد جب دنیا کا سیاسی نقشہ بدلے گا تو اس کا سہرا اسامہ کے سر بندھے گا۔ صرف ایک روز میں پندرہ کروڑ سے زائد مضامین اور تبصرے اسامہ پر لکھے گئے اور اگلے چند روز میں یہ تعداد ۵ ارب سے بھی تجاوز کر گئی۔ کیا کوئی لیڈر ہے جو اس قدر موضوع بحث بنا ہو؟"

راشد الحق سمیع حقانی: ماہنامہ الحق

"وہ مرد قلندر جس کی ہیبت سے کرہ ارض کی تمام کفری قوتیں بشمول عالمی سپر پاور امریکہ لرزہ براندازم تھیں کیونکہ ان شیطانی قوتوں کو اس حقیقت کا ادراک تھا کہ سوویت یونین کو شکست فاش سے دوچار کرنے میں جہاں افغان مجاہدین کا بڑا کردار تھا وہیں عرب مجاہدین اور خصوصاً شیخ عبداللہ عزام شہید اور شیخ اسامہ بن لادن شہید جیسے دیومالائی کرداروں کا جذبہ جہاد اور شوق شہادت بھی کارفرما تھا۔ اصل میں تو شہادت ہی شیخ اسامہ کی منزل مقصود اور حاصل زندگی تھی۔ اسی منزل کی جستجو اور تلاش میں تو اس شہزادے نے زندگی بھر دربدر کی ٹھوکریں کھائی تھیں۔ اسی معراج کو پانے کے لیے اس مسافرِ بےنوا نے سرزمین حجاز مقدس،

Marfat.com

ذاتی محلات اور دنیا کی بہت بڑی کاروباری ایمپائر، بن لادن کمپنی کے شیئرز اور دیگر دنیاوی عیش وراحت کے عشرت کدوں، بے بہا نعمتوں، جوانی اور اپنی اولاد اور خون کی قربانی دے کر شہادت و جنت حاصل کرنا تھی۔ شیخ اسامہ بن لادن تو شہادت دے کر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے امر ہو گئے اور تاریخ میں اپنے لازوال کردار اور قربانیوں کی بدولت خیر القرون بلکہ شہدائے بدر کی صف میں پہنچ گئے''۔

''آج اسلامی تاریخ کے سارے عظیم کمانڈروں، سپہ سالاروں اور شہیدوں کے جھرمٹ میں اسامہ بدرِ کامل کی طرح چمک رہا ہے اور کیوں نہ ہو جس شخص نے دو سپر پاورز کا مقابلہ کیا ہو اور انہیں شکست فاش اور ہزیمت اور شرمساری سے دو چار کیا ہو، کرہ ارض کی تن تنہا سپر پاور اور اس کے ہم نواؤں کی تمام ٹیکنالوجی اور اسباب و وسائل مل کر بھی پندرہ برس تک اسے حاصل نہ کر سکے۔ اب بھی اگر پاکستانی حکمرانوں اور خفیہ ایجنسیوں کا تعاون امریکہ کو حاصل نہ ہوتا تو مزید کئی برس شیخ اسامہ امریکہ کے ہاتھ نہ آتا''۔

مولانا برید احمد نعمانی: ماہنامہ الحق

''درد کی ایک ٹیس ہے جو وقفے وقفے سے دل کے سکون کو بے سکونی میں بدل دیتی ہے۔ کل تک جن کی سلامتی کی دعائیں لبوں پر تھیں، آج وہ ہم میں نہیں رہے۔ وہ شخص جس کا ہر پل اور ہر سانس مسلمانوں پر ڈھائے جانے والے ظلم وستم پر اشک بار تھا، جو قبلہ اول کی آزادی اور حرمین شریفین کے تحفظ کو اپنا مشن بنا چکا تھا، جس نے عشرت کدوں کو چھوڑ کر سنگلاخ پہاڑوں کو اپنا مسکن بنایا، جس نے وقت کے فرعونوں کے سامنے خدائے بزرگ وہ برتر کی توحید کا اعلان ڈنکے کی چوٹ پر کیا، جس نے صہیونی ارادوں کے سامنے سد سکندری کا کردار ادا کیا۔ لاریب اس دم، فردوس کے بالا خانوں میں اپنی کامرانی پر خوب نازاں اور شاداں ہوگا۔ آخر اس کی عمر بھر کی بے قراری کو قرار آ ہی گیا ہوگا''۔

مولانا محمود الرشید حدوٹی: آبِ حیات

''شیر اسلام مسلم دنیا کے عظیم ہیرو، جہاد کے عظیم داعی شیخ اسامہ بن لادن کل بھی زندہ تھے اور آج بھی زندہ ہیں، اور مسلم امہ کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ ان کے تیار کردہ انقلابی لوگ کل اپنے پورے قہر وغضب کے ساتھ دشمنوں کے سامنے سینہ تان کر کھڑے ہوں گے، جس سے امریکہ سمیت بڑے بڑے کافروں کے دل ایک بار پھر لرزہ براندام ہو جائیں گے''۔

Marfat.com

ہم نے رسم محبت کو زندہ کیا، عبدالقدوس محمدی: روزنامہ اسلام

"دنیا میں کچھ لوگ جینے کی خواہش میں مر مر کے بمشکل جی تو لیتے ہیں لیکن ان کے دل بھی مردہ ہوتے ہیں، وہ خود بھی مردہ ہوتے ہیں اور آخر تاریخ کے کوڑے دان کی نذر ہو جاتے ہیں اور کچھ لوگ مرنے کے لیے جیتے ہیں، وہ زندگی بھر موت سے آنکھ مچولی کھیلتے رہتے ہیں، ان کی ظاہری موت وحیات کوئی معنی نہیں رکھتی، اگر وہ مر جائیں تو امر ہو جاتے ہیں۔ شیخ اسامہ بن لادن بھی انہیں لوگوں میں سے تھے۔ انہوں نے ایک سپر پاور کو شکست وریخت سے دوچار کیا اور دوسری سپر پاور اور اس کے جملہ اتحادیوں کو کامل ایک عشرے تک تگنی کا ناچ نچاتے رہے۔ وہ جو مشن لے کر اٹھے تھے، جس مقصد کی خاطر انہوں نے خارزاروں اور کٹھن راستوں کا انتخاب کیا تھا وہ مشن تکمیل کے قریب ہے۔ وہ ظلم کے خلاف بغاوت کا استعارہ تھے اور ان کی جرات و بہادری سے ہزاروں لاکھوں چراغ جل اٹھے اور اندھیرے بھاگ کھڑے ہونے کے لیے بے تاب ہیں۔ وہ زندہ تھے تو مجاہدوں کے لیے حوصلے کا ذریعہ تھے، اگر چل بسے تو ان کی شہادت ایک نئے دور کا آغاز ثابت ہوگی۔ انہوں نے اپنے شاہی محلات اور عیش و آرام کو اس وقت تج کر پہاڑوں کی چٹانوں پر بسیرا کرنے کا فیصلہ کیا جب وہ عین عالم شباب میں تھے اور روس کی جارحیت کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بنے۔ انہوں نے امریکہ کو ایسے وقت میں للکارا جب لوگ امریکہ کی ہیبت، طاقت ور بربریت کے سامنے تھرتھر کانپتے تھے۔ جو استعماری ایجنڈے کی تکمیل کے راستے کی ایسی چٹان ثابت ہوئے کہ طاغوت کے ہر باغی کی آنکھ کا تارہ بن گئے"۔

نیو ورلڈ آرڈر کا فاتح، سلطان محمود ضیاء: روزنامہ اسلام

"شیخ اسامہ بن لادن دو سپر طاقتوں کے فاتح بن کر کامیاب ہوئے۔ توسیع پسندانہ عزائم رکھنے والا امریکہ اور اس کا عالمی مشن نیو ورلڈ آرڈر ناکام ہوگیا اور افغانستان سے واپسی کے اعلانات کیے جا رہے ہیں۔ ایبٹ آباد آپریشن پر جشن منانے والے دراصل اپنی خفت اور شکست پر پردہ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ان کو شاید مسلمانوں کی تاریخ کا علم ہی نہیں، شجر اسلام کے لیے جتنا قیمتی خون گرتا ہے گلشن اسلام میں اتنی ہی بہار اور تازگی پیدا ہوتی ہے، شہادتوں سے مایوسیاں پھیلتی ہیں نہ مشن رکتا ہے لیکن یہ طے شدہ بات ہے کہ امریکہ کو ہر حال میں افغانستان سے نکلنا ہے۔ اپنی متعین کردہ تاریخ کے مطابق جائے یا حالیہ واقع کے بعد، اب اس خطے میں اس کے مزید رہنے کا کوئی جواز باقی نہیں رہ گیا۔ امریکہ ایبٹ آباد آپریشن کو کسی بھی صورت ہضم نہیں کر پائے گا۔ کیونکہ اس شب خون سے دوریاں اور غلط

Marfat.com

فہمیاں جس طرح پیدا ہوئی ہیں اور انتقام کے جذبے جس طرح پروان چڑھ رہے ہیں وقت کے ساتھ ساتھ یہ ایک خطرناک طوفان اور لاوے کی شکل اختیار کریں گے کیونکہ اسامہ کوئی تنہا شخص نہیں تھے کہ ان کے چلے جانے کے بعد میدان صاف ہوگیا ہے۔

رہی یہ بات کہ ایبٹ آباد آپریشن میں اسامہ بن لادن کی شہادت کی حقیقت کیا ہے، سردست اس معاملے پر گرد کی موٹی تہہ جمی ہوئی ہے۔ غبار چھٹنے کے بعد ہی حقائق کا صحیح پتہ چل سکے گا لیکن یہ سچی ناقابل تردید ہے کہ اسامہ کبھی فنا ہونے والا کردار نہیں، کیونکہ وہ ایک نظریے اور ایک مشن کا نام ہے۔ نظریے، مشن اور کردار ہمیشہ زندہ رہتے ہیں۔ صلاح الدین ایوبی آج بھی زندہ ہے، کیونکہ اس کا کردار زندہ ہے اور آج کے صلیبیوں کو ناکوں چنے چبوانے والا اسامہ کیسے فنا ہوسکتا ہے۔ بلاشبہ وہ نیو ورلڈ آرڈر کا فاتح ہے"۔

ہیروں جیسے ہیرو، سمیعہ سالم

"تاریخ یہ نظارے اپنے دامن میں محفوظ کر رہی ہے کہ اس امت کی گود ابھی خالی نہیں ہوئی۔ چاہے فلسطین کے میدان ہوں یا عراق کے معرکے ہوں یا افغانستان کی طویل گوریلا جنگ ہو اس امت نے شیخ احمد یٰسین شہید، انجینئر یحییٰ عیاش (جن کو مغربی یہودی میڈیا چھلاوہ اور ہزار چہروں والا کہتا رہا) ابو مصعب الزرقاوی شہید، عبداللہ عزام شہید، شیخ اسامہ بن لادن جیسے ہیرے اور ہیرو پیش کردیے جنہوں نے دنیا بھر کے کفر کی متحدہ سازشوں اور عسکری یلغار اور ان کے کبر و غرور کو اپنے پیروں تلے روند ڈالا۔۔۔۔ ہاں مگر طاغوتی مغربی طاقتوں نے اتنی کامیابی ضرور حاصل کی کہ میڈیا کے ذریعے منافقانہ اور مکارانہ خیالات، تجزیوں، تبصروں اور رپورٹوں کی مدد سے وہ گرد اٹھائی کہ امت کی اکثریت نے انہیں پہچاننے سے انکار کردیا۔ طوطے کی طرح انہی کی بولیاں بولتے رہے۔ "سی آئی اے کا ایجنٹ" "دہشت گرد" "فتنہ" وغیرہ وغیرہ۔۔۔۔ دجالی میڈیا کے سحر کی شکار عوام آج تک یہ نہ جان سکی کہ یہ وہ شہزادے ہیں جنہوں نے اپنا آج امت کے کل پر قربان کردیا، جنہوں نے اپنے خون سے کفری اتحاد کی راہ میں وہ لکیر کھینچی جسے سپر پاور اپنے ۴۹ نیٹو اور نان نیٹو اتحادیوں کی لاکھوں کی افواج اور بے پناہ قوتِ تاثیرہ اور عسکری طاقت کے باوجود ۱۰ سالوں میں عبور نہ کرسکا۔ اس قوم کی بدنصیبی کا بھلا کیا ٹھکانہ ہوسکتا ہے جو اپنے محسنین کو نہ پہچانے، نہ قدر کرے بلکہ چند ڈالروں کے عوض ان کے خون اور ان کی عصمتیں اور ان کی زندگیاں دشمنوں کو بیچ ڈالے۔ سچ میرے نبی صدق وصفا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا کہ "مارے گئے عبدالدینار اور مارے گئے عبدالدرہم" (آج کل یہ کہہ لیں کہ مارے گئے عبدالڈالر) حقیر دنیا کی محبت گرفتار

Marfat.com

اور موت سے خوف زدہ ان بونے سیاست دانوں، حکمرانوں اور سول و فوجی سرونٹس کی آنکھوں پر لالچ نے اتنی موٹی پٹی چڑھا رکھی ہے کہ انہیں نہ کل کے غداروں کا انجام یاد آتا ہے نہ آج کے غداروں کا حشر اپنے سامنے دیکھ پاتے ہیں۔ کیا کیا ان مغربی آقاؤں نے شاہِ ایران کے ساتھ، پرویز مشرف کے ساتھ، حسنی مبارک اور اس کے بیٹوں کے ساتھ؟ صدام حسین اور اس کے بیٹوں کے ساتھ اور یاسر عرفات کے ساتھ اور معمر قذافی اور اس کے بیٹوں اور پوتوں کے ساتھ؟؟ (یا اللہ!! غداروں کی فہرست کتنی لمبی ہوتی جارہی ہے!!)''۔

خوارزم شاہ چلا گیا، محمد اسماعیل ریحان: روزنامہ اسلام

''ہاں! شیخ اسامہ ؒ کی شہادت کی خبر سن کر اور پڑھ کر بالکل یوں محسوس ہوا جیسے جلال الدین خوارزم شاہ کو ایک بار پھر شہید کر دیا گیا ہو، بے اختیار میرے منہ سے نکلا ''اس دور کا جلال الدین خوارزم شاہ رخصت ہوا''۔

میں اکثر غور کرتا تھا کہ ان دونوں قائدین کی زندگی کتنی ملتی جلتی ہے۔

سلطان جلال الدین خوارزم شاہ نے ساتویں صدی ہجری میں کفر کی اس عالم گیر یلغار کا سامنا کیا جو چنگیز خان اور اس کی قوم کی شکل میں نمودار ہوئی تھی۔ اسامہ بن لادن نے آٹھ سو سال بعد استعمار کی اس آندھی کا مقابلہ کیا جو امریکہ کی صورت میں دنیا پر مسلط ہوئی۔

سلطان جلال الدین خوارزم شاہ عمر بھر تاتاریوں کے لیے سب سے مطلوب فرد رہے۔ چنگیز خان نے انہیں زندہ یا مردہ گرفتار کرنے کا حکم دے رکھا تھا۔ سلطان جلال الدین خوارزم شاہ کی تلاش میں تاتاری بارہ سال تک دنیا کا کونہ کونہ چھانتے رہے۔ جہاں سلطان کی موجودگی کی سن گن ملتی وہاں کے لوگوں کی شامت آجاتی، علاقے کو گھیر لیا جاتا، حراست، تشدد اور پوچھ گچھ کا ایک کرب ناک سلسلہ شروع ہو جاتا۔

اسی طرح اسامہ بن لادن امریکہ کو مطلوب ترین فرد تھے۔ امریکی حکومت انہیں گرفتار کرنے کی تمام کوششیں بروئے کار لاتی رہی، اسامہ کے بارے میں کوئی خبر معلوم کرنے کے لیے ہزاروں مقامات پر چھاپے مارے گئے۔ ہزاروں لوگوں کو گرفتار کیا گیا اور تفتیش کے لیے لوگوں پر بہیمانہ مظالم توڑے گئے۔

سلطان جلال الدین خوارزم شاہ کئی بار تاتاریوں کے ہاتھ آجانے سے بال بال بچے۔ شیخ اسامہ بھی کئی مواقع پر عین موقع پر امریکیوں کے نرغے سے نکل گئے۔ سلطان جلال الدین خوارزم شاہ کو تاتاری کبھی گرفتار نہ کر سکے۔ شیخ اسامہ بھی آخر تک گرفتار نہ ہوئے۔

سلطان جلال الدین خوارزم شاہ کو بار بار ٹھکانے تبدیل کرنے پڑتے رہے۔ اپنے

Marfat.com

مشن کو آگے بڑھانے اور دشمن کے وار سے بچنے کے لیے وہ کبھی ایک جگہ پر نہ رک سکے۔ انہوں نے وسط ایشیا، افغانستان، برصغیر، ایران، عراق، ترکی اور قفقاز کے سفر کیے۔ اسامہ بن لادن کو بھی خانہ بدوشی کی زندگی اختیار کرنا پڑی۔ وہ سعودی عرب سے سوڈان اور سوڈان سے افغانستان اور پھر افغانستان سے پاکستان آنے پر مجبور ہوئے۔

سلطان جلال الدین خوارزم شاہ شہزادے تھے مگر عیش و آرام تج کر جہاد کا راستہ اختیار کیا اور زندگی کا اکثر حصہ گھوڑے کی پشت پر گزار دیا۔ اسامہ بن لادن بھی مال و دولت کے اعتبار سے کسی شہزادے سے کم نہیں تھے مگر انہوں نے سختی، مشقت اور قربانی کا راستہ اختیار کیا"۔

صورتِ خورشید جیتے ہیں (محترمہ عامرہ احسان)

میڈیا نے مسلم دنیا کو گمراہ کرنے، شہادت سے گرم ہوتے لہو کو سرد کرنے کو ابھی بہت غلغلے اٹھانے ہیں۔ جھوٹ کے طور مار باندھنے ہیں۔ عین اسی پیرائے میں جس کی منظر کشی قرآن نے کر رکھی ہے۔

"ان میں سے تو جسے بھی اپنی آواز سے بہکا سکے بہکا لے اور ان پر اپنے سوار اور پیادے چڑھا لا"۔

لہٰذا ابلیسی میڈیا من مانی منتخب تصاویر من گھڑت بیانات، آواز کی گھن گرج، اینکرز کے لاؤ لشکر (یاد کیجئے عراق پر حملے سے قبل اسی 'آواز' کے واویلے) بعد ازاں مکمل جھوٹ ثابت ہوا۔ دجل و فریب، منہ میں الفاظ ڈال کر سیاق و سباق کی ہیرا پھیری (لال مسجد، سوات آپریشن کی تیاری میں میڈیا کی یلغار۔ ویڈیو سوات کا جھوٹا پلندہ) یہ سب ہوگا۔ شروع ہو چکا۔ اسامہ بن لادن۔ اور ایمن الظواہری کے درمیان پیسے پر تنازعہ، جھگڑا،...... سبحان اللہ! عباد الدینار، اور عباد الدرھم کو چہار جانب پیسہ ہی پیسہ اور جھگڑا ہی جھگڑا نظر آتا ہے۔ ہر آئینے میں اپنی ہی صورت دکھتی ہے! لہٰذا اب جھوٹ اور ڈس انفارمیشن کے نئے طور مار بندھنے کو ہیں۔ قرآن کھول لیجئے۔ ٹیلی ویژن کے دہانے بند کر دیجئے۔ یہ وقت سجدوں کی طوالت کا اور اللہ کا دامن تھام لینے کا ہے۔ امت اُس دور میں داخل ہوگئی ہے جب فیصلہ کن جنگیں شروع ہونے کو ہیں۔ سبھی کچھ داؤ پر لگے گا۔ صرف اقصیٰ نہیں۔ صرف ایٹمی پاکستان نہیں۔ حرمین شریفین بھی۔ اللہ کو طیب و خبیث کو تو الگ کرنا ہی ہے۔ چھلنیاں لگ چکیں۔ شارٹ لسٹنگ ہو رہی ہے۔ اپنے مقام کا تعین کرنا ہے ایمان و کفر، کعبہ و کلیسا میں سے یعنی دنیا و آخرت میں سے انتخاب کرنا ہوگا۔ آخرت کوچ کر چکی اور آ رہی ہے۔ دنیا کوچ کر چکی

Marfat.com

اور جا رہی ہے۔ اپنی قوتیں، صلاحیتیں، اموال اسباب تیار کر لیجیے۔ قطرے کے طلب گار ہیں (دنیا)؟ یا سمندر کے؟ (آخرت!)

تاہم دنیائے کفر شیخ اسامہ کی شہادت پر زیادہ بغلیں نہ بجائے۔ اُسے یہ یاد ہوگا (کیوں کہ گورا مسلمانوں سے زیادہ قرآن اور تاریخ پڑھتا ہے!) کہ نبی ﷺ کے وصال سے بڑا کوئی غم مسلمانوں پر نہیں ٹوٹ سکتا تھا۔ جس دن سینے میں دل ہانڈیوں کی طرح پک رہے تھے۔ وقتی طور پر شدتِ غم سے مسلمان ہوش کھو بیٹھے تھے، لیکن پھر تمہارے رومی اجداد نے دانتوں تلے انگلی دبا کر یہ دیکھا کہ انہیں دو خبریں اکٹھی ملیں۔ وصال نبوی اور لشکر اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی شام کی طرف رومیوں سے جنگ کے لیے روانگی! اور رومی مقابلے پر آنیکی ہمت نہ کر سکے۔ لشکر اسامہ رضی اللہ عنہ غنائم سے لدا سلامتی سے لوٹا! سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے انتقال پر اسی طرح سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے فوری لشکرِ مثنیٰ رحمہ اللہ عراق روانہ کر دیا تھا۔ ہمارے قافلے شہادتوں، رحلتوں سے رکا نہیں کرتے۔ تیز تر ہو جاتے ہیں۔ شیخ اسامہ رحمہ اللہ کے لشکر بھی تھمے نہیں رکے نہیں۔ افغانستان کا ہر مجاہد کفر کے لیے موت کا پیغام ہے۔ اور اب تو یہ موت عین ان کے درمیان (افغان پائلٹ کی صورت) یوں پھوٹتی ہے کہ ہوش لینے نہیں ملتے۔ شیخ اسامہ نے جہاد فی سبیل اللہ کو جس طرح منظر کر دیا وہ رواں دواں ہے۔

Marfat.com

باب نمبر 10

شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ کی شہادت کا بدلہ امریکی کمانڈو مردار

ہیلی کاپٹر کو جھانسا دے کر مار گرایا گیا

ایک افغان سرکاری عہدیدار نے کہا ہے کہ طالبان نے دھوکے سے امریکی فورسز کو وہاں بلایا تھا، جہاں اُن کے ہیلی کاپٹر کو مار گرایا گیا۔ اِس واقعے میں 30 امریکی فوجی ہلاک ہو گئے، جو کہ اس جنگ میں اب تک سب سے بڑا جانی نقصان ہے۔

اس سینئر سرکاری عہدیدار نے، جس نے اپنا نام ظاہر نہیں کیا ہے، خبر رساں ادارے اے ایف پی سے باتیں کرتے ہوئے انٹیلیجنس ذرائع کے حوالے سے کہا کہ قاری طاہر نامی ایک طالبان کمانڈر نے ایک سازش کے تحت امریکی فورسز تک یہ خبر پہنچائی تھی کہ اُس جگہ، جہاں یہ ہیلی کاپٹر بعد ازاں تباہ ہوا، طالبان کی ایک میٹنگ ہونے والی ہے۔

اس عہدیدار کے مطابق چار پاکستانی شہریوں نے بھی اس سلسلے میں طاہر کی مدد کی تھی۔ اُس کا کہنا تھا: ''اب اس بات کی تصدیق ہو چکی ہے کہ ہیلی کاپٹر کو مار گرایا گیا اور یہ کہ یہ ایک جال تھا، جو ایک طالبان کمانڈر کی طرف سے بچھایا گیا تھا۔ طالبان کو اچھی طرح سے معلوم تھا کہ یہ ہیلی کاپٹر کس راستے سے آئے گا۔ وہاں جانے کے لیے یہی ایک رُوٹ ہے چنانچہ اُنہوں (طالبان) نے وادی کے دونوں طرف پہاڑوں پر پوزیشنیں سنبھال لیں۔ جیسے ہی ہیلی کاپٹر وہاں پہنچا، اُنہوں نے اُس پر راکٹوں اور جدید ہتھیاروں سے حملہ کر دیا۔ یہ ہیلی کاپٹر متعدد حملوں کے نتیجے میں تباہ ہوا۔''

اِس عہدیدار کا یہ بھی کہنا تھا کہ صدر حامد کرزئی کی امریکہ کی حمایت یافتہ حکومت کے خیال میں یہ کارروائی اُسامہ بن لادن کی ہلاکت کا بدلہ لینے کے لیے کی گئی۔

نیٹو کا اِس طرز کا ایک ہیلی کاپٹر دارالحکومت کابل سے جنوب مغرب کی جانب وردک صوبے کے ضلع سید آباد میں تباہ ہوا نیٹو کا اِس طرز کا ایک ہیلی کاپٹر دارالحکومت کابل سے جنوب مغرب کی جانب وردک صوبے کے ضلع سید آباد میں تباہ ہوا

Marfat.com

یہ ہیلی کاپٹر دارالحکومت کابل سے جنوب مغرب کی جانب وردک صوبے کے ضلع سید آباد میں تباہ ہوا، جو طالبان عسکریت پسندوں کا گڑھ سمجھا جاتا ہے۔ اس واقعے میں ہلاک ہونے والوں میں 30 امریکیوں کے ساتھ ساتھ افغان اسپیشل فورسز کے سات ارکان اور ایک مترجم بھی شامل تھا۔

امریکی میڈیا کے مطابق مرنے والوں میں امریکی نیوی کی 'SEAL ٹیم 6' کے ارکان بھی شامل تھے اور یہ وہی یونٹ ہے، جس نے بن لادن کو ایبٹ آباد میں ایک کارروائی کے دوران ہلاک کیا تھا۔ تاہم یہ کہ مرنے والوں میں کوئی ایک بھی فوجی ایسا نہیں تھا، جس نے دومئی کے ایبٹ آباد آپریشن میں حصہ لیا ہو۔

ISAF کے ایک ترجمان کے مطابق ابھی اس واقعے کی تحقیقات کی جا رہی ہیں اور یہ کہ جائے حادثہ سے تمام لاشیں اٹھالی گئی ہیں۔ افغان حکام نے کہا تھا کہ اس ہیلی کاپٹر کو باغیوں نے مار گرایا اور اس کے کئی ٹکڑے ہو گئے۔

دریں اثناء مشرقی صوبے پکتیا میں آج پیر کو ایک اور ہیلی کاپٹر اُترتے وقت زمین سے ٹکرا گیا تاہم اس واقعے میں کوئی شخص زخمی نہیں ہوا۔ اس واقعے کی بھی تحقیقات کی جا رہی ہیں۔

اتوار کو امریکی صدر باراک اوباما اور اُن کے افغان ہم منصب حامد کرزئی کے درمیان ٹیلی فون پر بات چیت ہوئی، جس میں کرزئی نے اس 'المناک نقصان' پر ہمدردی اور افسوس کا اظہار کیا۔ اوباما نے کہا کہ افغانستان میں مشن جاری رہے گا کیونکہ 'یہ مشن دونوں ملکوں کی سلامتی کے لیے بے حد اہمیت کا حامل ہے'۔

Alarabia.com، رپورٹ: امجد علی

وردگ میں تباہ ہونے والے ہیلی کاپٹر کی بابت امارت اسلامیہ کا موقف

گزشتہ روز صوبہ میدان وردگ کے ضلع سید آباد کے وادی تنگی میں امارت اسلامیہ کے مجاہدین نے امریکی قابض فوجیوں کئی گھنٹوں تک جاری لڑائی میں زبردست نقصان پہنچایا، امریکی فوجی ذرائع اس بات کا اعتراف کر چکے ہیں کہ گزشتہ دس سال میں کے دوران ایک روز میں پہنچنے والا یہ سب بڑا جانی حادثہ ہے، وہ اس بات کا بھی اعتراف کرتے ہیں کہ اس جنگ میں امریکی اسپیشل فورسز کا ایک chinook 74 h.c ہیلی کاپٹر مار گرایا جا چکا ہے

Marfat.com

جس میں 30 امریکی اور آٹھ کٹھ پتلی فوجی شامل ہیں۔

کابل اور واشنگٹن کے وزارت دفاع اور وزرات داخلہ، وائٹ ہاؤس اور بگرام کے ترجمانوں کی جانب سے اتنی بڑی تعداد میں جانی اور مالی نقصان سے قبل کابل کی کٹھ پتلی انتظامیہ کی جانب سے اچانک اس واقعے کا اعتراف کیا گیا ہے اس پر افسوس کا اظہار سامنے آیا، یہ اپنی نوعیت کا نیا اور انوکھا واقعہ ہے؟ یا پھر اس واقعے کا اعلان قصداً اور امریکی حکام کے مشورے سے ہوا ہے، تو لگتا ہے کہ امریکی حکام کی اُس پالسی میں تبدیلی واقع ہوئی ہے، جس میں وہ اس قبل اس طرح کے واقعات میں پہنچنے والے نقصانات کو عالمی برادری اور خاص طور پر امریکی عوام سے مخفی رکھتے تھے، کیونکہ گزشتہ دس سال میں اس طرح کے بے شمار واقعات سامنے آچکے ہیں، لیکن امریکن حکام نے اسکو کبھی بھی تسلیم نہیں کیا، تو اب ہم یہ بات کیہ سکتے ہے کہ انکے اس اعلان سے وہ امریکی عوام کو کوئی نئی فکر اور نیا پیغام دینا چاہتے ہیں، جس کے حقایق بعد میں سامنے آینگے، لیکن اس وقت اس واقعے سے جو بات سامنے آئی ہے وہ یہ کہ افغانستان میں ان کے ہیلی کاپٹروں کی حقیقت بلکل سامنے آگئی ہے، دوسری جانب اس واقعے نے مجاہدین کی قوت اور بہادری کو بھی واضح کیا کہ کس طرح وہ رات کی تاریکی دشمن کی جانب سے کئے جانے والے حملے میں بلاخوف وخطر دنیا کی اعلی ٹیکنالوجی لیس ہیلی کاپٹروں کا شکار کرتے ہیں، اور انتہائی آسانی کے ساتھ امریکی عوام کو اس بات کا میسج دیتے ہیں کہ افغانستان میں اصل حقایق کیا ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ امریکی منظم انداز میں اس بات کی کوشش کرتے ہیں کہ وہ اپنے نقصانات کو چھپائے، اور اس ضمن میں اپنے لئے کامیابی کے جھوٹی بنیادیں ڈھونڈیں، گزشتہ دس سال میں ملک کے مختلف علاقوں میں دشمن کے بہت سارے ہیلی کاپٹر مجاہدین کے ہاتھوں گرائے جاچکے ہیں، خاص طور پر اس سال بدر آپریشن کے دوران ہیلی کاپٹروں کے گرائے جانے میں اضافہ دیکھنے کو ملا ہے، لیکن دشمن اکثر اس طرح کے واقعات کو تسلیم کرنے سے انکار کرتا ہے اور اگر تسلیم کر بھی لے تو اسے ٹیکنیکل فالٹ سے تعبیر کرتے ہیں، اور اب ان واقعات کو دیکھ کر یہ سوال مختلف اذہان میں جنم لیتا ہے کہ صرف افغانستان میں ہی کیوں ٹیکنکل وجوہات کی بناء پر طیارے اور ہیلی کاپٹر کریش ہوتے ہیں اور مسلسل ہنگامی لینڈنگ ہوتی ہے، حالانکہ پوری دنیا میں ہیلی کاپٹروں کی ہنگامی لینڈنگ کے واقعات بہت کم وقوع پذیر ہوتے ہیں، سب سے حیرت انگیز بات یہ ہے کہ ان کے ہیلی کاپٹر ہنگامی لینڈنگ کے دوران

Marfat.com

آگ کا نوالہ اور ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتے ہیں لیکن پھر بھی اس میں سوار افراد زندہ سلامت رہتے ہیں۔ سید آباد کے اس پورے واقعے کو دیکھتے ہوئے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ دشمن کی خواہشات اور پروپیگنڈے کے علی الرغم امارت اسلامیہ کے مجاہدین کی عسکری قوت میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی ہے، بلکہ نصرت خداوندی سے مجاہدین پہلے سے زیادہ منظم اور موثر کاروائیاں کررہے ہیں، اس لئے دشمن کو چاہیے کہ وہ اپنی ہٹ دھرمی کی سیاست کے بجائے حقایق کا ادراک کرلے، اور جنگ کے میدان میں ملنے والی شکست کا علانیہ اعتراف کرلے، سامراجی سیاست سے کنارہ کشی اختیار کرلے، تاکہ اسے مستقبل میں اس طرح کی کاری ضرب سے نجات مل سکے۔

امارت اسلامیہ افغانستان اتوار, 07 اگست 2011ء

ہیلی کاپٹر حادثے میں ہلاک اہلکار اصل ہیروز تھے، امریکہ

واشنگٹن/کابل (نیوز ایجنسیاں) پینٹا گون اور افغانستان میں نیٹو نے کہا ہے کہ ہیلی کاپٹر حادثے کی تحقیقات کی جارہی ہیں جس میں 31 امریکی اور سات افغان فوجی ہلاک ہوگئے تھے دوسری جانب اوبامہ انتظامیہ ذرائع نے تردید کی ہے کہ ہلاک ہونے والوں میں اسامہ بن لادن کے خلاف آپریشن میں حصہ لینے والے اہلکار بھی شامل تھے میڈیا رپورٹس کے مطابق افغانستان میں حال ہی میں نیٹو فورسز کی کمانڈ سنبھالنے والے جنرل جان ایلن نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ مشرقی افغان صوبہ وردک میں چینوک ہیلی کاپٹر حادثے میں ہلاک ہونے والے تمام اہلکار اصل ہیروز تھے جنہوں نے آزادی کے دفاع کیلئے پہلے ہی بہت کچھ کیا تھا نیٹو کا کہنا ہے کہ واقعہ کی تحقیقات کی جارہی ہیں دوسری جانب امریکی وزیر دفاع لیون پنیٹا نے اپنے بیان میں کہا کہ ہلاک ہونے والے فوجیوں کا حوصلہ مثالی تھا جنہوں نے اس دنیا کو محفوظ بنانے کیلئے قربانی دی اور جس مشن کیلئے ہمارے فوجیوں نے قربانیاں دی ہیں وہ جاری رہے گا تاہم انہوں نے حادثے کی وجوہات پر تبصرہ کرنے سے انکار کردیا ان کا کہنا تھا کہ اس کی تحقیقات شروع کردی گئی ہیں ان کا کہنا تھا کہ ہم افغان مشن کی تکمیل کیلئے اپنا کام جاری رکھیں گے جبکہ امریکی فوج کے سربراہ ایڈمرل مائیک مولن کا کہنا تھا کہ حادثے سے متعلق ابھی تک معلومات اکٹھی کی جارہی ہیں انہوں نے خبردار کیا ہے کہ کوئی پیشگی نتائج اخذ نہ کئے جائیں میرے خیال میں یہ اہم ہے کہ تفتیش کاروں کو اپنا کام کرنے دیا جائے اس کے

Marfat.com

ساتھ ہی ہمیں یہ بات یقینی بنانا ہے کہ ہم اپنے مشن کے حوالے سے پرعزم رہیں اور ہلاک ہونے والے اہلکاروں کے احترام کا بہترین راستہ یہی ہے کہ اس جنگ کو جاری رکھا جائے طالبان نے فوری طور پر ہیلی کاپٹر کو مار گرانے کا دعویٰ کیا تھا۔ افغان حکام کا کہنا ہے کہ ہیلی کاپٹر کو راکٹ حملے کا نشانہ بنایا گیا ایک امریکی اہلکار کا بھی کہنا تھا کہ ہیلی کاپٹر کو نشانہ بنایا گیا ہے دریں اثناء یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ ہلاک شدگان میں بیس امریکی سیلرز بھی شامل ہیں جنہوں نے ایبٹ آباد میں اسامہ بن لادن کو ہلاک کرنے کے آپریشن میں حصہ لیا تھا تاہم برطانوی خبررساں ادارے کے مطابق اوبامہ انتظامیہ کے ذرائع نے اس کی تردید کی ہے کہ مارے جانے والے اہلکار اسامہ بن لادن کے خلاف آپریشن میں حصہ لینے والی ٹیم کا حصہ تھے۔ نیوی کے ایک امریکی اخبار کے مطابق نیوی کے سپیشل وارفیئر ڈویلپمنٹ گروپ کے چار اسکوارڈرنز ہیں ان میں بلیو (نیلا)، ریڈ (سرخ) گولڈ (سنہری) اور سلور شامل ہیں جبکہ سٹریٹجک نگران گروپ بلیک اسکوارڈرن بھی شامل ہے اخبار کے مطابق حادثے میں گولڈ اسکوارڈرن کے اہلکار ہلاک ہوئے ہیں۔

شنیوک کی تباہی

مارک اربن بی بی سی کے سفارتی اور دفاعی امور کے مدیر، نیوز نائٹ

امریکی فوج کے شنوک ہیلی کاپٹر کی تباہی جس میں اڑتیس افراد سوار تھے اس بات کی غماز ہے کہ افغانستان میں اتحادی فوج کس حد تک خصوصی دستوں کے چھاپوں پر انحصار کر رہی ہے۔

شنیوک ہیلی کاپٹر کی تباہی کے اس واقعہ میں عملی طور پر امریکی سیل ٹیم چھ کے کمانڈو یونٹ کا ایک پورا اسکواڈرن بھی ختم ہو گیا۔ اسی یونٹ کے کمانڈوز نے اس سال مئی میں اسامہ بن لادن کو ہلاک کرنے کی کارروائی میں حصہ لیا تھا۔

فوج اور خاص طور پر چھاپہ مار دستوں کی کارروائیوں سے منسلک افراد اس بات پر حیران ہیں کہ آخر امریکی فوج کے خصوصی دستوں کو اس طرح کا نقصان پہلے کبھی کیوں نہیں اٹھانا پڑا۔

سنہ دو ہزار دس میں خصوصی تربیت یافتہ ان دستوں نے افغانستان میں تین سے چار ہزار ایسے آپریشن کیے ہوں گے جن میں زیادہ تر رات کے وقت اور انتہائی دشوار پہاڑی

Marfat.com

علاقوں میں دشمن کی شدید مزاحمت کے دوران کیے گئے۔

افغانستان میں تعینات نیٹو کی سربراہی میں انٹرنیشنل سکیورٹی اسسٹنٹ فورس (ایسیف) کے حال ہی میں سبکدوش ہونے والے کمانڈر جنرل ڈیوڈ پیٹریئس نے ایک انٹرویو میں امریکی خصوصی دستوں کی خوب تعریف کی تھی اور ساتھ ہی یہ بھی کہا تھا کہ ان دستوں کا ذرائع ابلاغ میں ضرورت سے زیادہ ذکر ہو رہا ہے۔

عراق اور افغانستان میں امریکی فوج کی حکمت عملی یہی رہی ہے کہ خصوصی آپریشنز کے دوران سریع الحرکت فوج کے ارکان شنوک میں سوار ہوتے ہیں جبکہ خصوصی فوجی دستے دو بلیک ہاک ہیلی کاپٹروں میں سوار ہو کر حملہ آور ہوتے ہیں۔

اسامہ بن لادن کے خلاف کارروائی کے بعد ان دستوں کے ذکر سے قطع نظر یہ حقیقت اپنی جگہ مسلم ہے کہ خصوصی دستوں کی کارروائیاں نیٹو کی فوجوں میں کمی کی حکمت عملی میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں اور اگر یہ کہا جائے کہ مرکزی کردار ادا کر رہی ہیں تو غلط نہ ہوگا۔

یہ کارروائیاں مذاکرات پر مجبور کرنے میں بہت اہم ہیں اور جنرل پیٹریئس نے صوبے بگدیس کی مثال دی تھی جہاں پر تھوڑے ہی عرصے میں طالبان کے اہم کمانڈروں کی ہلاکت کے بعد ہزاروں کی تعداد میں مزاحمت کار اپنی وفاداریاں تبدیل کر کے حکومت کے ساتھ مل گئے تھے۔

وردگ صوبے جہاں گزشتہ ہفتے شنوک ہیلی کاپٹر مار گرایا گیا اور اس جیسی دوسری جگہوں پر ان کارروائیوں کا مقصد اتحادی فوجیوں میں واضح کمی ہونے اور کمان کی تبدیلی کے دوران فوجی دباؤ برقرار رکھنا ہے۔

یہ درست ہے کہ سیل ٹیم سکس کے بائیس ارکان کی ہلاکت سے ہونے والا نقصان اتحادی فوج کی کل تعداد کے مقابلے میں بہت معمولی ہے لیکن اس سے خصوصی کارروائیاں کرنے کی صلاحیت بڑی حد تک متاثر ہوگی۔

سیل ٹیم سکس ڈیلٹا فورس، برطانوی ایس بی ایس اور دیگر ایس اے ایس دستے انتہائی تربیت یافتہ اور تجربہ کار فوجیوں پر مشتمل ہیں۔ کم لوگ اس بات کی اہمیت سے آگاہ ہوں گے کہ کارروائیوں کے دوران ان سکواڈز کی تعداد کیوں اتنی محدود رکھی جاتی ہے۔

مثال کے طور پر سیل ٹیم سکس یا جسے ڈیوگرو بھی کہا جاتا ہے کے ارکان کی مجموعی تعداد تین سو ہے اور اس کے چار سکواڈ میں عام طور پر پینتیس افراد ہی کسی مشن پر بھیجے جاتے

Marfat.com

ہیں۔ ایس بی ایس جو اکثر ان کے ساتھ کارروائیوں میں شامل ہوتے ہیں وہ بھی اتنی ہی تعداد میں چھاپہ مار بھیجتی ہے۔

ہر سکواڈ کے ساتھ کچھ معاون یا 'بیک اپ' سٹاف بھی ہوتا ہے۔ اسامہ بن لادن کو ہلاک کرنے تیس کمانڈوز کو بھیجا گیا تھا اور عام طور پر شب خون مارنے کی کارروائیوں میں استعمال کیے جانے والے دستوں میں فوجیوں کی تعداد اتنی ہی ہوتی ہے۔ ضرورت پڑنے پر مدد کے لیے سرعت الحرکت فورس کے فوجیوں کو بھیجا جاتا ہے جو ہدف بنائی جانے والی عمارتوں کا محاصرہ کرنے اور لڑائی میں شدت کی صورت میں مدد بھی فراہم کرتی ہیں۔

امریکی فوج کے فوری ردعمل کے دستے خصوصی فوجی دستوں کے مقابلے میں کم تربیت یافتہ ہوتے ہیں اور عراق اور افغانستان میں امریکی فوج کی حکمت عملی یہی رہی ہے کہ خصوصی آپریشنز کے دوران سرعت الحرکت فوج کے ارکان شنوک میں سوار ہوتے ہیں جبکہ خصوصی فوجی دستے دو بلیک ہاک ہیلی کاپٹروں میں سوار ہو کر حملہ آور ہوتے ہیں۔

اس طرح ٹیئر ون کے ارکان نسبتاً زیادہ محفوظ چھوٹے ہیلی کاپٹر استعمال کرتے ہیں جبکہ سرعت الحرکت فوج کے ارکان اہداف سے ذرا فاصلے پر دو بڑے اور زیادہ آواز پیدا کرنے والے شنوک ہیلی کاپٹروں پر سوار ہوتے ہیں۔

گزشتہ ہفتے کچھ وجوہات کی بنا پر اس انداز کو چھوڑ کر ٹیئر ون کے ارکان کو شنوک پر سوار کرا دیا گیا جبکہ سرعت الحرکت فوج کے ارکان بلیک ہاک میں سوار ہو گئے۔

Marfat.com

اسامہ کو شہید کرنے والے 20 امریکی فوجی مارے گئے

واشنگٹن (اے پی پی) اسامہ بن لادن کو شہید کرنے والے امریکی نیوی کے 20 اہلکار افغانستان میں مارے گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق افغانستان میں طالبان کے ہاتھوں گرائے جانے والے ہیلی کاپٹر میں ہلاک ہونے والے 31 امریکی فوجیوں میں امریکی نیوی کے 20 اہلکار شامل ہیں جنہوں نے اسامہ بن لادن کو شہید کرنے کیلئے ایبٹ آباد آپریشن میں حصہ لیا تھا۔ امریکی خبر رساں ادارے نے فوجی افسر کا نام نہ ظاہر کرتے ہوئے اپنی رپورٹ میں اس بات کی تصدیق کی کہ یہ وہی فوجی تھے جنہوں نے اسامہ بن لادن کو شہید کرنے کے آپریشن میں حصہ لیا تھا۔ امریکی افسر کے مطابق امریکی فوجیوں کا تعلق اسپیشل آپریشن فورس کے یونٹ 6 سے تھا جبکہ ہلاک ہونے والوں میں 22 سیلرز، 3 ایئر فورس کنٹرولر، ایک سراغ رساں کتا اور اس کا ٹرینر بھی شامل ہے۔

روزنامہ جنگ کراچی
THE DAILY JANG KARACHI
ABC CERTIFIED
بانی میر خلیل الرحمٰن
اتوار 6 رمضان المبارک 1432ھ، 7 اگست 2011ء — نمبر 218

ہیلی کاپٹر ”حادثہ“، اسامہ کی ہلاکت سے متعلق تمام ثبوت ختم ہو گئے

ایک ہی ہیلی کاپٹر میں 25 نیوی سیلز کی موجودگی پر سب کو حیرانی ہے، بھارتی ٹی وی

ماضی میں بھی امریکی کارروائیوں کے ثبوت اور عینی شاہدین حادثات میں مارے گئے ہیں

لاہور (خالد محمود خالد) مشرقی افغانستان میں نیٹو ہیلی کاپٹر کے مبینہ ”حادثے“ میں امریکا کے 25 نیوی سیلز کی ہلاکت نے کئی سوالوں کو جنم دیا ہے۔ ایک بھارتی ٹی وی کے مطابق ایک ہی ہیلی کاپٹر میں 25 نیوی سیلز کی اکٹھے موجودگی نے سب کو حیران کر دیا ہے جبکہ ان میں سے 20 نیوی سیلز وہ تھے جنہوں نے ایبٹ آباد میں اسامہ بن لادن کو ہلاک کرنے کی کارروائی کی۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ اسامہ بن لادن کی ہلاکت کی نہ تو کوئی ویڈیو سامنے آئی ہے اور نہ ہی کوئی تصاویر موجود ہیں۔ اسامہ کی ہلاکت کے زندہ ثبوت یہی 20 نیوی سیلز تھے جو ہیلی کاپٹر میں اکٹھے سوار تھے اور اکٹھے ہی ہلاک ہو گئے جس سے اسامہ کی ہلاکت کے حوالے سے تمام ثبوت ہمیشہ کیلئے ختم ہو گئے۔ اب اسامہ کی موت کے بارے میں صرف وہی حقائق ماننا ہوں گے جو امریکی وزیر دفاع نے بتائے۔ ماضی میں بھی ایسے کئی واقعات سامنے آئے ہیں کہ امریکی کارروائیوں کے ثبوت اور راز رکھنے والے عینی شاہدین حادثات میں مارے گئے ہیں لیکن اسامہ کی موت کے عینی شاہدین کی موت نے امریکا کی شہرت کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ اب یہ شکوک پیدا ہو گئے ہیں کہ اسامہ بن لادن کی موت کے حوالے سے نیوی سیلز نے جو کچھ دنیا کے سامنے کہا وہ امریکا کے وفاع کے حکام کی مرضی کے مطابق تھا اب جبکہ دنیا بھر کو اسامہ کی موت کے حوالے سے ان نیوی سیلز نے یقین دہانیاں کرا دیں ان سب کو ایک ہی ہیلی کاپٹر میں سوار کرا دیا گیا اور حادثے میں تمام افراد کی ہلاکت سے اسامہ کے مرنے کے تمام حقائق ختم ہو گئے۔ اب یہ بات یقین سے نہیں کہی جا سکتی کہ ہیلی کاپٹر حادثہ میں تباہ ہوا یا اس کی تباہی کی وجوہات کچھ اور ہیں۔

Marfat.com

پیر 8-اگست 2011ء
7 رمضان المبارک 1432ھ
Mon. 8th Aug 2011
RNI.No:APURD/2004/14061

جلد 8: شمارہ: 219
صفحات: 12 قیمت: 2 روپے
سٹی ایڈیشن حیدرآباد
H-HD-HydGpo-001/2011-13

العظمۃ للہ
اعتماد
THE ETEMAAD URDU DAILY. Hyderabad

افغانستان میں سپاہیوں کی ہلاکت پر امریکہ میں سوگ

پنٹگان اور ناٹو کی ٹیم ہیلی کاپٹر حادثہ کی تحقیقات کرے گی

واشنگٹن ـ 7- اگست (پی ٹی آئی) ایک ایسے وقت جب امریکہ افغانستان میں ہیلی کاپٹر کے ایک حادثہ میں ہلاک ہونے والے اس کے وسیع یونٹ سے وابستہ بحریہ کے عملہ کے بشمول اس کے 30 سپاہیوں کی موت کا سوگ منا رہا ہے جس نے اسامہ بن لادن کو ہلاک کیا تھا ایک دہے طویل جنگ میں امریکی سپاہیوں کیلئے سب سے بڑے واحد نقصان کا باعث بننے والے واقعہ کے صحیح سبب کا تعین کرنے کیلئے تحقیقات شروع کردی گئی ہے۔ انٹرنیشنل سیکیوریٹی اسسٹنٹ فورس کمانڈر جان آر ایلن نے کابل سے ایک بیان میں یہ بات کہی۔ کل کے حادثہ کے بعد افغان طالبان نے دعویٰ کیا تھا کہ اس کے عسکریت پسندوں نے افغانستان کے وردک صوبے میں ایک امریکی ہیلی کاپٹر کو مار گرایا ہے۔ امریکہ کی سائٹ انٹلی جنس نے یہ بات کہی ہے۔ بیرونی سپاہیوں پر ہلاکت خیز حملہ میں ہلاک ہونے والوں میں امریکہ کے اسپیشل آپریشنس کے 25 سپاہی بشمول بحریہ کے 22 سپاہی شامل ہیں جو اس سال مئی میں القاعدہ لیڈر اسامہ بن لادن کو ہلاک کرنے والے کوورٹ امریکی ملٹری آپریشن میں ملوث تھے۔ لیکن امریکی بحریہ کا کوئی بھی مہلوک سپاہی شخصی طور پر اسامہ آپریشن میں ملوث نہیں تھا۔ علاوہ ازیں مخالف طالبان کاروائی کے دوران ہیلی کاپٹر حادثہ میں مزید 5 امریکی سپاہی، 7 افغان سپاہی اور ایک ترجمان کی موت واقع ہوئی ہے۔ ایلن نے کہا کہ اس کاروائی میں ہلاک ہونے والے تمام سپاہی حقیقی ہیرو تھے جنہوں نے آزادی کے دفاع میں گراں قدر خدمات انجام دی تھیں۔ اس دوران رائٹر کے بموجب افغانستان میں بیرونی فورسیس اتوار کو پیش آنے والے ایک ہیلی کاپٹر کے حادثہ کی تحقیقات کررہی ہیں۔ جس کے تعلق سے شبہ ہے کہ اس ہیلی کاپٹر کو مار گرایا گیا ہے۔ جس کے نتیجہ میں 30 امریکی سپاہی 7 افغان سپاہی اور ایک ترجمان ہلاک ہوگئے۔ جو ایک دہے کی جنگ میں بیرونی سپاہیوں کیلئے واحد ہلاکت خیز واقعہ ہے۔ طالبان نے فوری طور پر دعویٰ کیا ہے کہ اس نے راکٹ سے داغے جانے والے ایک گرینیڈ سے حملہ کرتے ہوئے امریکی سپاہیوں کو لے جانے والے ہیلی کاپٹر کو مار گرایا ہے۔ حالانکہ اسلامی عسکریت پسند گروپ اکثر بیرونی سپاہیوں یا افغان حکومت کے نشانوں پر حملوں کے واقعات کی ذمہ داری کا دعویٰ کرتا رہا ہے۔ واشنگٹن میں ایک امریکی عہدیدار نے کہا ہے کہ سمجھا جاتا ہے کہ اس ہیلی کاپٹر کو مار گرایا گیا ہے۔ پنٹگان اور افغانستان میں ناٹو کی زیر قیادت بین الاقوامی سیکیوریٹی اسسٹنس فورس نے کل رات کہا کہ اس حادثہ کے سبب کی تحقیقات کی جارہی ہیں۔ یہ حادثہ اور اس میں ہونے والی ہلاکتیں ایک ایسے وقت میں ہوئی ہیں جب بیرونی فورسیس نے 2004 کے اختتام تک افغان سپاہیوں اور پولیس کو سیکیوریٹی کی ذمہ داری حوالے کرنا شروع کیا ہے۔

Marfat.com

پاکستان کا واحد کثیر الاشاعت اخبار جسے گیارہ بڑے شہروں سے بیک وقت چھپنے کا اعزاز حاصل ہے
ایکسپریس
www.express.com.pk

ایڈیٹوریل

7 رمضان المبارک 1432ھ، 8 اگست 2011ء

امریکہ کا سب سے بڑا فوجی نقصان

ایک طرف امریکی فوج افغانستان سے نکلنے کا محفوظ راستہ تلاش کر رہی ہے تو دوسری طرف افغان قوم پرستوں نے بیرونی حملہ آوروں کے خلاف مزاحمتی کارروائیوں میں تیزی پیدا کر دی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ گزشتہ روز طالبان نے افغانستان میں امریکی ہیلی کاپٹر مار گرایا جس کے نتیجے میں اس ہیلی کاپٹر پر سوار تمام کے تمام 38 فوجی ہلاک ہو گئے جن میں اسامہ بن لادن کے خلاف خفیہ آپریشن میں حصہ لینے والے 25 خصوصی فوجیوں سمیت 31 امریکی اور 7 افغان فوجی شامل تھے۔ عینی شاہدین کے مطابق اس چینوک ہیلی کاپٹر کو زمین سے راکٹ کا نشانہ بنایا گیا۔ یہ ہیلی کاپٹر افغانستان کے صوبہ وردک میں طالبان کے خلاف آپریشن میں مصروف تھا تاہم مبصرین کو اس بات پر حیرت ہے کہ ایک ہی ہیلی کاپٹر میں امریکہ کے انتہائی اہم فوجی یونٹ کے جسے ''نیوی سیلز'' کہا جاتا ہے 25 ارکان اکٹھے کیوں موجود تھے اور ان 25 میں سے 20 وہ نیوی سیلز بھی تھے جنہوں نے ایبٹ آباد میں اسامہ بن لادن کے خلاف خفیہ آپریشن کیا تھا۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ یہ نیوی سیلز کسی اور ہائی ویلیو ٹارگٹ کی تلاش میں تھے اور کوئی بڑا آپریشن کرنے والے تھے کہ ان کا ہیلی کاپٹر تباہ کر دیا گیا۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ اسامہ کی ہلاکت کی نہ تو اب تک کوئی ویڈیو سامنے آئی ہے اور نہ ہی اس آپریشن کی کوئی ایسی تصاویر جاری کی گئی ہیں جن کی بنیاد پر یہ کہا جا سکے کہ وہ آپریشن اسی طرح ہوا تھا جس طرح امریکی حکومت نے دعویٰ کیا تھا۔ اسامہ کی ہلاکت کے زندہ ثبوت یہی 20 نیوی سیلز تھے جو ہیلی کاپٹر میں اکٹھے سوار تھے اور اکٹھے ہی ہلاکت کا شکار ہو گئے اور یوں بظاہر اسامہ کی ہلاکت کے حوالے سے تمام ثبوت ہمیشہ کے لئے ختم ہو گئے اب اس بارے میں صرف وہی حقائق ماننا ہوں گے جو امریکی محکمہ دفاع پینٹاگان کہے گا۔ ماضی میں ایسے کئی واقعات سامنے آئے ہیں کہ امریکی کارروائیوں کے ثبوت اور راز رکھنے والے عینی شاہدین مختلف حادثات میں مارے گئے۔ دوسری طرف اتنے بڑے حادثہ پر امریکہ میں صف ماتم بچھ گئی ہے جبکہ افغان صدر حامد کرزئی نے اس واقعہ کی مذمت کی ہے اور امریکی صدر بارک اوباما کے ساتھ اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ امریکہ اور افغانستان کا مشترکہ نقصان ہے اور میں امریکی قوم کے دکھ درد میں برابر کا شریک ہوں۔ دریں اثناء طالبان نے ہیلی کاپٹر کو نشانہ بنانے کی ذمہ داری قبول کر لی ہے۔ افغان طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے کہا ہے کہ چینوک ہیلی کاپٹر صوبہ وردک کے علاقے سعید آباد میں گرایا گیا جس میں امریکہ کی طرف سے 31 ہلاکتوں کا اعتراف کیا گیا ہے حالانکہ ہلاک ہونے والوں کی اصل تعداد اس سے کہیں زیادہ ہے کیونکہ چینوک ہیلی کاپٹر میں بہت زیادہ افراد کے بیٹھنے کی گنجائش ہوتی ہے۔ طالبان ترجمان کے اس دعوے کی نیویارک ٹائمز نے تصدیق کی ہے۔ کیا یہ ممکن ہے کہ طالبان کو پہلے سے علم ہو کہ اس ہیلی کاپٹر پر امریکی فوج کے کتنے اہم افراد سوار تھے۔ بعض عینی شاہدین کے مطابق علاقے میں آپریشن کرنے والے ہیلی کاپٹروں کی تعداد بھی زیادہ تھی جو ایک ہیلی کاپٹر کی تباہی کے بعد بدحواسی میں واپس چلے گئے۔ اتحادی فوج کے ترجمان نے بھی امریکی ہیلی کاپٹر کی تباہی کا اعتراف کیا ہے البتہ امریکی ترجمان نے چینوک ہیلی کاپٹر کی تباہی میں ہلاک ہونے والوں کی صحیح تعداد نہیں بتائی۔ نیویارک ٹائمز نے بھی امریکی ہیلی کاپٹر کی تباہی کی تصدیق کی ہے اور کہا ہے کہ جنگجوؤں نے ہیلی کاپٹر کو سعید آباد کے علاقے تنگی میں مار گرایا ہے۔ امریکی صدر اوباما، وزیر دفاع لیون پنیٹا اور نیٹو کے سیکرٹری جنرل آندرے فوگ نے ہیلی کاپٹر کی تباہی اور امریکی، افغان فوجیوں کی ہلاکت پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ صدر اوباما نے کہا کہ ہم اپنے ملک کو بچانے کے لئے اپنا مشن جاری رکھیں گے۔ اگرچہ یہ بات فہم سے بالاتر ہے کہ امریکہ جو کہ افغانستان سے ہزاروں میل دوری پر واقع ہے اور افغانستان کے پاس کوئی طیارے بھی نہیں ہیں تو اس صورت میں امریکہ کو ان غریب افغانوں سے آخر کیا خطرہ ہو سکتا ہے۔ امریکی وزیر دفاع لیون پنیٹا نے کہا ہے کہ ہم طالبان کے خلاف ڈٹے رہیں گے اور اپنا مشن مکمل کریں گے جسے پورا کرنے کیلئے سب قربانیاں دے رہے ہیں۔ چینوک ہیلی کاپٹر کے بارے میں مزید معلوم ہوا ہے کہ اس میں ہلاک ہونے والے افغان فوجی عام فوجی نہیں ہیں بلکہ کمانڈوز تھے علاوہ ازیں ہیلی کاپٹر پر ایک سراغ رساں کتا اور اس کا ہینڈلر بھی سوار تھا۔ طالبان نے ہیلی کاپٹر پر راکٹ گرنیڈ سے حملہ کیا۔ برٹش براڈکاسٹنگ کارپوریشن (بی بی سی) کے مطابق 2001 میں افغانستان پر امریکی حملے کے بعد سے یہ امریکی فوج کو پہنچنے والا سب سے بڑا نقصان ہے۔ اس سے قبل 2009 میں مشرقی افغانستان میں ایک امریکی ہیلی کاپٹر گرائے جانے سے اس کے 7 فوجی ہلاک ہوئے تھے۔ ہیلی کاپٹر جس علاقے میں تباہ ہوا ہے وہاں امریکی اور نیٹو فورسز نے طالبان کے خلاف مشترکہ آپریشن شروع کر رکھا ہے۔ امریکی ہیلی کاپٹر کی شیلنگ سے اس علاقے میں ایک افغان لیڈر کا گھر تباہ ہو گیا اور اس کے ہاں بچے ہلاک ہو گئے۔ دریں اثناء افغان طالبان نے افغانستان میں 7 نیٹو آئل ٹینکرز کو آگ لگا دی جبکہ طالبان نے 28 نیٹو ٹینکروں کو تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ امریکی چینوک ہیلی کاپٹر کی تباہی اور اتنی تعداد میں فوجیوں کی ہلاکت کو طالبان اپنی ایک بڑی کامیابی قرار دیں گے۔ امریکہ کی کوشش ہے کہ افغانستان سے نکلنے سے پہلے اس کا کم سے کم نقصان ہو جبکہ طالبان کوشش کریں گے ان کا دشمن زیادہ سے زیادہ زخم اٹھا کر ان کے ملک سے نکلے۔

امریکی معیشت افغان جنگ کے باعث تباہ وبرباد

امریکا میں آنے والا مالی طوفان اور افغانستان کی جنگ!

اس بات میں کسی بھی قسم کے شک اور شبہ کی گنجائش نہیں کہ آج امریکا اور برطانیہ جس مالی بحران اور محرومیوں کے داخلی لہروں سے دست وگریبان ہیں، اس کی بنیادی وجہ ان ممالک کی جھگڑالو اور استعماری سیاست اور ہوس ملک گیری ہے، یہ ممالک گزشتہ دس سال سے اپنے عوام کے پیسوں کے بل بوتے پر بے مقصد جنگ کو آگے بڑھا رہے ہیں جب کہ اس پورے عرصے میں انہوں نے اپنے عوام کے بنیادی مسائل کو پس پشت ڈالا ہوا ہے۔

واشنگٹن میں قائم peace for centre international ایک رکن پل منگو نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ امریکی معاشرہ آج جس اقتصادی بحران کا سامنا کر رہا ہے، اسکی اہم اور بنیادی وجہ ان بلینز ڈالرز کا بے موقع استعمال ہے، جسے امریکی حکام نے عراق، افغانستان، پاکستان، یمن، اور لیبیا میں خرچ کئے، موصوف کا کہنا تھا کہ امریکا نے 2001 سے لیکر اب تک ایک ٹریلین ڈالر جو امریکی عوام کا سرمایہ اور ٹیکس تھے کو عراق اور افغانستان کی جنگ میں لگایا، لیکن آج امریکی عوام نہ صرف یہ کہ اپنے سرمائے کا کوئی مثبت نتیجہ دیکھ رہے ہیں بلکہ ان کے سامنے اس کا الٹا نتیجہ سامنے آیا ہے اور اپنے پیسوں کا تلخ گھونٹ پی رہے ہیں۔

دوسری جانب عالمی بینک کے سربراہ رابرٹ ژولیک کا کہنا ہے کہ عالمی معیشت سخت بحران اور خطرناک ایام کا سامنا کر رہا ہے، اور اس بات کا قوی امکان ہے کہ ترقی یافتہ ممالک مزید سخت حالات کا سامنا کریں، موصوف کا کہنا تھا کہ ہم ایک اور اقتصادی طوفان کا سامنا کر رہے ہیں، اور یہ بحران 2008 میں آنے والے اقتصادی بحران سے مختلف اور خطرناک ہے، کیونکہ ہمارے پاس نہ تو وقت ضایع کرنے کی گنجائش ہے اور نہ ہی نئی حکمت عملی بنانے کی۔

ان بحرانوں کو دیکھتے ہوئے امریکی وزارت دفاع پنٹاگون بھی سخت حواس باختگی کا شکار ہے، امریکی فوج کے سربراہ مایک مولن کا کہنا ہے کہ اگر امریکی حکومت پارلیمنٹ کے

Marfat.com

ساتھ معاہدہ کرنے میں کامیاب نہ ہوا اور اسے قرضے نہ ملے، تو ہوسکتا ہے کہ افغانستان اور عراق میں موجود امریکی فوجی اپنی تنخواہیں نہ لے سکیں، امریکی فوجیوں سے خطاب کے داران مولن نے کہا کہ اگر فوجیوں کی تنخواہیں روک دی گئی تو اس کا خطرناک انجام برآمد ہوگا۔

یہ واضح نظر آنے والا معاشی بحران امریکا کے لئے جس نے پوری دنیا پھر سیاسی اور عسکری بالادستی کے ساتھ سرمایہ دارانہ نظام کا سائبان بھی پھیلایا ہوا تھا، اور وہ دنیا میں ہر شروع کردہ جنگ کا دوسرا نام سرمایہ دارانہ نظام کا نجات رکھتا، اب وہ اس منطقی انجام کا سامنا کررہا ہے جس میں ان کی کوئی بھی تدبیر کا آمد ثابت نہیں ہورہی ہے اور ان کا ہر اقدام مضحکہ خیز معلوم ہورہا ہے۔اور اگر امریکی کوحکومت نئے قرضے نہیں ملتے تو کم از کم موجودہ خزانے میں اتنے پیسے نہیں کہ وہ اس سے افغانستان میں اپنے جنگجو فوجیوں کی تنخواہیں پورا کرسکیں۔

امریکا کی اس زوال پذیر اقتصادی حالت کو دیکھتے ہوئے ہم امریکی اور یورپی عوام سے کہنا چاہتے ہیں تا کہ وہ اپنے دھوکہ باز رہنماؤں سے پوچھیں جنھوں نے آپ کے ایک ٹریلین ڈالر کے سرمائے اور ٹیکس کے رقوم کوعراق اور افغانستان کے اس جنگ میں خرچ کیے جن کا نتیجہ آپ لوگ ابھی دیکھ رہے ہو اور دوسری بات یہ کہ تمہاری اعلی ٹیکنالوجی سے لیس ہیلی کاپٹر اور اعلی تربیت یافتہ فوجی اپنی دفاع اور حفاظت سے عاری نظر آرہے ہیں۔

تمہارے چینوک ہیلی کاپٹر بیمار کووں کی طرح ہر دن طالبان کا شکار بن کر زمین بوس ہورہے ہیں، اور ایک دن میں تمہارے 31 اسپیشل فورسز کے سپاہی موت کے منہ میں جاتے ہیں۔

ہمیں یقین ہے جس مالی بحران اور طوفان نے امریکا اور اس کے عوام کو گھیرا ہے اس کا واحد حل یہ کہ وہ فورا اپنی استعماری سیاست کا خاتمہ کردیں، افغانستان کے جنگ کو ختم کردیں اور جتنا جلد ہو سکے اپنے قابض لاؤلشکر کو افغانستان کی سرزمین سے نکال باہر کردیں اور افغان عوام کی آزادی اور خودمختاری کا احترام کریں۔

اگر امریکا اور اس کے عوام اپنی جنگجوانہ سیاست اور استعماری پالیسیوں پر جلد از جلد غور وخوص نہیں کرینگے، تو اس بات کا قوی امکان ہے کہ موجودہ مالی بحران اس ملک کے اندر سے مضبوط عوامی بیداری اور تحریکوں کو جنم دیگا اور یہ ملک تقسیم در تقسیم ہوجائے گا، کیونکہ امریکی عوام جو ابھی تک امریکی وحدت کو چاہتے تھے اس کی وجہ امریکا کا اقتصادی طور پر توانا ہونا اور دنیا پر سیاسی حاکمیت تھی، لیکن اب امریکا پر آنے والا اقتصادی بحران شاہد ان تمام چیزوں کو نیست نابود کردے اور سابق سوویت یونین کی طرح اسے بھی بربادی کی کائی میں پہنچادے۔

(اتوار، 14 اگست 2011 51:19)

Marfat.com

تاریخ میں پہلی بار امریکا کی کریڈٹ ریٹنگ میں ایک درجہ کمی

ٹرپل اے سے ڈبل اے پلس ہو گئی

اب بلند شرح سود پر قرضہ ملے گا، امریکا کے اچھے دن گنے جا چکے، چین، معیشت کا غلط تجزیہ کیا گیا، امریکی محکمہ خزانہ

واشنگٹن (ایجنسیاں) کھربوں ڈالر کے ریاستی قرضوں تلے دبے امریکہ کی عالمی سطح پر قرض لوٹانے کی صلاحیت یا درجہ بندی پہلی بار بہترین ٨٨٨ سے کم کر کے ٨٨ پلس کر دی گئی ہے۔ اسٹینڈرڈ اینڈ پورز نامی ریٹنگ ایجنسی نے امریکہ کی کریڈٹ ریٹنگ میں کمی کی ہے، فوری طور پر اس کے اثرات یہ ہوں گے کہ امریکی حکومت، کمپنیوں اور عام صارفین کو اب پہلے کے مقابلے میں قدرے بلند شرح سود پر قرضے ملیں گے۔ چین نے معاملے پر لب کشائی کرتے ہوئے کہا ہے کہ اب قرض لینے کے امریکا کے اچھے دن گنے جا چکے، ادھر امریکی محکمہ خزانہ نے اسٹینڈرڈ اینڈ پورز کے امریکی معیشت کے تجزیے کو غلط قرار دیا ہے۔ اب امریکہ کی ریٹنگ ٹرپل اے سے کم ہو کے ڈبل اے پلس ہوگئی ہے۔ یہ کریڈٹ ریٹنگ کی تاریخ میں پہلا موقع ہے کہ امریکہ کی درجہ بندی میں کمی کی گئی ہے۔ اسٹینڈرڈ اینڈ پورز نے یہ کمی طویل المدت درجہ بندی میں کی ہے اور اس نے بڑھتے ہوئے بجٹ خسارے کی وجہ سے مستقبل کے لیے امریکی معیشت کا منظرنامہ بھی منفی دکھایا ہے۔ ایس اینڈ پی نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ ریٹنگ میں کمی ہماری اس رائے کا مظہر ہے کہ گزشتہ ہفتے امریکی کانگریس نے خسارے میں کمی کا جو منصوبہ منظور کیا تھا اس میں ایسا کچھ نہیں تھا جو امریکی حکومت کے وسط مدتی قرضوں کو مستحکم کرنے کے لیے ضروری تھا۔ ایجنسی کا یہ بھی کہنا ہے کہ یہ کمی ظاہر کرتی ہے کہ امریکہ کے پالیسی ساز اور سیاسی اداروں کا استحکام اور ان کا اثر ایک ایسے وقت میں کم ہوا ہے جب انہیں مالیاتی اور اقتصادی چیلنجز کا سامنا ہے۔ امریکہ کریڈٹ ریٹنگ میں کمی کے بعد محکمہ خزانہ کے ترجمان کا کہنا ہے کہ امریکہ کی اقتصادی صورتحال پر ایس اینڈ پی کا تجزیہ غلط ہے اور انہوں نے حساب میں دو کھرب ڈالر کی غلطی کی ہے۔ ان کے مطابق ایک ایسا تجزیہ جس میں دو کھرب ڈالر کی غلطی ہو خود اپنے بارے میں سب کچھ کہہ دیتا ہے تاہم انہوں نے اس غلطی کی نشاندہی نہیں کی۔ ایس اینڈ پی کی درجہ بندی کمیٹی کے چیئرمین جان چیمبرز نے امریکی چینل سی این این سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اگر قرضوں کی صورتحال پر سمجھوتہ نہ ہوتا تو امریکا اپنی درجہ بندی میں کمی دیکھ سکتا تھا۔ تاہم ناقدین کا کہنا ہے کہ کریڈٹ درجہ بندی میں اس کمی سے ایک ایسی امریکی معیشت پر عالمی سرمایہ کاروں کا اعتماد مزید متزلزل ہوگا جو پہلے ہی بڑھتے ہوئے قرضوں سے نمٹنے کی کوشش میں ہے اور جسے نو اعشاریہ ایک فیصد شرح کی بیروزگاری کا سامنا ہے۔ ادھر چین نے بھی امریکا پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اب اس کے قرض لینے کے ماضی کے اچھے دن گنے جا چکے ہیں۔ چین کی سرکاری خبر رساں ایجنسی نے اپنے اداریے میں لکھا ہے کہ کریڈٹ ریٹنگ میں کمی نے امریکا پر واضح کر دیا ہے کہ واشنگٹن کو قرض لینے کی اپنی عادت ختم کرتے ہوئے اپنی چادر کے اندر رہنا ہوگا۔

واشنگٹن کو قرض دینے والے ۱۵ بڑے ممالک میں ہندوستان کا ۱۳ واں نمبر، نئی دہلی کے ذریعہ امریکہ کو دیا گیا قرض فرانس اور آسٹریلیا کے ذریعہ دیے گئے اجتماعی قرض سے بھی زیادہ

[illegible]

Marfat.com

اسلام کا ہیرو نمبر ون

اسلام کا ہیرو نمبر ون میرا شیر اسامہ بن لادن
اسلام پہ وارا تن من دھن میرا شیر اسامہ بن لادن
اسلام کا ہیرو نمبر ون میرا شیر اسامہ بن لادن
امریکہ صاحب جلدی کرو حرمین سے نکلو گھر جاؤ
دوراہیں میں نے چھوڑی ہیں یا گھر جاؤ یا مر جاؤ
میں عرب کے تپتے صحرا کو گوروں کا بنا دوں گا مدفن
اسلام کا ہیرو نمبر ون میرا شیر اسامہ بن لادن
میں فاتح بن کر امریکہ میں ان شاء اللہ آؤں گا
اسلام کے دشمن امریکہ کو بھولا سبق پڑھاؤں گا
وہ وقت بھی آنے والا ہے نہ جلدی کرو بل کلنٹن
اسلام کا ہیرو نمبر ون میرا شیر اسامہ بن لادن
آیا وقت تیری بربادی کا سورج بھی شعلے اگلے گا
تیرے ہوش ٹھکانے آئیں گے دھرتی سے وہ لاوا ابلے گا
وہ آگ بھڑکنے والی ہے کہ لرز اٹھے گا واشنگٹن
اسلام کا ہیرو نمبر ون میرا شیر اسامہ بن لادن
ابھی ایک اسامہ دیکھا ہے کئی لاکھ اسامے دیکھو گے
اپنی ہی آگ میں تم خود کو امریکیو! جلتا دیکھو گے
نکلے ہیں جہاں سے امریکی وہیں کر دیں گے ہم ان کو بھسم
اسلام کا ہیرو نمبر ون میرا شیر اسامہ بن لادن
کل روس کا سورج ڈوبا تھا امریکہ کی اب باری ہے

Marfat.com

میرے ملک میں بن لادن کے لیے　　امریکہ نے فوج اتاری ہے

امریکی سفیرو! غور کرو　　نہیں پہنے ہوئے ہم نے کنگن

اسلام کا ہیرو نمبر ون　　میرا شیر اسامہ بن لادن

میرا پیرا اسامہ نہ گھبرا　　کردیں گے تجھ پر جاں فدا

اب الٹا لٹک جائے امریکہ　　تمہیں ہم سے کر نہیں سکتا جدا

اسلام کا ہیرو نمبر ون　　میرا شیر اسامہ بن لادن

میرا شیر اسامہ نہ گھبرا　　میرا عرب مجاہد نہ گھبرا

میرا ویر اسامہ نہ گھبرا　　کردیں گے تجھ پہ جان فدا

اب الٹا لٹک جائے امریکہ　　تمہیں ہم سے کر نہیں سکتا جدا

تو مسلم ہے ہم مسلم ہیں　　مضبوط ہمارا ہے بندھن

اسلام کا ہیرو نمبر ون　　میرا شیر اسامہ بن لادن

دنیائے یہودیت کے لیے　　بن لادن نام ہی کافی ہے

بابائے یہودیت کے لیے　　بن لادن نام ہی کافی ہے

کفر کے خرمن کے لیے　　ارشد ہے قوم غیور کا ایٹم بم

اسلام کا ہیرو نمبر ون　　میرا شیر اسامہ بن لادن

اسلام پہ وارا تن من دھن　　میراشیر اسامہ بن لادن

Marfat.com

کتابیات References

(شہید اسلام اسامہ بن لادن رحمۃ اللہ علیہ علماء کی نظر میں)

حوالہ جات

(1)http://aljazeeratalk.net/forum/showthread.php?t=314025
http://forums.fatakat.com/thread1501061
http://forums.islamicawakening.com/
f20/please-help-translate-these-few-sentences-14065/
http://www.nationalkuwait.com/vb/showthread.php?t=75957
http://www.qassimy.com/vb/showthread.php?t=248967
http://www.alsalafway.com/Forum/showthread.php?t=462
http://forum.hawaaworld.com/showthread.php?t=3059861
http://soutalhaq.net/forum/showthread.php?t=6107
http://www.ushiqer.net/vb/showthread.php?t=32358
(2)http://www.youtube.com/watch?v=N-0shgRkJS4
http://www.youtube.com/watch?v=wGme0Zyw13o

حوالہ سابق
(3) دیکھیے حوالہ نمبر (1)
(4) ایضا
(5) ایضا و

http://www.h-alali.cc/f_open.php?
id=e7952d82-78be-11e0-a7ce-40c31008f5b8(6)
http://www.alsalafway.com/Forum/showthread.php?t=462

(7) دیکھیے حوالہ نمبر (1)
(8) ایضا
(9) ایضا
(10) ایضا

Marfat.com

(11)ایضا

(12)ایضا

(13)ایضا

(14)ایضا

(15)ایضا

(16) http://aljazeeratalk.net/forum/showthread.php?t=314025

(17) http://www.alsalafway.com/Forum/showthread.php?t=462

(18)دیکھئے حوالہ نمبر(1)

(19) http://www.youtube.com/watch?v=wgCEsf4f3SQ

http://www.youtube.com/watch?v=NPzEe2adjHg

(20) http://www.anasalafy.com/play.php?catsmktba =25968

(21) http://www.youtube.com/watch?v=JLPY2Bvi4EM

(22) http://www.youtube.com/watch?v=JLPY2Bvi4EM

(23) http://www.youtube.com/watch?v=E7jN90d-6mA

(24) http://www.youtube.com/watch?v=o6jOLCWEQkY

(25) http://www.youtube.com/watch?v=r_U0cg0rqxY

(26) http://www.youtube.com/watch?v=pWcjSALbMJI

(27) http://www.youtube.com/watch?v=elZ4Khce2hk

(28) http://www.youtube.com/watch?v=GZ6cCRPL Wyl

&feature=related

(29) http://www.youtube.com/watch?v=gigNatju1kM

(30) http://www.youtube.com/watch?v=4isXzbD4E9c

(31) http://www.youtube.com/watch?v=MoyxQvb5W14

(32) http://www.youtube.com/watch?v=Ki_B5THWLv4

(33)http://www.youtube.com/user/IslamicThoughts?

blend=24&ob=5#p/u/23/XtT4iwUPt_w

(34) http://www.youtube.com/watch?v=tai0TVOiuoc

(35) http://www.youtube.com/watch?

Marfat.com

v=AuQwSRsSjuE&feature=grec_index

شیخ اسامہ رحمۃ اللہ علیہ کے انٹرویوز اور پیغامات کی فہرست:۔

☆ سی این این کے نمائندے پیٹر آرنیٹ کو انٹرویو (1994ء)

☆ 'انڈیپنڈنٹ' اخبار کے صحافی رابرٹ فسک کو انٹرویو (1996ء)

http://www.archive.org/download/Ghamamah/Robiert-Fisk_96.docx

☆ سی این این کو انٹرویو مارچ (1997ء)

http://www.archive.org/download/Ghamamah/CNN_97.pdf

☆ الجزیرہ کو پہلا انٹرویو (1998ء)

http://www.archive.org/download/Ghamamah/Al-Jazeera_98.wmv

☆ امریکی ٹی وی چینل ABC کے نمائندہ جان ملر کو انٹرویو مئی (1998ء)

http://www.archive.org/download/Ghamamah/ABC_98.docx

☆ امریکی ٹی وی چینل ABC کے لیے رحیم اللہ یوسف زئی کو انٹرویو نومبر 1999ء

http://www.archive.org/Download/Ghamamah/ABC_99.dock

☆ روزنامہ امت کو انٹرویو 28 ستمبر 2001ء

http://www.archive.org/download/Ghamamah?Ummat_2001.docx

☆ پاکستانی صحافی حامد میر کو انٹریو 1997ء

☆ الجزیرہ کو دوسرا انٹرویو (معرکہ گیارہ ستمبر کے بعد) حصہ اول

http://www.archive.org/download/Osama1998/bn1.rm

☆ الجزیرہ کو دوسرا انٹرویو (معرکہ گیارہ ستمبر کے بعد) حصہ دوم

http://www.archive.org/download/Osama1998/bn2.rm

☆ پاکستانی صحافی حامد میر کو دوسرا انٹرویو 2001ء

☆ جزیرۂ عرب کے حکام اور عوام کے درمیان موجودہ اختلافات کے اسباب اور ان کا حل، مسلمانوں خصوصاً سرزمین مکہ ومدینہ میں رہنے والوں کے لیے پیغام ذیقعدہ 1425ھ

☆ عراقی مسلمانوں کے لیے پیغام اگست 2003ء

☆ عراق کے خلاف جارحیت کے موقع پر امریکی عوام کے نام پیغام اگست 2003ء

☆ عراقی مسلمانوں کے لیے پیغام اگست 2003ء

☆ عراق کے خلاف جارحیت کے موقع پر امریکی عوام کے نام پیغام اگست 2003ء

☆ امت مسلمہ خصوصاً عراقی مسلمانوں کے نام پیغام صفر 1425ھ

☆ یورپی ممالک کو صلح کی پیش کش مارچ 2004ء

Marfat.com

پاکستانی قومی اخبارات

☆ روز نامہ جنگ۔ اخبار جہاں۔ سنڈے میگزین، جیو The News، TV روز نامہ نوائے وقت، سنڈے میگزین فیملی میگزین، ندائے ملت، وقت ٹی وی روز نامہ ایکسپریس، سنڈے میگزین، ایکسپریس ٹی وی

☆ روز نامہ وقت، روز نامہ مقدمہ، روز نامہ اسلام، روز نامہ امت، ہفت روزہ تکبیر، ماہنامہ غازی۔

☆ روز نامہ جسارت، فرائیڈے سپیشل، جسارت سنڈے اسپیشل

☆ روز نامہ پاکستان، روز نامہ جناح، روز نامہ خبریں، جرأت، الشرق، آج کل، قومی اخبار، الاخبار، پاکستان، صحافت، روز نامہ مشرق

پاکستانی علاقائی اخبار

☆ اُردو ٹائمز، دنیا، عوام، محاسب، خبریہ، اعتدال، صدائے حق، ڈیلی K2۔ توار، جذبہ، نیوز مارٹ، پریس کانفرنس، سلطنت، چاند، آزادی، یونیورسل، بولتا پاکستان، زما سوات، آج، بادِ شمال، بھارتی اخبارات

☆ سیاست، منصف، انقلاب، پرتاب، جدید خبر، ہمارا سماج، ہندوستان ایکسپریس، دی ہندو، دعوت، آگ

ریڈیو

☆ بی بی سی اُردو، وائس آف امریکا (پشتو دری) DW world

ریڈیو تہران، ریڈیو آزادی افغانستان

☆ ہم شہری، القلم، ضربِ مومن، اُردو ڈائجسٹ، عزم، ایشیا، ایقاظ، فیکٹ

Marfat.com

Marfat.com

انقلاب پبلشرز کی انقلابی کتابیں















آتش وخون سے دریچہ زندان تک

لہولہان مسلمان

دی روڈ ٹو گوانتانامو

انقلاب [illegible]
اردو بازار، لاہور: 1560

297.9924 ع 375
110105-U-67
Marfat.com

لشکرِ امام مہدی کے ہراول دستے کے سالار
کی جزیرۃ العرب سے بحرِ عرب تک سچی داستان
شہید اُسامہ
حرا سے سمندر تک
عُمر عزام خُراسانی

Marfat.com